ما اصاب من مصیبۃ الا باذن اللہ

حصہ اول

تزک سلطانی

(یعنے دفتر چہارم)

تاج الاقبال

تاریخ بھوپال

مؤلفہ

علیا حضرت نواب سلطان جہاں بیگم صاحبہ جی سی ایس آئی - جی سی آئی ای

فرمان روائے بھوپال ادامہا اللہ بالعز والاقبال

در مطبع سلطانی باہتمام محمد عبد اللہ خاں فاروقی طبع یافت ۱۳۲۸

کتبہ نصیر الدین احمد انصاری

فہرست مضامین

مَا اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَۃٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ

حصّہ اوّل

تزک سلطانی

(یعنی دفتر چہارم)

تاج الاقبال

تاریخ بھوپال

مؤلفہ

علیاحضرت نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ جی سی ایس آئی ۔ جی سی آئی ای ۔

فرمان روائے بھوپال ادامہا اللہ بالعز والاقبال

۱۳۲۸ھ در مطبع سلطانی باہتمام محمد حبیب اللہ صاحب بہار رونق طبع یافت

کتبہ نصیر الدین احمد انصاری

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حمد و نعت

ہر ذی ہوش انسان کا فرض ہے کہ ہر کام کو اوس خالق بے نیاز خدائے عزوجل کی حمد سے شروع کرے، جسنے کمزور، اور ضعیف البنیان انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر عقل و شعور، اور تمیز و ادراک سے آراستہ و پیراستہ کیا تاکہ جو واقعات اس نگارخانۂ دنیا مین پیش آئین، اونسے مفید سبق حاصل کرسکے خصوصاً ہم مسلمانوں کیلیے اوس ذات پاک کا شکریہ واجب ہر کہ اوسنے ہمین حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کی امت بنا کر کُنۡتُمۡ خَیۡرَ اُمَّةٍ اُخۡرِجَتۡ لِلنَّاسِ کے لقب سے ملقب فرمایا اور ہماری دینی، و دنیوی رہبری، اور تمدنی و معاشرتی زندگی، کے تحفظ کیلیے ہمین نہایت عمدہ طریقے بتائے، اور اونکے قیام کے واسطے سلاطین کرام، و امراء عظام کے ہاتھون مین عنان حکمرانی مرحمت فرمائی، اور اونکی عظمت و شوکت کو بحکم اَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَاَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ وَاُولِی الۡاَمۡرِ مِنۡکُمۡ استحکام بخشا۔

غرضکہ اوس باری تعالی کے بیشمار احسانات کا شکریہ ادا کرنا انسان کے

امکان سے باہر ہے، کیونکہ اوسکی نعمتون کی کوئی حد اور انتہا نہین - وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا -

قطعہ

اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم — وز ہر چہ گفتہ ایم و شنیدیم و خواندہ ایم
دفتر تمام گشت و بپایان رسید عمر — ما ہمچنان در اول وصف تو ماندہ ایم

(سعدی)

تمہید

جس اہم کام کا آغاز اس حمد و نعت کے بعد کرنا ہے، وہ تاریخ بھوپال کی تکمیل ہے۔ اگرچہ اس تاریخ مین صرف بھوپال کے روزمرہ کے واقعات، اور ریاست کے مفصل حالات ہی درج ہون گے، لیکن ان ہی روزمرہ کے واقعات اور حالات سے نہایت اہم تاریخی نتائج اخذ کئے جائین گے، اور اہل بھوپال کے لیے قومی و ملکی تاریخ ہوگی اور بالخصوص میرے آیندہ جانشینون کے لیے جبکہ وہ تمام کاغذات و امثلہ جن مین یہ واقعات درج ہین، دفتر پارینہ ہوکر برباد ہوجائین گے، اور وہ لوگ اوٹھ جائین گے جنھون نے ان حالات کا مشاہدہ کیا ہے، تو یہ اوراق اون کے متقدمین کی عزت و مساعی کی ایک دستاویز ہون گے، وہ اس تاریخ سے خاندانی سلوک اور ملکی ترقی کے معاملات مین ہدایتین حاصل کرینگے کیونکہ گزشتہ واقعات، حال و مستقبل مین ایک عمدہ سبق دیتے ہین، وہ دیکھین گے کہ اون کے متقدمین نے تاج برطانیہ کے ساتھہ کیسی وفاداری کی، اور کیا بیش بہا صلہ حاصل کیا اور اون کو کیسی شہرت دوام نصیب ہوئی اون کے دلون مین بیش از بیش خیالات وفاداری پیدا ہون گے، اور وہ اپنا اعلیٰ ترین فرض تاج و تخت برطانیہ کے ساتھہ مستحکم دوستی اور پرجوش جان نثاری کو سمجھین گے۔

میرے خاندانی ممبر، میرے ملک کے باشندے، اور میرے جانشین سلطنت برطانیہ کے اون افسرون کے نام بھی ہمیشہ عزت ومحبت کے ساتھ لین گے، اور ہمیشہ دلی احسان مندی کے ساتھ یاد کرین گے؛ جنہون نے وقتاً فوقتاً فرمان روایان بھوپال کیساتھ عمدہ برتاو، اور مہربانی کی ہے، اور اونکے اقتدار واعزاز کی ترقی مین ہر قسم کی مدد دی ہے، اور وہ شاہی دربارون اور جلسون کے حالات پڑھکر کوشش کرین گے کہ قدیمی عزت قائم رہے، اور اوسمین ترقی ہو۔

اسکے علاوہ پولٹیکل تعلقات مین جو بعض اوقات نہایت پیچیدگیان پیدا ہوجاتی ہین اون کے سلجھانے کے لیے عمدہ مثالین ہاتھہ آئین گی، وہ اون لوگون سے بچین گے جو اپنی خودغرضیون، اور اپنے ذاتی مفاد کے لیے رئیسون کے مزاج مین دخیل ہوکر ملک، قوم، اور خاندان پر مصیبتین نازل کراتے ہین، اور سیکڑون، ہزارونکو برباد کرکے اپنا ایک گھر آباد کرتے ہین۔

میری یہ تاریخ، اور اوسکے اول کے حصص نہ صرف میری ملک اور خاندان کیلیے مفید ہونگے بلکہ میرے ہمعصر والیان ملک بھی غالباً اس سے نتائج استنباط کرسکینگے اور پولٹیکل افسرون کو بھی مسلم نظائر ہاتھہ آسکین گے۔

مین واقف ہون کہ اس تاریخ مین جسقدر واقعات درج ہین، اونکا تمام تر تعلق ریاست ہی کے اندرونی، اور خارجی، معاملات سے ہے، اور اس لیے وہ عام طور پر مفید نہین ہوسکتے، مگر چونکہ ہر ملک اور قوم کے لیے تاریخ کا ہونا ضرور ہے، اور جس قوم، اور ملک کی تاریخ نہین ہوتی، اوسمین نہ اسلاف ومتقدمین کی خوبیان پیدا ہوتی ہین، اور نہ قدیم روایات مین زندگی باقی رہتی ہے، اسلیے مجھے اس تفصیل

کیساتھہ واقعات کا قلم بند کرنا زیادہ ضروری معلوم ہوا، اور مین امید کرتی ہون کہ یہ تاریخ باعتبار واقعات، اور حالات کے مفید اور دلچسپ ثابت ہوگی۔

واقعات کے لحاظ سے تاریخ بھوپال دو حصون پر منقسم ہو سکتی ہے۔

(۱) ابتدائی حصہ، جسکا سلسلہ خاندان بھوپال کے مورث اعلیٰ نواب دوست محمد خان بہادر کی زندگی، اور فتوح کے حالات سے شروع، اور گورنمنٹ برطانیہ کے ساتھہ پہلا عہدنامہ کرنے پر ختم ہوتا ہے۔

(۲) دوسرا حصہ، جسکا آغاز گورنمنٹ برطانیہ کے ساتھہ عہدنامہ ہونے کے بعد شروع ہوا اور جو جاری ہے۔

سلطنت مغلیہ کے زوال کے ساتھہ تمام ہندوستان مین بدامنی کا دور شروع ہوا، اور قانون و آزادی کا دروازہ بند ہو کر ملک مین اوس جنگ و قتال اور ظلم و ستم کی گرم بازاری ہوئی جو تاریخ کے صفحون مین یادگار ہے، جنوب و مشرق کی جانب سے اہل برطانیہ فتحمندی کا علم لیکر بتدریج بڑھے، اور دیگر حصص ملک مین طوائف الملوکی کا آغاز ہوا اگرچہ اس زمانہ کو ابھی پوری دو صدیان بھی نہین گزرین، لیکن اوس زمانہ کے حالات پر تاریکی چھائی ہوئی ہے، کیونکہ متواتر جنگ و قتال، اور خانہ جنگیون کے باعث جنگ و جدل کی تاریخ کے سوا دوسرا مواد تاریخ ملنا محال ہے۔

امراء کے گرد و پیش، اور رئیس بھوپال کے دربار مین، بجاے مورخون، اور مصنفون کے، جو ایک زمانہ کی کڑی دوسرے زمانہ کی کڑی سے ملاتے، اور ترقی تہذیب و ترویج علوم مین مدد دیتے ہین، سپاہی پیشہ اور جنگجو اشخاص کا مجمع رہتا تھا، اور اوس وقت کے لحاظ سے اہل قلم کی نسبت اہل سیف کی زیادہ قدر کیجاتی تھی۔

خاندان بھوپال کی استقامت کو زیادہ عرصہ نہ گزرا تھا کہ مرہٹہ گردی کا دور دورہ شروع ہوا، اور چند بہادر پٹھانوں کو مرہٹوں کے سیلاب کا جو تمام ہندوستان پر بڑھتا چلا آتا تھا مقابلہ کرنا پڑا، اوسوقت وسط ہند کی وہی کیفیت تھی جو "مڈل ایجز" (زمانۂ متوسط) مین یورپ کی بعض چھوٹی چھوٹی حکومتون کی تھی مگر رفتہ رفتہ اہل برطانیہ نے اپنی حکمت عملی سے اس آگ کو جو ہندوستان مین ہر چہار طرف بھڑک رہی تھی فرو کرنا شروع کیا، اور امن و اطمینان کی صورت جو عرصہ دراز سے خونریزیوں کی تاریکی مین پوشیدہ تھی، پھر نظر آئی، اور فرمان رواے بھوپال نے گورنمنٹ برطانیہ کے ساتھ معاہدہ کر کے بیرونی مداخلت، اور آئے دن کے خطرات سے بھوپال کو نجات دلائی، اس جگہ تاریخ بھوپال کے پہلے حصہ کا خاتمہ ہوتا ہے۔

اگرچہ تاریخ بھوپال کا اول حصہ، ایک لحاظ سے بہت دلچسپ ہے، لیکن اسکے دلچسپ بنانے کے لیے اصلی واقعات کا پتہ لگانا آسان کام نہ تھا، فی الحقیقت میری نانی نواب سکندر بیگم صاحبہ خلد نشین نے نہایت تفتیش اور تحقیق سے کام لیکر تاریخ کیلیے مواد جمع کیا، اور میری والدہ نواب شاہجہان بیگم صاحبہ خلد مکان نے واقعات کو تاریخ کا جامہ پہنایا، چونکہ موجودہ اُردو کی ابتدا تھی، اسلیے سرکار خلد نشین کا جمع کیا ہوا مواد تاریخ بھی اوسی طرز مین تھا، لیکن سرکار خلد مکان نے تالیف تاریخ کے وقت زبان کی اصلاح کا بہت خیال رکھا۔

دوسرے حصہ کا آغاز سرکار برطانیہ کے عہدنامہ کے ساتھ ہوا، جبکہ برسون کی جنگ وجدل کے بعد ملک مین امن قائم ہوا، ترقی و آبادی ملک کے ذرائع پر غور کیا گیا، اور اصول سیاست کی امداد سے ملک کے اندرونی نظم و نسق کی، جو

گذشتہ واقعات کے اثر سے درہم وبرہم ہوگئے تھے اصلاح کی جانب توجہ کی گئی، اس زمانہ مین اگرچہ توپ وتفنگ کی ضرورت نہ تھی، لیکن فرمانروایان بھوپال کیلیے عزم، ہمت، دور اندیشی اور معاملہ فہمی کی ضرورت بہ نسبت سابق کے زیادہ تھی، بزور شمشیر حکومت کرنا اسقدر زیادہ مشکل نہین جیساکہ قانون والنصاف کیساتھ ہوتی ہے خصوصاً اوسوقت مین، جبکہ عوام الناس قانون کی پابندی کو ذاتی آزادی کا مخالف سمجھتے ہون، اور ایسی حالت مین ایک حکمران کے لیے حکومت کی ذمہ داریان اور مشکلات، اور بھی بڑھ جاتی ہین۔

تاریخ کے اس حصہ مین نواب سکندر بیگم صاحب خلد نشین سب سے زیادہ ممتاز نظر آتی ہین، بھوپال کے لیے خدا کا بڑا فضل سمجھنا چاہیے کہ اوسنے حکومت ریاست ایک خاتون کو ممتاز کیا، اور متواتر تین پشتون تک عنان حکومت بیگمات ہی کے ہاتھ مین رکھی تاکہ امن پسندی، اور رحمدلی کی برکتون سے جو فطرتی طور پر عورتون مین زیادہ ہوتی ہے، رعایا فائدہ اوٹھائے۔

حصہ اول جسمین جنگ وجدل کے علاوہ اصلاح ملکی کے حالات پر بہت کم روشنی پڑتی ہے اوسکو سرکار خلد مکان نے اپنی تاریخ بھوپال مین کافی شرح وبسط کیساتھ تحریر کیا ہے، اسلیے یہان اوسکے اعادہ کی ضرورت نہین، لیکن حصہ دوم جسکا آغاز اسم بامسمیٰ خاتون نواب سکندر بیگم صاحب خلد نشین کے عہد سے ہوتا ہے، اور جسکے حالات سرکار خلد مکان نے اپنی تاریخ مین درج کیے ہین بھوپال کی تاریخ کا نہایت اہم اور ضروری حصہ ہے۔

چونکہ نواب سکندر بیگم صاحب خلد نشین بیگمات بھوپال مین ایک

ایسی فرمان روا ہوئی ہین جنکے زمانہ مین کثیر التعداد اصلاحات ہوئین اور جنگ وجدل اور امن وامان کے دونون دور گذرے لہذا اونکی زندگی کے حالات، اور اون کے عہد کی اصلاحات ملکی کا مختصر الفاظ مین اعادہ نہ صرف دلچسپ بلکہ ہر پہلو سے مفید ہوگا، اس لیے مین اپنی تاریخ کو اونہین کے حالات زندگی سے شروع کرنا مناسب سمجھتی ہون، اور اسی سلسلہ مین اپنے والدہ مرحوم اور اپنے طفولیت کے حالات کا بھی تذکرہ مینے مناسب سمجھا ہی کیونکہ سرکار خلد نشین کے واقعات زندگی کے ساتھہ یہ واقعات بھی ایک خاص لزوم رکھتے ہین، اگرچہ ترتیب واقعات کے لحاظ سے تاریخ کا آغاز میری شادی کتخدائی سے ہونا چاہیئے۔

ایک فرمان روا والی ریاست کی ذمہ داریون، اور ہجوم کار سے جو لوگ واقف ہین وہ بخوبی اندازہ کرسکتے ہین کہ تاریخ نویسی جیسے اہم، اور فرصت طلب کام کے لیے میرا تیار ہونا کچھ آسان کام نہین ہے، لیکن چونکہ ابتدا سے میری یہ خواہش رہی ہے کہ مین اپنے بزرگون کے قدم بقدم چلون، اور اون کی مثال سے فائدہ اوٹھاؤن، پس مینے یہ ارادہ بھی کیا کہ تاریخ بھوپال جسکی ابتدا سرکار خلد نشین نے کی تھی، اور سرکار خلد مکان نے بڑی محنت وجانفشانی کے ساتھہ سنہ ۱۸۷۲ء ۔ ۱۲۸۹ھ تک کے حالات قلمبند فرماے ہین اوسکو زمانۂ حال تک پورا کردون، اگرچہ بار بار کے سفر، اور کار وبار ریاست سد راہ ہوے لیکن ہر ایک واقعہ اس کتاب مین کامل تحقیق کے بعد درج ہوا ہے، میرے سفر بیت اللہ شریف کے حالات پڑھنے کے بعد ناظرین کو اطمینان ہوجائیگا کہ مین نے حد درجہ کی تحقیق وتنقید سے کام لیا ہے۔

اپنے زمانۂ حیات مین سرکار خلد مکان نے دفتر چہارم کا مواد جمع کرلیا تھا لیکن افسوس ہے کہ محافظین کی غفلت سے یہ قیمتی ذخیرہ ضایع ہوگیا، اور مجھے از سر نو جہان مین کرنا پڑی *

نواب سکندر بیگم صاحبہ کے اجمالی حالات

تاریخ بھوپال مین نواب سکندر بیگم صاحبہ کا وہی مرتبہ ہے جو تاریخ ہند مین شہنشاہ اکبر اعظم کو حاصل ہے، جب اکبر سریر آرا ے سلطنت ہوا تھا تو ملک کی حالت نہایت نازک تھی، لیکن اوس نے اپنی دور اندیشی، اور حکمت عملی کی بدولت ملک کو اوس نازک حالت سے نکالا، اور نظم ونسق کو ایسے اعلی پیمانہ پر پہنچایا کہ آجتک باوجودیکہ صدیان گزر چکی ہین، تمام ممالک متمدنہ مین اوس کے اصول حکمرانی کی عمدگی کا اعتراف کیا جاتا ہے اور اوسکے انتظام کی تعریف ہوتی ہے۔

اسی طرح نواب سکندر بیگم صاحبہ خلد نشین، اگرچہ ایسے زمانہ مین پیدا ہوئی تھین اور اونہون نے ایسے دور مین نشوونما پایا تھا جو تاریخ مین سب سے زیادہ تاریک اور ہولناک ہے، اونہون نے آنکھین کھول کر اپنے ملک مین غیر متمدن گردلاور اشخاص کا ہجوم پایا، بچپن سے سن شعور تک خون ریزیون، اور معرکہ آرائیون ہی کی کہانیان سنین، اور جنگ وجدل ہی کا سماپیش نظر رہا، اسلئے بمقتضاے عام فطرۃ انسانی اون کو بھی وہی باتین خوش آیند معلوم ہونی چاہئے تھین جو ۲۰ سال کی عمر تک چشم و گوش کے ذریعہ سے قلب پر مرتسم ہوتی رہین، لیکن چونکہ

وہ فطرۃً امن دوست اور صلح پسند تھین اونھون نے بچپن ہی سے ان باتون کو نفرت سے دیکھا اور حقارت سے سنا، اور پھر عنان حکومت ہاتھ مین لینے کے بعد جو اصلاحات اور امور و مہمات اونکے مبارک، اور طاقتور ہاتھو ںسے انجام پذیر ہوے اونھون نے ظاہر کر دیا کہ فطرۃ نے اونکو ایک ملک کی اصلاح کے لیے پیدا کیا تھا، اور اون مین ایک خاص انتظامی قوت ودیعت کی تھی، وہ اپنے ملک کی حالت سنوارنے مین اکبر اعظم سے کم نہ تھین، جبتک تاریخ کا سلسلہ قائم ہے اصلاح و سیاست مدن کے حصہ مین نواب سکندر بیگم صاحبہ کا نام سنہرے حرفون مین لکھا جائیگا اور بھوپال ہمیشہ اپنے ایسے حکمران کے دور حکومت پر فخر و مباہات کریگا، اونکے دور حکومت کے واقعات، اون کی بیدار مغزی، بلند خیالی، اور اون کی قوت اصلاح کی، شہادت دین گے۔

حکومت بھوپال کی بنیاد نہایت بے امنی کے زمانہ مین قائم ہوئی ہے، اور اس دور کا اقتضا تھا کہ بقاے حکومت کے لیے جنگجو گروہ کی خدمات سے کام لیا جائے، اور اونکے دلون کو رام کیا جائے، اس لیے متقدم رئیسون نے ایک بڑا گروہ جنگجو سردارون، اور امرا کا اپنے گرد وپیش جمع کر رکھا تھا، ہر ایک سردار کے ماتحت جسقدر سپاہ ہوتی تھی وہ اوسکی ذاتی ملازم سمجھی جاتی تھی، اور لڑائی کے موقعون پر اونہین سردارون کے زیر حکم رہتی تھی، ریاست کے ہر ایک صیغہ مین انہین سردارونکا اثر پایا جاتا تھا

سرکار خلد نشین نے بھی عنان حکومت ہاتھ مین لیتے ہی اسی قسم کے لوگونکو ریاست مین حاوی پایا، اور دربار مین ایک ایسے فوجی گروہ، اور سردارونکی

جماعت کو دیکھا جو قابو یافتہ تھا، اور وہ باعتبار اپنی سرشت کے امن، اور قانونی حکومت کو حقارت، اور نفرت کی نظر سے دیکھتا تھا، اور مثل اپنے بزرگوں کے زندگی بسر کرنا چاہتا تھا، ایسی نازک حالت کے ہوتے ملک مین اصلاحات کرنا، اور اوس گروہ کو جو کئی نسلون سے آزاد چلا آتا تھا، قانون و قواعد کا پابند بنانا نہایت مشکل کام تھا، لیکن چونکہ وہ بھوپال کی اصلاح کو اپنی زندگی کا اعلیٰ ترین مقصد قرار دیے چکی تھین اسلیے اونھون نے ان مشکلون کی پروا نہین کی، اور خدا کی مدد، اور اپنی ہمت پر بھروسہ کر کے اس اہم کام کا آغاز کیا، اور اکی ضد، اور بیجا آزادی پر غلبہ پایا، اور اون تمام رکاوٹون، اور مشکلون پر فتح حاصل کی جو اون کی راہ مین حائل تھین اونکی اس نمایان کامیابی نے نہ صرف اونکو بھوپال کا نجات دہندہ اور محسن ہی بنایا بلکہ معاصر حکمرانون سے، جو اونسے باعتبار اپنی قوت اور قدامت حکومت کے بدرجہا زیادہ تھے ممتاز بنا دیا، اور دنیا نے دیکھہ لیا کہ وہ جنس جو بنی نوع انسان مین کمزور تسلیم کی گئی ہے، اوس مسلمہ طاقتور جنس سے جو مرد کے نام سے موسوم ہے، اپنی بیدار مغزی، روشن دماغی، اور انتظام حکومت کی اعلیٰ قابلیت اور نیز سپاہیانہ اوصاف مین گوے سبقت لیگئی۔

فی الواقع اونہین کی حکومت کی یہ برکت ہے، کہ وہ بھوپال جسکے نام کو مٹے ہوے صدیان گذر چکی تھین، اور جسکا وجود ہندوستان کی تاریخ و جغرافیہ مین ایک بے نمود ستارہ گیا تھا اب تاریخ کا ایک ضروری باب، اور جغرافیہ کا ایک نمایان مقام ہے، اور جو ایک خاص خصوصیت کے ساتھہ مشہور دیار و امصار ہے۔

سرکار خلد نشین کے سلسلہ اصلاحات مین سب سے مقدم فوجی اصلاح ہے، اور یہ بین

فیوڈل سسٹم کا جو طریقہ تھا، تیموری سلطنت کا بھی تقریباً وہی طرز عمل تھا، یعنی فوجی افسرون کو تنخواہ کے بدلے جاگیرین ملتی تھین، اور اونکو حکم تھا کہ مقررہ تعداد کی فوج اپنے زیر انتظام رکھین، اور اونکی تنخواہین بھی اسی جاگیر سے دی جائین، اسی طرح فوج کا تعلق براہ راست بادشاہ سے نہین بلکہ فوجی افسرون سے ہوتا تھا، اور اس بناپر اون افسرون کی طاقت پرخطر ہوتی تھی، اور اون کی بے اعتدالیون کا ہر وقت اندیشہ رہتا تھا۔

(۱) سرکار خلد نشین نے اس طریقہ کو توڑا، افسرون کی تنخواہین نقد کین، اور فوج کا مشاہرہ براہ راست، ریاست سے مقرر کیا۔

(۲) انگریزی اصول پر فوج کے لیے قواعد جنگ کی تعلیم کا انتظام کیا اور اسکے لیے تربیت یافتہ دیسی افسر مقرر کیے۔

(۳) توپخانہ جو بالکل بیقاعدہ تھا، اوسکو درست و منظم کیا۔

ان اصلاحات کا نتیجہ ہوا کہ ایک پراگندہ، متفرق، اور پریشان گروہ، قواعددان اور تربیت یافتہ لشکر کی صورت مین نمایان ہونے لگا، اسکا عملی اثر جو بہت جلد نمایان ہوا یہ تھا کہ ۱۸۵۷ء مین جب بغاوت کی آگ میرٹھ سے مشتعل ہوکر تمام ہندوستان مین

لـہ سنٹرل انڈیا مین سب سے پہلے افواج چھاونی اندور نے بغاوت کی اور گئی، انگریز بازی گئے اسلیے آنریبل کرنل ڈیورنڈ صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل، وشکسپیر صاحب، واسٹاکلی صاحب وکرنل ٹریور صاحب، مع میم صاحبات کے براہ آشٹہ سیہور پہنچے، اور پناہ گزین ہوے، لیکن فوج کنٹجنٹ بھوپال مین جو زیادہ تر یورپ تھے جب ترغیب افواج چھاونی سیہور فساد پر امادہ ہوے، مجبور ہوکر کل افسر بھوپال کو چلے آئے نواب سکندر بیگم صاحب نے کل صاحبان یورپین کی بہت خاطر

پھیل گئی، اور ملک کا چپّا چپّا فتنہ و فساد کا جولانگاہ بنگیا، تب بھی بھوپال اس اثر سے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) مدارات کی، اور بحفاظت تمام اونکو ہوشنگ آباد پہنچا دیا، صرف کرنل ٹریور صاحب فوج کنٹنجنٹ سیہور ہین رہ گئے۔

اونھین ایام مین ڈاکٹر صاحب افواج کنٹنجنٹ گوالیار، و کپتان کارٹر صاحب کمانیسر رجمنٹ پنجم آگرہ و کپتان میکڈوکل صاحب کمانڈر دوم و میجر میکفرسن صاحب، و ڈاکٹر ہیافنٹ صاحب و کپتان لیارمنشنڈ صاحب توپخانہ و اکفلیڈ صاحب، و میم برلٹن صاحبہ، و میم ہرلسن صاحبہ، و میم ہین صاحبہ مع بچون کے اور روائسٹ صاحب وغیرہ، کل ۲۷ آدمی اندور سے "موضوع" اونچود "پرگنہ جاورہ" ودبھوپال مین داخل ہوئے، یہان پہونچکر سب صاحبون نے خدا کا شکر ادا کیا کہ اب ہم مقام امن و آسائش مین آگئے، کیونکہ نواب سکندر بیگم صاحبہ خیرخواہ و وفادار ہین، اس مقام پر تحصیلدار نے ہر ایک قسم کی رسد بہم پہنچائی اوس سے تمام مہمانون کی کلفت جو نہایت خستہ حال تھے دور ہوئی، تحصیلدار نے یہ بھی کہا کہ اگر وہ چٹھی صاحب پولیٹکل ایجنٹ کو دینگے، تو مین پہونچا دونگا، چنانچہ جسوقت چٹھی صاحب ممدوح کو ملگئی میجر ریچرڈ صاحب نے بمشورہ نواب سکندر بیگم صاحبہ اطلاع دی کہ سیہور ہرگز نہ آؤ، اور سیدہے ہوشنگ آباد کو روانہ ہوجاؤ، سواری و باربرداری و خورش و پوشش کا بندوبست ریاست سے کیا گیا، اکل و شرب ہر قسم کا سامان اور ملبوسات سرد و گرم چھوٹے بڑے بافراط بھیجے گئے، جس وقت سرپوش خوانون کے اوٹھائے گئے، اور اشیاء نفیسہ دیکھی گئین کل صاحبان کو بیحد خوشی ہوئی، سواری کے لیے دس بارہ ہاتھی تھے، مگر ممانعت روانگی سیہور سے تعجب تھا، اسلیے چپراسی مرسلہ سے جو مسلمان تھا مفصل حال دریافت کیا، اوسنے کہا کہ "سب صاحبان حسب صلاح نواب سکندر بیگم صاحبہ ہوشنگ آباد چلے گئے ہین، اور میجر ریچرڈ صاحب پولیٹکل ایجنٹ بھی بروقت روانگی چٹھی روانہ ہونیکو تیار تھے

بالکل محفوظ رہا جسکی وجہ صرف یہ تھی کہ فوج باقاعدہ، اور فرمان پذیر بن چکی تھی،

بیگم صاحبہ نے یہ بھی یقین دلایا ہے کہ وہ حفاظت ملک ونیک چلنی سپاہ کنٹنجنٹ کی ذمہ دار ہین" پھر صاحبان موصوف وہانسے روانہ ہوکر شب کو ابجے "اچھاور" پہنچے، دروازہ حصار گڑھی کا بند تھا، مگر صاحبان بہادر کے لیے اوسیوقت کھولا گیا۔ دوسرے روز لاڑکوٹی آئے، یہان ایک شخص کندن سنگھ نامی آیا، اور بچشم خشم آگین، باواز مہیب بولا "مین جاسوس ملازم مہاراجہ سیندھیا ہوکر ہون، مجکو حکم ہے کہ کوئی فرنگی اس ضلع سے زندہ نہ جانے پائے" یہ کہکر خوب دھمکایا، اور کہنے لگا کہ "وہ پہاڑ جو سامنے نمودار ہے، وہان پانسو سوار زیر حکم میرے ہین" تین روز ہوے کہ ڈیورنڈ صاحب ریزیڈنٹ اندور ادھر سے گئے، اور بعوض خدمتگذاری اونھون نے پانصد روپیہ اور کئی بندوقین اور تلوارین دین" یہ سب باتین سنکر صاحبون کو تعجب ہوا کہ ہمارے پاس نہ روپیہ ہے، نہ ہتیار کہ دین، بلکہ یہ افسوس ہوا کہ جسطرح وہ بیہودہ گوئی کر رہا تھا بہتر ہوتا کہ مار ڈالا جاتا، مابعد ظاہر ہوا کہ ولیپ سنگھ و نرپت سنگھ جاگیردار "لاڑکوٹی" کا بھائی ہے، اوسکی صلاح آپس مین یہ قرار پائی تھی کہ جو کچھ ہے وہ چھین لے، مگر بخوف ضبطی جاگیر وداروگیر ریاست کچھ نہ کرسکا، یہانسے براہ "پان گوڑا" یا "گوا" یہ بڑھتی پہنچے "نربدا" پار سب صاحبان، میجر کاڈس صاحب پولیٹکل ایجنٹ سیہور، وکپتان ڈوڈ صاحب کمشنر، وکرنل ہالن صاحب بہ طیب خاطر و خوشدلی ملے، زیادہ تر سب صاحبون کو مسرت اس بات کی ہوئی کہ ایک میم صاحبہ جو ہمراہ تھین، بارہ دن کا بچہ اونکی گود مین تھا، اور اونکا شوہر کپتان ہریسن صاحب گم تھا، بلکہ یقین تھا کہ وہ قتل ہوگیا ہوگا، وہ یہان زندہ ملا۔

مابعد افواج کنٹنجنٹ سیہور حسب تحریک افواج اندور بغاوت پر آمادہ ہوئین،

اگرچہ شورش کے طوفان مین اسکو بھی خود سری کا خیال آیا تھا لیکن جب نواب نظیر الدولہ باقی محمد خان صاحب نے جو فوج کے سپہ سالار وقت اور سرکار خلد نشین کے تربیت یافتہ اور اونکے دست و بازو تھے، فوج کو جا کر اطاعت کی ترغیب دی تو فوراً اوس نے گردن تسلیم خم کردی، اور ہمہ تن فرمان[1] پذیر بن گئی۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) نواب سکندر بیگم صاحبہ نے ایک دستہ فوج اونکی تادیب کیلیے فی الفور سیہور روانہ کیا، اور خزانہ گورنمنٹ کو اپنے قبضہ مین کیا، اسپر سپاہ کنٹنجنٹ بگڑ ا یا کی لیکن فساد نہونے پایا، نہایت دانشمندی سے چھاونی سیہور کو باغیون کے ہاتھون سے بچالیا، بعدہٗ یورپین فوج آئی، اوسنے کنٹنجنٹ سپاہیون کو مقید کرلیا، اور جو اونمین باغی ثابت ہوے اون کو پھانسی دی گئی۔

بمقام بیرسیہ بابو شب راو سپرنٹنڈنٹ باغواے سرفراز خان ساکنہ راحت گڈھ ونا مدار خان پنڈارہ ساکن کالارا کے مارے گئے، افواج بھوپال نے پنڈارہ مذکور کو متصل موضع بائین علاقہ راحت گڈھ کے مع فاضل محمد خان باغی جاگیردار آنبا پانی راحت گڈھ گرفتار کیا، اور جنرل صاحب افواج انگریزی کے روبرو پیش کیے گئے، دونون کو قلعہ کے دروازہ پر پھانسی دی گئی، اور جاگیر ضبط ہوئی۔

نواب سکندر بیگم صاحبہ نے اپنی ریاست مین امن قائم رکھنے کے لیے سخت کوششین کین، اور نہ صرف اپنی ریاست مین امن قائم رکھا، بلکہ بیرون حدود ریاست، اونھون نے سامان غلہ گھاس جانب شمال کالپی تک پہنچایا، اور بغرض قائمی امن ساگر، چندیری، جھانسی، وغیرہ بندیل کھنڈ تک فوج روانہ کی، سپاہیان وسواران وعہدہ داران نے

[1] اس واقعہ کی تفصیل آگے آئیگی۔

فوج بھوپال نے نہ صرف ریاست کو محفوظ رکھا بلکہ بیرونی بغاوتوں کے فرو کرنے مین جان بازیان دکھائین، چھاونی سیہور کی کنٹنجنٹ کو جو باغی ہو گئی تھی مغلوب کیا، اور اوسکی سرکوبی کی، اپنے ملک سے باہر حدود کالپی تک انگریزی حکام اور فوج کو رسد پہنچائی، اور سرحد ساگر، و علاقہ بندیل کھنڈ تک امن قائم رکھا، انگریزون کو جو اس خونخوار زمانہ مین کہین امن کی جگہ نہین ملتی تھی، اور نہ اونکو اپنی حمایت کی کسی سے امید رہی تھی، اپنی امن و حمایت مین لیکر تاج برطانیہ کی وفاداری کا کامل ثبوت دیا۔

ان خدمات کا اعتراف اور قدردانی بھی سلطنت برطانیہ کی طرف سے کما حقہ کی گئی، جو ریاست بھوپال کے لیے مایۂ ناز ہے، چونکہ یہ تذکرہ بجاے خود ایک تاریخ ہے، اور ہندوستان کی مختلف تاریخون مین بتفصیل درج ہے اسلیے اوسکا اعادہ ضرور نہین۔

مین اس موقع پر اپنے ملک کے اون بہادرون* کو، جنھون نے ایام غدر مین ایسی بیبہا خدمات کین فراموش نہین کر سکتی، اور نہایت فخر کے ساتھ اوس عزت مین شریک کرتی ہون جو سرکار خلد نشین کو حاصل ہوئی، اور مجھے اس امر پر افتخار ہے کہ جسطرح مین گورنمنٹ برطانیہ کی وفادار اور خیر خواہ رئیسہ کی جانشین ہون، اوسیطرح میرے ملک کے باشندے، اور

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) اثناء راہ مین کئی معرکون پر وہ بہادری دکھائی کہ ۲۴ نومبر ۱۸۵۸ء کو آنریبل ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا نے بتوسط صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر اپنی بہت بڑی خوشنودی ظاہر کی۔ اور متواتر تحریرات گورنمنٹ مین اعتراف ہوا کہ تمام زمانہ غدر مین سارے خطہ ہندوستان مین کوئی رئیس نواب سکندر بیگم صاحبہ سے زیادہ ثابت قدم ثابت نہین ہوا، یقیناً اس موقع پر ریاست بھوپال بڑی وفادار دوست برٹش گورنمنٹ ثابت ہوئی۔

* بخشی متو خان رسالدار افواج و بخشی مروت محمد خان سپہ سالار۔

بہیری غیور رعایا اون سورماؤن کی نسل ہے جو نہایت جوش کیساتھہ گورنمنٹ کے جان نثار تھے

بعد انتقال نواب جہانگیر محمد خان کے سرکار خلد مکان جب صدر نشین ہوئی تھین تو بوجہ اونکی کم سنی کے میان فوجدار محمد خان نائب الریاست مقرر ہوے تھے، وہ دو سال تک خود مختاری کے ساتھہ کام کرتے رہے، جسوقت سرکار خلد نشین مختار ریاست ہوئین تو اونہون نے علاوہ اور ابتریون کے نظام مالی میں بھی سخت ابتری پائی، خزانہ ریاست پر ۱۹۷۶۷۲۳ روپیہ ۹ آنہ ۳ پائی زمانہ نواب جہانگیر محمد خان کا، اور ۳۸۵۱۱۷ روپیہ ۸ آنہ عہد نیابت میان فوجدار محمد خان کا، جملہ ۲۳۶۱۸۴۱ روپیہ ۱ آنہ ۳ پائی بار قرضہ سودی تھا سر سبز، اور زرخیز محالات بصورت رہن سودخوار مہاجنون کے قبضے میں تھے اور ریاست کی آمدنی کل گیارہ لاکھہ کی رہگئی تھی۔

اونہون نے نہایت مستعدی کے ساتھہ ملکی اصلاحات پر توجہ کی، باوجود مستورہ ہونے کے تمام ملک کا دورہ کیا، اور ہر کلی وجزوی حالات سے واقفیت حاصل کرکے مفصلہ ذیل انتظامات کیے۔

(۱) تمام ریاست کی پیمائش کرائی، یہ وہ کام تھا جو اکبر اعظم کے عہد کے بعد ہندوستان مین پھر کبھی وجود مین نہین آیا تھا، پیمائش سے تمام مواضع، اور قصبات، دیہات کی سرحدین مقرر ہوگئین، اور تشخیص مالگذاری مین آسانی واقع ہوئی، کل دیہات تین ضلعون، اور ۲۱ پرگنون مین تقسیم کیے گئے۔

(۲) جمع بندی، اور مالگذاری کی وصول وتحصیل کے قاعدے مرتب کیے، اور یہ کام اس خوبی سے انجام دیا کہ سر آر ہملٹن صاحب ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا نے اپنے خریطہ متعلقہ انتظام ریاست مورخہ ۲ نومبر ۱۸۵۵ء مین، سرکار خلد نشین کے انتظامات کی

تعریف کرتے ہوے لکھا تھا کہ "آپکی خوبی بند و بست سے جو ضرب المثل ہے آیندہ کو بھی زمام ریاست آپکے ہاتھہ مین رہنا چاہیے۔

اونکے اس طریقہ بند و بست سے رعایا کی حالت جو زمانہ دراز کی بدنظمی اور بد اطمینانی کی وجہ سے خراب ہو گئی تھی سنورنے لگی، ریاست کی مالی حالت درست ہو گئی اور ریاست جو لاکھون روپیہ کی مقروض تھی بار قرض سے سبکدوش ہو گئی۔

(۴) سب سے بڑی خرابی یہ تھی کہ کاشتکار و مزارعین ہمیشہ بنیون اور مہاجنونکے قرض سے زیر بار رہتے تھے، اور جو کچھہ زراعت سے پیدا ہوتا تھا اوسکا بڑا حصہ سود در سود کے مطالبون مین نکلکر اون کو سد رمق کے برابر بھی مشکل سے بچتا تھا۔

سرکار خلد نشین نے اس خرابی کے رفع کرنے کا یہ انتظام کیا کہ تحصیلدارون کی ضمانت پر مہاجن قرض دین، اور زراعت کی پیداوار ہونے کے وقت تحصیلدار خود اپنے اہتمام کے ساتھہ اس قرض کو کاشتکارون سے ادا کرا دین، سود کی شرح اسقدر مناسب، اور معتدل مقرر کی گئی تھی کہ جو کاشتکارون کو زیر بار ہونے دیتی تھی۔

تقاوی اور کاشتکاری بینک کا طریقہ جواب گورنمنٹ انگریزی مین جاری ہو رہا ہے گویا ابتدائی حالت مین اسکی بنیاد سرکار خلد نشین نے بہت پہلے سے ڈال دی تھی۔

اسوقت تک ریاست مین دادخواہی کے لیے باقاعدہ عدالتین نتھین، سرکار خلد نشین نے عدالت کے مختلف محکمے قائم کیے، اور دیوانی و فوجداری کو جدا جدا اور مفصل دستور العمل قانون کی صورت مین تیار کرائے، جنمین دستور العمل ناظمی مثل دستور العمل کلکٹری بہت ضخیم ہے، اور اسمین مثل آئین اکبری قواعد بند و بست، و مالگذاری، قواعد کاشتکاری، قواعد پٹواریان، قواعد قانون گویان، قواعد جاگیرات

قواعد سائرات، قواعد بنگلات، قواعد حسابات، قواعد ملازمت، قواعد مدارس، قواعد تعمیرات، قواعد عدالت، قواعد پولس، قواعد فوج، قواعد تہذیب دفتر، قواعد دورہ حکام، قواعد بیگار، اور قواعد رسد رسانی شامل ہین۔

چونکہ اوس زمانہ مین مطبع کا رواج بہت کم تھا اسلیے یہ قواعد و قوانین ہر ایک دفتر کے لیے قلمی لکھوائے گئے۔ پھر ۱۸۶۰ء مین ضروریات ریاست کے لیے مطبع سکندری قائم کیا۔

عام تعلیم کے لیے پرگنات مین اُردو، ہندی کے مکاتب، اور مدارس قائم کیے اور رعایا کو تعلیم و تربیت کے مختلف ذریعون سے ترغیب دلائی۔

۱۸۶۰ء مین مدرسہ "سلیمانیہ" عربی فارسی، انگریزی تعلیم کے لیے قائم کیا دستکاری، اور صنعت کی تعلیم کے لیے ملکہ معظمہ کے نام پر مدرسہ وکٹوریا جاری کیا۔

ان حالات کو دیکھتے ہوے بے شک یہ ماننا پڑتا ہے کہ سرکار خلد نشین نے ریاست کی ڈوبتی ہوئی کشتی کو مثل ایک ہوشیار، اور تجربہ کار ملاح کے طوفان تباہی سے نکالا، اور اپنے شیر دل جد نامور وزیر محمد خان صاحب کیطرح آیندہ بربادیون سے دوبارہ بچایا، البتہ فرق یہ رہا کہ وزیر محمد خان صاحب مرد تھے اور سرکار خلد نشین عورت، اونھون نے بزور شمشیر ریاست کی حفاظت کی، اور انھون نے بحسن تدبیر۔

جب سرکار خلد نشین کی اصلاحات مکمل ہو گئین، اور ریاست کا نظم و نسق ایک عمدہ اور معین اصول پر ہونے لگا، تو اونکی زیادہ تر توجہ کاشتکارون، اور تاجرون پر منعطف رہنے لگی، وہ اونکے ساتھ ہر طرح کی ہمدردی، اور محبت کرتی تھین، اور ہمیشہ اونکی دلجوئی، اور خوشحالی کے ذرائع پیدا کرنے مین مصروف رہتی تھین حتی کہ

جب کسی موقع پر پٹیل اور مستاجر بھوپال آتے تو اونکو اپنے محلات اور باغات دکھاتین اون کی تفریح کے لیے قسم قسم کے سامان مہیا فرماتین اونکے بچون پر اظہار شفقت کرتین اور اونکو کھلونے دیتین۔

مجھے خوب یاد ہے کہ میرے بچپن کے زمانہ مین جب کبھی وہ نصیحت فرماتین تو اونمین سب سے پہلی نصیحت جو نہایت موثر طریقہ پر ہوتی یہ کیجاتی کہ "کاشتکار اصل ہماری پونجی ہین یہ سب انہین غریب لوگون کی مشقت اور محنت و عرق ریزی کی بدولت ہے کہ ہم حکومت کرتے ہین اور شان و شوکت کے ساتھ رہتے ہین، جب تم مسند ریاست پر بیٹھنا تب اوس ناتوان مگر سب سے زیادہ قیمتی اور مفید گروہ کی فلاح کو اپنا بہترین اور مقدم فرض سمجھنا"

مینے اوس نصیحت کو ہمیشہ عزت کے ساتھ پیش نظر رکھا ہے اور مینے اوسکی تعظیم عملاً یون کی ہے کہ اپنی کاشتکار پیشہ رعایا کی نگہداشت حقوق کو انتظام ملک مین سب سے زیادہ ضروری فرض جانا ہے، اور میری سب سے بڑی کوشش زراعت پیشہ آبادی کی بہبودی کے متعلق ہے۔

سرکار خلد نشین نے جو خدمات سلطنت برطانیہ کی کین اونکا صلہ سیاست اور کمپنی کی حکومت کے خاتمہ کے بعد ہی ملنا شروع ہو گیا، اور نہ صرف اونکو بلکہ اونکے آیندہ جانشینون کو بھی اونکی مبارک کوششون کا ثمرہ خوشگوار ملا جنوری سنہ ۱۸۶۱ع مین بمقام جبلپور ایک شاہی دربار منعقد ہوا جسمین ملکہ معظمہ قیصر ہند کے نائب السلطنت لارڈ کیننگ نے سرکار خلد نشین کو مخاطب کر کے اسپیچ دی، اور اوسمین اونکی اون خیر خواہیون کا جو ایام غدر مین کی تھین، اعتراف کر کے

پرگنہ بیرسیہ[1] کی سند مع اوسکے ملحقات کے اپنے دست مبارک سے سپرد فرمائی، یکم مئی ۱۸۶۱ء کو باضابطہ دخل وقبضہ ہوا سرکار خلد نشین مع سرکار خلد مکان، نواب امراؤ دولہ صاحب بہادر، نواب قدسیہ بیگم صاحبہ اوربیرسیہ و نواب سلیمان جہان بیگم صاحبہ مرحومہ، و دیگر ارکین دولت کے قصبہ بیرسیہ کو تشریف لیگئین، دخل وقبضہ کے دن قلعہ فتحگڈہ سے بے فیر سلامی کے سر ہوے۔

پھر اکتوبر مین بمقام الہ آباد اسٹار آف انڈیا[2] کا تمغہ اور خطاب مرحمت ہوا، اسی دربار مین مہاراجہ جیاجی راؤ سیندھیا بہادر، نواب صاحب بہادر رامپور اور مہاراجہ بہادر پٹیالہ وغیرہ کو بھی تمغہ اور خطاب ملا تھا، ان سب والیان ملک کو مخاطب کرکے ہز اکسیلنسی وایسرائے نے تقریر کی، اور مبارکباد دی، اس دربار سے فارغ ہوکر سرکار خلد نشین بنارس، فیض آباد، لکھنؤ اور دہلی وغیرہ کی سیر[3] کو تشریف لےگئین، واپسی پر خطاب ملنے کی خوشی مین عظیم الشان پیمانہ پر یکم نومبر ۱۸۶۱ء کو یوروپین دوستون اور برٹش افسرون کی دعوت کی، دعوت کا اہتمام وانتظام زیر نگرانی ڈاکٹر ہاسن صاحب

---

[1] یہ حصہ ملک ریاست دھار کا تھا، جو ضبط کیا گیا تھا۔

[2] تمغہ اسٹار آف انڈیا بعد وفات شخص خطاب یافتہ حسب آئین وقانون سلطنت واپس دیا جاتا ہے چنانچہ سرکار خلد نشین کا تمغہ بھی بعد رحلت، گورنمنٹ مین واپس ہوگیا، لیکن تین ہی سال بعد اونکی جا نشین سرکار خلد مکان کو عطا ہوا۔

[3] اس سفر کے بیان مین سرکار خلد مکان نے اپنی کتاب تاریخ تاج الاقبال مین جامع مسجد دہلی کے متعلق صرف یہ تحریر فرمایا ہے، کہ "اور زینت المساجد کی طرف سے جامع مسجد شاہجہانی کے دیکھنے کو روانہ ہوے مسجد کا دروازہ بند تھا، ہمارے لیے حکام انگلشیہ نے کھلوادیا، مسجد دیکھکر اپنی فرودگاہ کو روانہ ہوے"

ایجنسی سیہور کیا گیا تھا، اگرچہ اوس زمانہ مین ریل نہ تھی لیکن اکثر مہمان اور بالخصوص آنریبل میجر میڈ صاحب بہادر رزیڈنٹ اندور تشریف لائے تھے، ان ہی دنون مین میری تقریب بسم اللہ کی خوشی مین بھی دعوت کی گئی تھی، اور تمام یوروپین جنٹلمین اور لیڈیز اسمین شریک ہوے تھے۔

سرکار خلد نشین دربار الہ آباد کے بعد پھر بمقام اکبر آباد جو سلاطین مغلیہ کا مشہور دار الخلافت تھا، ایک بڑے دربار کی تقریب مین جس مین سنٹرل انڈیا کے چوراسی رؤسا و والیان ملک موجود تھے شریک ہوئین، اس موقع پر اول ملاقات کے وقت لارڈ لارنس بہادر نے سرکار خلد نشین کو یہ مسرت آمیز اطلاع دی کہ "لارڈ کیننگ جسوقت لنڈن گئے تھے تو آپکی تعریف جناب ملکہ معظمہ سے کی وہ نہایت خوش ہوئین، اور آپ کے ملنے کی مشتاق ہوگئین۔

دربار مین سرکار خلد نشین کو بجلدوی حسن انتظام و وفاداری سلطنت برطانیہ خلعت گران بہا عطا کیا گیا، لارڈ لارنس نے اس دربار مین بزبان اردو تقریر

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) لیکن ای-آر-ہنچنس صاحب بہادر سابق پولٹیکل ایجنٹ بھوپال اپنی چٹھی مورخہ ۷ راپریل ۱۹۰۱ء بمقام لنڈن موسومہ منشی قدرت اللہ سابق منتظم کوٹھیات مین تحریر کرتے ہین کہ "۱۸۶۲ء کے دورہ مین جبکہ مین سیہور سے الہ آباد، بنارس، فیض آباد، لکھنؤ، کانپور، دہلی، جیپور ہوکر پھر واپس بھوپال ہوا تھا، اوس زمانہ مین دہلی کی جامع مسجد اس قصور پر مسلمانون کے لیے بند کردی گئی تھی کہ غدر ۱۸۵۷ء مین اونھون نے کچھ حصہ لیا تھا، مگر ہزہائنیس نواب سکندر بیگم صاحبہ کی استدعا پر گورنمنٹ آف انڈیا نے مسجد مین نماز پڑھنے کے لیے عام طور سے مسلمانون کو اجازت دیدی تھی، اور ہر ہائنیس کو اوس مبارک جگہ پر عبادت کرنے کا موقع ملا تھا۔

فرمائی تھی، جو ہر لحاظ سے نہایت اعلیٰ، اور مفید تھی، اس تقریر مین رؤسا کو اچھے انتظامات کرنے کی نصیحتین کی تھین اور سرکار خلد نشین و مہاراجہ سیندھیا کی تعریف ان الفاظ مین تھی۔

"اوس رئیس کی گورنمنٹ بڑی عزت کرتی ہے جو اپنی رعایا کے لیے اچھا انتظام کرتا ہے، اور اپنے ملک کی ترقی مین بڑی جد و جہد کرتا ہے، دربار مین ایسے رئیس موجود ہین جنہون نے اون کامون کے کرنے کے سبب سے بڑی نیکنامی حاصل کی ہے، مین اونکا نام لیتا ہون کہ وہ مہاراجہ سیندھیا، اور بھوپال کی بیگم ہین"۔

ان تمام دربارون کے حالات سرکار خلد مکان نے اپنی کتاب تاج الاقبال مین تفصیل کے ساتھہ تحریر کیے ہین، اسلیے مجملاً تذکرہ مینے مناسب سمجھا اور تفصیلاً تحریر نہین کیا۔ سرکار خلد نشین جسقدر فرائض دنیوی کا خیال رکھتی تھین، اس سے زیادہ اونکو مذہبی احکام کی بجاآوری کا خیال ہمیشہ پیش نظر رہتا تھا، فرائض مذہبی مین سب سے مشکل کام جو ایک خاتون کے لیے ہوسکتا ہے حج کا بجالانا ہے، چنانچہ سلطنت تیموریہ کی تاریخ مین گلبدن بیگم کے سوا جو اکبر اعظم کی پھوپھی تھین، کسیکو اس فرض کے بجالانیکی ہمت نہین ہوئی، لیکن سرکار خلد نشین کی مذہبی سرگرمی نے اس عمدہ ارادہ کی تکمیل مین نہایت زبردست حصہ لیا چنانچہ وہ سنہ ۱۸۶۴ء ۱۲۸۰ھ مین باوجود راستہ کی سخت مشکلات کے پندرہ سو آدمیون کو ہمراہ لیکر مکہ معظمہ گئین، حج ادا کیا، اور خدا کی نعمتون کا شکریہ بجالائین، جس طرح کہ وہ ہندوستان مین بلحاظ اپنی حکومت، و باعتبار وفاداری و خیرخواہی تاج برطانیہ، سب سے ممتاز تھین اسیطرح تمام مسلمان والیان ملک مین حرم محترم مین بھی حاضر ہونیکا شرف اولیت انہین کو حاصل ہوا۔

اعیان و اکابر مکہ معظمہ نے نہایت عزت و محبت کی اور منجانب سلطنت عثمانیہ اونکے مرتبہ کے مطابق اعزاز کیا۔ ”ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ“

بعد سفر حج پانچ سال اور زندہ رہکر ۱۳ رجب ۱۳۰۱ھ کو بروز جمعہ وقت ۷ بجے شب اونھون نے داعی اجل کو لبیک کہا، اور اپنی جان عزیز جان وجہان آفرین کے سپرد کی، اور ۲۳ سال تک بحیثیت ریجنٹ و رولر کے حکومت کی ذمہ داری کا بار گران اوٹھاکر جوار رحمت الٰہی مین آرام کیا، اور باغ فرحت افزا مین جو انھین کا بنایا ہوا باغ ہے بروز شنبہ دفن ہوئین کُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

سرکار خلد نشین باوجود اس خداداد جاہ و حشمت کے نہایت سادگی پسند تھین وہ نمود و نمائش سے دور رہتی تھین، حتیٰ کہ قبر پر گنبد بنائے جانے کی بھی ممانعت فرمادی تھی، ہر غریب و امیر سے یکسان طور پر حسن اخلاق کے ساتھ پیش آتی تھین، وہ اگرچہ عورت تھین، لیکن اونمین اوصاف سپاہیانہ مثل اپنے بہادر پیش رووں کے موجود تھے، اونکی محبت کے ساتھ اونکا رعب بھی لازم و ملزوم تھا، غرض وہ ایک ایسی فرمان روا تھین جو بلحاظ حالات زمانہ، اور حکومت شخصی اپنی بیدار مغزی و قابلیت کی مثال نہ رکھتی تھین، اونکی یاد اور اونکی عزت و محبت رعایائے بھوپال کے دلوں مین جاگزین ہے، بوڑھے، اور بوڑھیان، جنھون نے اوس دور حکومت کو دیکھا ہے اونکی رعایا پروری، سطوت، شفقت، فیاضی اور رعب و داب کے واقعات قصے کہانیون کے پیرایہ مین بڑے جوش و خروش کے ساتھ سناتی ہین، اونھون نے اپنے ۲۳ سالہ عہد حکومت مین ایک حیرت انگیز ترقی خیز انقلاب پیدا کردیا تھا، اونھون نے اپنی زندگی مین اوس درخت کو پھلتے ہوئے دیکھا، اور اوسکا پھل کھایا

جسکا بیج اونھون نے بویا تھا، اوس بارآور درخت کو اپنی نسل کے لیے چھوڑا، جسکی سرسبزی وحفاظت خود اوسی کے ہاتھون مین[له] ہے۔

اونکے زمانۂ ہمایون کے انتظامات کی تفصیل نہایت طولانی ہے لیکن مختصراً یہ ہے کہ اونھون نے ایک عمدہ حالت پر فوجی تربیت ودرستی کا انتظام کیا، بندوبست پانزدہ سالہ سے مالیہ ریاست کو گیارہ لاکھہ سے چوبیس لاکھہ پر پہنچایا، ۲۲۳۶۱۸۴۱-روپیہ ۱۲ آنہ ۳ پائی قرضۂ سودی عہد نواب جہانگیر محمد خان صاحب، وزمانہ نیابت میان فوجدار محمد خان صاحب کا اداکر کے، محالات کو مہاجنون سے واگذاشت کیا۔

نظامتون کی تقسیم وترتیب کی، راستون مین پل بنوائے، اور شہر سے نظامتون تک کی سڑکون کے پختہ بنوانیکے لیے انتظام فرمایا، شہر کی صفائی اور درستی کی، پختہ اور وسیع سڑکین بنوائین جہان اسقدر تنگ راستے تھے کہ بجز ڈولی، اور اسپ سواری کے کوئی سواری نہین نکل سکتی تھی، وہان ہر قسم کی سواریون کے لیے کشادہ راستے ہو گئے، ہر کوچہ اور سڑک پر روشنی کا انتظام کیا، تعلیم عامہ کے لیے

[له] مسٹر چارلس میکفرسن صاحب پولٹیکل ایجنٹ اپنی ایک تحریر ۱۸۵۴ء مین حال لکھتے ہوے بیان کرتے ہین کہ "نواب شاہجہان بیگم صاحبہ جنکی عمر اوس وقت ۱۶ برس کی تھی وہ، اور نواب قدسیہ بیگم صاحبہ ونواب سکندر بیگم صاحبہ پردہ نشین نہین تھین، ہرسہ بیگمات سواری گھوڑے کی بخوبی جانتی تھین نشانہ بازی اور بندوق چلانے مین مشاق تھین، مختار ریاست انتظام کرنے مین ایک عجیب عورت ہین گفتگو مین اگر آپ کو کبھی اتفاق ہوا ہو تو وہ مثل ایک یوروپین لیڈی کے ہین، اور انتظام ریاست کو اپنی ذات کے ساتھہ مخلوط کرنے مین عدیم المثال ہین۔

ایک دن اتفاق سے مین نے کسی قدر زور سے کہا کہ ہر چیز اپنے طرز انتظام پر مبنی ہے اور گویا ہر چیز

مدرسہ سلیمانیہ، اور دستکاری وصنعت وحرفت کے لیے ملکہ معظمہ کے نام نامی پر مدرسۂ وکٹوریہ جاری کیا، قوانین مال، و جوڈیشل وضع کیے، انسداد جرائم کیواسطے پولیس کو ترقی دی، جاگیرات کا نہایت خوش اسلوبی سے انتظام کیا، الغرض وہ ہر ایک انتظام مین ایسی کامیاب ہوئین، اور اپنے معاصرین سے ایسی فضیلت حاصل کی کہ اونکی تقلید کی توقع رؤسا سے دربار آگرہ مین لارڈ لارنس نے کی تھی، اور چوراسی والیان ملک کے روبرو اونکا نام بطور مثال پیش کیا گیا تھا۔

وہ ہر لحاظ سے خوش نصیب تھین، اور اونکی زندگی قابل تقلید تھی، در اصل اونھون نے اپنی شاہی زندگی کی زحمت کے معاوضہ مین دنیاوی مسرتون کے علاوہ روحانی اور سرمدی راحت بھی حاصل کی، وہ زندگی مین نیک نام رہین، اور مرنے کے بعد بھی نیکنام ہین، وہ مردہ نہین ہین بلکہ زندہ ہین، کیونکہ اونکو اپنی نیکیون کے باعث حیات جاودانی حاصل ہوئی ہے، وہ نہایت خلوص، اور سچے دل سے سلطنت برطانیہ کے قیام و استحکام کی خواہشمند تھین، اور ہر موقع پر وفاداری کا عملی ثبوت

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ)

حقیقت مین ایک عمل ہے۔

کاش کہ آپ اوس وقت دیکھتے کہ وہ کیسے اپنے دونون وزرا جمال الدین خان اور لالہ کشن رام کیطرف جو تھوڑی دور خاموش بیٹھے ہوے تھے متوجہ ہو کر فرمانے لگین۔

صاحبان! آپ سنتے ہین؟ یہ عمل کرنا آپ کا کام ہے۔

افسران ریاست کے انتخاب کرنے مین اون کی قابلیت مثل ملکہ "ایلزبیتھ" کے تھی۔

دیتی تھین۔

اونکے انتقال کے بعد سر ہنری ڈیلی صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا نے اونکے نسبت اپنی رپورٹ مین جو گورنمنٹ آف انڈیا کو بھیجی تھی حسب ذیل خیالات ظاہر کیے تھے

اقتباس

"غالباً کسی ہندوستانی ریاست مین گورنمنٹ ہند کی دوستی کا اعتراف اسقدر گرمجوشی، اور استحکام کے ساتھ نہین کیا گیا، جیسا کہ غدر کے تاریک زمانہ مین بھوپال مین ظہور پذیر ہوا، باوجود اسکے کہ ہر چہار طرف فساد کی آگ بھڑک رہی تھی سکندر بیگم کو کوئی چیز اونکی وفاداری، اور امداد سے نہ ہٹا سکی"۔

سکندر بیگم بڑی جوشیلی تھین، فرمان روائی کی حیرت انگیز قابلیت رکھتی تھین، اور باوجود اس جوش و قابلیت کے سلطنت برطانیہ کی سچی وفادار تھین، وہ ناز کیا کرتی تھین کہ ملکہ انگلستان کی وفادار دوست ہون، اونکے آخری الفاظ بھی دعا سے خالی نہ تھے، کہ "ہر مجسٹی ملکہ معظمہ، شاہی خاندان، اور گورنمنٹ ہمیشہ شاد رہین"

اونکے انتقال کی اطلاع ہوتے ہی ایجنسی سیہور مین بھی سرکاری طور پر ماتم منایا گیا، دفاتر مین تعطیل، اور بازار مین ہڑتال رہی۔

علیا حضرت ملکہ معظمہ قیصرہ ہند نے، بواسطہ ڈیوک آف ارگائل وزیر ہند نے،[۱]

---

[۱] بخدمت۔ ہر ہائینس نواب شاہجہان بیگم صاحبہ، آف بھوپال

میری مکرم دوست

مجھے ملکہ معظمہ نے حکم دیا ہے کہ مین آپ کو اطلاع دون کہ آپ کی مادر مہربان ہر ہائینس نواب سکندر بیگم مرحومہ کے انتقال کی خبر سے سخت ملال ہوا، اور ملکہ معظمہ اس دردناک واقعہ پر نہ دل سے

سرکار خلد نشین کے انتقال پر اظہار صدمہ و افسوس کیا، خاندان سے ہمدردی فرمائی، اور سرکار خلد نشین کے صفات عالی کو، سرکار خلد مکان کے روبرو بطور نظیر کے پیش کیا اور اونکی پیروی کی خواہش کی۔

کپتان ہچنسن صاحب پولٹیکل ایجنٹ و سر ہملٹن صاحب بہادر و کرنل ڈیورنڈ صاحب بہادر و کپتان ایڈن صاحب بہادر و کرنل آر جے میڈ صاحب بہادر و سر لیپل گریفن صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا و دیگر اعلیٰ حکام نے بھی سرکار خلد نشین کے اوصاف حسنہ کا بارہا اعتراف کیا ہے، اور ابھی تک بھوپال کے متعلق سرکاری تقریرون مین اونکی وفاداری، اور عہد حکومت کا تذکرہ بطور تمہید کیا جاتا ہے۔

غرض ہر ہائینس نواب سکندر بیگم صاحبہ بھوپال کے لیے ایک فرشتۂ رحمت بنکر آئی تھین، جو قضائے روحانی مین گئین اور اپنے اخلاف کیلیے اپنی برکتین چھوڑ گیئن اور جبتک خطۂ بھوپال قائم ہے وہ برکتین بھی قائم رہینگی۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) تعزیت کرتی ہین۔ اسکے ساتھہ ہی مجھے یہ بھی گزارش کرنا ہے کہ ملکہ معظمہ از روے مہربانی یقین ولاتی ہین کہ اونکو پورا اعتماد ہے کہ آپ بھی اپنے ممالک محروسہ کا انتظام اُسی عقلمندی اور رحمدلی سے کرینگی جو آپ کی سلف نامور شہزادی کے طرز حکومت کا مابہ الامتیاز تھین۔

ہماری تہ دل سے دعا ہے کہ یور ہائینس مدت دراز تک دولت و اقبال کے ساتھہ حکمران اور کارفرما رہین۔

انڈیا آفس	یور ہائینس کا سچا دوست اور خیرخواہ
لندن	(دستخط) ارگائیل
۳۱ جولائی ۱۸۶۸ء	

ارا کین دولت

سرکار خلد نشین کی کامیاب حکومت کا تذکرہ ناتمام رہیگا، اگر ارا کین دولت اور مشیران ریاست کا ذکر نہ کیا جائے۔

فی الواقع رئیس و رعیت کی خوش نصیبی ہوتی ہے جبکہ مشیر اور ارا کین دولت دیانتدار، جفاکش، وفاشعار، اور قابل و بیدار مغز ہون، اور اس مین بھی سرکار خلد نشین کچھ کم خوش نصیب نہ تھین، کہ اونکو مدار المہام معتمد المہام سپہ سالار، سیکرٹیری، صفات متذکرہ سے متصف ملے تھے۔

مدار المہام ریاست

سرکار خلد نشین کے مدار المہام یعنی نائب الریاست محمد جمال الدین خان صاحب تھے، جن کی دینداری، اور اتقا کی تمام ہندوستان مین شہرت ہے، لیکن اس دینداری اور اتقا کے ساتھ اون کی بے نظیر قابلیت مدار المہامی بھی خاص طور پر معروف ہے،

مولوی جمال الدین خان صاحب مرحوم باوجود متقی ہونے کے ایک بڑے مدبر تھے اور ان صفات کے ساتھ ہی ونمین سپاہیانہ وصف بھی بدرجۂ کمال تھا۔

تاریخ مین کم مثالین ملین گی کہ ایک شخص مین ایسی متضاد صفتین جمع ہون بھوپال مین جسقدر مسلمان تھے وہ سب سپاہی منش تھے، اون کو تعلیم مذہبی اور پابندی مذہب کی طرف راغب کرنا اون کا ایک مذہبی کام تھا، جو اون کی سرگرم دینداری کی شہادت ہے۔

امور و مہمات ریاست مین سرکار خلد نشین کی امداد، اور عدالت گستری، انصاف پروری اونکا فرض منصب مدار المہامی تھا جسکو اونکی بیدار مغزی، اور

قابلیت کی دلیل کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے، اونھون نے اوس موقع پر جبکہ سرکار خلدمکان فرمانروا، اور سرکار خلدنشین بطور ریجینٹ تھین اور اونکی بلحاظ استحقاق و سلسلہ یہ کوشش تھی کہ مین رئیسہ تسلیم کی جاؤن، اپنی تدبیر، اور بیدارمغزی کا نہایت عمدہ ثبوت دیا، اس مسئلہ کے متعلق پولیٹکل افسرون سے جو خط و کتابت، اور اندور سیہور جاکر جو بالمشافہ مباحثے کیے، وہ اونکی اعلی فراست اور پولیٹکل قابلیت کو تسلیم کرنے کے لیے ایک نمایان دلیل ہے۔

اون کی سپاہیانہ حالت کے اندازہ کے لیے یہ کافی ہے کہ جب نہ ریل تھی، نہ بائسکل، اور نہ موٹر کار، حتی کہ ٹیلیگراف بھی نہ تھا، وہ صرف سانڈنی پر ۹ بجے رات کو سوار ہوکر اندور جاتے تھے، اور آٹھ گھنٹہ مین وہان پہونچکر صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سے ملتے تھے، اور ۳ بجے واپس ہوکر ۹ بجے شب کو بھوپال مین داخل ہوجاتے تھے اور یہ سفر ایک مدت تک روزانہ یا چوتھے روز یا ہفتہ مین ایک بار ضرور ہوتا تھا، وہ سرکار خلدنشین کے بڑے معتمد تھے، اور پولیٹکل حکام بھی اونپر اعتبار کرتے تھے، اون مین ریاست کی خیرخواہی کا جوش اس درجہ موجود تھا جیسا کہ سرکار خلدنشین مین سلطنت برطانیہ کی وفاداری کا۔

مدارالمہام صاحب کی عزت و محبت رئیسہ و رعیت دونون کے دلون مین متمکن تھی، وہ سرکار خلدنشین کے انتقال کے بعد ۱۴ برس تک زندہ رہے اور اونھون نے اوس انقلابی حالت کے بھی کچھ سال و ماہ دیکھے، جو سرکار خلدنشین کے انتقال کے بعد پیدا ہوگئی تھی، اوس حالت سے وہ بھی کچھ کم متاثر نہین ہوے تھے، نواب صدیق حسن خان صاحب نے اس پیرانہ سالی مین صدمات پہنچائے، حالانکہ نواب صدیق حسن خان صاحب مدارالمہام صاحب کے داماد تھے، مگر غیرون سے بھی وہ سلوک روا نہین رکھا جاتا جو نواب صدیق حسن خان صاحب نے

ایسے واجب التعظیم بزرگ کے ساتھہ کیا، اور وہ تکلیفین ایک دشمن کو بھی دینا بعید از انسانیت ہے۔ جو ایسے مہربان اور محسن کو دین۔

نواب صدیق حسن خان صاحب کی کوشش تھی کہ مدار المہام صاحب اپنے عہدہ سے سبکدوش ہوکر گوشہ نشین کردیے جائین، اور اون کا اقتدار و اثر کم ہوجاے، تاکہ اون کو خود ایسا موقع اور عہدہ ملے جس سے پورے طور پر ریاست قبضہ مین آجاے، مدار المہام صاحب کو اون تکلیفات کے علاوہ روحانی تکلیفین بھی پہنچائین، جن کا ذکر اونھون نے بارہا افسوس و حسرت کیساتھ مجھہ سے بھی کیا، وہ میرے اوستاد بھی تھے، اور مین نے عربی، فارسی کا درس اونھین سے آغاز کیا تھا، اون کا طریقہ تعلیم نہایت عمدہ تھا، مین بحیثیت طالب علم اور اونکی شاگرد ہونیکے اس امر خاص کی تخصیص کے ساتھہ تعریف کرتی ہون۔

اون کا انتقال ۱۲۹۹ھ مین ہوا، اون کی نسل مین اگرچہ کوئی اولاد ذکور نہین، لیکن اولاد اُناث موجود ہے، جسکی شاخین پھیلی ہوئی ہین، گو اون کے تعمیر کردہ مکانات اور مساجد اونکی یادگار ہین موجود ہین لیکن سب سے مستحکم اور وقیع وہ یادگارین ہین جو اونھون نے اپنے ولی نعمت کی بے مثل رفاقت مین قائم کی تھین، اور جن کا وجود کاغذ کے صفحون اور لوگونکے دلون پر ہمیشہ قائم رہیگا۔

| معتمد المہام | سرکار خلد نشین کے معتمد المہام راجہ کشن رام کایستھہ ایک بڑے قابل

منشی، اور مال کے کام مین نہایت ہوشیار اور ماہر تھے، ریاست کے صیغہ مالی کا انتظام اون کی معتمد المہامی کے زمانہ مین اعلیٰ پیمانہ پر رہا اون کی جاگیر ۲۴۰۰۰ سالانہ کی تھی درحقیقت اون کو اکبر کے ایک رتن راجہ بیربل سے نسبت دینا موزون ہوگا۔

| سپہ سالار ریاست | سپہ سالار افواج ریاست حافظ محمد حسن خان صاحب بہادر نصرت جنگ تھے

جنھون نے ایک عرصہ تک بخشی مروت محمد خان صاحب بہادر سپہ سالار ریاست کی ماتحتی مین فوجی تجربہ حاصل کرکے سپہ سالاری پر ترقی پائی تھی، اور ایام غدر مین جبکہ حفاظت شہر کا کام اون کے افسر کے ہاتھون مین تھا، وہ شہر سے باہر مفصلات مین اوس حصہ فوج کے کمانڈر تھے، جو بیرونی امن قائم رکھنے، اور انگریزون کی امداد و حمایت کے لیے معین تھا، اون کے متعلق صرف اسقدر لکھدینا کافی ہوگا کہ اونھون نے ایام غدر مین جو نمایان خدمات گورنمنٹ کی کین، اور جسطرح اپنے آقا کے اعتبار کو قائم رکھا، اور اوسکے دلی خیالات کے مطابق کام کیا، اوسیطرح اونکو گورنمنٹ اور سرکار خلد نشین نے نہایت عزت کے ساتھہ دیکھا، گورنمنٹ سے تمغہ ملا، اور پھر خطاب سی، آئی، ای، سے ممتاز کیے گئے، سرکار خلد نشین کے ممتاز ارکین مین سے صرف بخشی محمد حسن خان صاحب ہی تھے جو میرے زمانہ حکومت کے ابتدائی دو سالون تک زندہ رہے۔ اون کا انتقال سنہ ۱۳۲۱ھ مین ہوا، وہ نہایت جری، اور بہادر تھے، اور اسکے ساتھہ ہی کریم النفس اور ذی مروت بھی تھے۔۔

سکریٹری

منشی حسین خان سرکار خلد نشین کے پرائیوٹ سکریٹری اور میرے اتالیق تھے، وہ سرکار خلد مکان کے زمانہ مین بھی اسی عہدہ پر ممتاز رہے، اور اونکو گورنمنٹ سے بصلہ خیرخواہی ایک گھڑی عنایت ہوئی تھی۔

پولیٹیکل حکام

اسی سلسلہ مین میرا فرض ہے، کہ مین اون پولیٹیکل حکام کا بھی ذکر کرون جو سرکار خلد نشین کے ساتھہ نہایت اعلیٰ خیالات، و جذبات ہمدردی رکھتے تھے جن کی وجہ سے نہ صرف سرکار خلد نشین اون کی ممنون رہین بلکہ اون کی جانشین حکمرانون نے بھی اپنے دلون مین اون کی محبت و احسانمندی کا کچھہ کم جوش نہین رکھا۔

اور جب تک یہ سلسلہ حکومت قائم ہے اون حکام کی محبت اور عزت بطور ورثہ دلون کو پہونچتی رہیگی -

نواب جہانگیر محمد خان صاحب کے انتقال کے بعد میان فوجدار محمد خان صاحب کا تسلط بسبب عہدہ نیابت ترقی پذیر تھا، اور ریاست کے حق مین نہایت مضر ہو رہا تھا اوس وقت ایڈن صاحب بہادر و کیپٹن جے، ڈی کنھگم صاحب بہادر نے سرکار خلدنشین کی امداد کی، اور میان فوجدار محمد خان صاحب بہادر کو نیابت سے ہٹا کر سرکار خلدنشین کو ریجنٹ مقرر کرایا

سر رچمنڈ شکسپیر بہادر ایجنٹ گورنر جنرل، و کپتان ہچنسن صاحب بہادر نے نہایت عمدگی کے ساتھہ معاملہ خود مختاری سرکار خلدنشین کو طے کیا، جو بالکل حق بجانب تھا اور خود صاحبان ممدوح الشان نے بتاریخ ۹ شوال ۱۲۷۶ھ ہجری سرکار خلدنشین کو مسند آرائے ریاست، اور سرکار خلد مکان کو ولیعہد قرار دیا -

کرنل میڈ صاحب بہادر و میجر ڈیورنڈ صاحب بہادر نے ہر ایک مشورہ مین کامل اصابت رائے اور ہمدردی کے ساتھہ شرکت کی، اور اپنی مفید آراء سے مدد دی، اور جاگیرات و صیغہ بندوبست کے انتظام مین قابل یادگار اعانت فرمائی -

اس مین شک نہین کہ یہ حکام انگریزی قوم کے وہ افراد تھے، جنپر اس نامور اور کامیاب قوم کو ہمیشہ فخر رہیگا، یہ یورپین جنٹلمین نہایت نیکدل، اور اون صفات گرامی سے متصف تھے، جن صفات پر برطانیہ کو ناز ہے، اور جو اقوام عالم پر برتری کا باعث ہے، تاریخ بھوپال مین یہ نام ہمیشہ ادب، احسانمندی، دلی خلوص اور محبت کے ساتھہ نظر آئینگے -

میری زندگی کے ابتدائی ایام

سنہ ۱۲۷۴ھ (تا) سنہ ۱۲۹۱ھ
۱۸۵۸ء ۱۸۷۵ء

میرے جو حالات تاریخ تاج الاقبال مین درج ہین، اونسے کوئی روشنی میری زندگی پر نہین پڑتی، اسلیے مین مناسب خیال کرتی ہون کہ اپنی تعلیم وتربیت، اور اوائل عمر کے مشاغل وحالات بالاختصار خود ہی لکھون۔

میرا سال ولادت ۱۸۵۸ء = ۱۲۷۴ھ ہے، جو واقعات وحالات کے لحاظ سے ایک ایسا سال ہے جسپر مجھے فخر کرنے کا حق حاصل ہے۔

ناظرین جانتے ہین کہ ۱۸۵۷ء سے پہلے ہندوستان پر اگرچہ انگلش قوم حکمران تھی، لیکن وہ ایک کمپنی کی صورت مین تھی، اور جابجا ملک مین بدامنی اور مفسدہ پردازی کا زور تھا۔

نہ کچھ مفید طور پر ریل تھی، نہ تار تھا، نہ ترقی ملک کے کچھ ذرایع تھے، نہ عام طور پر سڑکین، اور نہ شاہراہین تھین اور نہ یہ مدارس کی کثرت تھی، اور نہ ایسا تعلیم کا چرچا تھا، تجارت ملک کی کساد بازاری ہو چکی تھی، ہر چہار طرف جہالت چھائی ہوئی تھی، اور اگر کچھ کچھ کہین ترقی تھی تو اوسکی رفتار ایسی سست تھی کہ اوس مین مطلق حرکت محسوس نہ ہوتی تھی۔

چونکہ خدا کو منظور تھا کہ ہندوستان اس حالت سے نکلے، ۱۸۵۷ء کا واقعہ ظہور پذیر ہوا، اور اوس مین جو جو تکالیف ہندوستان کے باشندون کو اوٹھانا پڑین

وہ ایسی ہین کہ اون کا بھلا دینا ہی بہتر ہے۔

سنہ ۱۸۵۷ء کے بعد سنہ ۱۸۵۸ء کا قابل یادگار سال شروع ہوا، جو نہ صرف ہندوستان مین گورنمنٹ برطانیہ کے استحکام و استقلال کی تمہید ہے، بلکہ ہندوستان کی ترقی و آبادی، اور امن و آزادی کا دیباچہ بھی ہے، اور یہی سال میری ولادت کا سال ہے گویا خدای عز و جل نے مجھے ایسے زمانہ کے آغاز مین پیدا کیا کہ جنگ و جدل کا خاتمہ ہو چکا تھا، اور امن و امان کا دور دورہ تھا، مینے اس دنیا مین آنکھین کھولتے ہی روز افزون ترقی کی روشنی دیکھی۔

یہ وہ سال ہے کہ اُسمین علیاحضرت ملکہ وکٹوریہ نے ہندوستان کی عنان حکومت اپنے دست مبارک مین لی، اور وہ فرمان عظیم صادر ہوا، جس نے ہندوستانیون کے پژمردہ دلون کے لیے نسیم جان فزا کا کام کیا، اور ہندوستان کے مطلع سے، غارتگری، بے اطمینانی، بدامنی، اور جہالت کی تاریکی کو ہٹا کر تہذیب و تمدن، تعلیم و ترقی، امن و آزادی کی روشنی پھیلانی شروع کی، گویا مغرب کے مطلع سے ایک ایسا آفتاب طلوع ہوا جسکے لمعات نور مشرق پر پرتوفگن ہوے، یا یون کہنا چاہیے کہ میری پیدائش کا سال علم تہذیب و تمدن لیے ہوے ترقیون کے لشکر کے ساتھہ تاج و تخت برطانیہ کے آفتاب اقبال کے جلوس مین آ گئے تھا، جو افق مغرب سے اپنی سنہری شعاعین پھیلاتا ہوا ایشیا کے ایک بڑے حصہ پر نمودار ہوا، اور تیرہ خاک ہند کو اپنے نور سے منور کرنا شروع کیا۔

غرض یہ سال ہر طرح تاریخی طور پر میرے فخر کرنے کے لیے موزون ہے، اسکے علاوہ میری پیدائش کے قبل خاص میرے ملک مین بھی مفسدین نے مشکلات پیدا کر رکھی تھین، اور "گڑھی آنبا پانی" پر سخت شورش ہو رہی تھی، فاضل محمد خان نے فتنہ برپا کر رکھا تھا، سرکار خلد نشین اس مہم کی طوالت سے نہایت پریشان تھین،

کیونکہ اون کو فوج کی تکالیف کا بھی خیال تھا، خدمات غدر ادا کرنے کے بعد فوج کو فرصت پائے ہوے کچھ دن بھی نہ گذرے تھے، اور پوری طرح دم لینے کی مہلت بھی نہ ملی تھی کہ دوسرا فساد شروع ہوگیا، اور رئیس و اراکین کو ایک تشویش کی حالت مین ڈالدیا، سرکار خلد نشین فرمایا کرتی تھین کہ جب میرے پیدا ہونے مین چھہ ماہ باقی تھے، ایک دن بیٹھے بیٹھے یہ خیال آیا کہ جو مولود پیدا ہونے والا ہے اگر اوس کے پیدا ہونے سے پہلے یہ فساد رفع ہوگیا، تو یہ علاقہ اوس مولود کی جاگیر مین دیدیا جائے گا، اور بایں نیت خدا ے تعالےٰ سے فتحمندی کی التجا کی اوس نے دُعا مستجاب فرمائی، چنانچہ قبل میری پیدائش کے اون کو خدا نے فتح عطا کی، اور جب مین ۲۷ ذی قعدہ ۱۲۷۴ھ مطابق ۹ جولائی ۱۸۵۸ء کو پیدا ہوئی تو وہ علاقہ میری جاگیر کے لیے نامزد کردیا گیا، اور میرے اخراجات اس علاقہ کی آمدنی سے مقرر کیے گئے سرکار قدسیہ مرحومہ، اور سرکار خلد نشین کو میرے پیدا ہونے سے پہلے یہ آرزو و تمنا تھی کہ لڑکا پیدا ہو، اور یہ تمنا اون کی بیجا نہ تھی، کیونکہ ۸۵ سال سے میرے خاندان مین اولاد نرینہ نہ ہوئی تھی مگر جب مین خلاف اوس آرزو کے پیدا ہوئی، تو سرکار خلد نشین کو مطلق افسوس نہ ہوا اونھون نے جسوقت میری صورت دیکھی تو اونکے دل مین نہین معلوم کیسے خیالات و جذبات پیدا ہوے کہ بے اختیار مجھے پیار کر کے فرمایا کہ "خدا کا شکر ہے کہ مین اون مین سے نہین ہون کہ جنکی نسبت خداوند کریم کا ارشاد ہے کہ ﴿وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُم بِالْأُنثَىٰ ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ﴾[1] یہ بچی تو مجھے سات بیٹون سے بھی عزیز تر ہے" اونھون نے وہی خوشی کی جو لڑکون کے پیدا ہونے مین ہوتی ہے، اظہار خوشی

---

[1] جس وقت اون مین سے کسی کو بیٹی کے پیدا ہونے کی خوشخبری دی جاتی ہے تو اوس کا چہرہ سیاہ ہوجاتا ہے، اور غم کھاتا ہے۔

کے لیے توپین سر کی گئین نہایت دھوم دھام کے ساتھ صدر، اور مفصلات کی رعایا، اور ملازمین، ونحوانین، اور ارکین کی دعوتین کین، غربا و مستحقین کو جوڑے اور خلعت دیے انعام عطا فرمائے، چھ مہینہ تک یہ جشن رہا، اور مستاجرون کو خاص طور پر دعوت دی گئی، رعایا وارکین نے بھی اس خوشی مین کافی حصہ لیا، اور طرح طرح سے مسرت کا اظہار کیا۔ میری ولادت کی خوشی کو زمانہ کی تغیر پذیر حالت نے دوبالا کر دیا تھا، ہر جانب امن وامان تھا اور ہر سمت مسرت کی صدائین بلند ہو رہی تھین۔

میری ولادت کے بعد سرکار خلدنشین مستقل رئیسہ تسلیم کی گئین اور صدرنشینی کا قاعدہ منضبط ہو گیا۔ سنہ ۱۲۷۷ ہجری = سنہ ۱۸۶۱ء کو بمقام جبلپور پرگنہ بیرسیہ کی سند ملکہ عالیا مقتضہ ملکہ معظمہ کی گورنمنٹ سے عطا ہوئی، اور ریاست کے رقبہ اور آبادی مین اضافہ ہوا، پھر تھوڑے دنون کے بعد تمغہ اسٹار آف انڈیا عطا ہوا، اور اوس کے بعد خلعت مرحمت کیا گیا۔

غرض ان حالات کے لحاظ سے سرکار خلدنشین مجکو مبارک جانتی تھین، اور روز بروز اون کی شفقت بڑھتی تھی، اگر اون کی شفقت کا مان باپ، اور تمام خاندان کی شفقت سے موازنہ کیا جائے تب بھی پلہ بھاری رہتا ہے۔

وہ مجھے اپنی زندگی کا ماحصل سمجھتی تھین، اور اونھون نے اپنی تمام امیدون اور مسرتون کو میرے ساتھ وابستہ کر دیا تھا، وہ کبھی اگر مفصلات کے دورہ کو جاتین تو مجکو میری کم عمری کے سبب، اور کوہستانی ملک، اور دشوار گزار راستون کی تکلیف کیوجہ سے سرکار خلد مکان کے سپرد کر تین، لیکن ایسا انتظام فرماتی تھین کہ روزانہ میری خیریت کی اطلاع پہنچتی رہتی، اور باوجودیکہ مین بالکل ہی کم سن تھی مگر وہ محبت بھرے ہوئے خطوط میرے نام

ارسال کرتین جنکو بعد تقریب شادی سرکار خلد مکان نے میرے نزدیک بطور یادگار بھیجے تھے اگرچہ مجھے اون خطوط کا آنا اور سنا یا جانا یاد نہین لیکن اب مین اونکو دیکھ کر اور اوسوقت کا تصور کر کے لطف حاصل کرتی ہون

پانچ برس تک ایسے ہی نازونعمت کے ساتھہ پرورش ہوتی رہی ، اور بجز کھیل کود کے اور کوئی کام نہ تھا ، پانچوین سال بڑی شان وشوکت کے ساتھہ بسم اللہ کی تقریب ہوئی، میری تعلیم کا خود ضابطہ معین فرمایا ، میرا "ٹائم ٹیبل" بالعموم حسب ذیل تھا۔

نقل ٹائم ٹیبل

(قبل ظہر)

۵ سے ۶ تک ۔		ہواخوری ۔
۶ سے ۷ تک ۔		ناشتہ ۔
۸ سے ۱۰ تک ۔		کلام مجید ۔
۱۰ سے ۱۱ تک ۔		سرکار خلدنشین کے ساتھہ کھانا کھانا ۔
۱۱ سے ۱۲ تک ۔		چھٹی ۔

(بعد ظہر)

۱۲ سے ۱ تک ۔		خوشنویسی کی مشق ۔
۱ سے ۳ تک ۔		انگریزی ۔
۳ سے ۴ تک ۔		فارسی ۔
۴ سے ۵ تک ۔		حساب ۔
۵[1] سے ۵½ تک ۔		بانک یا پشتو ۔
۵½ سے ۶ تک ۔		سواری اسپ ۔

[1] اکثر ایک دن پشتو اور ایک دن بانک کی مشق ہوتی تھی۔

۶ سے ۷ تک — کھانا کھانا۔

۸ بجے سونے کو خوابگاہ مین چلے جانا۔

میری تعلیم کے لیے جو اوستاد مقرر ہوے تھے اونکے نام مع کام کے حسب ذیل ہین:-

حافظ سید محمد سورتی۔ — کلام مجید۔

مولوی جمال الدین خان صاحب مدار المہام — ترجمہ کلام مجید و تفسیر۔

مولوی رضا علی، المخاطب بہ شیرین رقم۔ — خوشنویسی۔

منشی حسین خان ماسٹر۔ — انگریزی۔

مولوی حسین شاہ بخاری۔ — فارسی۔

مولوی محمد ایوب صاحب۔ — فارسی۔

پنڈت گنپت راے (گروجی) — حساب۔

سید امیر علی پھکیت۔ — بانک۔

خدا داد خان اوستاد۔ — شہسواری۔

آخوند صاحب۔ — پشتو۔

اس انتظام کے ساتھہ ہی میری نگرانی تعلیم و تربیت بھی اپنے ذمہ رکھی، اور مین دن رات اون کے پاس رہنے لگی ہفتہ مین صرف تین شب اپنی والدہ کے نزدیک رہتی تھی۔

سنہ ۱۲۸۰ ہجری مین وہ حج کو گئین، اور چونکہ میری جدائی گوارا نہ کر سکتی تھین اونھون نے سرکار خلد مکان، اور والد ماجد نواب امراؤ دولہ صاحب بہادر سے بھی چاہا کہ سفر بیت اللہ مین دونون ہمراہ ہون، نواب صاحب تو آمادہ ہو گئے لیکن سرکار خلد مکان چونکہ سمندر کے سفر سے بہت خائف تھین، اس لیے راضی نہ ہوئین، اور کچھہ ایسی شدالطبیعتیں کین جنسے اونکے لیجانے کا ارادہ فسخ کرنا پڑا، اور اون کی وجہ سے نواب صاحب کو بھی نہ لیجا سکین۔

سرکار خلد نشین ۲۴ جمادی الاول ۱۲۸۰ھ ہجری ۵ نومبر ۱۸۶۳ء کو بھوپال سے روانہ ہوئین، روانگی کے وقت جس طرح اونھون نے مجھے پیار کیا تھا وہ وقت ابتک میری آنکھون کے سامنے ہے بیشک کبھی وہ میری مفارقت گوارا نہ کرتین لیکن وہ ایک شکر گزار دل رکھتی تھین، اور مذہبی فرض کا اداکرنا ضروری جانتی تھین اس لیے یہ فرقت گوارا کی۔

ہر ڈاک مین اون کے خطوط آتے تھے جس مین مجھے پڑھنے لکھنے کی تاکید ہوتی تھی، اور سرکار خلد مکان کو طرح طرح کی ہدایتین کیجاتی تھین جن سے اون کی شفقت و دلچسپی کا اظہار ہوتا تھا، مین نہایت شوق و خوشی سے اون کو پڑھتی تھی۔

اون مین سے کچھ خطوط کی نقلین بطور نمونہ ذیل مین درج کرتی ہون، جن سے ناظرین کو اون کی شفقت، اور اونکے طریقہ تربیت کا اندازہ ہو سکیگا۔

نقل خطوط

(۱)

الحمد للہ، کہ آج کہ تاریخ ہفتم ماہ شعبان ۱۲۸۰ھ ہجری روز یکشنبہ ہے دس منٹ کم تین بجے جہاز دخانی اندورمع تمام قافلہ حجاج کے بخیر و عافیت تمام مقام عدن مین پہنچا، جو تمہین میری یاد آیا کرے تو تم وضو کر کے اور جانماز سرخ رنگ کی جو زعفران نے سیکر تم کو دی ہے بچھا کر نماز پڑھا کرو، اور دعا مانگا کرو کہ اللہ میری امان جان کا حج کرا کے جلدی لے آوے فقط مورخہ ہفتم شعبان ۱۲۸۰ھ

(عدن)

(۲)

ایک الماری تمہارے لکھنے کے واسطے جس مین دوات کا گھر بنا ہوا ہے، اور دوسری الماری خط لکھے ہوے رکھنے کے واسطے، اور ایک ڈبیا منجن کے

واسطے ، اور ایک کیتلی چا کے واسطے ، اور ایک پیالہ ، اور پٹاری شیرینی رکھنے کے واسطے جسے جہازمین سے خرید کیا ہے ، اور ایک گلدستہ سفید سمندر کا کہ از خود سمندر سے بنا ہوا نکلتا ہے واسطے تمہارے ، اور اسی قدر سلیمان جہان بیگم صاحبہ کے واسطے اس خط کے ساتھہ تمہارے نزدیک بہیجتی ہون ، تمہاری چیزون کو تم لے لینا ، اور سلیمان جہان بیگم صاحبہ کی چیزین سلیمان جہان بیگم صاحبہ کو دیدینا ، اور ایک رُدل زنگین فقط واسطے تمہارے بہیجی ہے ۔ سلیمان جہان بیگم صاحبہ کی نہین ہے ۔ فقط مورخہ ششم ماہ شعبان ۱۲۸۰ھ

(عدن)

(۳)

بتاریخ ہفتدہم ماہ شعبان ۱۲۸۰ھ روز چہارشنبہ بنواخت ہفت نیم گذشتہ شام کے کہ اول وقت نماز عشاء کا تھا مشرف مکہ معظمہ کے ہوئے ۔ راستہ مین مسجد "حدیبیہ" پر ایک کنکر مجکو خوش رنگ کا ملا ، اوس کو مینے اوٹھا رکھا تھا ، اب اوسکو اس خط کے ساتھہ تمہارے نزدیک بہیجا ہے ، اوسکو تم گلاب چند موتر سے طلا مین منڈہا کر کُندے لگا کر اپنے گلے مین ڈالنا ، اور اپنی خیروعافیت کی خبر مجکو لکہتی پڑہتی رہنا کہ تردد میرا جاوے ، اور مکہ معظمہ مین تمہارے لیے مینے بہت دعائین مانگی ہین ، اللہ تعالیٰ اون سب دعاؤن کو قبول کرے ۔ مورخہ ۱۸ شعبان ۱۲۸۰ھ

(مقام مکہ شریف)

(۴)

انشا اللہ جب تمہاری سالگرہ ہو جاوے تو تم راجہ صاحب بہادر سے پوچھہ کر امراؤ دولہ صاحب بہادر کو اپنے ساتھہ لیکر ، اگر بیجر آہیوُن صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ بہوپال حکم دیوین تو تم سیہور کو جانا ، اور وہان جا کر بیجر آہیوُن صاحب

بہادر سے کہنا کہ ہماری امان جان کے بلانے کے لیے اب جہاز بھیجدو تو وہ حج کرکے یہان آوین فقط مورخہ سیزدہم رمضان ۱۲۸۰ھ ہجری - (مکہ معظمہ)

(۵)

جس وقت تم رقم ہندسہ ایک لکھ تک بخشی عقیق اللہ ڈیوڑھی سلیمان جہان بیگم صاحبہ سے لکھ چکو تو تم مشق اسماے مرکبات مفصل ذیل کی بخشی موصوف سے کرنا، اور تفصیل اوس کی یہ ہے :-

(۱) نام سراپا عضو انسان کے،

(۲) نام آدمیون کے،

(۳) نام کپڑے کے،

(۴) نام ظروف کے،

(۵) نام ادویات کے،

(۶) نام جانورون کے،

(۷) نام زیور کے،

اور جس وقت انشاءاللہ تعالی ہم داخل بھوپال ہون گے ہمارا نام تمسے لکھوائین گے، ہمارے نام کا بھی لکھنا سیکھہ رکھنا فقط مورخہ ہشتم شوال ۱۲۸۰ھ ہجری (مکہ معظمہ)

(۶)

جس وقت سبق تم پڑھ لیا کرو، اور تم کو چھٹی ملا کرے تو تم اپنی مان کے پاس جا کر اون کا کام سیکھا کرو، انشاءاللہ تعالی ہم بھوپال مین آکر تمہارے اون کے کام کی حاضری لیوین گے، مورخہ یازدہم شوال ۱۲۸۰ھ ہجری (مکہ معظمہ)

(۷)

دو عرضیان تمہاری لکھی ہوئی دوہم ماہ رمضان المبارک ۱۲۸۰؁ھ ہمارے پاس
آئین، حال معلوم ہوا، تمہاری خیریت کی خبر سنکر شکر اللہ کا بجا لائے کیا، لیکن عرضیون کے
اوپر تمہارے دستخط نہین، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تمہارے خط کا جواب نواب
شاہجہان بیگم صاحبہ نے کنول حسین سے لکھوا دیا ہے اور اوس مین بے ہوشی
یہ ہے کہ قلم پکڑ کر تمہارے ہاتھ سے دستخط بھی نہین کرائے، آیندہ کو جو تمہارے
نام کا خط مین لکھون، تم راجہ صاحب بہادر کے پاس بیٹھکر، اور اپنی زبان سے مضمون
اوس کا بتا کر میرے نام کا خط لکھا کرو اور اپنے ہاتھ سے اوسپر دستخط کیا کرو، اور
مُہر تمہاری تمہارے انجیر بابا* کے نزدیک رکھی تھی وہ اب معرفت حاجی حسین محمد شتہ
حاجی اسمعیل بن سیٹھ حاجی حبیب کے بھیجی ہے، وہ انشاء اللہ تعالیٰ نزدیک تمہارے
پہنچے گی، اور منشی حسین خان مہتمم ڈاک، و باغات کی عرضی سے معلوم ہوا کہ تم قرآن
شریف کے پڑھنے مین روتی ہو، اور مار بھی کھاتی ہو، اس لیے تمہین لکھا جاتا ہے، کہ
ماشاء اللہ اب تم بڑی ہوگئی ہو، اب پڑھنے مین رونا، اور مار کھانا اوستاد کی،
بڑی شرم کی بات ہے اس عادت کو تم چھوڑ دو، اور جس وقت تمہارا جی پڑھنے سے
گھبراوے، اور تمہارے دل مین کچھ بات آوے تو حافظ جی سے کہدیا کرو کہ اس وقت
میرا دل اس کام کو چاہتا ہے، اور رو یا مت کرو، اور جس وقت تمہین چھٹی
ملا کرے تو تم عتیق اللہ کو بلا کر تختی لکھا کرو، اور تمہارے خط مین سلیمان جہان بیگم صاحبہ
کی تقریر اور گفتگو، اور اوس کی خیر و عافیت لکھتی رہا کرو فقط مورخہ ہفتم شوال ۱۲۸۰؁ھ ہجری
(ملکہ معظمہ)

(۸)

* زمانہ طفلی مین مولوی محمد جمال الدین خان صاحب بہادر چونکہ مجھے اکثر انجیر کھلاتے تھے اسلیے مین نے اونکا نام انجیر بابا رکھلیا تھا۔

جس روز سے ہم مکہ معظمہ مین آئے ہین، اور عمرہ لانا موقوف ہوا ہے ہم
طواف کو جاتے ہین، طواف کے وقت حجر اسود کے نزدیک کھڑے ہو کر
یہ نیت پڑھتے ہین، اور پھر طواف کرتے ہین، اس نیت کو تم حفظ کرو
انشاءاللہ جب مین آؤن گی اس نیت کو حفظ تم سے سنون گی۔

نیت طواف

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اُرِیۡدُ طَوَافَ بَیۡتِکَ الۡحَرَامِ فَیَسِّرۡہُ لِیۡ وَتَقَبَّلۡہُ مِنِّیۡ
سَبۡعَۃَ اَشۡوَاطٍ لِلّٰہِ تَعَالٰی عَزَّ وَجَلَّ بِسۡمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکۡبَرُ

مورخہ ہفتدہم شوال ۱۳۰۲ ہجری (مکہ معظمہ)

(۹)

ثمر شجرہ فواد نجم سعادت ورشاد سلطان جہان بیگم صاحبہ زاد اللہ عمرہا وقدرہا۔

منشی حسین خان کے لکھنے سے معلوم ہوا کہ تم میری یاد بہت کرتی ہو، اس لیے
تمہین لکھا جاتا ہے کہ اگر بچے بوجہ خاص اپنے مان باپ سے جدا ہو جاتے ہین،
اور جب مان، باپ یاد آتے ہین تو اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہین، اللہ تعالےٰ
اون کی دعا قبول کر کے اون کے مان، باپ سے ملا دیتا ہے۔ اور بیٹے تم سے
بھوپال کے مقام پر کہا تھا کہ انشاءاللہ تعالیٰ مین برس وز بین آؤن گی، اور
برس کے بارہ مہینے ہوتے ہین، اور ایک مہینہ کے تیس دن ہوتے ہین حساب
اس کا تم راجہ صاحب بہادر کے پاس بیٹھکر یاد کر لو، اور تم کو دن کا نام آتا ہے
اور مہینہ کا نام آتا ہے فقط حساب سال بھر کے دنون کا نہین آتا ہے تو وہ تمکو راجہ صاحب بہادر
سکھا دین گے، اور جو مجھے تم خط لکھا کرو تو اپنے لکھنے کے حرف، جن حرفون کی تم مشق

خط لکھنے کے دن کیا کرو وہ حرف اپنے خط مین لکھکر بہیجدیا کرو، تو مجھے معلوم ہو کہ فلانی تاریخ تمنے یہ حرف لکھے، اور جو تمہارے دلمین بات آیا کرے برابر اپنی زبان کے محاورہ مین اپنے خط مین لکھواکر ہمارے پاس بہیجدیا کرو، اور تم گھبراؤ مت انشاء اللہ تعالیٰ مین حج سے فارغ ہوکر آؤن گی۔

تمہارے انجیر نانا سب سے زیادہ طواف کرتے ہین، اور دعا اللہ سے مانگتے ہین کہ اللہ تو اپنی چھوٹی سی لونڈی کو تندرست، اور زندہ، اور خوش رکھیو، اور تمسے یہ کہتے ہین کہ جب تک ہم حج کرکے آوین تم قرآن شریف پڑھ رکھنا، اور قرآن شریف پڑھنے مین رویا نہ کیا کرو، قرآن مجید اپنے ایمان کی چیز ہے اسکو خوشی سے پڑھتے ہین۔ مورخہ بست وہشتم شوال ۱۲۸۰ھ (مقام مکہ معظمہ)

(۱۰)

ہم تمہارے ملنے کے واسطے بہت جلدی جہاز لیکر شروع موسم طوفان مین آگئے، اور تمنے ہمارے لیے چوبدار، چپراسی، سوار، پیادے، ہاتھی بہنیں، یہ بھی نہ بھیجے، اب مینہ برستا ہے جب اللہ کریگا، اور برسات پوری ہوجاویگی انشاء اللہ اوس وقت ہم آوین گے، اور برسات کے سبب سے تمہین بھی نہین بلاسکتے، کس لیے کہ راستہ مین ندی "تپتی" اور "نربدا" ان دونون کے پل نہین بندھے ہین، اور کشتیئن تھوڑی، اور پرانی ہین، انشاء اللہ بعد بارش کے ہم آکر تمسے ملین گے، تم اپنے دل کو خوش رکھنا، جو مصیبت کے دن تھے اللہ کے فضل سے وہ سب پورے ہوگئے اب تھوڑے روز مین انشاء اللہ تعالی خوشی کے دن آتے ہین، اور بیٹنے ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا دیتے ہین، بھوپال مین

اگر پانی نہین برسے گا تو وہ پہنچین گے، اور نہین تو برہان پو رمین رہین گے بعد بارش کے بھوپال مین آوین گے۔ مورخہ ہیجدہم محرم ۱۳۰۲ھ (از مقام بمبئی)

ایک سال کے بعد سفر حجاز سے اون کی معاودت ہوئی، تاریخ ورود کو سرکار خلد مکان نواب امراد دولہ صاحب بہادر، تمام ارکین وخوانین، اور خاص خاص لوگ "سکندر آباد" تک جو بھوپال سے تین میل کے فاصلہ پر ہے استقبال کو گئے، مین بھی خوش خوش ہمراہ تھی جسوقت اون کی سواری قریب آئی، اور اونھون نے مجھے دیکھا، کیونکہ وہ بھی ہاتھی پر رونق افروز تھین، اور مین بھی ہاتھی پر سوار تھی، وہین سے اپنے دونون ہاتھ پھیلا دیے، ادھر مین بھی مضطرب ہوگئی کہ کس طرح پر پرواز پیدا کرون، اور اون کی آغوش شفقت مین جا بیٹھون، اتنے مین ہاتھی برابر آیا، اور اونھون نے مجھے اپنی گود مین لے لیا، مین نے سلام کیا، اونھون نے دعائین دین، اور پیار کیا، وفور خوشی سے آنسوون کی جھڑی لگ گئی اسی حالت سے مجھے گود مین لیے ہوے مقام قیام تک آئین۔

کیا مبارک زمانہ، اور کیسا خوشی کا وقت تھا، اصلی حکمرانی، اور حقیقی فرمان روائی کا ظفر اوہی وقت تھا، نہ ملک داری کی فکر تھی، نہ کوئی رنج تھا، اور نہ کوئی غم تھا، سب سے پہلے سرکار خلد نشین نے جو کام کیا وہ میرے اتنے دنون کی تعلیم کا امتحان تھا، مین چونکہ اون کے مقررہ اصول پر کاربند رہی تھی، امتحان مین کامیاب ہوئی، اور اس سے اون کی مسرت اور بھی المضاعف ہوگئی۔

میری تعلیم برابر جاری تھی، اور یہ بھی التزام رکھا تھا کہ جب کوئی معزز یورپین آتا، یا صاحب پولٹیکل ایجنٹ تشریف لاتے تو میرا انگریزی کا امتحان دلواتین ہمیشہ ایسا امتحان ہوتا، اور مجھے سارٹیفکٹ ملتا، یہ التزام اس لیے تھا کہ میرا شوق زیادہ ہو، اور اون کو

معلوم ہو کہ کہان تک تعلیم مین ترقی ہوئی ہے، چونکہ وہ انگریزی نہین جانتی تھین اسیلیے اندازہ رکھنے کے لیے یہ طریقہ اختیار کیا تھا، جو سارٹیفکٹ اس وقت تک میرے پاس باحتیاط موجود ہین انہین مین اس موقع پر بعینہ نقل کرتی ہون -

بخدمت ہر ہائینس سلطان جہان بیگم آف بھوپال -

حضور عالیہ -

آپ کا خط فارسی، اور انگریزی مین لکھا ہوا آیا، آپ جو اپنی تعلیم مین ترقی کر رہی ہین، اوسکو معلوم کرکے خوشی ہوئی -

میری یہ خواہش ہے کہ آپ ہمیشہ خوش، اور تندرست رہین -

اور لیڈی فرد کی بھی یہی خواہش ہے -

مین ہون آپ کا سچا دوست

۸ رمئی ۱۸۶۶ء ایچ - ڈبلیو - سی فرد

ترجمہ سارٹیفکٹ میجر ہچنسن صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ گوالیار

مین صاحبزادی سلطان جہان بیگم صاحبہ کے سبق سننے کا موقع حاصل ہونے سے بہت خوش ہوا، وہ عالی مراتب انگریزی مین اول نمبر کا ریڈر فصاحت، اور صحت کے ساتھہ پڑہتی ہین، اور اون کو کمال توجہ، اور خوبی کے ساتھہ صرف ونحو کے قواعد، واصول کی تعلیم دی گئی ہے، اور اوس زبان مین بہت اچھا علم رکھتی ہین -

جب اون کی کم عمری کا خیال کیا جاتا ہے تو آیندہ کے واسطے بہت

امید ہوتی ہے اور یہ اون کے بعد معلم کی تعریف ہے -

مین امید کرتا ہون کہ بعد چند روز کے صاحبزادی صاحبہ کو اسس سے بہتر سارٹیفکٹ دینے کا موقع ملے گا، جنہون نے زینۂ علم پر ایسی کم عمری مین اتنی بڑی ترقی حاصل کی ہے، اب چاہیے کہ بہت سعی، اور غور کے ساتھ ہر ایک درجہ کو طے کرین، اور اپنے آپ کو اسس بلند مرتبہ کے واسطے قابل کرین، جسپر کہ وہ کامیاب ہونگی +

اے ڈبلیو - سی ہجنسن میجر پولٹیکل ایجنٹ. گوالیا

سال نو کا پہلا دن سنہ ۱۸۶۶ء

میری تعلیم کے لیے عمدہ اصول پر محل مین ایک چھوٹا سا اسکول بھی تھا جس مین نواب سلطان دولہ صاحب بہادر مرحوم، اور نیز میان[۱] عالمگیر محمد خان، ومیان صدر محمد خان تعلیم پاتے تھے -

۱۲ صفر سنہ ۱۲۸۴ھ کو میرے عزیز اور نامور باپ نواب امراو دولہ صاحب بہادر مرحوم کا انتقال ہوا، میرے صدمہ کو تو بچپن کے زمانہ، اور سرکار خلد نشین کی دلجوئی نے بھلا دیا، لیکن سرکار خلد نشین کو ایسا سخت صدمہ ہوا کہ دم آخر ہین تک اون کے دل سے دور نہوا اور اس غم نے اون کو گھلا دیا، وہ جب تک زندہ رہین یہی کہتی رہین کہ "افسوس کیسے مددگار مطیع، فرمان بردار، داماد کا جو بیٹی سے بھی زیادہ عزیز تھا انتقال ہو گیا" لیکن کیا معلوم تھا کہ

[۱] میان عالمگیر محمد خان، ومیان صدر محمد خان سرکار خلد نشین کے سوتیلے لڑکے میان دستگیر محمد خان صاحب کے فرزند تھے، میان دستگیر محمد خان صاحب اور اون کی بیوی کو گزارہ دیا جاتا تھا، جب اون کا انتقال ہو گیا تو سرکار خلد نشین نے ان دونون لڑکون کا وظیفہ مقرر کر کے اپنے پاس رکھ لیا تھا -

۱۶ مہینہ بعد ہی اون کا ظل عاطفت بھی اوٹھ جاے گا۔

۱۳ ارجب ۱۲۸۵ھ کو اونھون نے انتقال کیا، میری عمر اوس وقت ۱۰ سال ۷ ماہ پندرہ یوم کی تھی، اون کی موت کا صدمہ ابتک تازہ ہے، اون کی شفقتون کی یاد اس وقت تک دل مین موجود ہے، اون کی ناصحانہ باتین کسی نکسی وقت میرے کام آتی ہین، اور مین ہمیشہ اون کی مغفرت کی دعا کرتی ہون۔

اب مین پھر سرکار خلد مکان کے پاس رہنے لگی، مگر ہر وقت طبیعت پر اداسی چھائی رہتی تھی، وہ ہر طرح کی غمخواری فرماتین، اور دل بہلانے کی فکر کرتین، کیونکہ مین اون کی ایک ہی اولاد رہ گئی تھی، چھوٹی بہن صاحبزادی سلیمان جہان بیگم صاحبہ[1] کا ۱۲۸۲ھ مین بعارضہ چیچک چار سال آٹھ ماہ کی عمر مین انتقال ہو چکا تھا۔

تعلیم کا جو نظام معین تھا، اوس مین درہمی و برہمی ہوگئی، خوش خطی کی مشق بالکل جاتی رہی، اگرچہ قرآن مجید ۱۱ سال ہی کی عمر مین ختم ہو چکا تھا، مگر دور کرتی تھی، اور مولوی جمال الدین خان صاحب بہادر ایک گھنٹہ ترجمہ، اور تفسیر پڑھاتے تھے، مولوی محمد ایوب صاحب بھی ایک گھنٹہ تعلیم فارسی دیتے تھے، دو گھنٹہ تعلیم انگریزی ہوتی تھی، اسی کے ساتھ میری روبکاری مین صدور احکام کے لیے وہ کاغذات بھی پیش ہوتے جن کی نسبت سرکار خلد مکان کا خاص حکم ہوتا تھا۔

---

[1] صاحبزادی سلیمان جہان بیگم صاحبہ ۱۲ جمادی الاول ۱۲۷۸ھ مین پیدا ہوئی تھین، عمر مین مجھ سے قریباً ۳ سال چھوٹی تھین، باوجودیکہ وہ "ٹیکسی نیٹ" ہو چکی تھین، اون کے چیچک نکلی یونانی حکیم جان صاحب نے تشخیص مرض مین غلطی کی، اور چیچک کو فساد خون سمجھا، ایسی حالت مین مسہل دیا گیا، اوس نے نقصان کیا اور ۱۳ محرم ۱۲۸۲ھ کو انتقال ہو گیا۔

ذیل میں چند پروانجات سرکار خلد مکان کے درج کیے جاتے ہیں جس سے معلوم ہوگا کہ بعد سرکار خلد نشین کے میں اطرز تعلیم کیا رکھا گیا تھا۔

نقل پروانجات سرکار خلد مکان

(۱)

بظاہر فی الحال تمہارے لکھنے پڑھنے، اور تحصیل علم و ہنر میں بیقاعدگی معلوم ہوتی ہے، اور ثابت نہیں ہوتا کہ صبح سے شام تک تم کس کس کام میں مشغول رہتی ہو، چونکہ زمانہ تحصیل کمالات ہر قسم کا ہے، اس لیئے تمکو چاہیے کہ صبح سے تا شام اپنے اوقات کو اکتساب علم و ہنر پر تقسیم کرو، اور اطلاع دو کہ وقت بیداری صبح سے تا وقت خواب شب تم کیا کیا کام کرتی ہو، اور اوقات عزیز کس مشغلہ میں صرف ہوتی ہے، جب تم مفصل اس حال سے اطلاع دوگی اوس وقت بندوبست لیل و نہار تمہارے کا اپنی روبکاری سے ہم مقرر کر دیں گے۔

(۲)

لازم کہ ساعت آٹھ بجے صبح سے ۹ بجے تک ترجمہ قرآن شریف کا مدار المہام صاحب بہادر سے پڑھا کرو، اور ۹ بجے سے گیارہ بجے تک سبق انگریزی منشی حسین خان صاحب ماسٹر سے لیا کرو، اور بعد گیارہ بجے کے کھانا کھاؤ، آرام کرو، مگر گیارہ بجے سے ۴ بجے تک کاغذات احکام سررشتہ ریاست کے جن کا ہم حکم دیں تم منشی محمد امجد نائب میر منشی سے سنکر احکام سررشتہ لکھا یا کرو، اور اپنے صاد و نشان سے جاری کرو، اور بعد چار بجے کے تم کو

اختیار ہے چاہو ہوا خوری کو جاؤ، چاہو کام درخست وغیرہ امور خانگی مین مصروف ہو۔

(۳)

دو قطعہ سارٹیفکٹ امتحان زبان انگریزی، ایک جانبی مسٹر سیچیبر چیلسن صاحب بہادر پولٹیکل ایجنٹ گوالیار، اور دوسرا جانبی ہیچرووڈ صاحب بہادر ممتحن مدارس ممالک سنٹرل انڈیا موسومہ تمہارے، تمہارے نزدیک بھیجے جاتے ہین، تم ہر دو قطعہ کو اپنے نزدیک بطور سند رکھو، اور تحصیل علم و تعلیم زبان انگریزی مین ایسی کوشش و سعی تہ دل سے کرو، کہ آیندہ پھر ایسے ہی اور سارٹیفکٹ امتحان تم کو بڑے بڑے صاحبان عالیشان کی طرف سے حاصل ہون۔

(۴)

خط تمہارا اس خلاصہ مضمون سے ہمارے ملاحظہ مین گذرا کہ "مین بعد سماعت روبکارات علاقہ پر اپنے مسودات احکام، لکھوا کر حضور کی خدمت مین بھیجا کرون تا کہ حضور کو بھی حال تحریر احکام کا دریافت رہے" یہ تحریر عبارت بہت مناسب بہتر ہے، مطابق اپنی تحریر کے روبکارات علاقہ ڈیوڑہی اپنے پر مسودات احکام بعد سماعت اپنی روبکاری سے لکھوا کر اور مسودات اون مین منسلک کرا کر ہماری روبکاری مین بھیجا کرو اور تم بھی آجایا کرو تا کہ تمہارے لکھوائے ہوئے مسودون پر جو ہم اصلاح دین اون کو تم دیکھو، اور مراتب اصلاح، اور مدارج سررشتہ تمہارے ذہن نشین ہو جائین،

(۵)

بعد ملاحظہ عرضی لالہ بٹھولال محافظ دفتر انشا، لکھا جاتا ہے کہ منجملہ عرائض وغیرہ کاغذات احکام سررشتہ جسقدر کاغذات ضروری ہوا کرین اونپر صاد ہر روز

کر دیا کرو، اور جو کاغذات ضروری ہون اون کی طلبیون کو اپنی روبکاری مین طلب کر کے ہفتہ وار دو مرتبہ صاد کیا کرو، اور اسیطرح کارروائی ہماری روبکاری سے ہوا کرتی ہے، اس مین تساہل نہو کہ اہل مقدمات شاکی دیرسی احکام کے ہووین۔

غرۂ شعبان ۱۲۷۵ھ = ۱۶ ار نومبر ۱۸۶۸ء کو سرکار خلد مکان صدر نشین ہوئین، اور مجکو خلعت ولیعہدی ملا، دربار صدر نشینی کے موقع پر جب کہ سیڈ صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا وکرنل ولیم ولبی آسبورن صاحب بہادر سی۔ بی۔ پولیٹکل ایجنٹ موجود تھے، مینے حسب ذیل ایک مختصر تقریر کی، یہ پہلا موقع تھا کہ مین ایسے عظیم الشان مجمع کے روبرو اسپیچ دینے کھڑی ہوئی تھی :-

نقل اسپیچ

"مین خدا کا شکر کرتی ہون کہ اوس نے اپنی عنایت سے مجھے اس مرتبہ پر پہنچایا اور پھر شکر کرتی ہون صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا وصاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کا، جنہون نے بحکم صدر رفیع القدر مجکو ولی عہد اور میری والدہ کو والیِ ریاست بھوپال کیا"

میری اس تقریر سے سب حاضرین دربار، وصاحبان یوروپین کو مسرت ہوئی، کیونکہ بلحاظ عمر، میرا اس طرح صاف اور بے جھجک اسپیچ دینا نہایت تعجب خیز تھا۔ مسلمانون مین، بچے جب ختم کلام مجید کرتے ہین تو خاص خوشی کی جاتی ہے، اور اس خوشی کے ظاہر کرنے کے لیے نشرح کیا جاتا ہے، چنانچہ سرکار خلد نشین، اور سرکار خلد مکان کا بھی نشرح ہوا تھا، اور دونون کی یہ تقریب بڑی دھوم دھام سے کیگئی تھی، سرکار خلد مکان نے مجھی ۱۲۸۰ھ مین میرا نشرح کیا، اور چونکہ اون کے ہاتھون سے

میری یہ پہلی تقریب تھی، اس لیے اونھون نے نہایت فیاضی اور سیرچشمی سے تقریب مذکور کو ادا کیا، رزیڈنسی، وایجنسی کے صاحبان یوروپین مدعو کیے گئے، اور امراء گرد و نواح مہمان بلائے گئے، اراکین و اخوان ریاست، اور رعایا کی پرتکلف دعوتین ہوئین ہر روز روشنی و آتشبازی کا سلسلہ بھی جاری رہا، غرض ایک ماہ تک روز و شب یہی جشن تھا، جس مین دو لک [illegible] روپیہ صرف ہوے ۔

اسی سال سرکار خلد مکان نے نواب صدیق حسن خان صاحب سے نکاح ثانی کیا اور میری تکلیفات کا زمانہ شروع ہو گیا، اندرونی طور پر ریشہ دوانیان ہونے لگین، مہر مادری کو سرد کرنے کی تدبیرین کی گئین، جن کا نتیجہ یہ ہوا کہ روز بروز سرکار خلد مکان کی محبت زوال پذیر ہونے لگی ۔

دراصل میری زندگی کا سب سے بڑا منحوس سال سنہ ۱۲۸۸ھ ہجری تھا ۔

اب بلحاظ تسلسل واقعات عہد سرکار خلد مکان یہ حصہ میری شادی کے تذکرہ سے شروع ہوتا ہے، اس حصۂ کتاب مین سنہ ۱۲۹۱ھ = سنہ ۱۸۷۵ء سے لیکر سنہ ۱۳۱۸ھ = سنہ ۱۹۰۱ء تک کے حالات ہین ۔

نواب امراؤ دولہ نظیر الدولہ بخشی باقی محمد خان صاحب بہادر نصرت جنگ

کے مجملاً

حالات خاندانی اور خصوصیات ذاتی کا تذکرہ

مین اس موقع پر ضروری جانتی ہون کہ اپنے بہادر باپ اور خاندان پدری کے حالات مجملاً بیان کرون، تاکہ ناظرین تاریخ کو واقفیت ہوجائے کہ میرے والد اور میرے خاندان پدری کی کیا خصوصیات تھین، جن کی وجہ سے نواب سکندر بیگم صاحبہ خلدنشین نے اپنی دختر نواب شاہجہان بیگم صاحبہ کے عقد کے واسطے ایک غیر شخص کو خاندان اشتی خیل سے منتخب کیا تھا۔

یہ خاندان مثل میرازی خیل کے جو میرا مادری خاندان ہے، تیراہ کے ممتاز خاندانون مین سے ہے، آفریدی اور ک زی، و اشتی خیل اکثر ایک ہی جگہ بود و باش رکھتے ہین، اور یہ بھی دوسری مشہور جنگجو اور شجاع قومون کی طرح معروف ہے۔

ہندوستان مین اس خاندان کے مورث اعلی بایزید خان جو میرے پردادا کے والد تھے، افغانستان سے تشریف لائے، اونھون نے بوجہ اس کے کہ خاندان میرازی خیل سے ہم وطنی کا تعلق تھا، بھوپال مین قیام کیا، اس خاندان کے آنے سے سب کو اور بالخصوص میان وزیر محمد خان صاحب بہادر کو بہت خوشی ہوئی، اس لیے کہ ایسے پرآشوب زمانہ مین جو میان صاحب ممدوح کا تھا، بایزید خان کا آنا تائید غیبی سے کم نہ تھا۔

اونھون نے فوجی ملازمت عطا کی اور بایزید خان کے بیٹے محمد خان، اور اون کے

دونون بیٹون بہادر محمد خان و باز محمد خان کو بھی جو اگرچہ کمسن تھے مگر دلیری اور بہادری کے آثار اون کے چہرون سے نمایان تھے، فوج مین ملازم رکھا ؛ بایزید خان نے ایسی عمدگی کے ساتھہ فوجی خدمات انجام دین جن کی توقع ایسے دلیر، اور خاندانی شخص سے کیجا سکتی تھی۔

نواب صاحب موصوف کی توجہ و محبت یوماً فیوماً اون پر زیادہ مبذول ہوتی گئی، یہان تک کہ بایزید خان نے انتقال کیا، اور محمد خان نے بھی وفات پائی ، بہادر محمد خان نے جو اون کے خلف اکبر تھے مثل باپ کے کارہاے نمایان کیے اور قابل قدر وفاداری، و دلیری کے متواتر ثبوت دیے، جن سے میان وزیر محمد خان صاحب کو اون پر اس قدر اعتبار ہو گیا کہ اون کو اپنے فرزند نواب نظر محمد خان کی رفاقت و مصاحبت کے لیے منتخب فرمایا، چنانچہ جب جگوا با پو نے بھوپال پر یورش کی تب محافظت و مدافعت کے لیے نواب نظر محمد خان اور بہادر محمد خان کو قلعہ کہنہ کے دروازہ پر متعین کیا، اور خود دوسرے دروازون کے انتظام کی جانب مصروف ہوے، اوس وقت جمعیت بہت قلیل تھی اور شہر و قلعہ کے ہر سمت انتظام کرنا ضرور تھا، اس لیے پچاس پچاس اور ساٹھہ ساٹھہ آدمیون کی جمعیت بسر کردگی دو دو سردارون کے ہر دروازہ کے مورچہ پر قائم کی، دروازہ قلعہ کہنہ پر جو بسبب لب تالاب واقع ہونے کے اور مقامات سے کسی قدر زیادہ محفوظ سمجھا جاتا تھا جمعیت کم رکھی، لیکن چیدہ اشخاص کو مقرر کیا، محاصرین کو اس کا علم ہو گیا، اور اونھون نے موقع پاکر ایک جماعت کثیر سے حملہ کیا اور اوس جانب سے شہر مین داخل ہو گئے۔

نواب نظر محمد خان، اور بہادر محمد خان نے اپنی ذاتی، و خاندانی جوہر شجاعت دکھائے بہادر محمد خان زخمی ہوے، اور کئی زخم اون کے جسم پر آئے، لیکن نہایت مردانگی سے مقابلہ مین ثابت قدم رہے، اور چند نفوس کو ایک کثیر جمعیت سے لڑا یا کیے، یہان تک کہ

حملہ آورون مین بے چینی پھیل گئی، عین وقت پر میان وزیر محمد خان بھی خبر سنکر موقع پر کمک لیکر آگئے، اور دشمنون کو ہزیمت نصیب ہوئی۔

جب اس جنگ سے امن ہوگیا، اور جگوا باپو نے شکست فاش کھائی جس کی مفصل کیفیت "تاج الاقبال" مین درج ہے، تو میان وزیر محمد خان نے بہادر محمد خان کو اونکی شجاعت کا یہ صلہ دیا کہ نواب غوث محمد خان صاحب سے کہکر سپہ سالار فوج مقرر کرایا، بہادر محمد خان جب تک زندہ رہے اپنے عہدہ کی عزت کو روز بروز زیادہ کرتے گئے۔ آخر دم تک وہ ایک معزز شجاع، اور نیک نام "سپہ سالار" رہے، اور ریاست سے اون کی جاگیر مقرر ہوئی۔

اون کی احسان شناسی، اور وفاداری کا یہ واقعہ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے کہ جب عنان حکومت نواب جہانگیر محمد خان صاحب کے ہاتھون مین آئی اور سرکار خلد نشین سے شکر رنجی ہوئی اور یہان تک نوبت پہنچی کہ نواب صاحب نے اونکو زخمی کیا، تو واسطے رفع فساد باہمی کے یہ تجویز کی گئی کہ سرکار قدسیہ کی جاگیر ۴ لاکھ سالانہ کی مقرر ہو اور وہ مع سرکار خلد نشین کے "اسلام نگر" مین رہین۔ چنانچہ جب وہ اسلام نگر جانے لگین تو اونہون نے بہادر محمد خان سے دریافت کیا کہ "تم سپہ سالار ریاست ہو، آیا تم اس عہدہ اور مرتبہ کو پسند کرتے ہو، یا ہمارے ساتھ رہنا اور منصب کو چھوڑنا پسند کرتے ہو"؟ بہادر محمد خان نے نہایت جوش اور خلوص کے ساتھ جواب دیا کہ "جو عزت و مرتبہ ہم کو حاصل ہے وہ میان وزیر محمد خان اور نواب غوث محمد خان کی عنایات اور احسانات کی وجہ سے ہے مین اور میری اولاد ہرگز گوارا نہین کرسکتی کہ اپنے مربیون اور محسنون کی اولاد کو چھوڑکر احسان ناشناس بنین۔ آپ دونون کے ہمراہ اسلام نگر مین نان جوین کھانا بہ نسبت یہان کی ہزار نعمتون کے بہتر، اور آپ کی ادنیٰ ملازمت ریاست کی سپہ سالاری سے

بدرجہا اعلیٰ و افضل ہے"

یہ روح شرافت جس طرح کہ بہادر محمد خان مین تھی اوسی طرح اون کے بیٹون یعنے صدر محمد خان، اور باقی محمد خان (نواب امراؤ دولہ صاحب بہادر) مین بھی موجود تھی، اونھون نے باپ کی تائید کی، اور سرکار قدسیہ و سرکار خلد نشین کی رفاقت کو ہر ایک عزت پر ترجیح دی، چنانچہ سات سال تک یہ دونون بیگمات اسلام نگر مین رہین، اور ان احسان شناس جان نثارون نے وہین اپنا گذارا کیا۔

جب سرکار خلد نشین صدر نشین ریاست ہوئین تب بہادر محمد خان بھی اپنے عہدہ پر کام کرنے لگے، اون کے انتقال کے بعد عہدۂ سپہ سالاری اونکے فرزند اکبر صدر محمد خان کو تفویض ہوا، اور اون کی وفات کے بعد بوجہ اس کے کہ وہ کوئی فرزند نہ رکھتے تھے، اون کے چھوٹے بھائی یعنی میرے والد ماجد اس منصب جلیلہ پر مامور ہوئے۔

وہ بچپن ہی سے کیا بلحاظ حسن صورت، اور کیا باعتبار حسن سیرت سب مین ممتاز تھے، اون کی دلیری و خوبصورتی بطور مثال پیش کی جاتی تھی، اونھون نے ایام طفولیت ہی مین ہر شخص کو اپنا گرویدہ اور اپنے اخلاق حسنہ کا معترف بنا لیا تھا، اور اون مین وہ تمام خوبیان موجود تھین جو ایک سپہ سالار کے لیے ضروری ہین۔

سرکار خلد نشین کو ابتدا سے ہی اون کے حال پر شفقت تھی اور درحقیقت وہ اسکے قابل بھی تھے، کیونکہ اون کی ذاتی، و خاندانی خدمات ایسی ہی تھین۔

سرکار خلد نشین نے جن کو قیافہ شناسی کا بھی ملکہ تھا اون کے چہرہ مین سرکار خلد مکان کے

شوہر ہونے کی قابلیت دیکھی، اورنیز جو جو وفاداریان اون کے خاندان سے عمل مین آئی تھین اون کا صلہ بھی اس طریق پر دینا مناسب سمجھا کہ سرکار خلد مکان کا عقد اون سے کرکے اپنے خاندان مین اون کو شامل فرمالین، چنانچہ باطلاع، ومنظوری گورنمنٹ ہند ۱۱ ذی قعدہ ۱۲۷۱ھ مطابق ۲۶ جولائی ۱۸۵۵ء کو یہ عقد ہوگیا۔

گورنمنٹ آف انڈیا نے خلعت بہیجا، اور سرکار خلد نشین کی کوشش سے [1] ۱۷ فیر توپون کی سلامی مقرر کی، نیز استقبال منجانب سرکار انگریزی منظور فرمایا گیا، اور ریاست سے بمنظوری گورنمنٹ خطاب "امراؤ دولہ نظیر الدولہ" مرحمت ہوا۔

نواب صاحب نے سرکار خلد نشین کی وہ اطاعت کی جو ایک مطیع وفرمان بردار بیٹا کرسکتا ہے، یہ اطاعت نہ صرف اداے فرض کی وجہ سے تھی، بلکہ اوس دلی جوش کی وجہ سے جو اون مین خاندانی اثر کے سبب سے تھا۔

سرکار خلد نشین نے بھی مادرانہ شفقت فرمائی، اور ایسی کہ جو صرف حقیقی مان سے ہی ہوسکتی ہے۔

غدر کے زمانہ مین اگرچہ نواب امراؤ دولہ بہادر عہدۂ سپہ سالاری کو بوجہ شوہر رئیسہ ہونے کے چھوڑ چکے تھے اور اس عہدہ پر اون کی بہن کے داماد بخشی مروت محمد خان صاحب کو سرکار خلد نشین نے ممتاز کردیا تھا، لیکن چونکہ سرکار خلد نشین اون کی فوجی معلومات، اور اون کے اوس اقتدار سے جو اون کو فوج کے دلون پر حاصل تھا، واقف تھین، اسلیے اون کو ہر ایک مشورۂ فوجی، اور انتظام امن وامان مین شریک فرماتی تھین، اور وہ بطور مشیر فوجی سرکار خلد نشین کے حضور مین کام کرتے تھے۔

نواب صاحب بہادر اس حالت بدامنی کے پیدا ہونے سے سخت متردد تھے

---

[1] اسی نظیر کے باعث نواب صدیق حسن خان صاحب کو بھی خطاب وسلامی عطا ہوئی تھی۔

اور سرکار خلد نشین کی پریشانیون نے اون کو اور بھی بیچین کر دیا تھا، وہ کوشش کرتے تھے کہ ریاست ان آفات سے محفوظ رہے، اور سرکار خلد نشین کے منشا کے مطابق انگریزون کو عمدہ طور پر امداد دیجائے اور آمد و رفت کے راستے مسدود نہون اسی اثنا مین ایک طرف فاضل محمد خان اور عادل محمد خان جاگیرداران گڑھی آنبا پانی کی شورش اور بغاوت کی اطلاع پہونچی، دوسری طرف فوج متعینہ شہر و قلعہ مین کچھ بیچینی کے آثار نمودار ہوے۔

سرکار خلد نشین کے زیر ہدایت نواب امراو دولہ صاحب بہادر نہایت کوشش کیساتھ ضروری انتظام کے لیے احکام جاری کرتے، اور دن رات اسی انتظام مین اپنا اوقات عزیز صرف فرماتے تھے روزانہ بیرونجات کی رپورٹون کو سنکر حکم لکھواتے اور اون عہدہ دارون کو جن کے ذمہ مفصلات کی حفاظت امن تھی، ہدایتین بھیجتے، اور تاکید کرتے۔

اون کی اس جفاکشی، اور محنت و انتظام کے حالات اوس زمانہ کے کاغذات سے عمدہ طور پر معلوم ہوسکتے تھے، لیکن افسوس کہ اون کی بیدار مغزی، اور فوجی قابلیت کا وہ تمام مجموعہ جو دفاتر ریاست مین محفوظ تھا، حسّاد کے ہاتھون تباہ ہو گیا۔ البتہ اون احکام کی چند نقول جو اون عہدہ دارون کے خاندان مین جن کے نام وہ لکھے گئے تھے بطور نشان عزت اور دستاویز خدمات و وفاداری موجود ہین اون سے کچھ کچھ پتا اوس حالت کا معلوم ہوسکتا ہے۔

ہم ذیل مین دو تین نقلین درج کرتی ہون تاکہ ناظرین اون سے اندازہ کر سکین کہ نواب صاحب بہادر کس عمدہ طریقے اور کس مستعدی و بیدار مغزی کے ساتھ کام کرتے تھے:۔

نقول پروانجات | نقل پروانہ نواب نظیر الدولہ امرا وولہ باقی محمد خان صاحب بہادر مرحوم موسومہ منشی محمد شمس الدین انصاری، بن قاضی شیخ محمد ریاض الدین جاگیردار وکا ملدار ڈیوڑھی سرکار فیض بیگم صاحبہ مرحومہ

(۱)

باقی محمد خان بہادر
نظیر الدولہ نواب

شرافت و نجابت پناہ شجاعت و شہامت دستگاہ منشی شمس الدین بعافیت باشید

از ملاحظہ عرضی حافظ محمد حسن خان نائب بخشی معروضہ بست ویکم ماہ ذیحجہ ۱۲۷۵ھ واضح شد کہ همراه محمد حسن خان نائب بخشی بر عادل محمد خان وهمراهیانش دوش جنگ نموده داد شجاعت و مردانگی دادید، وخیال کثرت آن گروه روبہ شعار نہ کرده، ہر بروار دمار از روزگار شان برآوردید، واکثرے را کشتند، وبسیارے را خستہ نموده، ہزیمت فاحش دادید، ومال ومنال، وسلاح، وجانوران گروه خذلان مآل غنیمت آوردید، وچھاونی آنہا را بسوختنید، وشرط نمکخواری ومردانگی کہ شیوه ستوده شعار روزگار، وطریقہ برگزین دلیران جلادت شعار است از دست ندادید، آفرین، صد آفرین، برہمت ودلاوری وجرأت ومردانگی ایشان است کہ نزدیک ودور نام خود را محمود، وخاطر ما را خوشنود نمودید گنجائش ایشان در دل ما دوچند گردید لازم کہ آینده برہمین عنوان داد شجاعت، ونمک حلالی داده باشید وہموارہ مورد تحسین وآفرین افزایش باشید، وپروانہ ہذا را بطور سند نیکنامی وخوشنودی خاطر خود دارید فقط غره محرم ۱۲۷۶ھ ہجری۔

(۲) حکم

نقل عرضی ہذا ذریعہ عرضی ما، مورخہ ہشتم محرم ۱۲۷۵ھ ہجری اطلاعاً
بخدمت جناب نواب سکندر بیگم صاحبہ دام اقبالہا فرستادہ شود، و
اصل عرضی نزد لالہ نوبت راے رسانیدہ شود، کہ شامل مثل دارند،
و نقل این حکم نزد منشی شمس الدین فرستادہ نوشتہ شود کہ ایشان با دو پہرہ
جوانان در غیرت گنج رفتہ از جوانان سرکاری و محال، و تھانہ باتفاق
راے تھانہ دار و عامل آنجا حفاظت و بندوبست قصبہ دہات، و سرکوبی
و تدارک مفسدان سازند، و حال بدمعاشان و عادل محمد خان ہرچہ معلوم شود
بذریعہ عرضی خود مفصل در سرکار نوشتہ رسانیدہ باشند، و نقل ثانی این حکم
نزد بخشی گردہاری لعل فرستادہ شود کہ جوانان دو پہرہ از بیڑہ رضا حسین بہادر
ہمراہ منشی شمس الدین روانہ غیرت گنج سازید، و نقل حکم ثالث این حکم نزد لالہ درگا پرشاد
تھانہ دار رسانیدہ نگاشتہ شود کہ منشی شمس الدین را با دو پہرہ جوانان نزد
ایشان رسانیدہ ایم از جوانان مذکورہ و جوانان تھانہ و محال بموجب ہدایات احکام سابق و حال
حفاظت ملک و مال سرکاری، و رعایا و ناکہ بندی قصبہ خاص و انتظام
بندوبست شوارع و طرق و گھاٹ ہا، و اطمینان و استمالت رعایاے
قصبہ و دہات بخوبی نمایند، کہ بدمعاشان را جرأت گذر کردن در آن
علاقہ نشود، و ایشان شب و روز مردانہ وار مستعد و ہوشیار ماندہ
ہراس و خوف در دل نیارند، و بر عنایات و افضال معاون حقیقی ستوفی الآمال
دارند فقط۔

(۴۳)

نقل حکم سرکاری جناب نواب ظہیر الدولہ امیر الدولہ باقی محمد خان صاحب بہادر مرحوم ناصیۂ عرضی منشی شمس الدین انصاری

مُہر

حکم شد دفتری

نقل عرضی ہذا ذریعہ عرضی بخدمت جناب نواب سکندر بیگم صاحبہ عالیہ دام اقبالہا رسانیدہ
شود و نقل حکم ہذا نزد منشی شمس الدین رسانیدہ نوشتہ شود کہ عرضی ایشان معروضہ نوزدہم ماہ
ربیع الاول سنہ ۱۲۷۴ھ متضمن قیام رائسین بمقدمہ خبر بدمعاشان امروز بوقت باقی ماندن سہ چہار
گھڑی روز بملاحظہ ما رسید کاشف مندرجہ شد، لازم کہ درین عرصہ ہر آنچہ خبر بدمعاشان
نزد ایشان رسیدہ باشد، آن را مفصل و مشرح ذریعہ عرضی خود بسرکار معروض دارند،
و ایشان حتی المقدور بہ نحویکہ توانند در پرگنہ غیرت گنج رسیدہ خاطر و تشفی رعایا
و حفاظت و ہوشیاری ملک و مال رعایا، و سرکار و تنظیم و تنسیق آنجا بخوبی تمام
دارند، و دقیقہ از دقائق حزم و ہوشیاری فرو نگذارید، و بصورت مسدودی راہ
و نرسیدن بکدام صورت بدرجۂ مجبوری در قصبہ رائسین قیام کنید، و بکدام
نوعے کہ امنیت در راستہ بینید، یا از کدام جانب راہ غیرت گنج را از بدمعاشان
خالی یابید، و در آن راہ کہ زور و شور بدمعاشان یافتہ نشود، تا بہر نوع کہ
بودن تواند، خود را در غیرت گنج رسانید، زیرا کہ از رسیدن ایشان موجب
تسلی و تشفی رعایائے غیرت گنج متصور است، و در آن جا بند و بست و انتظام
و حفاظت و ہوشیاری ملک و مال رعایا و سرکار آن چنان نمایند کہ
بوجہ من الوجوہ دخل و گذر بدمعاشان در آنجا نشود فقط مورخہ نوزدہم ربیع الاول سنہ ۱۲۷۴ھ

اونھون نے شہر مین نہایت حیرت انگیز طریقہ پر فوج کی بے چینی کو دور کیا، وہ سرکار خلد نشین کو نہایت دلاوری سے بغیر کسی خوف و ہراس کے کیمپ مین لے گئے، سرکار خلد نشین سے درخواست کی کہ آپ فوج کو اس وقت نصیحت کرین، چنانچہ سرکار خلد نشین نے فوج کے سامنے ایک مختصر تقریر کی، اور پھر نواب صاحب بہادر نے سپاہیانہ لب و لہجہ مین موثر طور پر تقریر فرمائی، اون تقریرون نے مثل بجلی کے اثر کیا، اور وہ تمام خیالات بد امنی کافور ہو گئے، ایک ہی گھڑی مین جو فوج کہ نہایت خوفناک، اور آمادہ فساد نظر آتی تھی، بے انتہا مطیع و فرمان بردار بن گئی، مگر نواب صاحب بہادر نے اسی پر اطمینان نہین کیا، بلکہ فوراً فوج کو ایک رقم کثیر عنایت کی، اور وہ اثر جو تقریرون سے پیدا کیا گیا تھا، نقرئی زنجیر سے مضبوط کر دیا گیا، اس طرح پر گویا فوج کے جان نثارانہ جوش اور احسان مندانہ جذبات کو خرید لیا، غرض وہ سرکار خلد نشین کے ہر اعتبار اور مشورے کے قابل تھے۔

اونھون نے اوس غم کو جو بالعموم عورتون کو فرزند کے نہ ہونے سے ہوتا ہے کھو دیا تھا، سرکار خلد نشین ہر دربار مین اون کو ہمراہ لے جاتی تھین، اور اس فکر مین رہتی تھین کہ اون کا اعزاز روز بروز ترقی کرتا جائے۔

نواب صاحب کو "مرض ضعف معدہ" ہو گیا تھا مگر باوجود تکلیف مرض کے سنہ ۱۲۸۳ھ مین فرض حج ادا کرنے کو گئے، وہان ایک سال قیام کیا، حکیم ملا نواب کا علاج ہوتا رہا پھر آب و ہوا تبدیل کرنے کے واسطے "مصر" کو تشریف لے گئے، لیکن بوجہ باقاعدہ علاج نہ ہونے کے کچھ افاقہ نہوا، اور مرض روز بروز بڑھتا رہا، اسی حالت مرض مین واپس آئے بعد ۶ ماہ کے ۲۱ صفر سنہ ۱۲۸۴ھ کو انتقال کیا! اور اپنے باغ مین دفن ہوئے۔

قبل شادی سرکار خلد مکان کے نواب صاحب موصوف کی دو شادیان اور بھی ہو چکی تھین، پہلی شادی "ملکہ بی بی" کی دختر سے ہوئی تھی جو "نواب غوث محمد خان صاحب" کے بھائی کی بیٹی تھین، اون سے ایک سال کے بعد لڑکی پیدا ہوئی، اور اون کا انتقال ہوگیا، بعد رحلت اون کے "سردار بی بی" قوم "فیروز خیل" سے دوسری شادی کی، اون سے چار بچے ہوے، وہ "بی بی" اب تک زندہ ہین

چونکہ سرکار خلد نشین نے سرکار خلد مکان کی شادی نواب صاحب بہادر سے موخر الذکر بی بی کی موجودگی مین کی تھی اس لیے اون کے خور و نوش کا اس طریق پر انتظام کیا گیا کہ چھہ ہزار کی جاگیر اون کو عنایت فرمائی، جو علیٰ حالہ قائم ہے۔

شادی کے حالات

نواب سکندر بیگم صاحبہ خلد نشین کو میرے ساتھہ غیر معمولی طور پر اُلنس و شفقت تھی وہ میری زندگی کے حال و مستقبل پر ہمیشہ نظر رکھتی تھین، میرے متعلق اون کی تمنائین عام خاتون کی تمناؤن کے مطابق نہ تھین، بلکہ وہ جسطرح عام خاتونون سے ممتاز تھین، اوسی طرح وہ تمنائین بھی اعلیٰ اور امتیازی تھین۔

اونھون نے باوجود اپنے شاہی اشتغال کے میری تربیت کا کام بھی اپنی ہی ذمہ رکھا تھا، اور میری تعلیم بھی اپنی ہی نگرانی مین رکھی تھی، وہ اپنی پیاری اور شفقت بھری باتون مین مجھے ایسے سبق دیا کرتی تھین جو اس وقت میرے لیے چراغ ہدایت ہین اور میری حکمرانی کیلیے ایک اعلیٰ اور مفید دستور العمل کا کام دیتے ہین، لیکن میری تعلیم و تربیت کے ساتھہ اون کو بڑا خیال میرے شوہر کے انتخاب کے متعلق بھی تھا، کیونکہ عورتون کی زندگی کی خوشگواری کا انحصار بہت زیادہ شوہر کی ذات پر ہوتا ہے، اور پھر مجھہ مین اور عام عورتون مین جو تفاوت تھا، اور نیز گذشتہ معاملات و خانگی تعلقات سے جو نتائج اخذ کیے تھے، اور جو تجربات اون کو حاصل ہوے تھے، اون کے لحاظ سے یہ فکر اور بھی خصوصیت رکھتی ہے

گو میری عمر شادی کے قابل نہ تھی، اور میرا سن صرف ساتھہ ہی سال کا تھا، مگر وہ اپنے زمانہ حیات مین میرے شوہر کا انتخاب کیا چاہتی تھین، انتخاب مین عجلت کیوجہ یہ تھی کہ اون کو یہ بھی مرکوز خاطر تھا کہ شادی کے بعد اجنبیت نہو بچپن سے اپنی

نگرانی مین تعلیم کیجاے تاکہ ملکی لوگون کے ساتھہ ہمدردی پیدا ہو، ملک کے رسم و رواج کی عادت ہو جاے، اور ہر وقت اخلاق و عادات کی نگرانی اور امتحان کا موقع ملے، اور جب یہ مقدس رسم ادا ہو جاے، تو مین جس وقت انتظامی دنیا مین قدم رکھون اوسوقت شوہر مین میرے مشیر و مددگار ہونے کی قابلیت موجود ہو۔

اونھون نے ایسے انتخاب کے وقت بھوپال سے باہر نظر ڈالی، کیونکہ بھوپال کے میرازی خیل خاندانون مین وہ میری شادی پسند نہین کرتی تھین، خود انکی شادی میرازی خیل خاندان مین ہوئی تھی، اور اون کو اس خاندان کی بیٹی اور بہو ہونے کی حیثیت سے تجربہ حاصل تھا، اور وہ ہر ممبر کے حوصلون اور طبیعت کی حالتون سے اچھی طرح واقف تھین۔

ان تجربون نے سرکار خلد نشین کو بہت بے چین کر رکھا تھا، اور اس مرحلہ کے طے ہو جانے کے لیے نہایت مضطرب تھین، وہ اسکو نہایت مستحکم طور پر طے کرنا چاہتی تھین تاکہ اوس مین کسی قسم کی رخنہ اندازی نہو، اونھون نے اس امر کی نسبت قبل از وقت صاحب

---

(۱) سرکار خلد مکان کی شادی کے متعلق بھی سرکار خلد نشین کے یہی خیالات تھے جنکی وجہ سے اون کو ایسی سخت مشکلات پیش آئین جنھون نے پولیٹکل صورت اختیار کر لی تھی، لیکن سرکار خلد نشین کو ان مشکلات پر کامیابی حاصل ہوئی، اور اونھون نے گورنمنٹ ہند سے بذریعہ خریطہ مورخہ ۷ نومبر ۱۸۵۴ء یہ مسئلہ اس طرح پر طے کر لیا کہ رئیسہ بھوپال کا شوہر برائے نام نواب رہیگا، نظم و نسق ریاست مین کچھہ دخل نہ دیگا۔

اس مسئلہ کے طے ہونے کے بعد اون کے لیے شوہر کی تلاش کی گئی، اور ہندوستان کے معزز و شریف خاندانون کے لڑکون کو بلا کر دیکھا گیا، اون مین سے قدرت اللہ خان نامی کو پسند کیا، جو نواب احتشام الملک سلطان دولہ کے چچیرے بھائی تھے، جلال آباد کے رہنے والے اور اوس خاندان سے تھے جو ہمارے خاندان کی ایک شاخ ہے، شاہی خاندان بھوپال کے اور اون کے مورث اعلیٰ ایک ہی ہین، اور دونون خاندانون کا

پولیٹکل ایجنٹ بہادر، و صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سے خط وکتابت[1] شروع کردی اسی سلسلہ مین یہ بھی تحریر کیا کہ سلطان جہان بیگم کی شادی معز محمد خان، فوجدار محمد خان جمال محمد خان، اور فاضل محمد خان کے گھرانون مین نہو، کیونکہ بوجہ مصلحت ملکی وکمی ذاتی وصفاتی وغیرہ مین اپنے خاندان کا ان گھرانون مین رشتہ کرنا پسند نہین کرتی، خصوصاً موخر الذکر وہ شخص ہے جو غدر کے زمانہ مین فوج انگریزی سے لڑا، اور فوج بھوپال نے اوسکو گرفتار کر کے انگریزی حکام کے سپرد کیا، اور اگر اس نسبت سی پہلے میرا انتقال ہوجاے، تو افسران گورنمنٹ میری اس وصیت کو پیش نظر رکھین -

سرکار خلد نشین کو ایسے انتخاب مین سب سے غالب خیال نجابت و شرافت وکفو کا تھا جس کے باعث اون کو یہ تمام پیش بندیان کرنے کی ضرورت ہوئی، اس عرصہ مین وہ ادای حج کو گئین، اور وہان سے واپسی کے بعد اپنے ارادہ کی تکمیل مین مصروف ہوئین -

اس سلسلہ مین شاید نامناسب نہوگا اگر اوس چھان بین اور احتیاط، اور نیز اوسکے وجوہ کا ذکر کیا جاے جو ہندوستان مین شادی بیاہ کے معاملہ مین ہوتے ہین، کیونکہ اس ترقی وتہذیب کے ساتھہ جو ملک مین ہورہی ہے، ملک کی قدیم رسمون، اور رواجون مین تبدیلی ہوتی جاتی ہے اور کچھہ عرصہ کے بعد اون مراسم کی تلاش کے لیے اوراق تاریخ کی ہی ورق

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) سلسلہ نسب کچھہ دور جاکر مل جاتا ہے لیکن اون کے ساتھہ بوجوہ چند شادی نہ ہوئی، اور نواب امراو دولہ نظیر الدولہ بخشی باقی محمد خان صاحب بہادر کے ساتھہ کی گئی، جو پہلے سے ریاست بھوپال کے عہدہ کمانڈر انچیفی پر بہ استحقاق موروثی وقابلیت وجاہت ذاتی ممتاز تھے -

[1] ان تحریرات کا تذکرہ منشی جمال الدین خان صاحب مدار المہام نے اپنے مراسلہ مورخہ ۲۴ ربیع الاول سنہ ۱۲۹۰ ہجری متعلق ملاقات صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا مین مفصل تحریر کیا ہے -

گردانی کیجائیگی۔

ہندوستان کا طریقہ معاشرت اس بات کا مقتضی ہے کہ والدین اپنی لڑکیون کیلیے شوہر تلاش کرین، کیونکہ انسانی زندگی کے بڑے حصہ کی خوشحالی، اور کامیابی کا دارومدار زوجین کی موافقت مزاج، دلی محبت، اور موانست پر ہوتا ہے، اور اوسکا اندازہ والدین اور اعزۂ قریبہ ہی کرسکتے ہین، اون کو جو خیال اپنے خاندانی ننگ و ناموس کا اور اپنے لخت جگر کی زندگی کو پر لطف بنانے کا ہوسکتا ہے وہ کسی اور کو نہین ہوسکتا۔

شریف گھرانون مین علم و دولت کے ساتھہ حسب و نسب بھی دیکھا جاتا ہے، اور اس آخری حصہ کی تحقیقات نہایت باریکی کے ساتھہ ہوتی ہے اور "آباً عن جدٍّ" کئی کئی پشتون کے حالات دریافت کیے جاتے ہین، کیونکہ معیار شرافت محض علم و دولت ہی نہین ہے، بلکہ اسکے ساتھہ حسب و نسب بھی ہے، علاوہ برین خاندانی شرافت کی روایتین غریب اور بے علم لوگون کو بھی بداخلاقیون سے روکتی ہین، اور اونکے خاندان کے فخر کو ضائع نہین ہونے دیتین، اسلیے اسکی اور بھی زیادہ ضرورت ہے۔

یہ تحقیقات اگرچہ ایک معاشرتی مسئلہ ہے مگر مسلمانون مین شرع اسلام نے اسکو اور بھی مضبوط کردیا ہے "کفایت" نکاح کا ایک بڑا ضروری جزو سمجھا جاتا ہے، اور زوجہ کو اختیار دیاگیا ہے کہ اگر کسی غیر کفو کے ساتھہ وہ کدخدا کردی جاے تو اپنا نکاح فسخ کرسکتی ہے، اسکا بڑا سبب یہ ہے کہ اکثر غیر کفو مین تزوج سے عورتون کو ایک قلبی خلش ہوجاتی ہے، اور اوسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ زن و شوہر مین بےلطفی کے اسباب پیدا ہوجاتے ہین جس سے خاندان پر مصیبتین نازل ہوجاتی ہین، خانہ داری کا انتظام درہم و برہم ہوجاتا ہے، اور اسی طرح وہ تمام فوائد جو نکاح و تزویج سے مقصود ہوتے ہین مفقود ہوجاتے ہین، دوسری والیان ملک

اور امرا کے خاندانون مین اس احتیاط کی بے حد ضرورت ہے، کیونکہ بہت سے امور ریاست و سلطنت پر نظر رکھنا پڑتی ہے۔

شادی بیاہ کے معاملہ مین لڑکی والون کو نہایت کد ہوتی ہے، وہ علم و دولت تہذیب شایستگی، خاندانی حالت، اور گھر والون کی عادت و اطوار کو دیکھتے ہین، اور چونکہ لڑکی ہر وقت اونکے پیش نظر رہتی ہے، اوسکی عادات و خصائل سے واقف ہوتے ہین، اونکو ہر ایک طرح کا تجربہ ہوتا ہے اسلیے شوہر کا انتخاب وہی عمدہ طور پر کر سکتے ہین، میرے شوہر کے انتخاب مین بھی انہین باتون کو دیکھنا تھا۔

مگر سرکار خلد نشین زیادہ تر اسکی جویا تھین کہ لڑکا اسوا نجیب الطرفین ہونیکے جیسی بھی ہو تعلیم و تربیت وہ خود کرنا چاہتی تھین، دولت و ثروت کی اون کو ضرورت نہ تھی، وہ شرافت نسب، اور صورت و سیرت ہی کی خواہان تھین، اونھون نے جلال آباد کا خیال کیا جہاں کا کیفقدر کم و بیش پہلے حال معلوم ہو چکا تھا، اور اپنے ایک معتمد خاص، حاجی عبدالکریم انصاری سے جو پہلے نواح جلال آباد کے رہنے والے، اور مولوی جمال الدین خان صاحب مدارالمہام کے داماد تھے، اپنے اس خیال کا اظہار کیا، معتمد موصوف نے عطا محمد خان کا نام جو جلال آباد کے شریف، اور باوقعت باشندے تھے اس کام کے سرانجام دینے کیلیے پیش کیا۔

سرکار خلد نشین نے ۱۳ ذی قعدہ ۱۲۸۰ھ کو عطا محمد خان کے نام اس مضمون کا پروانہ لکھا کہ "تم اسلام نگر" اور "جلال آباد" کے "میرازی خیل" پٹھانون مین سے "فاطمہ خیل" کے نجیب الطرفین لوگون کا مفصل حال تحریر کرو۔

عطا محمد خان نے چند اعلی خاندانون، اور معزز گھرانون کا پتہ اور حال لکھا بالآخر یہ رائے قرار پائی کہ عنقریب جو دربار آگرہ مین منعقد ہونے والا ہے اور جسمین سرکار (خلد نشین)

بھی شریک ہونگی وہان چند منتخب لڑکے اون کی خدمت مین پیش کیے جائین، اونمین جو لڑکا ظاہری فہم و فراست، ادب و اخلاق کے لحاظ سے پسند ہوگا بھوپال مین لایا جاے گا، اور یہان اوسکی تعلیم و تربیت کا معقول انتظام ہوگا، اوسکے عادات و خصائل کا اندازہ کیا جائیگا اور پھر ایک قطعی اور مستقل راے قائم کیجائیگی۔

چنانچہ اس قرارداد کے مطابق ماہ جمادی الثانی ۱۲۸۳ھ مین، عطا محمد خان مع چند لڑکون کے آگرہ آئے، اور اون لڑکون کو سرکار خلد نشین کے حضور مین پیش کیا، سرکار خلد نشین نے اون مین سے احمد علی خان ولد باقی محمد خان[1] صاحب کو جو عالی نسبی اور ذاتی وجاہت و لیاقت مین سب سے فائق تھے، پسند فرمایا۔

سرکار خلد نشین اپنے ہمراہ احمد علی خان کو بھوپال لائین، اور اپنے زیر نگرانی اون کی تعلیم و تربیت شروع کردی، اور اون کی والدہ مہری بیگم صاحبہ کی صیغۂ مناصب[2] سے معقول تنخواہ مقرر فرمائی مگر خدا کو یہ منظور نہ تھا کہ سرکار خلد نشین اوس وقت تک زندہ رہین کہ اپنے انتخاب کے نتیجہ کو دیکھین اور جو تمنائین کہ میری پیدائش کے ساتھہ اون کے دل مین پیدا ہوئی تھین اونکی حیات مین پوری ہون، سفر آگرہ کے ایک سال بعد وہ علیل ہوگئین، مہری بیگم صاحبہ نے علالت کو خطرناک دیکھکر ایک دن عرض کیا کہ "آپکی طبیعت علیل ہو رہی ہے اگر آپ پسند فرمائین تو مین احمد علی خان کو ہمراہ لیکر چند سے وطن لیجاؤن حکیم برحق جب آپ کو صحت عطا فرمائیگا اوسوقت مین بھیجدونگی"، اسپر سرکار خلد نشین نے حکم دیا کہ تم اون کو "شاہجہان بیگم" کے پاس چھوڑ دو بیٹے

---

[1] باقی محمد خان صاحب، ابن امام علی خان صاحب، ابن دلاور علی خان، ابن محمد یار خان، ابن سالار میر محمد جلال خان جلال آباد کے معزز ترین خاندان سے تھے۔

[2] ریاست مین یہ وہ صیغہ ہے جس کے ذریعہ سے اعزہ ریاست اور معززین کی تنخواہین ادا کیجاتی ہین۔

سب انتظام کر دیا ہے، اونھون نے حکم کی تعمیل کی اور بعد انتقال سرکار خلد نشین خود وطن کو چلی گئین تاکہ اپنی جاگیر کا انتظام جو گورنمنٹ کی جانب سے جلال آباد مین ہے، اور نیز اپنی دختر کی شادی کی تجویز کرین۔

غرض سرکار خلد نشین کا سایۂ عاطفت میرے سر سے اوٹھہ گیا، اس چار سال مین اونھون نے جو کچھہ دستور العمل میان احمد علی خان صاحب کی بود و باش اور تعلیم و تربیت کا قرار دیا تھا وہ شادی کے ایک سال قبل تک ویسا ہی برقرار رہا، طرز بود و باش مین بھی کوئی فرق نہین آیا تھا، صرف میان احمد علی خان بعد فراغت تعلیم ایک دو ساعت کے لیے اپنی والدہ صاحبہ کے نزدیک چلے جاتے تھے، لیکن جب وہ وطن کو بغرض انتظام جاگیر چلی جاتین تو پھر ایک دو ساعت کے لیے بھی کہین جانا نہوتا۔

چونکہ کوئی رسم وغیرہ نہین کی گئی تھی اسلیے سرکار خلد نشین کے انتقال کے بعد میری نسبت کے پیام اور جگھون سے بھی آئے، میری والدہ سرکار خلد مکان نے اپنے ارکین، و معتمدان قدیم مثل میر بخشی حافظ محمد حسن خان صاحب بہادر، میان حاتم محمد خان صاحب برادر سرکار قدسیہ مرحومہ، منتو خان صاحب نائب بخشی، اور اہلیہ حکیم شہزادہ مسیح صاحب، منشی حسین خان، بخشی قدرت اللہ خان معتمد المہام، اور مدار المہام صاحب بہادر وغیرہ کو جمع کر کے مشورہ کیا اور کثرت راے سے بعد غور و بحث یہ قرار پایا کہ سلطان جہان بیگم صاحبہ کی نسبت کے لیے میان احمد علی خان صاحب سے زیادہ اور کوئی شخص موزون نہین ہے۔

یہ کثرت راے کسی پاسداری، مروت یا دباو پر مبنی نہ تھی بلکہ اونکے (نواب احتشام الملک بہادر) عمدہ اخلاق و عادات اور سیرت کی خوبی نے تمام معتمدین و ارکین کو اون کا گرویدہ بنا دیا تھا ورنہ اخوان ریاست مین سے بہت لوگون نے اپنے بزرگونکی جمع کی ہوئی دولت و خزانہ کو اس

کوشش مین خالی کر دیا تھا، اور بہت سے ارکین ریاست کے جو بندۂ زر تھے اپنا طرفدار بنا لیا تھا۔ سرکار خلد مکان کو نواب احتشام الملک بہادر سے ادرانہ محبت تھی اور وہ دل سے اس نسبت کو پسند بھی کرتی تھین، نواب صدیق حسن خان صاحب کا اتفاق بھی محض تائید ایزدی تھا (۶) عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد
غرض اس قرارداد کے بموجب حسب رسم و رواج نواب بیگم صاحبہ قدسیہ کی خدمت مین سرکار خلد مکان نے عریضہ ارسال کیا جس مین اس فیصلہ کی اطلاع دی تھی کہ "نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ کی شادی کے واسطے میان احمد علی خان صاحب پسند کیے گئے ہین" اور اس امر مین جملہ اخوان و ارکان و جاگیرداران ریاست کی بھی راے حاصل کر لی گئی ہے۔

اس عریضہ کے جواب مین شقہ مورخہ ۸ رجب ۱۲۸۹ھ موصول ہوا جس مین اس تجویز پر مبارکباد تھی۔

اگرچہ بجنسہ اوس خط و کتابت کو جو شادی کے متعلق ہے تاریخ مین درج کرنا ضروری نہ تھا، لیکن جس طور پر کہ اوس زمانہ مین خط و کتابت ہوتی تھی اوسکے اندراج سے اوس کی کیفیت بخوبی معلوم ہوگی۔

زمانہ حال مین اس قسم کا طرز تحریر تقریباً مفقود ہو گیا ہے اور تھوڑے ہی عرصہ کے بعد اس طرح کی تحریرین کا ملنا محال ہو جائیگا، اور پھر قدیم طرز انشا پردازی معلوم کرنے کے لیے اوراق تاریخ کی جستجو کیجائیگی، اس لیے اور بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ وہ تحریرین بعینہ درج کیجائین

شقہ نواب قدسیہ بیگم صاحبہ مرحومہ بنام نواب شاہجہان بیگم صاحبہ

قرۃ العین سعادت و کامگاری، فروغ جبۂ شوکت و نامداری عزیزہ نور چشم شاہجہان بی بی زاداللہ عمرہا و قدرہا، بعد ادعیہ وافیہ ترقی عمر و تزاید درجات قرین خاطر عزیز باد کہ مکاتبہ

آن عزیزہ مورخہ ششم رجب ۱۲۸۹ھ دربارہ تجویز شادی سلطان جہان بی بی
با احمد علی خان جلال آبادی بصلاح اراکین و اخوان و جاگیرداران ریاست حسب پسند
آن عزیزہ موصول و مطالع ہوا۔ آن عزیزہ نے جو مکاتبہ مرقومہ مین صرف اطلاع
لکھی ہے اوس سے ہم کو اطلاع ہوئی، ہمتو داعی الخیر ہین۔ جو تجویز عند اللہ تمہارے
اور سلطان جہان بی بی کے حق مین بہتر ہو وہ خدا مبارک کرے۔

بتاریخ ۱۷ شعبان ۱۲۸۹ھ مطابق ۲۱ اکتوبر ۱۸۷۲ء، کرنل جان ولیم ولی آسبورن صاحب
بہادر سی۔ بی۔ پولیٹکل ایجنٹ بھوپال کو مفصلہ ذیل خریطہ لکھا گیا۔

نقل خریطہ موسومہ پولیٹکل ایجنٹ صاحب بہادر

واسطے ازدواج برخوردار بلند اقبال نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ طال عمرہا کے
مخلصہ نے باتفاق راے صاحبہ موصوفہ و اہالی خاندان و اکابر و ارکان و علماء
و اعیان ریاست، و نیز حسب تجویز سابقہ جناب نواب سکندر بیگم صاحبہ خلد نشین
احمد علی خان پسر باقی محمد خان مرحوم قوم میرازی خیل افغان جلال آبادی کو تجویز
کیا ہے اور بمراد منظوری و اتفاق راے جہان آراے جناب مستطاب معلی القاب
نواب گورنر جنرل بہادر و یسراے کشور ہند جو نیاز نامہ مورخہ بست و یکم اکتوبر ۱۸۷۲ء
مطابق ہفتدہم شعبان ۱۲۸۹ھ بنام نامی جناب ممدوح تحریر کیا ہے اوسکی نقل،
اور نقل اوس کاغذ تجویز مخلصہ کی، جو باتفاق راے صاحبہ موصوفہ و ارکان و اخوان
ریاست، با مہر و دستخط، مرتب ہوا ہے، اور اصل اوسکی وقت ملاقات مخلصہ نے
آپ کو ملاحظہ کرا دی تھی، اور نقل خط نواب گوہر بیگم صاحبہ قدسیہ کی جو میری

تحریر کے جواب مین اونھون نے تحریر فرمایا ہے، بذریعہ رقیمۃ الوداد خدمت مین آنشفیقہ کے بھیجا جاتا ہے، امید کہ براہ مہربانی نیاز نامہ مخلصہ خدمت مین جناب سلطانجہان بیگم صاحبہ کے حسب سررشتہ ارسال فرماوین۔

نقل خریطہ نامہ نامی جناب نواب گورنر جنرل صاحب بہادر وائسرائے کشور ہند

الحال عمر عزیزۂ برخوردار بلند اقبال نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ بپانزدہ سال رسید و فکر تزویجش از ہمہ مقدم و منظور گردید، لہذا اول از برادران ہم قوم درپے تلاش طفل شدم کہ سزاوار این کار خیر و بزرگ باشد، و باز بر اطفال افغانان بھوپال نظر انداختم ہیچ یکے را از ان میان بہمہ جہت خوب و مرغوب نیافتم، بعد تحقیق و ترتیب اشتلہ ہمگین اطفال کہ نام طفل از اطفال عزیزہ خودم، و نواب سکندر بیگم صاحبہ خلد نشین بہتر از طفلے نیافتم کہ آنرا جناب ممدوحہ زمانیکہ در دربار جناب گورنر جنرل وائسرائے بہادر کشور ہند تشریف بردہ بودند از اکبر آباد برائے تجویز تزویج صاحبہ موصوفہ باستر ضائے بزرگانش کہ از وطن بہ اکبر آباد آمدہ با جناب ممدوحہ ملاقی شدہ بودند آوردہ در محل خاص بہ تربیت خویش پروردہ بودند، والحال عمرش شانزدہ سالست و نامش احمد علی خان ولد باقی محمد خان مرحوم قوم افغان میرازی خیل ساکن جلال آباد ضلع مظفر نگر، نیکو منظر، از حسب و نسب نجیب الطرفین، مادرش زندہ گاہے در بھوپال و گاہے در وطن نزد دختر خود میرود، از اولاد پدری بجز خواہر خرد کود دیگرے نمی دارد، و از تربیت اینجا قرآن شریف خواندہ و بہ تحصیل علم فارسی و انگریزی مشغول، بزرگانش در جلال آباد از قدیم معزز و ممتاز بودہ اند، بنا بر علیہ بنظر اتحاد و آراہ گان

وحصول مشاورت صاحبان حال از ہمہ اطفال مجوزہ نوشتہ رو بروے بزرگان اخوان وارکان ہر شش نزد نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ کہ ہمہ اطفال را دیدہ بودند وحال شان شنیدہ، فرستادہ مشورہ خواستم کہ اگر ازین اطفال براے تزویج نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ بہمہ وجوہ خوشش نمایند نامش براے استشہاد بنگارند، ہمگنان و ہم صاحبہ موصوفہ بعد ملاحظہ کیفیت وبحسب علم واحوال ہمہ اطفال براے تخصیص این کار مُہر ودستخط خود بنام احمد علیخان کردند، اکنون اتفاق راے نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ کہ قابل قبول واقدام امور ہمان است، وراے اہالی خاندان واکابر ارکان وعلماء واعیان ریاست باراے عاجزہ متفق شدہ بمراد منظوری واتفاق راے جہان آراے آن جناب کہ مربی وسرپرست وفرمان رواے خاص این ریاست اند بارسال نیاز نامہ گذارش است امید کہ از جواب باصواب عریضہ سرفراز فرمایند، تا ازین فکر جان گداز اطمینان تمام گردد وابتداے این کار باوقات ہاے نیک سرانجام گیرد فقط۔

جب ان خرائط کے جواب آنے میں دیر ہوئی تو پھر ایک یادداشت ذیل سرکار خلد مکان نے کرنل ولیم ولبی آسبورن صاحب بہادر کو بھیجی۔

نقل یادداشت سرکار خلد مکان موسومہ پولٹیکل ایجنٹ صاحب بہادر

مورخہ ۲۳ ذیحجہ ۱۲۸۹ھ - ۲۱ فروری ۱۸۷۳ء

مخلصہ کو خرائط در بارہ شادی نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ کا جواب حاصل ہونا منظور ہے، لہذا آپ کی خدمت میں مکرر تکلیف دیجاتی ہے کہ آپنے خراطیہ نیاز نامہ

مخلصہ اگر خدمت مین جناب عالی شان ویسراے گورنر جنرل صاحب بہادر کشور ہند روانہ فرمایا ہو تو اوسکی تاریخ روانگی سے آگاہی بخشی جاوے، اور اگر روانہ نہوا ہو تو بعد روانہ فرمانے کے تاریخ روانگی سے مطلع فرماوین ۔ فقط

اس یادداشت کا جواب سیہور سے صاحب ممدوح نے لکھا جو درج ذیل کیا جاتا ہے ۔

نقل یادداشت پولٹیکل ایجنٹ صاحب بہادر، موسومہ سرکار خلد مکان

مورخہ ۱۱ رفروری ۱۸۷۳ء = ۱۲ ذیحجہ ۱۲۸۹ھ

یادداشت آن مشفقہ مورخہ ۲ رفروری سنہ حال بدریافت حال روانگی خریطہ اسمی جناب مستطاب معلی القاب گورنر جنرل بہادر ہندوستان بمقدمہ شادی نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ موصول سررشتہ ہو کر حوالہ قلم انجا درقم ہوتا ہے کہ اس مقدمہ مین کاغذات کا ترجمہ انگریزی مین کرنا تھا، اس سبب سے توقف ہوا، اب بعد تمام ہونے ترجمہ کے تاریخ ہفتم فروری سنہ حال کو خریطہ مشفقہ بذریعہ چٹھی انگریزی خدمت مین صاحب والاجاہ ایجنٹ نواب گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا کے مرسل ہوا ہے، بروقت آنے جواب کے آپکی خدمت مین اطلاع دیجاویگی ۔

پھر چٹھی کرنل واٹسن صاحب بہادر قائم مقام ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا مورخہ ۷ رمئی ۱۸۷۳ء مطابق ۹ ربیع الاول ۱۲۹۰ھ ہجری موسومہ سرکار خلد مکان موصول ہوئی جس کا خلاصہ ترجمہ یہ ہے ۔

خلاصہ ترجمہ چٹھی صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر

آپنے اپنی صاحبزادی پرنسس سلطان جہان بیگم صاحبہ کی شادی کی اشاعت ضرورت کے متعلق

لکھا

جو تحریک فرمائی ہے اوس کے متعلق ہز اکسلنسی ویسرائے و گورنر جنرل نے مجھے اپنی منشائے مطلع فرمایا ہے کہ ہز اکسلنسی کے نزدیک یہ پسندیدہ ہوگا کہ مین خود بھوپال اگر آپ سے گفتگو کرون چنانچہ حسب الحکم حضور ممدوح مین ہفتہ آیندہ مین آنے والا ہون

۱۱ ربیع الاول ۱۲۸۹ھ مطابق ۹ رمئی ۱۸۷۲ء کو مندرجہ ذیل جواب بذریعہ صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر ارسال کیا گیا۔

خریطہ سرکار خلد مکان بنام صاحب ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا

آپکی چٹھی ۹ رمئی ۱۸۷۲ء کو ملی، آپ کے تشریف لانے سے مجھے کمال خوشی ہوگی کیونکہ بالفعل کوئی تقریب ایسی نہ تھی جو آپ کی ملاقات کا باعث ہوتی جسکی میرے دل مین بہت آرزو تھی، الحمد للہ کہ بمد ونیی تقریب گفتگوے شادی نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ آپکا تشریف لانا بھوپال مین فی الحال ہوگا، اور یہ گفتگو مین آپ سے بذات خود کرونگی، ملاقات مین نواب سید محمد صدیق حسن خان صاحب بہادر، اور نائب ریاست مدار المہام محمد جمال الدین خان صاحب بہادر ہونگے جو حسب دستور قدیم ریاست ملاقات تخلیہ مین ہوتے ہین، اور سوائے ان صاحبون کے کوئی دوسرا نہوگا۔

غرض کہ جملہ مراتب طے ہونے کے بعد صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا بھوپال مین حسب وعدہ تشریف لائے، استقبال وغیرہ دستور ریاست کے مطابق کیا گیا۔

۲۴ ربیع الاول ۱۲۸۹ھ بوقت ۴ بجے شام سرکار خلد مکان نے صاحب ممدوح فی ملاقات کی دوران گفتگو مین بیان کیا کہ حضور ویسرائے بہادر کو بہت افسوس ہے کہ آپ کا خریطہ متعلق بہ شادی نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ زیر جواب ہے، اور بوجہ کثرت ہجوم کار جلد

جواب تحریر نہو سکا ، اس قدر تمہید کے بعد شادی کے متعلق فرمایا کہ چونکہ اون کے پاس اس تحریر کو کئی ماہ کا عرصہ گزر چکا تھا اس لیے حضور ویسرا سے استفسار فرماتے ہین کہ "شادی کے مسئلہ مین آپ کی ابتک وہی راے قائم ہے ؟ یا مرور زمانہ کی وجہ سے اوسمین کسی قسم کی تبدیلی واقع ہوئی ہے" ؟ سرکار خلد مکان نے جواب دیا کہ جو تحریک مینے اپنی یادداشت مین بحضور ویسرا سے بہادر پیش کی ہے ، وہ بعد کامل غور و خوض و صلاح و مشورہ قائم کی ہے اوسمین کسی قسم کی تبدیلی نہین ہوئی ، بھوپال کے خاندانون مین اسوقت تک کوئی لڑکا ایسا نظر نہین آیا جسکو احمد علی خان پر ترجیح دیجا سکے ، صاحب موصوف نے فرمایا کہ "کیا آپ اس امر کی ذمہ دار ہوتی ہین کہ احمد علی خان ریاست مین کسی قسم کا فساد نہ کرین گے" سرکار خلد مکان نے جواب دیا کہ احمد علی خان کی عادات و خصائل اور اطوار کا جہانتک اندازہ کیا گیا ہے ، اونکے لحاظ سے ایسا اندیشہ کرنیکی بظاہر کوئی وجہ نہین ، نواب سکندر بیگم صاحبہ سات برس کی عمر مین اون کو اپنے ساتھ بھوپال لے آئی تھین اور ابتدا سے اون کی غور و پرداخت کو مینے اپنا فرض جانا ہے اور بچپن سے میری ہی نگرانی مین تعلیم و تربیت پائی خاندان احمد علی خان نے ہمیشہ گورنمنٹ مین اعزاز پایا ہے اور مین خوش ہون کہ اون کا چال چلن نہایت پسندیدہ اور عمر کے لحاظ سے اون کو انگریزی اور فارسی کی اچھی استعداد ہے اونکی عمر اٹھارہ سال کی اور سلطان جہان بیگم صاحبہ کو سولھوان سال ہے ، یہ تقریر سنکر صاحب ممدوح نے فرمایا کہ "چونکہ یہ معاملہ نہایت اہم ہے اور سلطان جہان بیگم کی ذات سے تعلق رکھتا ہے اسلیے ہماری خواہش ہے کہ اون سے بھی رضامندی حاصل کیجاے اور نیز حضور ویسرا سے بہادر کا ایما ہے کہ بذات خاص سلطان جہان بیگم صاحبہ سے اس کی تصدیق کیجاے" سرکار خلد مکان نے فرمایا کہ "میری بھی خواہش ہے کہ آپ براہ راست

سلطان جہان بیگم سے اسکی تصدیق فرمالین اگرچہ بذریعہ تحریر و مُہر وہ قبل ازین اپنی خوشنودی کا اظہار کرچکی ہین، مین یہان سے علیحدہ ہوئی جاتی ہون اور سلطان جہان بیگم صاحبہ آپ سے پس پردہ گفتگو کرینگی" یہ کہکر سرکار خلد مکان مسز ہمفری اور دیگر لیڈی صاحبان کے پاس چلی گئین، اور مجھے صاحب موصوف کے پاس بھیجا، اونھون نے تمہید کے بعد مجھسے دریافت کیا کہ "آپکی شادی کے متعلق جو یادداشت بھیجی گئی ہے اوسمین احمد علی خان سے آپکی شادی تجویز کی گئی ہے، کیا آپنے اوس یادداشت پر اپنی خوشی سے دستخط اور مہر ثبت کی ہے"

اگرچہ اس سوال کا زبانی جواب دینا مجھپر بوجہ اوس رسم رواج کے جو ہندوستان مین ہے، نہایت گران تھا، مگر سرکار خلد مکان نے مجکو فہمائش کردی تھی کہ یورپین معاشرت اور مسلمانونکے مذہبی قواعد کی روسے کوئی شرم کی بات نہین ہے کہ آدمی صاف الفاظ مین اپنی خواہش کا اظہار کرے اسلیے مینے جواب دیا کہ "واقعی مینے اپنی خوشی سے یادداشت زیر بحث پر اپنی مہر و دستخط ثبت کیے ہین" صاحب ممدوح نے مجھسے انگریزی مین کہا کہ "اگر آپ کی مرضی ہو تو اوس یادداشت کو حضور ویسرائے کی خدمت مین بھیجدون؟ اسکا جواب مین صرف یہ لفظ "یس" دیکر خاموش ہوگئی۔۔۔

صاحب موصوف نے فرمایا کہ کچھ اور کہنا ہے؟ مینے سلسلۂ گفتگو دوسری جانب پھیرا کہ بجز اسکے اور کچھ کہنا نہین کہ آپ میرا سلام لارڈ صاحب، اور اونکی دختر صاحبہ کی خدمت مین تحریر کردیجیے گا" اس گفتگو کے بعد صاحب ممدوح نے اجازت رخصت چاہی اور مین دوسرے کمرہ مین جہان مسز ہمفری وغیرہ بیٹھی تھین چلی آئی مسز ہمفری میری قدیم دوستون مین تھین، اونھون نے مجھسے پوچھا کہ "آپنے اپنی شادی کے لیے کسیکو تجویز کیا ہے یا نہین"؟

مینے صرف اسقدر جواب دیا کہ "کیا آپنے وہ یادداشت دیکھی ہے جو میری شادی کے متعلق یہاں سے بھیجی گئی ہے ؟" اونھون نے نہایت مہربانی سے کہا کہ "شادی کرنا خدا کی خوشنودی کا باعث ہوتا ہے، اور شادی ہونے کے بعد آدمی بہت خوش رہتا ہے"

تھوڑی دیر تک سب بیٹھی ہوئی ادھر اودھر کی باتین کرتی رہین اور پھر اپنے اپنے مقام چلی گئین، چونکہ بعض افترا پرداز، اور مفسد لوگون نے میری شادی کے متعلق غلط خبرین پولٹیکل افسرون کو پہنچائی تھین اسلیے اس شدومد کے ساتھ یہ دریافت کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی کہ آیا یہ شادی حسب رضامندی میرے ہے یا نہین، صاحب ممدوح نے منشی جمال الدین خان صاحب مدارالمہام سے جو ایک پرانے خیرخواہ تھے اس مسئلہ پر گفتگو کی جسکا حال مدارالمہام صاحب نے حسب دستور قدیم اپنے عریضہ مورخہ ۲۴ ربیع الاول مین مفصل تحریر کیا ہے، اور یہان اوس کا اندراج طوالت ہے کیونکہ اوسکا لب لباب یہی تھا کہ آیا شادی برضامندی ہر دو بیگمات کے ہے یا اوسمین کوئی چال ہے۔

۲ رجمادی الاول ۱۲۹۱ ہجری کو پولٹیکل ایجنٹ صاحب کی لیڈی صاحبہ نے میری شادی کے متعلق سرکار خلد مکان کی خدمت مین اپنی جانب سے مبارکباد تحریر کرکے گورنمنٹ سے جملہ مراتب بعمدگی کے ساتھہ طے ہوجانے پر اظہار مسرت کیا۔

۷ رجمادی الاول کو صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر خود بھوپال تشریف لائے، اور اپنے ہاتھہ سے عالی جناب نواب گورنر جنرل بہادر کا خریطہ جو سرکار خلد مکان کے نام تھا اون کو دیا جسکی نقل ذیل مین درج ہے :-

نقل خریطہ نواب گورنر جنرل صاحب بہادر وایسرای کشور ہند

نواب بیگم صاحبہ مشفقہ مکرمہ سلمہا اللہ تعالیٰ ، مہربانی نامہ مرقومہ بست و یکم
ماہ اکتوبر ۱۸۶۲ء کہ در بارہ استدعائے منظوری ازدواج نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ
دختر آن مشفقہ با احمد علی خان پسر باقی محمد خان مرحوم بودہ جواب آنکہ پیش ازین
ارقام شدہ امورے چند مانع وسبب توقف آمد باعث تاسف و ستدار است
مشفقہ من ! بسبب چند امور در خیال دوستدار چنان می آید کہ اگر کدخدائی
نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ با شخصے از خاندان بھوپال کہ عالی نسب و لایق باشد
قرار می یافت ہر آئینہ برائے ریاست مذکور مفید مے بود لیکن چون آن مشفقہ
بہ یقین بیان می فرمایند کہ از احمد علی خان دیگر برائے شوہری دختر آن مشفقہ قابل و
النسب باشد نیافتہ اند ، و نیز بیان دارند کہ بزرگان خاندان و اعیان ریاست
ہر ہمہ او را برگزیدہ است ، برگزیدنش حسب خواہش و رائے خود سلطان جہان بیگم صاحبہ
می باشد ، و ازان جا کہ آن مشفقہ و دختر آن مشفقہ با صاحب ایجنٹ این جانب
ہنگام رفتنش بملاقات حسب ایمائے دوستدار ہمین سخنان بیان کردہ اند ، نظر بر آن در خصوص
کدخدائی اظہار رضامندی خود دریغ ندارم ، و توقع دارم کہ عقل و کیاست و
کردار و عادت احمد علی خان چنان خواہد بود کہ سزاوار مراتب عالیہ شوہری
ولیعہد ریاست بھوپال باشد ، و نیز از وصلاحیتی چنان ظہور خواہد آمد کہ وضع
التفات دختر آن مشفقہ فی الجملہ باشد ، و آنچہ کہ آن مکرمہ درین امر اہم تمام تر
تسلی و اطمینان خود ظاہر کردہ اند تکیہ بر آن کردہ این کدخدائی را پذیرا امیدارم و متمنی آن می باشم
کہ ظہور این امر برائے عروس بہتر و نیکو باشد ، و بکام دل آن مہربان بنائے
راحت و خورسندی سلطان جہان بیگم صاحبہ و باعث فلاح ریاست آن مشفقہ

گردد، منصرصد کہ دوستدار از اخواہان صحت مزاج خود دانستہ باطلاع آن مسرور
می ساختہ باشند فقط دستخط ' لارڈ نارتھ بروک صاحب بہادر۔

اس خریطہ کے موصول ہونے پر حسب دستور ایک عرضی جناب نواب قدسیہ بیگم صاحبہ
کی خدمت مین بطور اطلاع ارسال کی گئی۔

نقل عرضی سرکار خلد مکان بخدمت نواب بیگم صاحبہ قدسیہ مرحومہ مغفورہ

خریطہ جناب مستطاب معلی القاب نواب گورنر جنرل بہادر وایسرای کشور ہند
مورخہ بست و دوم جون ۱۸۷۳ء باین خلاصہ مضمون شرف ورود لایا کہ "
حسب تجویز آن شفیقہ ہمکو شادی عقد نکاح نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ ہمراہ
احمد علی خان ولد باقی محمد خان مرحوم منظور ہے، اللہ تعالی انجام بخیر و خوبی کرے"
جو کہ اطلاع اس امر کی حضور کو کرنا مناسب معلوم ہوا اسواسطے ذریعہ تحریر ہذا
اطلاع دی گئی۔

سرکار خلد مکان نے چند مستورات کو واسطے اطلاع محمدی بیگم صاحبہ کے بھیجا،
وہان سے اون کو خلعت فاخرہ دیا گیا، اور سرکار خلد مکان کو مبارکباد تحریر کر کر درخواست
کی کہ اونکی جانب سے دولہن کے لیے رسماً ایک جوڑا قبول کیا جاسے، جسکو سرکار خلد مکان نے
بخوشی منظور فرمایا۔

۱۰ جمادی الاول ۱۲۹۰ھ کو ایک ہزار روپیہ ماہانہ تا تقریب رخصت میان احمد علیخان
کی جیب خرچ کے لیے مقرر کیا گیا، اور نائب بخشی فوج کو حکم دیا گیا کہ اردلی کیلیے حسب معمول
سوار و پیادے مقرر کیے جائین۔

۲۵ر شعبان ۱۲۹۰ھ کو رسم منگنی ادا کی گئی، ۱۳ر رمضان المبارک کو بعد نماز مغرب رسم نمک چشی ہوئی۔

اسکے بعد سرکار خلد مکان نے حکم دیا کہ مطابق قاعدہ ہند ہر تہوار پر ایک تقریب کیجائے تاکہ اس ایک سال مین اور بھی میان احمد علی خان کے طریقے جانچنے کا موقع حاصل ہو، اگرچہ یہ راے سرکار خلد مکان کی نہایت انسب تھی لیکن اُس سال کی تاخیر سے نواب صدیق حسن خانصاحب کو اچھا موقع حاصل ہوا کہ وہ میان احمد علی خان صاحب کو خوب ستائین، اونکی زندگی مثل شاہی قیدیون کے بنادی گئی، اونکے گرد پہرہ قائم ہوا، لوگون کے آنے جانے کی راہ مسدود، اور بغیر اجازت سیر و تفریح ممنوع کی گئی، سیر و شکار، بلکہ آزادی کی ہر رفتار مین روک ٹوک ہونے لگی، غرض ہر طرح وہ پابندی کے احاطے مین نظر بند کیے گئے، مگر میان احمد علی خان صاحب نے نہایت صبر و متانت کے ساتھ ان تمام باتون کو برداشت کیا، کوئی موقع کسی قسم کی نکتہ چینی کا نہین دیا، اور اس امتحان مین بڑے استقلال کے ساتھ کامیابی حاصل کی، اس کے علاوہ بہت سی تدابیر رنجش پیدا کرنیکی کی گئین لیکن ہر طرح اونھون نے اپنے آپ کو ثابت قدم رکھا، اور باوجود کم عمری کے مسن تجربہ کارون کی طرح دانشمندی سے کام لیا، چونکہ مقدر مین اون کو سرکار خلد مکان کا داماد ہونا تھا، ایک سال چار ماہ اسی طریق سے بسر ہوگئے اور نواب صدیق حسن خانصاحب کی کوئی چال کارگر نہوئی وقت آپہنچا اور تیاری عقد شروع ہوگئی، ۲۳ر ذیحجہ ۱۲۹۱ھ تاریخ عقد قرار پائی۔

معزز یورپین اور ہندوستانی اصحاب کو دعوت کے خطوط بھیجے گئے تمام عزیز و قریب و متوسلین مدعو کیے گئے، لیکن سرکار قدسیہ مرحومہ کو جو بزرگ خاندان تھین اور جن کو اس شادی کے دیکھنے کی بڑی آرزو تھی اور خاص اسی تقریب کے لیے لاکھون روپیہ کا

زیور و جہیز تیار کرایا تھا، دعوت نہ دی گئی۔

صاحب ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا نے بوجہ مصروفیت دورہ شرکت سے عذر کیا، پولٹیکل ایجنٹ بہادر مع اپنی لیڈی صاحبہ کے چند روز قبل سے بھوپال مین تشریف لائے تاکہ صاحبان یوروپین کی دعوت کے انتظامات مین مدد دین۔

یوروپین مہمانون کے لیے اٹارسی سے بھوپال تک ہر قسم کی آسایش کا منزل بمنزل انتظام کیا گیا تھا، اور خاص بھوپال مین جہانگیر آباد کے وسیع میدان مین ایک خوشنما کیمپ بنایا گیا تھا جسمین علاوہ سامان دعوت کے تفریح کا اہتمام بھی کیا گیا تھا، موسم گرما کے آغاز کے باعث اکثر یوروپین احباب چونکہ پہاڑ پر چلے گئے تھے اسلیے وہ شریک جلسہ نہوسکے۔

۲۲ ذیحجہ کو صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر اور اونکی میم صاحبہ نے علیحدہ علیحدہ سرکار قدسیہ مرحومہ سے ملاقات کی، ان ملاقاتون مین اس تقریب کا بھی ذکر آیا، لیڈی صاحبہ نے جب سرکار مرحومہ سے تقریب مین چلنے کے لیے کہا تو اونھون نے نہایت حسرت کے ساتھ جواب دیا کہ "آپ محفل شادی مین تشریف لے چلین اور جو اون دینگی اور بلائینگے تو ہم بھی شریک ہونگے، وہ ہماری عزیز اور قرۃ العین ہین، اگر اون کی محفل مین نہ جاؤن گی تو کیا کسی غیر کی محفل مین جاؤنگی"

اسی طرح کرنل بارسٹو صاحب بہادر سے اثنائے تذکرہ شادی مین فرمایا کہ "ہان صاحب ہم کو بھی زیادہ خوشی شادی کی ہوئی، جو اونکی نانی (سرکار خلد نشین) جیتی ہوتین تو بہت خوشی کرتین، پھر کمر تو اونکی نانی کی وفات نے توڑ ڈالی"

نہین معلوم اس بیان کا اثر صاحب پولٹیکل ایجنٹ پر کیا ہوا مگر وکیل دربار جو دونون ملاقاتون کے وقت ہمراہ تھا سخت متاثر ہوا، اور اوسیدن سرکار خلد مکان کو

بذریعہ عرضی ان باتون کی اطلاع کی، اور اخیر مین گزارش کی کہ اس تقریب مین اون کو ضرور اذن دینا چاہیے، کیونکہ وہ سرکار خلد نشین کے زمانہ مین بھی ہمیشہ ہر تقریب مین شریک ہوتی رہی ہین، لیکن نہ اون کو کوئی لینے گیا اور نہ اذن دیا، ناظرین خود اندازہ کر سکتے ہین کہ شوکت محل مین جب شادی کے چہچہون کی آوازین بلند ہو رہی ہونگی اور نوبت نقارے بج رہے ہونگے، اوسوقت سرکار قدسیہ مرحومہ کے دل پر اپنے نہ شریک کیے جانے کا کیسا سخت صدمہ گزر رہا ہوگا، اور کیا کیا ارمان اونکے فیاض دل مین پیدا ہو کر مٹ جاتے ہونگے، کیونکہ وہ بالکل صلح کل اور محبت والی بی بی تھین، اور اون کو پولٹیکل امور سے کچھ بحث بھی نہ تھی، اپنی دختر کے رنج مین فقیرانہ طرز سے رہتی تھین، ۷۶ سال کی عمر مین اس کس مپرسانہ حالت نے اون پر کیا گزاری ہوگی، وہ کسی کی دست نگر نہ تھین، خود صاحب دولت تھین وہ غیرونکے لیے ہزارون لاکھون روپیہ سے دریغ نہ کرتین، اور نہایت فیاضی سے سلوک فرماتین، اس موقع پر اونکے دل کے حوصلہ کو پامال کر دینا کیسا افسوس ناک کام تھا۔

جو گفتگو اونھون نے صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر سے کی اوس سے معلوم ہوتا ہے کہ اونکی حالت حسرت کیا تھی، اور کس درجہ سرکار خلد نشین کی یاد اون کو ستا رہی تھی، ناظرین کو خود بخود اس سرد مہری کا باعث انھین اوراق مین معلوم ہو جائیگا۔

۲۳ ذی الحجہ کو سہ پہر کے وقت عقد کی تیاری ہوئی، محل اعلیٰ درجہ کے سلیقہ اور نفاست کے ساتھ سجایا گیا، ریاست کی فوج محل کے چپ و راست زرق و برق وردی پہنے ہوے ایستادہ ہوئی، پلٹن ۲۲ کا انگریزی بینڈ مبارک بادی کی گتین بجانے لگا، تمام اخوان و اراکین ریاست، اور مہمان پر تکلف لباس پہنے ہوے محل پر موجود تھے، چار بجے عصر سے پہلے صاحبان یورپین فل ڈریس مین، اور لیڈی صاحبات نہایت نفیس لباس

زیب تن کیے ہوے سب کے سب جلوس کے ساتھ محل پر آئے، فوج نے سلامی ادا کی، نواب صدیق حسن خان صاحب نے استقبال کیا اور بینڈ نے "مرحباً و اہلاً و سہلاً"، اور جلسہ شادی مین شریک ہونے" کی سریلی گت بجائی، یہ مہمان گاڑیون سے اوترکر پردۂ چق کے سامنے جہان سرکار خلد مکان تشریف رکھتی تھین، داہنے جانب بیٹھے، اور یوروپین خاتونین سرکار خلد مکان کے کمرہ مین گئین، جب سب مہمان جمع ہوگئے تو دولہا جنکی آمد کا انتظار تھا، اپنے متعلقین و احباب و اعزہ کے ساتھ محفل مین داخل ہوے، گارڈ آف آنر نے سلامی ادا کی، بینڈ نے مبارک بادکا راگ بجایا، چوبدار زرین وردیان پہنے ہوے، اور عصاے طلائی ہاتھہ مین لیے ہوے آگے آگے پکارتے جاتے تھے، اہل محفل نے کھڑے ہوکر تعظیم ادا کی، اور دولہا نے ادب و متانت کے ساتھہ سلام کیا، لباس برنگ آبی بنارسی کامدانی کا زیب بدن تھا، بیش بہا مندیل مطلا سر پر تھی، اور مالاے مروارید و الماس گردن مین حمائل تھی کمر مین مرصع پٹہ تلا تھا جسمین ایک بیش قیمت شمشیر اصفہانی آویزان تھی یہ خلعت حسب رواج ریاست نوشہ کو عطا ہوا تھا، حاضرین محفل دولہا کی وجاہت اور اخلاق کو دیکھکر مرحبا کہتے تھے، ہر ایک دل مین قدرتی طور پر کشش محبت پیدا ہوتی تھی، اور بیساختہ منہ سے دعائین نکلتی تھین، چہار طرف سے بارک اللہ کا غلغلہ ہو رہا تھا، نواب صدیق حسن خان صاحب نے دولہا سے مصافحہ کرکے اپنے پاس بٹھایا، مولوی جمال الدین خان صاحب مع نواب صدیق حسن خان صاحب اور میان لطیف محمد خان صاحب میرے منجھلے بھائی کے میرے کمرہ مین آگئے ان ہرسہ اصحاب سے میرا پردہ نہ تھا، حسب آئین و شریعت محمدی مجھسے رضامندی نکاح کا استفسار کیا مینے جواب مین میان احمد علی خان صاحب کے ساتھہ نکاح کی رضامندی ظاہر کی، بعد میرے ایجاب کے اونھون نے دولہا سے دریافت کیا دولہا نے بہ لفظ "قبول" جواب دیا

اس وقت دولھا ایک تخت زرین پر جسکے اوپر ایک کارچوبی شامیانہ نصب تھا، بیٹھے تھے، جب وکیل اور دونون گواہ ایجاب وقبول کے منشاء کو دریافت کر چکے تب قاضی زین العابدین صاحب نے دولھا کے قریب آکر خطبہ نکاح پڑھا، جملہ ارکان حسب آئین دین متین ادا کیے گئے، دو کرور روپیہ کا مہر قرار پایا، اور ایجاب وقبول کے ساتھ اس مقدس رسم کا خاتمہ ہوا، جملہ حاضرین نے بسم اللہ کہکر دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور خداوند کریم کی بارگاہ مین دولھا، دولھن کی زندگی کے کامیاب اور خوش وخرم ہونیکی دعا مانگی، مبارک سلامت کی آوازین بلند ہوئین دولھا تخت زرین سے اترکر نواب صدیق حسن خان صاحب کے پاس جا بیٹھے، بائیسوین پلٹن کے بینڈ نے مبارک باد کا غلغلہ بلند کیا، دولھا نے قاضی صاحب کو ایک کیسہ اشرفی نذر کیا اور نیز دیگر اکابر وعلماے ملت کو اشرفیان پیش کین -

دولھا کے عزیزون اور ہم وطنون کو جو جلال آباد سے اس تقریب مین شریک ہونے کے لیے آئے تھے خلعت دیے گئے، عطر و پان اور نقش کے ہار تقسیم ہوئے -

دولھا سے ایک اقرارنامہ حسب رواج ریاست لیا گیا جسپر عمائد ریاست اور

منکہ احمد علی خان ولد باقی محمد خان ساکن جلال آباد ضلع مظفر نگر ام

جوکہ نواب شاہجہان بیگم صاحبہ رئیسہ عالیہ بھوپال نے باتفاق راے ارکان واخوان وعلما وجاگیر داران کلان ریاست تجویز شادی نکاح نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ ولیعہد ریاست بھوپال کی میرے ساتھہ کی ہے اسواسطے مین نے یہ اقلام منفصلہ ذیل حسب ایما رئیسہ معظمہ موصوفہ وارکان ریاست اپنی رضا سے لکھدیے کہ بعد وقوع اس تقریب کے مین پابند مضمون اقلام مذکورہ تاحیات اپنے رہونگا اور یہ اقرارنامہ بیٹھے بخوشی ورضامندی تمام بلا کراہ واستبداد روبرو گواہان حاشیہ لکھا ہے اور یہ اقرار واثق اور عہد صادق شرعًا وعرفًا مطابق دستور ریاست مجھپر واجب الوفا اور لازم العمل ہے ہرگز خلاف اسکے نہوگا -

صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر کے دستخط بطور گواہون کے ثبت ہوے لیکن اوس کی بعض شرائط ایسی ہین کہ شرعاً و قانوناً کوئی شخص اون کا پابند نہین کیا جاسکتا، یہ محض ایک حکمت عملی نواب صدیق حسن خان صاحب کی تھی کہ فضول شرائط سے دباؤ کا ذریعہ رہے، صاحبان یوروپین کو سامان جہیز جو ایک وسیع کمرہ مین باقاعدہ طور پر چنا ہوا تھا دکھایا گیا جسکو اونھون نے نہایت دلچسپی سے دیکھا، شام کو روشنی ہوئی اور انواع و اقسام کی آتشبازی سر کی گئی، فوجی کرتب، اور مختلف کھیل تماشے بھی ہوے، ہمارا قیام اوسی محل مین قرار پایا جس مین کہ مین ہمیشہ رہتی تھی، اور جو سرکار خلد مکان کے مسکونہ محل سے بالکل ملحق تھا، درمیان مین صرف ایک دروازہ تھا جس سے بلا تکلف اور بغیر سواری کے آمد و رفت ہوسکتی تھی،

۲۴ ذیحجہ کو دولھا کی جانب سے ایک پرتکلف دعوت ولیمہ تمام مہمانان ہندوستانی صاحبان یوروپین وغیرہ کو دی گئی

دولھا کو سرکار خلد مکان نے خطاب "نظیر الدولہ سلطان دولھا" کا عطا کیا، خطاب "نواب" اسوجہ سے نہین دیا گیا کہ نواب صدیق حسن خان صاحب کو مل چکا تھا، جاگیر مین مواضع پرگنہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) اور بصورت نقض عہد کے رئیسہ عالیہ اور ارکان ریاست اور صاحبان عالیشان بہادر کو مجھسے بازپرس اسکی پہنچتی ہے، وہ اقلام معدودہ حسب ذیل ہین:-

قلم اول- مذہب میرا اہل سنت وجماعت ہے ہین تا دم واپسین اسی مذہب حق پر قائم و دائم رہون گا- کسی کے بہکانے سے یا از خود کسی غرض نفسانی سے دوسرا مذہب اختیار نہ کرون گا اور بصورت تبدیل مذہب کے عقد میرا شرعاً باطل ہو جائے گا اور مجکو اختیار اپنی بی بی پر نہ رہے گا-

قلم دوم- جو مہر صاحبہ موصوفہ کا بہ تقریب عقد کے روبرو قاضی ریاست کے بمواجہ حضار محفل عقد و شہود و وکیل کے بہ تعداد مبلغ دو کرور روپیہ کے مقرر ہوا ہے اوسکو مینے بطور مہر معجّل قبول کیا ہے وقت مطالبہ نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ

محلپورہ جنکی مالگذاری للعہ ۱۴/۶ پائی تھی دیے گئے، یہ مواضع میری جاگیر کے مواضع کے متصل تھے،

اس تقریب مین سے لاکھ ۱۲/۳ پائی (۶۷۵۶۱۱۲ روپیہ ۱۲ آنہ ۳ پائی) بشرح

ذیل صرف ہوے ۔

(۱) سامان جہیز جو دولہا کے توشک خانہ مین بھیجا گیا ، یک لاکھ ۸/۹ پائی

(۷۸۷۶۸۱ روپیہ ۸ آنہ ۹ پائی)

(۲) سامان جہیز جو میرے توشک خانہ مین جمع ہوا ، للعہ لاکھ ۸/۳ پائی

(۰۲۸۳۸۴ روپیہ ۸ آنہ ۳ پائی)

صرفہ شادی منگنی ، محرم ، و شب برات وغیرہ ۱۲/۳ پائی (۵۰۷۹۶ روپیہ

۱۲ آنہ ۳ پائی)

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) کے یا نواب شاہجہان بیگم صاحبہ کے بصورت استطاعت فی الحال بقدر قدرت کل یا جز مین

ادا کرونگا ، اور ادا سکے دینے مین بموجب ایجاب شرعی یکمشت یا بتدریج کسی طرح کا عذر

نہ لاؤنگا ، بصورت عذر اون کو میری جائداد کی ضبطی پر اختیار حاصل ہے جب چاہین بابت مہر

مستغرق کرلین ۔

مسلم سوم ۔ جو حقوق شرعی و عرفی زوجہ کے میرے ذمہ واجب الادا ہین مثل نان نفقہ وغیرہ کے وہ سب بکمال

طیب خاطر وقتاً فوقتاً تا آخر حیات اپنے ادا کرتا رہونگا اور جاگیر و جائداد و سامان جہیز ، مثل زیور ،

و ظروف وغیرہ اموال ذاتی اون کے ہین اپنے اختیار سے کسی طرح کا دخل و تصرف نہین کرونگا و

حتے الامکان حسن معاشرت اور لطف کلام و خلق و محبت شرعی و عرفی مین کوتاہی نہ کرونگا کیونکہ

شرع شریف مین بصورت نہ دینے نان نفقہ واجبی کے بقدر مقدور بہ شرط استدعا زوجہ تفریق ہوسکتی ہے ۔

مسلم چہارم ۔ بعد اس شادی کے عقد دوسرا اپنا بدون رضا و اجازت نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ کے

میری جاگیر مین ایک سو پندرہ مواضع پرگنات گڑھی آنبا پانی، وبھوری جو قبل از شادی میرے اخراجات کے لیے مقرر تھے اور جنکی آمدنی لسالعہ ۱۹ھ (۳۸۲، ۸۰ روپیہ) تھی علیٰ حالہ قائم رہے، شادی کے بعد کچھہ اضافہ نہوا، کیونکہ وہ میرے اخراجات کو کافی تھے۔

۲۵ ذیحجہ کو سرکار خلد مکان نے باغ نشاط افزا مین جو نتھی کی رسم ادا کی دن کے آٹھہ بجے سے ہی ریاست کی تمام فوج سوار و پیادہ اور تمام جلوس مع ماہی مراتب و توپخانہ شوکت محل سے لیکر پیر دروازہ تک نہایت شان اور قاعدے کے ساتھ جمایا گیا تھا، ۸ بجے تین پالکی مین، اور نواب صاحب ہودج زرین کے ہاتھی پر جو زربفت کی جھول سے آراستہ تھا، سوار ہو کر مع اپنے "پروسیشن" کے باغ نشاط افزا

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) نہ کرونگا اور جو اولاد صاحبہ موصوفہ کے بطن سے پیدا ہوگی اوسکے نکاح کا اختیار اون کو اور رئیسہ معظمہ والدہ اونکی کو ہے جس جگہہ اپنی قوم وغیرہ مین مناسب اور مصلحت سمجھین اوسکی شادی عقد کرین میرے قرابتی اور والدین کو اور مجکو دربارہ اولاد مذکور دختر ہو یا پسر کچھہ اختیار ومداخلت بمقدمہ اوسکی شادی نکاح کے نہین ہے۔

قسلم پنجم- اپنی جاگیر مین مطابق دستور العمل ریاست کے عمل درآمد رکھون گا خلاف قانون ریاست کوئی کارروائی نہونگی بصورت خلاف ورزی اختیار اوسکے ضبط کا اور دینے معاش لقدر کا رئیسہ معظمہ کو حاصل ہے۔

قسلم ششم- ارکان ریاست اور نائبان اور اخوان اور جاگیرداران اور رعایا اور ملازمان سرکار بھوپال سے موافقت اور رشتہ ورت رکھونگا اور اون کو خیر خواہ اپنا سمجھہ کر کوئی امر خلاف رائے اون کے نہ کرونگا جو موجب بدنظمی ریاست وظلم و زیادتی ملازمان و رعایا و ناخوشی اخوان ریاست کا ہو۔

قسلم ہفتم- اپنی صحبت مین مردم اوباش و بدخواہان و باغیان ریاست و باغیان سرکار انگلشیہ اور اپنے ہم وطنون کو

روانہ ہوے، جملہ اراکین واخوان ریاست ہمراہ تھے، اس جلوس کے دیکھنے کے لیے تمام بھوپال اُمنڈ آیا تھا، اور باغ نشاط افزا تک پرجوش اور خندان وشادان تماشائیونکا ہجوم تھا، جسوقت یہ جلوس باغ نشاط افزا کے دروازہ پر پہنچا، اور نواب صاحب نے ہاتھی پرسے اوترنا چاہا تو مولوی جمال الدین خان صاحب مدار المہام نے کہا کہ:-

"سلطان دولہ صاحب بہادر! ذرا ٹھیریے، اور جو کچھہ مین کہتا ہون اوسکو بغور سن لیجیے

نصیحت گوش کن جانان کہ از جان دوست تر دارند
جوانان سعادت مند پند پیر دانا را

یہ فوج، یہ جلوس، یہ حشم وخدم، جسکو تم دیکھہ رہے ہو، اور جو تمہاری جلوس مین ہے، اور یہ عزت ومرتبت جو خدا نے تم کو عطا کی ہے، اس پر تم کو خدا کا شکر ادا کرنا چاہیے"

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) نہ رکھون گا جنکے رہنے سے رئیسہ معظمہ اور صاحبہ موصوفہ اور ارکان واخوان ریاست ناخوش ہون۔

قسم ہشتم- مصارف اپنے مطابق اپنی جائداد اور آمدنی کے یا اوس سے کم رکھونگا زیادہ دخل سے صرف اور فضول خرچی اور قرض کسیکا نہ کرون گا بصورت قرض فیصلہ اوسکا میری جائداد سے ہوگا ریاست سے وہ قرض ادا نہین کیا جاے گا۔

قسم نہم- جو رتبہ جس رکن اور برادر ریاست اور جاگیردار اور عہدہ دار ملکی ومالی وفوجی کا ریاست بھوپال دربار سے سرکار انگریزی سے مقرر ہے مطابق اوس کے اونسے برتاو کرونگا کسی کے رتبہ مین نشست وبرخاست، گفتگو، تحریر، مقدمہ، معاملہ وغیرہ امور جزوی وکلی مین کوئی امر تقریراً وعملاً خلاف شان ورتبہ اون کے عمل مین نہ لاؤنگا۔

قسم دہم- اپنے اقربا وعزیزون خاص اور اہل وطن وقرب وجوار کے لوگون کو بدون حکم ورضاے ہردو

اور وہ شکر زبان سے نہین بلکہ دل سے ہو، اور اپنی اعلیٰ صفات اور عمدہ اخلاق سے عملاً ظاہر کیا جاوے تم اس عزت وشان پر مغرور مست ہونا ہمیشہ انکسار، وحسن اخلاق کو پیش نظر رکھنا

گر بدولت برسی مست نہ گردی مردی
گر بہ نکبت برسی کفر نہ کردی مردی

تمکو بڑے بڑے معاملات مین تحمل، بردباری کرنا ہوگی، تمکو رعایا و ملک کے واسطے ایک نیک مشیر کا کام کرنا پڑیگا، تم کو وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا ٥ (اور) وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا کو ہردم پیش نظر رکھنا چاہیے، بیٹے چونکہ تمکو ترجمہ قرآن پڑھایا ہے، اس لیے مین تمہارا اوستاد ہون اور اسوقت بحیثیت ایک اوستاد، اور ایک قدیم نمک خوار ریاست کے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) صاحبہ موصوفہ دخیل امور ریاست وغیرہ نہ کرونگا۔

دفعہ یازدہم۔ اطاعت رئیسہ معظمہ اور صاحبہ موصوفہ اور تعظیم وتکریم اون کی جو ستودہ عادات مجھ پر لازم وواجب ہے حاضر وغائب اون کی خلوت وجلوت و دربار ومجالس مین بدستور برادران ریاست بجالانے مین کوتاہی نہ کرونگا۔

دفعہ دوازدہم۔ حسب ایما جملہ ارکان اعلیٰ ورئیسہ معظمہ وصاحبہ موصوفہ بصورت عدم اتفاق مزاج یکدیگر وعدم برآمد صورت اصلاح کے اختیار دینے طلاق کا رئیسہ معظمہ کو وکالتاً بینے دیا جب خدانخواستہ ایسی شکل ہو کہ وہ ہمراہ میرے بسر نہ کرسکین اور مجھسے جدا ہونا چاہین تو رئیسہ معظمہ صاحبہ موصوفہ کو طلاق دیدین، میرے طلاق دینے کی کچھ ضرورت نہین، طلاق مذکور رئیسہ معظمہ کے دینے سے صاحبہ موصوفہ کو ہوجاویگی۔

دفعہ سیزدہم۔ مین ان جملہ عہود ومواثیق اپنے کو ایفا کرونگا اگر خدانخواستہ کوئی اقرار وعہد جیسے ٹھہرایا ہے

تم کو نصیحت کر رہا ہون۔

فی الواقع یہ ایک عجیب منظر تھا وہ بزرگ، مدبر، با خدا، وزیر تمام فوج و ارکین کے سامنے نوشاہ کو کیسی دل پذیر اور بیش بہا نصیحت کر رہا تھا، جسکا ایک ایک لفظ آب زر سے لکھنے کے قابل تھا، اس سادہ نصیحت مین کیسا اعلیٰ درجہ کا تدبر بھرا ہوا تھا، اور کس طریقہ سے یہ فرض ادا کیا گیا تھا۔

نوشاہ نے شکریہ ادا کیا، اور نصیحت کو تسلیم کرنے کے لیے سر جھکا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ جیسے پر جوش، اور نیک دل سے یہ نصیحت نکلی تھی ویسی ہی اثر پذیر دل مین جاگزین ہوئی، اور نقش کالحجر ہوگئی، مرور زمانہ ہمیشہ اوس کو دل پر ابھارتا رہا، اور ہمیشہ اوس نصیحت پر عمل پذیر ہونے کی تازہ مثال باقی رہی۔

دولھا کی سواری ہاتھی پر سے اوتر کر باغ مین داخل ہوئی، اور چوتھی کی رسم ادا کیے گئے چوتھی کے ختم ہونے کے بعد بھوپال مین ایک قدیم رسم "جمعہ" کے نام سے ہوتی ہے جسمین دولھا

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) ادا نہو اور بلا عذر اپنا عہد توڑون تو نمیت [illegible] اور صاحب [illegible] اور صاحبان عالیشان بہادر اور ارکان و اخوان و نائبان ریاست کو اس عہد شکنی کا [illegible] کرنے کا اختیار حاصل ہے اور جو اون کے مشورہ و راے مین آوے میرے حق مین کرین مجکو کچھ عذر نہین

فقط مورخہ پانزدہم رجب المرجب ۱۲۸۹ھ ہجری۔

بحسب اقرار منظور لیفٹنٹ محمد علیخان صاحب زین العابدین گواہ شد | العبد احمد علیخان تاریخ پانزدہم رجب ۱۲۸۹ھ | باقرار احمد علیخان مہر نموده شد

مہر احمد علیخان ولد باقی محمد خان

گواہ شد بخشی محمد حسن خان عفی عنہ | گواہ شد منو خان نائب بخشی | گواہ شد لطیف محمد خان | گواہ شد مجیب محمد خان | گواہ شد احقر العباد ذکا کرشن پرشاد منتظم دفتر [illegible] | گواہ شد احقر بخشی [illegible] وکیل [illegible]

دستخط انگریزی صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر بھوپال وغیرہ

دولہن کے اعزہ و اقربا دونون کو مہمان بلاتے ہین، دعوت کرتے ہین اور حسب حیثیت جوڑے اور تحفے دیتے ہین -

سرکار قدسیہ مرحومہ نے بھی باوجود اسکے کہ وہ شادی مین شریک نہین کی گئی تھین جیسہ کرنے کیلیے ہم لوگون کو بلایا، مگر اجازت نہ دیگئی، جب بہت اصرار کیا اور یہ لکھا کہ "مینے جو جہیز وغیرہ تیار کرایا ہے جی چاہتا ہے کہ دولہا دولہن کو بلا کر دون" تو سرکار خلد مکان کی طرف سے یہ جواب لکھا گیا کہ "کئی بار گزارش کیا گیا ہے کہ اب ضرورت ایسی رسوم کے ادا کرنے کی حضور کو نہین ہے حضور کی دعا کافی ہے، خدا نے تعالی نے اپنے فضل و کرم سے نواب سلطان جہان بیگم کو سب کچھ دیا ہے، وہ کسی چیز کی محتاج اور حاجتمند نہین "

اس جواب کے ملنے سے اونکو جو صدمہ ہوا ہوگا اوسکا اندازہ تعلقات خاندانی اور اون کی فیاض طبیعت سے کیا جاسکتا ہے، یہ سب کیون ہوا؟ اسلیے کہ نواب صدیق حسن خان صاحب جانتے تھے کہ وہ آفتاب لب بام ہین یہ دولت اونکے یہان سے کیون نکلے جسپر وہ خود قبضہ کرنیوالے تھے اور ایسا ہی ہوا، کاشس وہ آتی ہی دولت جسکے نکلنے سے اون کو خلش ہوتی تھی محبت سے لیتے لیکن اون قدسی النفس اور بزرگ خاتون کا زندگی کے آخری دنون اور اس پیرانہ سالی مین دل نہ دکھاتے -

سرکار خلد مکان نے اس تقریب مین اپنی غریب رعایا کو بھی فراموش نہین کیا اون کو نقد انعام دیا گیا، اور یتیم و غریب لڑکیون کے لیے جو شادی کے قابل تھین صرف نکاح و شادی مرحمت فرمایا گیا -

اس فصل کے آخر مین مناسب معلوم ہوتا ہے کہ نواب نظیر الدولہ سلطان دولہا صاحب بہادر کے ذاتی خصوصیات اور خصائل حمیدہ کا بھی ذکر کیا جائے -

نواب احتشام الملک عالیجاہ نظیر الدولہ سلطان دولہا میر احمد علی خان صاحب بہادر

نواب صاحب خاندان جلال آباد کے محترم بانی سالار میر محمد جلال خان کی چھٹی پشت مین تھے، آپ کے خاندانی حالات، اور اعزازات جو حکومت سلاطین خاندان مغلیہ و گورنمنٹ برطانیہ مین ہوتے رہے "تاریخ جلالی" مین مفصل لکھے ہوے ہین، چونکہ راقمہ کو اختصار منظور ہے، اسلیے نواب صاحب کی ذاتی کیفیت لکھنے پر اکتفا کیا گیا۔

نواب صاحب موصوف بمقام جلال آباد بماہ ربیع الثانی ۱۲۷۵ھ پیدا ہوے، آٹھ سال کی عمر تک وہین نشو و نما اور تربیت پائی۔

۱۲۸۳ھ ہجری مین سرکار خلد نشین کے ہمراہ آگرہ سے بھوپال آئے، یہان انکی تعلیم و تربیت کا انتظام کیا گیا، نیز فنون سپہ گری کے ماہرین انکی اوستادی کیلیے مقرر ہوے، تھوڑے عرصہ مین اعلیٰ استعداد حاصل کر لی۔

نواب صاحب خلیق، مدبّر، دلیر، اور خوش اطوار تھے، وہ بہت خوشرو بھی تھے، جیسا کہ تصویر سے ظاہر ہوتا ہے، حلم بھی ان کی طبیعت کا ویسا ہی جوہر تھا جیسی کہ دلیری و خودداری۔

وہ وضع کے پابند تھے، ع "تواضع ز گردن فرازان نکوست" پر ہمیشہ اون کا عمل تھا، ملازمون کی خطاؤن سے کچھ اس انداز کے ساتھ درگذر کرتے تھے

کہ اون کے ملازمون کے دل مین اپنی خطا کی ندامت کے ساتھہ ایک گرویدگی، اور جوش احسانمندی پیدا ہوجاتا تھا۔ اپنے مخالفون سے بھی درگذر کرنے مین کبھی دریغ نہین کیا، اور نہ کبھی کسی اور وقت اون کو اپنی تکلیفات کے انتقام کا خیال آیا۔

وہ اپنے بچّون اور خاندان مین ہمیشہ گل خندان اور شگفتہ نظر آتے تھے، جو اجنبی شخص اون سے ملتا تھا، اون کے اخلاق کا ثنا خوان ہوتا تھا۔

وہ اپنے خاص خدام کے ساتھہ بے انتہا لطف و مدارات کا برتاو کرتی تھے لیکن اوس مین بھی ایک خاص رعب شامل ہوتا تھا، اون کو شکار، اور نشانہ بازی کا خاص شوق تھا، گھوڑے کی سواری، بہت پسند کرتے تھے، چوگان کو نہایت شائق تھے اون کا دل جوش تہور، و شجاعت، سے بھرا ہوا تھا، چونکہ وہ ایک ایسے زمانہ مین پیدا ہوے تھے جو امن و امان کا مرکز ہے اس لیے بجز شکار کے کوئی اور موقع اپنی شجاعت دکھلانے کا نہ ملا۔

وہ خود ہی اپنی وسیع معلومات، دانشمندی، اور عقل خداداد سے فائدہ حاصل نہین کرتے تھے بلکہ مجھے بھی اوس مین برابر کا شریک کرتے تھے، لباس و غذا مین فضول اور نمایشی تکلفات کو قطعاً ناپسند کرتے تھے، ضوابط اوقات کے نہایت مستعدی کیساتھہ پابند تھے۔ اونکو تعمیر مکانات سے خاص طور پر دلچسپی تھی چنانچہ عمارات "باغ حیات افزا" اور "صدر منزل" جو اسم بامسمیٰ ہے (کیونکہ میری صدر نشینی کا جلسہ اُسی مین ہوا تھا) اونکی خوش سلیقگی اور عمارتی دلچسپی کے نمونے ہین یہ باغ اور محل میرے زمانہ ولیعہدی مین میری اور اونکی جاگیر سے تیار ہوے ہین۔

قدرتی مناظر کے نظارے اون کو بہت پرلطف معلوم ہوتے تھے اور اکثر اپنی جاگیر کے موضع "سمروہ" مین جہان اونھون نے ایک مکان شکار کی ضرورت سے

تیار کرایا تھا ہفتون قیام کرتے تھے، ضیاء الدین کی ٹیکری جہان مین نے "قصر سلطانی" بنایا ہے اون کو نہایت پسندیدہ تھی اسی واسطے وہان کی مجموعی آبادی کا نام مینے "احمد آباد" رکھا ہے جو حقیقتاً ایک دلچسپ منظر اور فضا کی جگہ ہے۔

وہ اپنے اوس درجہ اور مرتبہ کو جو میرے شوہر ہونے کی حیثیت سے اونکو حاصل تھا اچھی طرح سمجھتے تھے اور اوس کا لحاظ کرتے تھے، کبھی ظاہر و باطن مین اپنے درجہ اور مرتبہ کے خلاف کوئی امر نہین کیا، وہ میرے سچے مددگار تھے اور مجھے ہمیشہ اونکی اصابت راے اور بیدار مغزی کا تجربہ حاصل ہوتا رہا، سچ تو یہ ہے کہ اون کے تجربون سے مجھے بہت سے قیمتی فوائد حاصل ہوے۔

اکثر پولیٹکل افسرون کو اون کی قابلیتون کی آزمائش کا موقع ملتا اور ہمیشہ اون کی نسبت عمدہ راے قائم کی گئی۔

کرنیل "بار صاحب" بہادر "و مسٹر بیلی صاحب" بہادر ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا اونکے متعلق خاص راے رکھتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ

"اگر وہ انگلستان مین ہوتے تو سلطنت کے اہم امور کے انتظام کے قابل ہوتے اور پولیٹکل ماہرون کے زمرہ مین اونکا نام لیا جاتا"

اون مین بردباری اور تحمل کی نہایت نمایان صفت تھی لیکن وہ اپنے اعزاز اور شان کے منافی کوئی بات برداشت نہین کر سکتے تھے۔

میں اس موقع پر بلاخوف تردید یہ بھی لکھتی ہون کہ میرے خاندانی جھگڑون مین جو پولیٹکل قالب مین ڈہل گئے تھے اونھون نے نہایت دانشمندی سے کام لیا اور کبھی کوئی امر ایسا نہین کیا، نہ مجھے ایسی ترغیب دی جس سے کوئی جھگڑا پیدا ہو یا کسی معاملہ مین طوالت ہوجاے

اسی وجہ سے مخالفون کو باوجود کوشش کے کوئی موقع نہ ملا وہ ہمیشہ ان ناگوار تنازعات پر متاسف رہتے تھے۔

سرکار خلد مکان کی محبت اور ادب ایک سعادت مند بیٹے کی طرح اونکے دل مین جاگزین تھا اور جب تک یہ جھگڑے نواب صدیق حسن خانصاحب کے برپا نہین کیے تھے سرکار خلد مکان بھی مادرانہ طور پر خیال و شفقت فرماتی تھین۔

نواب صاحب کو ہمیشہ اس بات پر فخر تھا اور خدا کا شکر کرتے تھے کہ فطرت نے اون کو حاسد نہین کیا بلکہ محسود بنایا ہے' اونھون نے اپنے مکارم اخلاق اور عمدہ عادات، وصفات اور اعلیٰ قابلیتون سے ثابت کر دیا کہ سرکار خلد نشین و خلد مکان کا انتخاب بدرجہ کمال اعلیٰ اور افضل تھا، چنانچہ اونہین کی بیش بہا تعلیم و تربیت کا نتیجہ ہے جو اون کے صاحبزادون مین عمدگی کے ساتھہ دیکھا جاتا ہے۔

سفر کلکتہ

اور

شرکت دربار اسٹار آف انڈیا

سنہ ۱۸۷۵ء مین تمام ہندوستان مین یہ خبر نہایت مسرت کے ساتھہ سنی گئی کہ حضور شاہزادہ ویلز (جو اسوقت سلطنت انگلستان پر بعظمت و اقبال حکومت فرما ہین) ہندوستان کی سیاحت کو تشریف لاتے ہین، اس خبر پر جو اظہار خوشی ہندوستان مین کیا گیا اوسکو حیطہ تحریر مین لانا مشکل ہے۔

ہندوستان مین انگریزی سلطنت کو قائم ہوے پوری ایک صدی گزر چکی تھی، لیکن اسوقت تک فرمان رواے سلطنت، یا ولیعہد سلطنت نے سرزمین ہند کو اپنی تشریف آوری سے رونق نہین بخشی تھی، ہندوستانی "ملکہ وکٹوریہ" کا نام عرصہ سے سنتے تھے اور اور اونکے ساتھہ ہندوستانیون کو ایک خاص محبت پیدا ہو گئی تھی، اسلیے اون کے فرزند ارجمند کا ہندوستان مین تشریف لانا اہل ہند کے لیے بیحد خوشی اور مسرت کا موقع تھا، اہل مشرق جو قرنہا قرن سے بادشاہی، اور شخصی حکومت کے عادی ہین، بادشاہ کی ذات کو خاص وقعت، اور عزت سے دیکھتے ہین۔

"پارلیمنٹری" حکومت، یا جمہوری سلطنت، یا پارٹی سسٹم، ایسے الفاظ ہین جو اہل مشرق خصوصاً ہندوستانیون کے لیے ایک حد تک اجنبی، اور غیر مانوس ہین، اگرچہ انگریزی حکومت کی بدولت مغربی خیالات ہندوستان مین پیدا

ہو چلے ہین مگر ہندوستانیون کی بادشاہ پرستی پران خیالات کا کوئی اثر نہین، اور عام طور پر ہندوستانیون کو گہری، اور دلی محبت، اور عقیدت قیصر ہند ہی کے ساتھہ ہے، اور قیصر ہند کو ہی اپنا اصلی بادشاہ، اور فرمان روا سمجھتے ہین، اور جمہوری سلطنت کے جسقدر اجزا حکومت ہند مین شامل ہین وہ سب ملک معظم کی ذات خاص کے تابع خیال کیے جاتے ہین، پس ایسے ملک مین سلطنت برطانیہ کے وارث کی تشریف آوری کی خبرون نے ایک دہقان سے لیکر والی ملک کے دلون تک مین عجیب جوش مسرت پیدا کر دیا تھا، بالخصوص ریاست بھوپال مین جسکو ابتدائے عملداری سے سلطنت برطانیہ کے ساتھہ ایک خوشگوار قابل یادگار تاریخی تعلق ہے اس خبر نے بے انتہا مسرت پیدا کی۔

صاحب پولیٹکل ایجنٹ بھوپال کے ذریعہ سے جب اس خبر کی باضابطہ تصدیق ہوئی تو سرکار خلد مکان نے خیر سگالی ولیسرائے ہند کی خدمت مین بذریعہ ایجنسی بھوپال خرائط ارسال کیے۔

"اسی دوران مین میجر سر ہنری ڈیلی صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا نے بھی بذریعہ مراسلہ مورخہ ۲ راگست ۱۸۷۵ء سرکار خلد مکان کو یہ اطلاع دی کہ شاہزادہ ولیعہد سلطنت ہند عطاے خطابات کے لیے جلسہ منعقد فرمائین گے"

اس مراسلہ کے جواب مین ۵ راگست ۱۸۷۵ء کو سرکار خلد مکان نے سر ہنری ڈیلی کو تحریر کیا کہ "آپ کی عنایت آمیز چٹھی کے آنے سے پیشتر مین دو خریطے اسمی جناب گورنر جنرل بہادر کشور ہند حسب قاعدہ ایجنسی سیہور کی معرفت ارسال کر چکی ہون، ایک خریطہ مین شہزادہ ویلز کی تشریف آوری پر تہنیت عرض کی گئی ہے اور دوسرے

خریطہ مین تحریر کیا گیا ہے کہ اگر کوئی دوسرا امر مانع نہوا تو نہایت مسرت کے ساتھ مین دربار مین شریک ہونگی" اس خریطہ کا جواب موصول ہونے کے بعد جو امر قرار پائیگا اوس کے موافق تعمیل کی جائیگی"۔

۶ راگست ۱۸۷۵ء کو سر ہنری ڈیلی نے خریطہ مذکورہ بالا کا حوالہ دیکر حسب ذیل چٹھی بھیجی :-

آپ کے خریطہ مورخہ ۲۵ رجولائی ۱۸۷۵ء موسومہ حضور ویسرا سے تحریر فرمانے کے بعد میری چٹھی آپکو پہنچی ہوگی جسمین مینے اطلاع دی ہے کہ پرنس آف ویلز عطاے خطابات کا جلسہ کلکتہ مین منعقد فرمائین گے، خیال رہے کہ ایسے جلسون مین خاص کر وہی لوگ شریک ہوتے ہین جنھون نے خطاب اسٹار آف انڈیا پایا ہے، یہ جلسہ کوئی دربار نہین ہے، اور نہ یہ جلسہ کسی خاص غرض سے ہے، اگر اس جلسہ "انوسٹیچر" مین جو بمقام کلکتہ ہوگا، یور ہائینس شریک نہ ہوسکین گی تو مجھے یقین ہے کہ سب کو افسوس ہوگا، پروگرام منعقد ہو چکا ہے لیکن حضور ویسرا صاحب کا ارادہ ہے کہ ایسے جلسے چند مقامات مین کیے جائین جنمین روساء و والیان ملک شریک ہوکر وارث تخت ملکہ کی تعظیم ادا کرین، مگر میرے خیال مین جو جلسہ کلکتہ مین ہونے والا ہے اوسمین شرکت کل ممبران "اسٹار آف انڈیا" کی ہوگی، ایسی صورت مین آپ غالباً اس خریطہ کو ارسال کرنا پسند نہین فرماوینگی، اور مین تا جواب آپ کے اس خریطہ کو ارسال نہین کرونگا۔

سرکار خلد مکان نے اس چٹھی کے جواب مین تحریر فرمایا کہ :-

"مینے خریطہ زیر بحث مین اپنی حاضری دربار کلکتہ سے انکار نہین کیا ہے، سیمجھے خود ملاقات حضور شہزادہ ویلز، اور شرکت دربار کلکتہ کی کمال آرزو ہے، اور انشاءاللہ تعالی حتی الامکان ضرور حاضر ہونگی، صرف یہ عذر تحریر کیا ہے کہ اگر بوجہ پیدائش اولاد نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ میرا کلکتہ جانا نہ ہو تو میری جانب سے میرے شوہر حاضر دربار ہونگے، پس اگر آن شفیق کے نزدیک مصلحت یہی ہے کہ مین خود شریک دربار ہون تو مناسب ہے کہ خریطہ مذکور واپس عنایت ہو تا کہ اوسکی عبارت درست کر دیجاے۔

اس خریطہ مین چند امور متعلق تشریف آوری شہزادہ ممدوح کا استفسار کیا گیا ہے اون کو بدستور قائم رکھا جاے گا تا کہ اوسکے موافق پیشتر سے مناسب بندوبست ہو سکے۔

حضور شہزادہ ویلز کا تشریف لانا ایسا نہین ہے کہ اونکی تعظیم و محبت کا خیال کسی کو نہو، خصوصاً اس مخلصہ کو جو خاص وابستہ دامن دولت سرکار انگلشیہ ہے۔"

چند روز کے بعد لارڈ نارتھ بروک ویسراے کشور ہند کا خریطہ مورخہ ۱۶ اگست ۱۸۷۵ء مطابق ۱۲۹۲ھ موصول ہوا جسکی نقل ذیل مین درج کیجاتی ہے:-

خریطہ ہز ایکسیلنسی لارڈ نارتھ بروک صاحب بہادر گورنر جنرل و ویسراے کشور ہند مرقومہ ۱۶ اگست ۱۸۷۵ء

مہربانی نامہ مودت طراز مرقومہ دوازدہم جولائی ۱۸۷۵ء مشعر اظہار رحم دل

مسرت و سرور موصول شده مژده عنقریب رونق افروزی عالیجناب والا تبار شاهزاده ویلز بهادر به دربار هند و استدعاے تبلیغ مراسم مبارکباد ی خیر مقدم از طرف آن مشفقه خدمت شاهزاده ممدوح بر وقت ورود مسعود محتشم الیه بوساطت ایجنٹ دوستدار از نعینه ممالک وسط هند موصول گشت، همانا این گونه تازه آثار عقیدت و خیر سگالی آن مکرمه نسبت مراتب افزائی دیهیم سلطنت انگلستان موجب مسرت و شادمانی دوستی پرست گردید، دوستدار به کمال طیب خاطر درموقع اول مبارک بادهاے آن مشفقه را به شاهزادهٔ مصدر الصدر خواهد رسانید تر صد که دوستی آثار را همواره خواهان مژده خیر و عافیت خود دانسته بارقام واطلاع آن مسرور و مبتهج ساخته باشند۔

اسی سلسلہ میں صاحب پولٹیکل ایجنٹ بھوپال نے سرکار خلد مکان کو اطلاع دی کہ-

"سکریٹری گورنمنٹ ہند نے صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کو تحریر کیا ہے کہ دیسی رؤسا بوقت ملاقات شہزادۂ ویلز اپنی ریاستوں کی دستکاری کے نمونے یا دیگر اشیا بطور ہدیہ پیش کر سکتے ہیں، لیکن اونکی قیمت زیادہ نہ ہونی چاہیے، اگر آپ کچھ اشیا ساخت بھوپال حضور ممدوح کی خدمت میں پیش کرنے کی خواہش رکھتی ہوں تو موجب ہدایات مراسلہ[1] مذکور جس کا

---

[1] ترجمہ مراسلۂ صاحب سکریٹری گورنمنٹ آف انڈیا موسومہ صاحب والا جاہ ایجنٹ نواب گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا، مورخہ ۵ راگست ۱۸۷۵ء مطابق ۳ رجب ۱۲۹۲ھ نمبر ۲۱۷۹

۱- جناب مستطاب معلی القاب نواب گورنر جنرل بہادر با جلاس کونسل مسرا ایما ہوا ہے کہ بوقت تشریف آوری جناب شاہزادہ ویلز بہادر کے جو احکام اور ہدایات بابتہ ادائے نذرانہ منجانب رؤسا وعطائے خلعت وقت

ترجمہ ارسال خدمت ہے تعمیل کیجاے، اور جو اشیا آپ تجویز فرمائین اونکی
فہرست مع تفصیل قیمت کے اطلاع دیجاے"

پولیٹکل ایجنٹ صاحب بہادر بھوپال نے سرکار خلد مکان کو بذریعہ یادداشت مورخہ ۱۴ اگست ۱۸۷۵ء تحریر کیا کہ "جو نائٹ دربار اسٹار آف انڈیا مین شریک ہونگے اون کو اپنے طبقہ کا لباس اور نشان زیب تن کرنا ضرور ہوگا، لباس اور تمغہ اسٹار آف انڈیا کی تجدید بشرط ضرورت کی جاسکتی ہے، اور مناسب ہوگا کہ سرکار عالیہ اپنے کسی معتمد کو کلکتہ بغرض انتظام و آرائش فرودگاہ روانہ فرمائین"

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) ملازمت شاہزادہ صاحب بہادر صادر ہوے ہین، اونسے آپ کو اطلاع دی جاوے

۲- جناب مستطاب معلی القاب نواب گورنر جنرل بہادر کا منشا یہ ہے کہ رؤساے ہندوستان جو واسطے ملازمت جناب شاہزادہ صاحب کے کلکتہ، و بمبی، یا کسی اور جگہ بلائے جائین گے، حتی الامکان اون کے مصارف زیادہ نہون اسواسطے جناب نواب گورنر جنرل صاحب بہادر، دربار شاہی شان و شوکت سے نہین فرمائین گے، اور اداے پیشکش، و عطاے خلعت کی رسوم معمولی جو دربار کے وقت ہوتی ہین ادا نہ ہونگی، لیکن نواب گورنر جنرل بہادر ملاقات آمد و بازدید رؤساء سے فرمائین گے، اور اوس مین حسب دستور تعظیم و تکریم ادا ہوگی۔

۳- جس طرح نواب گورنر جنرل بہادر آمد و بازدید کی ملاقات رؤساء سے فرماتے ہین اوسی طرح جناب شاہزادہ صاحب رؤساء سے ملاقات آمد و بازدید کی فرمائین گے، اور نذرانہ و پیشکش، اور عطاے خلعت وغیرہ کی رسوم معمولی جو وقت واقع ہونے دربار ادا ہوتی ہین، نہین ہونگی۔

۴- شاید رؤساء اور والیان ہندوستان کوئی اشیاء دستکاری، و صناعی جو اون کے علاقہ مین ساخت ہوتی ہین بطور نمونہ کے جناب شاہزادہ صاحب کے حضور مین پیش کرین گے، اور بعض رؤساء اَوتحفہ جناب شاہزادہ صاحب کی جناب مین گزارینگے۔

اسی اثنا مین ہز ایکسلنسی لارڈ نارتھ بروک صاحب بہادر گورنر جنرل کشور ہند کا خریطہ مورخہ ۱۰ ار دسمبر ۱۸۷۵ء بجواب خریطہ سرکار خلد مکان موصول ہوا، اور دربار اسٹار آف انڈیا کا انعقاد یکم جنوری ۱۸۷۶ء کو بمقام کلکتہ قرار دیا گیا، اس دربار کے شرکت کی باضابطہ دعوت بھی بذریعہ چٹھی سکریٹری طبقہ اسٹار آف انڈیا موصول ہوئی۔

۲۰ ستمبر کو صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے بحوالہ چٹھی سکریٹری گورنمنٹ ہند سرکار خلد مکان کو مطلع کیا کہ "جو مکان فرمان روائے بھوپال کے واسطے کلکتہ مین مخصوص کیا گیا ہے اوسکا کرایہ سرکار عالیہ سے نہین لیا جاے گا، اوس مکان کے پرائیوٹ کمرہ کی آرائش اور لوازم ضروری کا اہتمام منجانب گورنمنٹ کیا جاے گا، اور اوس مکان مین جو دربار عام کا کمرہ ہے اوسکی درستی و آراستگی معتمد ریاست کے ذریعہ سے ہوگی اور توشہ خانہ گورنمنٹ سے مدد مطلوبہ دیجایگی"

اسی کے ساتھ دوسری یادداشت مین درج تھا کہ "جناب شہزادہ صاحب بہادر

۵ - جناب نواب گورنر جنرل کی جانب سے ایسے تحفہ کے پیش ہونے مین کچھ اعتراض نہین ہے جو شہزادہ صاحب کے حضور مین پیش ہوگا، لیکن جناب معتشم الیہ کا یہ منشا ہے کہ جو تحفہ حضور ممدوح کی خدمت مین پیش کیا جاے وہ قیمت مین زیادہ نہ ہو، او مقدار اوسط درجہ کی ہو۔

۶ - یہ تحفہ توشکخانہ سرکاری مین داخل نہ ہوگا۔ پس اشیاء او تحفہ مذکور ایسا ہونا چاہیے کہ جو بطور یادگار شاہزادہ صاحب کے پاس رہنے کے لائق ہو۔

۷ - روسا اشیاء صناعی اور قیمت اشیاء تحفہ سے اول معرفت صاحبان پولٹیکل ایجنٹ بہادر وغیرہ افسران جنکی دساطت تحریرات روسا جاری ہون نواب گورنر جنرل صاحب بہادر ہندوستان کو اطلاع دین تاکہ منظوری شاہزادہ صاحب کی حاصل کیجائے علاوہ شرط مندرجہ فقرہ صدر کے اور نذرانہ جانب روسا اور والیان ہند سے منظور خاطر جناب شاہزادہ صاحب کے نہوگا۔

کوئی دربار منعقد نہین فرمائین گے، بلکہ جلسہ خاص جو کلکتہ مین منعقد ہوگا وہ جلسہ "چیپٹر" (ستارۂ ہند) کے نام سے موسوم ہوگا، از روے قواعد طبقہ مذکور جنسے آپ واقف ہین کوئی شخص بجز نائٹ طبقہ ستارہ ہند کے اوسکے فرائض بجا نہین لاسکتا، اسلیے آپکا اس جلسہ مین شریک ہونا ضروری ہے، سکرٹیری گورنمنٹ ہند نے یہ بھی تحریر کیا ہے کہ اگر نواب بیگم صاحبہ کی شرکت مین کوئی امر مانع ہو تو اونکو چاہیے کہ جبلپور، یا اکبر آباد مین شاہزادہ صاحب بہادر سے ملاقات کرین، لیکن امید ہے کہ نواب بیگم صاحبہ جیسا کہ اس سے قبل قرار پاچکا ہے، دربار اسٹار آف انڈیا مین شریک ہون، چنانچہ آپکی یادداشت مورخہ ۱۰ ستمبر ۱۸۷۵ع سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ بطیب خاطر قبل یکم جنوری ۱۸۷۶ع کلکتہ مین داخل ہونگی، میری بھی یہی راے ہے کہ سرکار عالیہ چند روز قبل کلکتہ پہنچ جائین اور دربار طبقہ اسٹار آف انڈیا مین شریک ہون، اور ایسے عظیم الشان دربار مین شریک ہونا سرکار عالیہ کے لیے باعث افتخار ہوگا۔

۲۷ شعبان ۱۲۹۲ھ = ۲۸ ستمبر ۱۸۷۵ع کو ایک یادداشت متعلق شرکت دربار کلکتہ معرفت صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر بحضور نواب گورنر جنرل بہادر ویسرا مے کشور ہند ارسال کی گئی۔

نائب وکیل نے کلکتہ جاکر فارن سکرٹیری اور سپرنٹنڈنٹ توشہ خانہ کی مدد سے مکانات دیکھے، اور مفصل کیفیت اور مکان کے نقشہ سے سرکار خلد مکان کو اطلاع دی، یہ مکان چھاونی ٹیا برج مین نہایت عمدہ موقع پر واقع تھا۔

۲۳ اکتوبر ۱۸۷۵ع کو بذریعہ وکیل ریاست صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر سے دریافت کیا گیا کہ "نشست پردہ، چلمن، اور قبول دعوت کے لیے جو خریطہ ہز ایکسلنسی

ویسراے صاحب بہادر کی خدمت مین ارسال کیا گیا تھا ہنوز اوس کا جواب نہین آیا اگر ممکن ہوسکے تو منشاے حضور ویسراے بہادر سے مجھے اطلاع دیجاے"۔ اسی اثنا مین صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر بھوپال آئے، اور لوازمہ اسٹار آف انڈیا کو جو سرکار خلد مکان زیب تن کرنے والی تہین ملاحظہ کیا، اور اوسی دن شام کے وقت سرکار خلد مکان سے پرائیوٹ ملاقات کی جس مین صرف نواب صدیق حسن خان صاحب اور مدار المہام صاحب بہادر شریک تھے۔

یہ ملاقات نشست پردہ چلمن کے متعلق تھی جسکی بابتہ سرکار خلد مکان نے ہزاکسیلنسی ویسراے ہند کی خدمت مین خریطہ لکھا تھا، اثناء گفتگو مین سرکار خلد مکان نے بعض رانیون اور بیگمات کی مثالین اپنی تائید مین پیش کین، جنپر صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے جواب مین کہا کہ "اگر اس طرح کے پردہ سے ملاقات کی خواہش ہے تو ہزاکسیلنسی ویسراے اور حضور شہزادہ صاحب سے صرف خانگی ملاقات ہوسکتی ہے، سرکاری ملاقات سے کچھہ تعلق نہوگا"۔

اس مسئلہ پر بہت کچھہ رد و کد رہی، اور بالآخر سرکار خلد مکان نے مصلحت وقت پر غور کرکے نہایت دانشمندی سے کام لیا، اور برقع کے ساتھہ دربار مین شریک ہونا قبول کیا۔

اگرچہ سرکار خلد مکان کا دلی ارادہ اوسی جوش و خلوص عقیدت کے ساتھہ جسکے لیے فرمان روایان بھوپال مشہور ہین، اس جلسہ مین شریک ہونے اور ہز رائل ہائینس شہزادہ ویلز سے شرف حضوری حاصل کرنے کا تھا لیکن اون کا مکنون خاطر یہی تھا کہ نواب صدیق حسن خان صاحب بجاے اون کے دربار مین شریک ہون، اور اس طرح

اونکے اعزاز و اقتدار مین ترقی ہو، اور اونکا درجہ عملاً مثل نوابان سابق مان لیا جاے جو بھوپال کے اصلی فرمان روا گذرے تھے، اسلیے اس قسم کی پیچیدگیان پیدا گئین۔

سب سے پہلے بمقام بمبئی استقبال کے لیے نواب صدیق حسن خان صاحب کے بھیجنے کی خواہش کرنا، اور پھر دربار کلکتہ مین سرکاری طور پر بجاے اپنے اونکے شریک ہونے کی تحریک کرنا، اور بالآخر پردہ کا عذر پیش کرنا محض غرض مذکورہ کے لیے تھا، حالانکہ نہ ان بحثون کی ضرورت تھی، اور نہ ایسی خواہش کا پورا ہونا ممکن ہوسکتا تھا، اور نہ برقع پہنکر مسلمان بیگمات کے لیے باہر جانا شرع شریف کی روسے ممنوع ہے، اور نہ ایک فرمان روا کے لیے دربار کی شرکت کسی طرح قابل اعتراض ہوسکتی ہے۔

سرکار خلد مکان کو یہ مشورہ دیا گیا، اور سمجھایا گیا تھا کہ اگر سرکار دربار مین شریک نہ ہونگی تو سرکار کی قدر و منزلت مین کوئی فرق نہ آئےگا، لیکن بجاے سرکار کے نواب صدیق حسن خان صاحب شریک ہوے تو اونکے مرتبہ و عزت مین بہت کچھ اضافہ ہوجائیگا، چونکہ سرکار خلد مکان کی سب سے بڑی خواہش یہ تھی کہ نواب صدیق حسن خان صاحب کو ہر ایسا اعزاز جو گورنمنٹ کی طرف سے عطا کیا جاسکتا ہے، حاصل ہو، اسیلے اونھون نے اون دلی جذبات کو جو ایسے موقع پر غیر معمولی طور پر اودین پیدا ہوجاتے تھے اوس خواہش کے نیچے دبا دیا۔

سرکار خلد مکان کی خواہش کا اظہار حسب ذیل پروانہ سے جو مدار المہام صاحب کے نام لکھا گیا تھا نہایت صاف طور پر ہوتا ہے۔

پروانہ موسومہ مدار المہام صاحب بہادر

خریطہ نواب گورنر جنرل صاحب بہادر سے تشریف آوری ہنر رائل ہائنس

پرنس آف ویلز بہادر ولیعہد انگلستان و ہندوستان کی براہ بندر بمبئی معلوم ہوئی،
اسمین بعض رؤسا ہند استقبال کے واسطے جائین گے، مین بھی بنظر فرط
خلوص و خیر سگالی اپنی طرف سے استقبال کرنا چاہتی ہون، بہ سبب قرب زمانہ
ولادت اولاد نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ میرا جانا مشکل ہے، اسلیے
اپنی جانب سے نواب صاحب کو استقبال کے لیے بھیجنا چاہتی ہون لیکن
بعد اجازت صاحب والاشان ایجنٹ لارڈ اب گورنر جنرل صاحب بہادر سنٹرل انڈیا
اس صورت مین اتنا ضرور ہے کہ مراتب اعزاز نواب صاحب بہادر کے
مثل اعزاز و مراتب میرے گورنمنٹ کی طرف سے ادا ہون تاکہ مجمع
رؤسا مین بوجہ نہ ادا ہونے اون مراتب کے سبکی ریاست بھوپال کی نہو،
آپ اس مقدمہ مین پہلے استمزاج صاحب بہادر محتشم الیہ کا بجواب میری
تحریر کے کرلین، اگر منظور فرمائین تو حسب سررشتہ بہ تحریر خریطہ اجازت
روانگی نواب صاحب بہادر حاصل کیجاے، تاکہ بمقام بمبئی استقبال کیواسطے
جائین، اور مین بمقام کلکتہ دربار مین حاضر ہون، اوسوقت مراتب رئیسانہ
صرف میرے ساتھہ ادا ہون، اور بمقام بمبئی، و کلکتہ دونون جگہ اخلاص مندی
نسبت خاندان جناب ملکہ معظمہ بادشاہ ہند و انگلنڈ منقوش خاطر عاطر
جناب شاہزادہ ولیعہد صاحب بہادر و دیگر اہالی سرکار موصوف ہو۔

اس پروانہ کے علاوہ اور خط و کتابت بھی جو صاحب پولیٹیکل ایجنٹ بہادر سے جاری
رہی اوسکا اندراج اس موقع پر غیر ضروری اور لاحاصل ہے، کیونکہ یہی حالات خواہش،
اور اوس خواہش کے اسباب کے اندازہ کے لیے کافی ہین لیکن اس خواہش اور

کوشش کے برعکس نتائج ظہور پذیر ہوے -

اگرچہ درباروں مین فرمان رواے ریاست کے ساتھ ولیعہد کا جانا لازمی اور ضروری نہین ہے، اور چونکہ صاحبزادی کی ولادت[1] کو بہت قریب زمانہ گذرا تھا، اس لیے بوجہ ضعف ونقاہت مشکل تھا کہ مین صعوبات سفر کی متحمل ہوسکون، لیکن سرکار خلد مکان نے ولادت سے بیس روز کے بعد ایک مرتبہ مجھسے فرمایا کہ "تم ہمارے ہمراہ کلکتہ چلو، کیونکہ ہم تم کو یہان تنہا نہین چھوڑ سکتے، نہ ہماری محبت یہ گوارا کرسکتی ہے کہ اس قدر عرصہ تک تم تنہا اور جدا رہو"

تمہاری ملاقات کا حسب رواج ریاست ویساہی انتظام کیا جائے گا[2] جیسا کہ سرکار خلد نشین کے زمانہ مین میری ملاقات کا انتظام ہوتا تھا، اور اس صورت مین تمکو برقع سے جانے کی ضرورت نہ ہوگی -

چونکہ میرا شیوہ ہمیشہ بجا آوری احکام تھا مینے سفر کو منظور کیا، صبح کو یہ گفتگو ہوئی شام کو پھر سرکار خلد مکان تشریف لائین، اور فرمایا کہ "جب مین برقع پہنکر دربارون مین جاتی ہون تو تم کو بھی اوسیطرح برقع پہنکر چلنا ہوگا" میرا کام بجز تسلیم کے اور کچھ نہ تھا مینے

---

[1] ۲۴ رمضان ۱۲۹۴ھ = ۲۵ اکتوبر ۱۸۷۵ء شب دوشنبہ ایک بجکر ۲۴ منٹ پر صاحبزادی بلقیس جہان بیگم صاحبہ پیدا ہوئی تھین -

[2] سرکار خلد نشین کے زمانہ مین سرکار خلد مکان چلمن سے ملاقات وگفتگو فرماتی تھین جبکہ جب دربار آگرہ مین سرکار خلد نشین کو اسٹار آف انڈیا کا تمغہ ملا تھا تب بھی ملاقات بازدید کے وقت کمرہ دربار سے ملے ہوے ایک چھوٹے کمرہ مین چلمن لگا دی گئی تھی، اور اوس کمرہ مین سرکار خلد مکان تشریف فرما تھین، ہزاکسلنسی وایسراے جب تشریف لاے تو سرکار خلد مکان سے اور اون سے اسی چلمن ہی ملاقات وگفتگو ہوئی -

اپنی ڈیوڑھی مین سفر کے متعلق حسب سررشتہ احکام جاری کیے، لیکن ان مختلف احکام کا راز یہ تھا کہ چونکہ نواب صدیق حسن خان صاحب کو سرکار خلد مکان کے قائم مقام کی حیثیت سے شریک ہونے مین ناکامی ہوئی تھی تو وہ یہ چاہتے تھے کہ سرکار خلد مکان کے بعد جو سب سے بڑا امتیازی رتبہ ہے اوسکو خود حاصل کرین، یعنے مین اس موقع پر جانے کو غیر ضروری سمجھکر برقع سے جانا پسند نہ کرون، تو وہ میری جگہ پر بیٹھین، اسلیے اونھون نے سرکار خلد مکان کو یہ مشورہ دیا کہ وہ مجھے حکم دین کہ میرا برقع پہنکر جانا ضرور ہے۔

ان بحثون کے طے ہونے کے بعد حسب ہدایت سرکار خلد مکان انتظامات روانگی کیے گئے، اور ضروری سامان جو کلکتہ مین حسب خواہش دستیاب نہ ہوسکتا تھا بھوپال سے روانہ کیا گیا۔

سرکار قدسیہ مرحومہ نے باوجودیکہ پیرانہ سالی کے سبب سے بالکل گوشہ نشین ہوچکی تھین محض شہزادۂ ولیعہد سلطنت سے ملنے کی تمنا مین خواہش کی کہ سرکار خلد مکان کے ہمراہ کلکتہ چلین، لیکن چونکہ اونکی موجودگی مین نواب صدیق حسن خان صاحب کے اپنے مقاصد مین ناکام رہنے کا اندیشہ تھا اسلیے اونکی خواہش نامنظور کی گئی۔

یکم ذیقعدہ ۱۲۹۲ھ = ۳۰ نومبر ۱۸۷۵ء کو ایک قافلہ (۷۸) اشخاص کا مع سامان ضروری مثل خیمہ وبگھی غلام محبوب خان مہتمم کارخانہ جات ریاست کے ہمراہ بطور پیش خیمہ روانہ کیا گیا، یہ قافلہ منزل بمنزل ۵ ذیقعدہ کو اٹارسی پہنچا، اور وہان سے بذریعہ ریل روانہ ہوکر ۱۰ ذیقعدہ کو کلکتہ داخل ہوا، اور کوٹھی نمبر ۲۳ محلہ موچی کھولا متصل کوٹھی مجوزہ گورنمنٹ عالیہ مین اوس نے قیام کیا۔

۳۰ نومبر ۱۸۷۵ء = یکم ذی قعدہ ۱۲۹۲ھ کو صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر کا

لشکر براہ اٹارسی کلکتہ روانہ ہوا، لیکن کرنل جان ولیم ولبی آسبورن صاحب بہادر سی۔بی۔ یکم دسمبر ۱۸۷۵ء کو سیہور سے بھوپال آئے، اور ہم سے چار دن پہلے اٹارسی پہنچ گئے۔

۷ ذیقعدہ ۱۲۹۲ھ = ۶ دسمبر ۱۸۷۵ء کو بروز دوشنبہ سرکار خلد مکان نے بہمراہی ۴۲ معززین اور ۷۹ دیگر اشخاص کے بھوپال سے کوچ کیا، میں اور نواب احتشام الملک عالیجاہ، اور نواب صدیق حسن خان صاحب بھی سرکار عالیہ کے ساتھ روانہ ہوئے، اول مقام "شکھیڑہ" میں ہوا، دوسرے روز ۸ تاریخ کو شکھیڑہ سے روانہ ہوکر "چوکا" میں قیام کیا، اور ۹ تاریخ کو "چوکا" سے روانہ ہوکر "جوشی پور" میں دو مقام کیے "جوشی پور" سے روانہ ہوکر ۱۱ ذیقعدہ = ۱۰ دسمبر کو یہ قافلہ "اٹارسی" پہنچا صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر[1] بھی وہاں موجود تھے۔

"اٹارسی" سے بسواری ریل روانہ ہوکر ۱۲ ذی قعدہ کو سب "الہ آباد" پہنچے، چونکہ یوم یکشنبہ تھا اس روز سلامی سر نہوئی، دوسرے دن صبح کو شلک سلامی سر کی گئی، ۱۵ دسمبر ۱۸۷۵ء = ۱۶ ذی قعدہ ۱۲۹۲ھ کو چہارشنبہ کے دن داخل کلکتہ ہوئے۔

کپتان ٹڈوت صاحب بہادر۔ اے۔ ڈی سی، اور کیری صاحب بہادر انڈر سکریٹری گورنمنٹ ہند نے اسٹیشن پر استقبال کیا، اور سرکار خلد مکان کو، اور مجھ کو زنانہ گھی میں، اور نواب صدیق حسن خان صاحب کو اپنے ساتھ سوار کرا کے فرودگاہ میں تشریف لے گئے، چونکہ ہم حضور ویسرائے صاحب بہادر کے مہمان تھے

---

[1] صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر

اس واسطے ہمارے کھانے کا انتظام گورنمنٹ کی جانب سے کیا گیا تھا، اور یہ انتظام برابر ایک ماہ زمانہ قیام کلکتہ تک نہایت عمدگی اور خوش اسلوبی کے ساتھ رہا۔

۲۳ر دسمبر ۱۸۷۵ء = ۲۴ر ذی قعدہ ۱۲۹۲ھ کو سرکار خلد مکان مع اخوان وارا کین ذیل :-

"نواب صدیق حسن خان صاحب، نواب احتشام الملک عالیجاہ بہادر، میاں ظہیر محمد خان، منشی جمال الدین خان صاحب بہادر (مرحوم) میاں عالمگیر محمد خان وغیرہ کے ہز ایکسلنسی وایسرائے کی ملاقات کو گئیں، ہز ایکسلنسی کے سکریٹری، اور اے۔ ڈی۔ سی۔ نے ہمارے قیام گاہ تک

سلہ (ملاقات کا پروگرام) یوم جمعہ وقت نواختن یازدہ گھنٹہ روز تاریخ ہفتہ ہم ماہ دسمبر ۱۸۷۵ء مطابق ہجدہم ماہ ذی قعدہ ۱۲۹۲ھ کو دربار لارڈ صاحب بہادر میں نواب بیگم صاحبہ مشفقہ و مکرمہ کی ملاقات، تھرون روم میں ہوگی، گورنر جنرل صاحب بہادر مع دیگر صاحبان بہادر شریک اوسمیں ہونگے، لارڈ صاحب بہادر کی کوٹھی سے دس بجے صبح ایک بگھی نواب بیگم صاحبہ مشفقہ مکرمہ کی کوٹھی پر واسطے لانیکے جاویگی اوسمیں ملیٹری سکریٹری صاحب بہادر اور انڈر سکریٹری صاحب بہادر اور ایک صاحب ہونگے، اور جسوقت نواب بیگم صاحبہ رئیسہ بھوپال لارڈ صاحب بہادر کی کوٹھی پر پہنچیں گی، بڑے دروازہ پر ملیٹری سکریٹری صاحب بہادر، اور انڈر سکریٹری صاحب بہادر، نواب بیگم صاحبہ مشفقہ مکرمہ کو اوپر تک پہنچاوین گے سیڑھی کے اوپر سکریٹری اعظم صاحب بہادر موجود ہونگے، اور نواب بیگم صاحبہ مکرمہ کو دربار کے کمرہ میں لیجاوینگے، اور لارڈ صاحب بہادر تخت کے کمرہ سے دروازہ کے متصل آدھے کمرہ تک نواب بیگم صاحبہ مکرمہ کے ملنے کو آوینگے اور نواب بیگم صاحبہ مکرمہ کو لیکر اپنے داہنے ہاتھ کے کمرہ میں بٹھاوینگے، اور نواب بیگم صاحبہ مشفقہ و مکرمہ کے داہنے ہاتھ پر پولیٹکل ایجنٹ صاحب بہادر بیٹھین گے اور اونکے داہنے ہاتھ پر آٹھ درباری نواب بیگم صاحبہ مشفقہ و مکرمہ کے بیٹھین گے، اون کی فہرست نواب بیگم صاحبہ مشفقہ و مکرمہ اینجانب کے پاس بھیجدیں لارڈ صاحب بہادر کے بائیں ہاتھ پر سکریٹری اعظم صاحب بہادر بیٹھین گے، بعد اوسکے جنرل صاحب بہادر، بعد اوسکے

استقبال کیا، اور اوسی روز سہ پہر کو ہز ایکسلنسی ممدوح الشان ملاقات بازدید کیلیے ہماری کوٹھی فرودگاہ پر تشریف لاے، سرکار خلد مکان کی طرف سے نواب صدیق حسن خان صاحب نے کوٹھی قیامگاہ سے سالار جنگ بہادر تک استقبال کیا، مین بوجہ ناسازی مزاج اس ملاقات مین شریک نہ ہوسکی، باقی اور معززین جو دربار مین تھے شریک ہوے -

۲۳ دسمبر ۱۸۷۵ء کو ہز رائل ہائنس پرنس آف ویلز کے کلکتہ مین ورود مسعود کا مبارک دن تھا، تمام رؤسا جو کلکتہ مین مدعو اور موجود تھے ساحل سمندر پر برطانیہ عظمیٰ کے ولیعہد کے استقبال کے لیے حاضر تھے، لیکن سرکار خلد مکان پر ہز ایکسلنسی ویسرا سے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) ملیٹری سکریٹری اور انڈر سکریٹری صاحب بہادر اور مصاحب لارڈ صاحب بہادر بیٹھین گے، نواب بیگم صاحبہ مشفقہ و مکرمہ کو نذر یکصد و پنجاہ و یک اشرفی لارڈ صاحب بہادر کو دینا ہوگی، لارڈ صاحب بہادر ہاتھ رکھ کے معاف کرینگے، بعد تھوڑی دیر کے صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر آٹھ درباری نواب بیگم صاحبہ مشفقہ کے لارڈ صاحب بہادر کے سامنے لیجا وینگے، اور نام بتلا وینگے، لارڈ صاحب بہادر کو وہ سب لوگ ایک ایک اشرفی نذر دکھلا وینگے وہ ہاتھ رکھکر معاف فرما وینگے، بعد اوس کے لارڈ صاحب بہادر نواب بیگم صاحبہ مشفقہ و مکرمہ کو عطر و پان اپنے ہاتھ سے دینگے، اور سکریٹری صاحب بہادر بڑے لوگون کو پھر اون کے بعد کے لوگون کو انڈر سکریٹری صاحب بہادر عطر و پان دینگے، پھر لارڈ صاحب بہادر نواب بیگم صاحبہ مشفقہ و مکرمہ کو بیچ کے کمرہ تک پہنچا وینگے، وہان سے سکریٹری اعظم صاحب بہادر سیڑھی کے اوپر تک لیجا وینگے، اور وہان سے انڈر سکریٹری صاحب بہادر، اور ایک صاحب بہادر مصاحب لارڈ صاحب بہادر کے ساتھ ہوکر نواب بیگم صاحبہ مشفقہ و مکرمہ کو کوٹھی فرودگاہ تک پہنچا وینگے، اور آنے اور جانے کے وقت سوار ہمراہ ہونگے اور لارڈ صاحب بہادر کی کوٹھی کے سامنے سلامی کمپنی کی ہوگی، اور قلعہ سے (۱۹) فیر توپ کی سلامی نواب بیگم صاحبہ مشفقہ و مکرمہ کی سر ہوگی -

ہند نے یہ خاص عنایت فرمائی کہ بجاے ساحل پر حاضری کے "ایوان گورنری" مین اپنی صاحبزادی کے پاس بٹھلایا، جب ہز رائل ہائینس شہزادہ ویلز اپنے جہاز سے اوتر کر داخل ایوان گورنری ہوے، تو سرکار خلد مکان و حضور ممدوح مین رسم سلام و مزاج پرسی عمل مین آئی، اسکے بعد سرکار خلد مکان اپنی فرودگاہ کو واپس آگئین۔

۲۴ دسمبر کو سرکار خلد مکان مع میرے و دیگر عمائد دربار کے رسمی[1] ملاقات کے لیے "ایوان گورنری" کو گئین۔

---

[1] کل کے روز بارہ بجے ملاقات سرکار کی شاہزادہ صاحب بہادر سے بطور تنہائی و دوستانہ لارڈ صاحب بہادر کی کوٹھی مین ہوگی، اور شاہزادہ صاحب بہادر نے ملاقات دربار کے سوا یہ ملاقات دوستانہ رئیسون سے مقرر فرمائی ہے تاکہ اونسے شوقیہ گفتگو بھی کرین، اور نیز کے طور پر اونسے ملین، استقبال کی رسم اس طرح پر ادا ہوگی کہ لارڈ صاحب بہادر کی کوٹھی سے پانچ چھہ سو قدم کے فاصلہ پر سکریٹری اعظم وغیرہ صاحبان ہمراہی خاص شہزادہ صاحب بہادر کہ اونین گورنمنٹی کے سکریٹری وغیرہ ہونگے، آوینگے، اور رئیسون کو شاہزادہ صاحب بہادر کے پاس لیجاوینگے، اور آٹھ سات آدمی درباری وقت ملاقات شاہزادہ صاحب بہادر و نواب بیگم صاحبہ مشفقہ مکرمہ کو آوین، اور روسا کی کوٹھیون پر اس سبب سے استقبال نہین کیا جائیگا کہ مختلف مقامات پر فاصلہ دور و دراز ہے، ہر ایک کے لیے جدا جدا استقبال اور کوٹھی تک لیجانے مین بہت طوالت ہوتی ہے، اور یہ ملاقات شاہزادہ صاحب بہادر نے دوستانہ طور پر تجویز فرمائی ہے، شاہزادہ صاحب بہادر کے قریب نواب بیگم صاحبہ مشفقہ مکرمہ، اور دو چار صاحبان بہادر ہمراہی شاہزادہ صاحب بہادر ہونگے، اور لوگ [illegible] ہمراہی نواب بیگم صاحبہ مشفقہ مکرمہ قریب کے کمرہ مین بٹھلائے جاوینگے جو وہان سے متصل ہوگا اور نذر رئیسون کی اس دربار مین نہین ہوگی، جو لوگ ہمراہ ہونگے انکی نذر صاحب ایجنٹ بہادر کے پیش کرانے سے ہوگی، جھنڈے و اسٹار کا اسمین لباس نواب بیگم صاحبہ مشفقہ مکرمہ کا نہوگا، جیسے لباس سے بطور خود نواب بیگم صاحبہ تشریف لائینگی اپنی خوشی کی وضع کا لباس ہوگا، اور رئیسون کی ملاقات بھی اسیطرح ہوگی، وہ بھی کل شریک ہونگے نخہ شاہزادہ صاحب بہادر کا

ایوان گورنری کے دروازہ پر گارڈ آف آنر سلامی کے لیے ایستادہ تھا، فارن سکریٹری، اور انڈر سکریٹری نے ہماری گاڑی تک استقبال کر کے اوتارا، گارڈ آف آنر نے سلامی دی، اور توپخانہ سے شلک سلامی سر ہوئی۔

ہم لوگ کمرہ دربار کی جانب جو گاڑی سے سوڈیڑھ سو فٹ پر تھا، روانہ ہوے، اور ایک زینہ سے گذر کر کمرہ دربار مین پہنچے۔

یہ کمرہ یوروپین نداق کے ساتھ جس مین کسیقدر ایشیائی جھلک تھی آراستہ کیا گیا تھا، سامان آرایش نہایت قیمتی، اور خوشنما تھا، شیشہ آلات کمال سلیقہ اور نفاست سے آویزان کیے گئے تھے، چوبدار وغیرہ سرخ وزرین، اور زرتکلف وردیان پہنے ادب کے ساتھ صف بستہ تھے، ہزاکسلنسی درباری لباس مین شاہی تخت پر جلوہ افروز تھے۔

جب سرکار خلد مکان اوس مقام پر پہنچین جہانسے شاہی تخت چالیس قدم رہگیا تھا تو ہزاکسلنسی تخت پر سے اُٹھے اور تقریباً ۲۰ قدم آگے بڑھ کر استقبال کیا، اور سرکار خلد مکان سے مصافحہ کر کے مزاج پرسی کی۔

صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر مترجم تھے، سرکار خلد مکان نے بھی ہزاکسلنسی کی مزاج پرسی کی، اوسکے بعد مجھسے مصافحہ کیا، اور مزاج پرسی کرکے تکالیف سفر کا حال

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) سامان سب نواب بیگم صاحبہ مشفقہ و مکرمہ تیار رکھین، ہم اوسوقت تحریر کرین گے، اگر کل کے ہی روز اوس کے پیش کرنے کا حکم ہوا تو پیش کر دیا جاویگا۔

بوقت رخصت عطر و پان ہوگا، ہم بخدمت نواب بیگم صاحبہ مشفقہ و مکرمہ اون کے لانے کو بوقت بازدہ بجے دن کے پہنچین گے، اور اون کو ہمراہ اپنے لیجاوین گے۔

دریافت کیا مینے اوسی ادب کے ساتھ جو ہزایکسلنسی کی شان کے مطابق تھا، جناب ممدوح کو جواب دیا، چونکہ مین انگریزی مین قدرے گفتگو کرسکتی تھی اس لیے میری گفتگو کیلئے ترجمان کی ضرورت نہ تھی۔

مجھسے گفتگو ہوچکنے کے بعد نواب صدیق حسن خان صاحب اور نواب احتشام الملک عالیجاہ بہادر سے مزاج پرسی کی، ان مراسم کے بعد سب اپنی اپنی جگہ پر بیٹھ گئے۔

ہزایکسلنسی کے داہنی جانب سرکار خلد مکان، اور اون کے بعد ہم، اور پھر بہ لحاظ سلسلۂ مراتب اور لوگ بیٹھے، بائین جانب ہزایکسلنسی کا اسٹاف اور صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر تھے ہزایکسلنسی نے سرکار خلد مکان سے تکالیف سفر کے متعلق گفتگو کی، اور تقریباً دس منٹ تک گفتگو ہوتی رہی۔

ہزایکسلنسی لارڈ نارتھ بروک اس رسمی، اور سرکاری ملاقات مین ایسے اخلاق، اور تواضع سے پیش آئے کہ ہم لوگ ذاتی طور پر بھی اون کے بیحد ممنون و شکر گزار ہوے۔

اس گفتگو کے بعد ہر دو سکریٹری صاحبان و صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر ہم لوگون کو دوسرے کمرہ مین لیگئے جہان ہزرائل ہائینس شاہزادۂ ویلز (جو آج ہز امپیریل مجسٹی ایڈورڈ ہفتم کنگ آف انگلینڈ و امپرر آف انڈیا ہین) رونق افروز تھے۔

ہزرائل ہائینس جو ایک شاندار کرسی پر متمکن تھے حضور ممدوح نے اوٹھکر کمال شاہانہ تواضع سے سروقد تعظیم ادا کی، اور دو چار قدم بڑھ کر استقبال فرمایا، اور سرکار خلد مکان سے مصافحہ کرکے تکالیف سفر کا استفسار کیا، اور دست راست پر سرکار خلد مکان کو اور دست چپ پر بعد معمولی مزاج پرسی کے مجھکو بٹھلایا نواب صدیق حسن خان صاحب نواب احتشام الملک عالیجاہ بہادر، اور صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر و صاحبان سکریٹری

و دیگر ہمراہیان اپنی اپنی جگہ پر بیٹھے، حضور ممدوح نے نہایت حسن اخلاق کے ساتھ سرکار خلد مکان سے گفتگو کی، اور بالخصوص مجھسے مخاطب ہو کر یہ دلچسپ جملہ فرمایا:۔

"اس[1] وقت ہم اور آپ ایک ہی درجہ پر ہین، آپ اپنی
ریاست مین کرون پرنس، اور ہم سلطنت انگلشیہ مین کرون پرنس ہین"

بعد اداے مراسم تقسیم عطر و پان ہم لوگ شاہی اخلاق و مدارات کا شکریہ ادا کرتے ہوے اپنی فرودگاہ پر واپس آئے۔

۲۹ دسمبر کو حضور شاہزادہ ویلز ہماری کوٹھی پر ملاقات کے لیے تشریف لائے نواب صدیق حسن خان صاحب کی کوٹھی قیام گاہ مہاراجہ صاحب بہادر گوالیار تک استقبال کیا۔ ہماری کوٹھی اس موقع پر غیر معمولی طور پر آراستہ کی گئی تھی، درباری کمرہ نہایت شان کے ساتھ سجایا گیا تھا، حضور شاہزادہ ویلز نے نہایت عمدہ الفاظ مین جنمین شاہانہ عنایت مترشح تھی بات چیت فرمائی، اور حسب ذیل ہدایا کا مبادلہ ہوا:۔

فہرست تحائف منجانب شہزادہ صاحب بہادر	فہرست تحائف منجانب سرکار خلد مکان
تمغاے[1] تصویر طلا، انگشتری[2] نگین الماس، تصاویر[3] ملکہ معظمہ طلائی، زنجیر[4] طلائی، تصویر[5] طلائی پرنس آف ویلز، مُہر[6]،	بندوق[1] ساخت بھوپال، شمشیر[2] ہندی، سپر[3]، کلاہ[4] مدور کلابتون، عطردان[5] نقرہ کار مالیدہ، کنگن[6] جھمکی[7] کرن[8] پھول، رومال[9] دستکاری خود، ہٹول[10] دستکاری خود، کتاب[11] تاریخ بھوپال، کتاب[12] تحفہ شاہجہانی، تاریخ[13] ملکہ معظمہ بزبان انگریزی مولفہ سرکار خلد نشین،

[1] اس جملہ پر نظر کرتے ہوے ایک عجیب اتفاق معلوم ہوتا ہے جس کا اندراج اس موقع پر کچھ کم دلچسپی کا باعث نہ ہوگا کہ جس سال حضرت علیا ملکہ معظمہ وکٹوریہ قیصرہ ہند نے انتقال کیا، اوسی سال میری والدہ ماجدہ نے

تھوڑی دیر کے بعد ہزرائل ہائینس نے ملاقات بازدید فرمائی، مین بوجہ ضعف کے جو علالت سے ہوگیا تھا اس ملاقات مین شریک نہ ہوسکی، اگرچہ مینے ہمت کی لیکن زینہ کمرہ سے آگے نہ جاسکی، اور وہان ٹھرگئی، البتہ حضور ممدوح کے اسٹاف سے جو ہمراہ آیا تھا اوس جگہ ملاقات ہوئی -

یکم جنوری ۱۸۷۷ء = ۱۳ ذی الحجہ ۱۲۹۲ھ کو گورنمنٹ ہوس کے بالمقابل میدان مین متصل پل فقیرپورہ کے اسٹار آف انڈیا کا جلسہ شاہانہ شان وشوکت کے ساتھ خیام شاہی مین ۸ بجے منعقد ہوا، شرکاے جلسہ وقت متعینہ پر حاضر دربار ہوے، آٹھ معزز سردار اہل دربار ہمراہ تھے، دو چھوٹے لڑکے دامن بردار جو سرکار خلد مکان کے چغہ کے دامن اوٹھائے ہوے تھے، دو خادمہ عورتین تبدیل لباس کی خیمہ تک ہمراہ گئی تھین -

سرکار خلد مکان بہ نقاب برقع ہزرائل ہائنیس کے بائین جانب متمکن تھین اون کے بعد اور نائٹ جنکو سرکار خلد مکان کے بعد تمغا اور خطاب اسٹار آف انڈیا ملا تھا حسب آئین بیٹھے، اس موقع پر ترتیب نشست بلحاظ نمبر تمغاے اسٹار تھی، ہزرائل ہائینس پرنس آف ویلز نے اون روساء، وامراء، اور صاحبان یوروپین کو جنھین تمغا وخلعت دیا جانا قرار پایا تھا، اس دربار مین تمغے اور خلعت عطا کیے -

مین صاحبزادی بلقیس جہان بیگم کی پیدایش کے بعد سے سخت علالت مین مبتلا تھی

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) رحلت کی، اور اوسی سال ہزرائل ہائنس شاہزادۂ ویلز تخت برطانیہ پر بحیثیت کنگ وایمپرر جلوہ افروز ہوے، اور مین مسند ریاست پر متمکن ہوئی، اس طور پر مین اور ہزرائل ہائینس شہزادہ ایک ہی سال مین درجہ حکومت پر فائز ہوے، گویا خداے عزوجل نے اوس شاہی قول کی تائید کی -

اور مجھ مین کلکتہ کے سفر کی تکالیف برداشت کرنے کی مطلق طاقت نہ تھی، لیکن بوجہ اطاعت والدہ ماجدہ یعنی سرکار خلد مکان آمادہ ہوگئی، اور اس خیال نے سفر کی صعوبتین اوٹھانے کی ہمت پیدا کردی کہ وارث تاج و تخت برطانیہ کا شرف حضوری حاصل ہوگا چنانچہ مجھے باریابی کی عزت حاصل ہوئی، لیکن پھر باوجود موقعون کے اپنی علالت کی وجہ سے محروم رہی، اور اوس شاندار دربار کو بھی نہ دیکھ سکی جسکا مجھے ہمیشہ افسوس رہیگا۔

اس سفر مین[1] نواب صاحب یعنی صدیق حسن خان صاحب نے پوری کوشش کی کہ وہ بطور مختار ریاست تسلیم کیے جائین اور اختیارات حکمرانی اون کے ہاتھ مین آجائین، اور اس مدعا کے حاصل کرنے کے لیے سرکار کے پردہ نشین ہونے کو ذریعہ قرار دیا، لیکن دور اندیش اور مصلحت بین اشخاص نے یہ رائے دی کہ اگر سرکار (خلد مکان) کا پردہ نشین ہونا حکمرانی کا مانع ہے، اور پردہ کے سبب سے وہ اون تمام امور کو انجام نہین دے سکتین جو والی ملک کو انجام دنیا لازمی ہین تو ولیعہد ریاست موجود ہین، اون کے استمزاج و رضامندی کے بغیر مختاری ریاست حاصل نہین ہوسکتی۔

---

[1] یہ وہ واقعات ہین جو اب تک موجودہ دفاتر سے معلوم ہوے ہین، اگرچہ اس قسم کے کاغذات بکثرت تلف کردیے گئے مگر اب بھی ایسی تحریرین موجود ہین جن سے ایسے راز بخوبی آشکارا ہوجاتے ہین۔

ولادت صاحبزادی ملقبہ جہان بیگم صاحبہ

۲۴ رمضان المبارک ۱۲۹۲ھ = ۲۵ اکتوبر ۱۸۷۵ء شب دوشنبہ کو ایکبجکر ۳۷ منٹ پر صاحبزادی ملقبہ جہان بیگم صاحبہ کی ولادت ہوئی، اس مسرت و خوشی مین حسب دستور پانچ قیدی رہا کیے گئے، زر نقد خزانہ ریاست سے اور غلہ ڈیوڑھی کے کوٹھے سے شب کو ہی خیرات کیا گیا، صبح کو صاحبزادی صاحبہ بغرض حصول برکت مسجد حاجی صاحبہ مین بھیجی گئین، کمپنی موجودہ "شوکت محل" نے حسب قاعدہ سلامی ادا کی۔

۳۰ رمضان المبارک کو یعنی ولادت کے ساتوین دن بوقت نو بجے صبح تقریب "عقیقہ" عمل مین آئی، صاحبزادی صاحبہ کا تاریخی نام "مظفر بیگم" قرار پایا، حاضرین جلسہ اور اخوان وارکین ریاست نے اوس دن محل پر روزہ افطار کیا، اور شب کو کھانا کھایا۔

جب صاحبزادی صاحبہ چالیس دن کی ہوئین تو سرکار خلد مکان نے اپنا ارادہ ظاہر کیا کہ جسطرح سرکار خلد نشین نے اونکی رسم "چھٹی" ادا کی تھی اوسی طرح وہ میری بھی یہ رسم کرین لیکن نواب صدیق حسن خان صاحب نے جو کہ ایک عالم تھے سرکار خلد مکان کو یہ مشورہ دیا کہ "اس قسم کی رسمیات داخل بدعت ہین، اور مسلمانون مین ان کی ضرورت نہین" سرکار خلد مکان نے اس مشورہ کو مان لیا، لیکن ولولہ مہر مادری نے گوارا نہ کیا کہ وہ اس موقع پر کچھہ بھی نہ کرین۔

اونھون نے صرف اس قدر کیا کہ شوکت محل سے جوڑون وغیرہ کے خوان میرے

سکونتی محل مین جو اب "حمید منزل" کے نام سے مشہور ہے، بھیجے، اور خود تشریف لاکر مجھے اور "نواب سلطان دولہ صاحب بہادر" کو اپنی ہاتھ سے خلعت پہنا کر اعزاز بخشا۔

کھچڑی اور بکریون وغیرہ کے معاوضہ مین (اس قسم کی چیزین جو ننہال سے دی جاتی ہین) دو ہزار روپیہ مرحمت کیے، اور قابلہ کو بھی ہزار ڈیڑھ ہزار کا زیور بطور انعام کے عطا فرمایا۔

شوال سنہ ۱۲۹۲ ہجری سے ماہ ۵۰۰ روپیہ ماہوار صاحبزادی صاحبہ کے مصارف ضروری کے لیے مقرر کیے گئے۔

بروز ولادت سرکار خلد مکان نے صاحب ایجنٹ نواب گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا و صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر کو خرائط ارسال کیے، صاحبان موصوف نے اپنی چٹھیون کے ذریعہ سے صاحبزادی صاحبہ کے ولادت کی تہنیت ادا کی۔

ولادت نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر

شب ہفتہ ہم ماہ ذی قعدہ سنہ ۱۲۹۳ھ = ۳ر دسمبر سنہ ۱۸۷۶ء کو بوقت ۲ ساعت ۲۵ منٹ شب "نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر" پیدا ہوے، اس ولادت سے تمام رعایا و خاندان کو جسقدر اور جیسی خوشی ہوئی اوس کا بیان الفاظ کے ذریعہ سے ممکن نہین، بالخصوص نواب قدسیہ بیگم صاحبہ کو جو خاندان مین سب سے بزرگ اور فرشتہ خصائل بیوی تھین اور جن کا وجود رئیس و رعایا کے لیے باعث خیر و برکت تھا، اس ولادت کی سب سے زیادہ مسرت تھی، کیونکہ چار پشتون کے بعد خداوند کریم نے اس خاندان مین اولاد نرینہ عطا فرمائی۔

فطرۃ کا یہ عام قاعدہ سا ہو گیا ہے کہ والدین کو، اعزہ و اقربا کو، متوسلین کو، جو مسرت اولاد نرینہ کے تولد سے ہوتی ہے، وہ دختر کی ولادت سے نہین ہوتی، پس جس ریاست اور خاندان کو چار پشتون یعنی (۷۶) سال تک اس مسرت سے محرومی رہی ہو اور پھر اوسکو یہ مسرت نصیب ہو کیسی کچھ اوسکی خوشی ہوگی۔

"سرکار قدسیہ" مین باوجود اون کے ضعیف ہونے، اور گوشہ نشینی کی حالت کے اس ولادت نے ایک عجیب جوش مسرت پیدا کر دیا تھا، کئی دن تک یہ سلسلہ جاری رہا کہ حسب رواج ملک ملازمین ڈیوڑھی پر آ آ کر بندوقین سر کرتے تھے، سرکار قدسیہ کو "مبارک باد" دیتے تھے، اور وہ شادان، خندان، اونکی تہنیت قبول کرتی تھین،

اون لوگون کو شیرینی دیتی تھین اور انعام مین نہایت فیاضی کے ساتھ روپیہ تقسیم فرماتی تھین، گویا ڈیوڑھی کے در و دیوار پر دن رات خوشی کا نور پھیلا ہوا تھا۔

ہز اکسلنسی لارڈ لٹن ویسرا ے و گورنر جنرل ہند، اور لیڈی لٹن صاحبہ نے سرکار خلد مکان کو بذریعہ ٹیلیگرام[۱] مبارکباد دی، اور پھر لیڈی لٹن صاحبہ نے اپنی چٹھی[۲] مین بھی مبارکباد کا اعادہ کیا۔

کرنل کنکیڈ صاحب بہادر پولٹیکل ایجنٹ، اور آنریبل نواب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا، نیز دیگر معزز یوروپین، اور ہندوستانی اصحاب نے خرائط تہنیت بھیجے۔

کرنل اسبورن صاحب بہادر سابق پولیٹکل ایجنٹ نے جن کو ایک خاص اُنس خاندان ریاست سے تھا "لنڈن" سے "تہنیت نامہ" بھیجا، اور اپنی خوشی کا نہایت پرجوش تحریر مین اظہار کیا۔

---

[۱] ترجمہ تار برقی مرسلہ جناب ویسرائے صاحب بہادر "مقام جاگوبا" مورخہ نہم دسمبر ۱۸۷۶ء وقت صبح بنواخت ہفت گھنٹہ ۵۵ منٹ۔

مین سلطان جہان کے فرزند پیدا ہونے کی خبر سنکر سچے دل سے خوش ہوا، اور مین یور ہائینس کو اس خوشی کی "مبارکباد" دیتا ہون۔

[۲] ترجمہ چٹھی لیڈی لارڈ لٹن صاحب بہادر گورنر جنرل مورخہ یازدہم ماہ دسمبر ۱۸۷۶ء از جہاز موسومہ کراچی (جو دریا کے اندر رواں ہے) بنام سرکار خلد مکان دام اقبالہا۔

آجکے روز آپ کی فقط ایک چٹھی مورخہ دوم ماہ دسمبر ۱۸۷۶ء پہونچی، لیکن اوسیوقت خبر تار برقی بابت خوشخبری تولد آپ کے نواسہ کی موصول ہوئی، لارڈ لٹن صاحب بہادر اور مین نے فوراً "مبارکباد" بذریعہ تار برقی روانہ کی،

سرکار خلد مکان نے ماہوار ۵۰ روپیہ ماہوار نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر کے مصارف ذاتی کے لیے مقرر کیے، اور مبلغ ۹ سو صاحبہ ۱۲ اخراجات پیدائش و عقیقہ کے لیے عطا فرمائے، طلبا و مساکین کو نقد روپیہ خیرات میں منجانب سرکار خلد مکان و نواب صدیق حسن خان صاحب و مولوی جمال الدین خان صاحب بہادر مدار المہام ریاست تقسیم کیا گیا۔

پیدائش سے ساتوین دن عقیقہ ہوا، اور سرکار خلد مکان نے مولود مسعود کا نام "محمد نصر اللہ خان" رکھا، "عقیقہ" کے روز حسب دستور امرائے ہند ملازمین و متوسلین کو میری ڈیوڑھی سے خلعت دیے گئے، اور انعام تقسیم ہوا۔

اس سلسلہ میں مجھے یہ بھی ظاہر کرنا ہے کہ گذشتہ دنون میں جو واقعات پیش آئے تھے اونکی وجہ سے نواب صدیق حسن خان صاحب کا رنج بہت بڑھ گیا تھا، اور وہ ہر وقت ہم کو ملال پہنچانے پر آمادہ رہتے تھے، اس کے علاوہ سرکار مرحومہ اور اون میں بھی کشیدگی تھی، اور وہ سرکار مرحومہ کے ساتھ ہمیشہ ایسا برتاو رکھتے تھے جس سے خواہ مخواہ اونکا دل دُکھے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) لاکن مین پھر گذارش کرتی ہون کہ مجھ کو بہت بڑی خوشی آپ کے گھر لڑکے پیدا ہونے کی ہوئی اور مجھ کو امید ہے کہ آپ کی لڑکی نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ کو قوت آچلی ہوگی، اور لڑکا اچھی طرح پرورش پاتا ہوگا۔

مجھ کو یقین ہے کہ اب کوئی امر جلسہ "دہلی" مین آپ کے شریک ہونے کا مانع نہوگا کہ آپ کی ملاقات نہ ہونے سے مجھ کو اور لارڈ لٹن صاحب بہادر کو مایوسی ہو، اور آپ کو ایسے عمدہ دربار مین نہ شریک ہونے کا تاسف ہو، اور ایک ایسے دربار مین کہ جسکے متعلق بالذات ملکہ معظمہ کی توجہ ہے نہ آنے کا افسوس ہو۔

سلہ نواب قدسیہ بیگم صاحبہ۔

سرکار مرحومہ کچھہ تو اس سبب سے کہ قوم افاغنۂ ہند کے دستور کے خلاف سرکار خلد مکان نے دوسرا نکاح کرلیا تھا، اور بہت زیادہ اس سبب سے کہ نکاح غیر کفو سے کیا تھا، کشیدہ رہتی تھین -

نکاح ثانی اور نکاح بیوگان کسی طرح غیر مستحسن نہین، اور یہ ایک ایسا فعل ہے جس کا کرنا مذہبی طریقہ سے جائز ہے، لیکن چونکہ گذشتہ ۲۰ - ۲۵ برس پہلے تک ہندوستان کے مسلمانون مین رسم و رواج کی پابندی نہایت مضبوطی کے ساتھہ تھی، عورتین اور مرد کچھہ اس طرح ان پابندیون مین گرفتار تھے کہ خلاف رسم و رواج کسی فعل کو خواہ وہ کیسا ہی جائز، اور مستحسن کیون نہو، گناہ عظیم سمجھتے تھے -

عورتین، اور مرد برابر رسم و رواج کی زنجیرون مین جکڑے ہوے تھے بڑے بڑے دیندار، عالم، اور صلحان قوم رسم و رواج کے خلاف آواز نکالنے سے ڈرتے تھے، اور خود اون کے گھرانون مین رسم و رواج کی حکومت تھی، سرکار مرحومہ بھی اس کلیہ سے مستثنیٰ نہ تھین، مگر مین تحقیق کے ساتھہ یہ کہہ سکتی ہون کہ وہ نکاح ثانی کی اسقدر مخالف بھی نہ تھین کہ وہ اوسکو ایک خاندانی اور قومی گناہ سمجھہ کر اپنی شفقت اور تعلقات خاندانی مین فرق آنے دیتین، البتہ جو بات کہ سب سے زیادہ شاق گذری، اور جس امر نے اونکو اس پیرانہ سالی مین صدمہ پہونچایا، وہ سرکار خلد مکان کا ایک غیر معروف، اور غیر کفو شخص سے نکاح کرنا تھا، اسکے علاوہ وہ یہ بھی دیکھتی تھین کہ یہ عقد، اور اوسکے منعاقب امور، اونکی نامور، اور مدبر عظمیٰ بیٹی (سرکار خلد نشین) کی قائم کردہ پالیسی کے متضاد ہونگے جسکی بنا نہایت دور اندیشی پر رکھی گئی تھی، پھر بھی اونھون نے کبھی اس ملال کا اظہار علانیہ نہین کیا، مگر چونکہ وہ اپنی صاف طبیعت سے مجبور تھین اسلیے وہ نواب صدیق حسن خان صاحب کو

قدر و عزت کی نگاہون سے نہین دیکھتی تھین -

نواب صدیق حسن خان صاحب نے بھی اس نفرت باطنی کا احساس کر لیا تھا اور بجاے اسکے کہ وہ اپنے اخلاق ، اور حکمت عملی سے اوس نفرت کو کم کرتے اونھون نے اوسکے انتقام کا خیال نہایت مضبوطی کے ساتھہ اپنے دل مین جما لیا ، اور اس قسم کی تدابیر اختیار کین جن سے سرکار مرحومہ ، اور سرکار خلد مکان مین روز بروز ناچاقی بڑھے ، بالخصوص میرے متعلق سرکار مرحومہ کو کسی قسم کا حوصلہ ، اور ارمان نکالنے کا موقع نہ ملا - مین ، اور میری اولاد سرکار مرحومہ کی شفقتون سے محروم رہی ، اور اون کی محبت کا لطف حاصل نہ کر سکی ، فی الواقع میرے دل پر بھی ہمیشہ یہ صدمہ رہتا تھا ، اور اس صدمہ کا اندازہ وہ لوگ کر سکتے ہین جن کے دلون مین اپنے بزرگون کی شفقت کی خواہش اور تمنا رہتی ہے ، اور وہ تمام دنیا کی چیزون سے قیمتی چیز محبت کو سمجھتے ہین -

زیادہ رنج اس سبب سے تھا کہ جو مجبوریان پیدا ہو گئی تھین ، وہ بلا وجہ تھین ، اور غیرون نے اپنے ذاتی اغراض کے لیے ہماری خاندانی خوشیون کی قربانی کرائی تھی اسکے علاوہ اور بھی رنجدہ امور پیش آئے ، چنانچہ جب اس ولادت مین خوشیون کا سلسلہ جاری تھا سرکار مرحومہ کی ڈیوڑھی پر نوبتین سر ہو رہی تھین ریاست کی طرف سے تحریری[1] ممانعت کی گئی ، اور اون تحریرون کا طرز کچھہ ایسا دل شکن اختیار

[1] قرۃ العین سعادت و کامگاری ، فروغ جبین شوکت و نامداری عزیزہ نور چشم شاہجہان بی بی" زاد الله عمرہا و قدرہا" بعد ادعیہ وافیہ عمر و تمناے درجات مسرت خاطر عزیزہ باد ، کہ بفضلہ تعالیٰ شب گذشتہ مین بساعت سعید و آوان حمید قرۃ العین دولت و اقبال یعنی فرزند ارجمند عزیزہ نور چشم " نواب سلطان جہان بیگم" کے پیدا ہوا ، اور باستماع اس نوید فرحت افزا کے شکر باری تعالیٰ ادا کیا ، الله تعالیٰ اوس نونہال چمن اقبال کو بعمر طبعی پہنچا دے ، اور

کیا گیا تھا کہ بالآخر سرکار خلد مکان اور سرکار مرحومہ مین سخت کشیدگی کی نوبت پہونچ گئی، سرکار مرحومہ نے یہ چاہا کہ میری شادی کے وقت رواج کے مطابق میرے لیے جو جہیز اور زیور تخمیناً ڈہائی لاکھ کا تیار کرایا گیا تھا، اور وہ اس سبب سے کہ نہ سرکار مرحومہ شادی مین شریک کی گئی تھین، اور نہ باوجود اون کے اصرار کے مجھے اون کے پاس جانے کی اجازت دی گئی تھی، بجنسہ میرے لیے رکھا ہوا تھا، میری "پیر چھٹی"※ کی رسم کے وقت دیدین مگر اس موقع پر بھی اونکی آرزو بر نہ آئی، اس کے متعلق خط و کتابت بھی سرکار قدسیہ مرحومہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) موصوف بادصافت حمیدہ، و خصائل پسندیدہ کرے، اور آن عزیزہ، اور ہم کو، اور سب عزیزون کو "مبارک" ہو، اگرچہ آن عزیزہ نور چشم "نواب سلطان جہان بیگم" کو خدا نے سب کچھ دیا ہے لیکن حسب رسم زمانہ ہماری بھیجی ہوئی چیزین انکار رہونا گویا ہمکو خفیف سمجھنا، اور محجوب کرنا ہے، بنا بر آن عزیزہ بخوشی خاطر ہم کو اجازت لکھ بھیجین کہ ہم مبالغ موسومہ عزیزہ "نواب سلطان جہان بیگم" وغیرہ کو بھیجدین، اور وہ لے لیوین، انکار نہ کرین، کہ موجب خوشنودی ہماری کا ہے فقط المرقوم ۷ ذی قعدہ ۱۲۹۳ھ۔

[1] قرۃ العین سعادت و کامگاری فروغ جبین شوکت و نامداری عزیزہ نور چشم شاہجہان بیگم زاد العمر با دقت بہار، بعد ادعیہ الیہ ترقی عمر و تزائد درجات مبرہن خاطر عزیزہ باد کہ آج اس وقت آن عزیزہ نے زبانی چوبدار کہلا بھیجا اور کتاب معروضات جزوی مین لکھا کہ دو تین دن سے بندوقین بخوشی تولد پسر نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ "آپ کی ڈیوڑہی" روزانہ سر ہوتی ہین، اور آج سنا گیا کہ اسوقت میان یار محمد خان و حسین محمد خان آپ کی ڈیوڑہی پر بندوقین سر کر رہے ہین، یہ دونون شخص متوسل و وظیفہ خوار ریاست ہین، اونہون نے بے حکم ہمارے کیون بندوقین سر کین؟ آپ اون کو ممانعت کر دین، اور خود بھی آپ سر کروانا بنا دلیل کا موقوف فرماوین، دو تین دن خوشی خلاف شرع آپ نے کیون کی؟ اسیقدر کافی ہے، اب آیندہ ضرورت نہین، عزیز من! برخوردار ان موصوف اگرچہ متوسل ریاست ہین لیکن میرے بھی عزیز ہین، اور قائم ہے اون کی آمد و رفت ہمارے یہان ہے، اور جسوقت کہ برخورداران معز بندوقین

※ پیر چھٹی ایک رسم ہے۔

اور سرکار خلد مکان مین ہوئی، لیکن نتیجہ کچہہ نہ نکلا، غرض اس قسم کی تدابیر میری شادی کے وقت سے سرکار مرحومہ کے انتقال کے وقت تک جاری رہین، اور آخرالامر وہ نتیجہ جو نواب صدیق حسن خان صاحب نے سوچا تہا اور جس کے لیے یہ طریقے اختیار کیے تھے، اونہین کے مفہوم و مقصود کے مطابق انجام پذیر ہوا، یعنی بعد انتقال سرکار مرحومہ اون کی جائداد کا قیمتی، اور کثیر التعداد حصہ نواب صدیق حسن خان صاحب کے ہاتھہ پڑا، اور برائے نام بہت تھوڑا حصہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) سہرا کر چکے تب یہ کتاب مین لکہا ہو آن عزیزہ کا آیا، وگرنہ کارروائی مناسب ہوتی اور آن عزیزہ کے لکھنے کے ساتھہ ہمارے گہر مین خوشی کرنا موقوف نہین ہوسکتا، اگر سہرا ہونا بنا دیق کا شرک وکفر ہو تو لکھو کہ اوس کا جواب مناسب لکھا جائے اور آن عزیزہ اپنے متعلقون مثل عاقل محمد خان و نظیر محمد خان کو ردکین، اور ہمارے یہان تو خدا کے فضل وعنایت سے جناب صاحبکلان بہادر بھی "مبارکباد" کے واسطے تشریف لائے اور جو شفیق و عزیز ہین آوین گے، ممانعت نہین ہوسکتی۔

آن عزیزہ اپنے آدمیون کو منع کرین کہ وہ ہمارے یہان نہ آوین فقط المرقوم بست وسوم ذی قعدہ ۱۲۹۳ھ۔

نقل عرضی نواب شاہجہان بیگم صاحبہ دام اقبالہا، بنام نواب بیگم صاحبہ فارسیہ مورخہ ۲۴ ذی قعدہ ۱۲۹۳ ہجری

شقہ حضور ممدوحہ ۲۳ ذی قعدہ ۱۲۹۳ھ بجواب تحریر اینجانب اس مضمون سے وصول ہوا کہ :-

"اگر سہرا ہونا بنا دیق کا شرک وکفر ہو تو لکھو، اور عاقل محمد خان و نظیر محمد خان کو روکو، ہمارے یہان تو صاحب کلان بہادر بھی "مبارکباد" کو آئے تھے، اور اپنے آدمیون کو منع کرو کہ وہ ہمارے یہان نہ آوین"

صورت اوسکی یہ ہے کہ ہمنے یہ نہین لکہا تھا کہ سہرا ہونا بنا دیق کا کفر وشرک ہے مسلمانون کو ہر گناہ کبیرہ وصغیرہ سے بچنا لازم ہے، ہماری اولاد کے سبب سے دوسرا کیون گرفتار ہو، اسکی اطلاع کی تھی، نہین معلوم تھا کہ چھوڑنا بنادیق کا آپ کے نزدیک عبادت ہے، بندوق کو علیحدہ رکھو، مختون کا گانا بجانا روبرو صاحبکلان بہادر کے

خزانہ ریاست مین داخل ہوا، دردانگیز یہ بات ہے کہ اون مرحومہ کی کوئی تمنا میرے متعلق پوری نہ ہوئی۔

اس ولادت کے موقع پر ایک یہ رنج دہ واقعہ بھی پیش آیا کہ عین اوس وقت جبکہ میری ڈیوڑھی کے ملازم و متوسل خوشی مین بھرے ہوے بندوقین سر کر رہے تھے، نواب صدیق حسن خان صاحب کے ایما سے گوبند رام جمعدار چوبداران آیا، اور اوس نے "نواب

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) بجہالۃ تقریب مذکور ہوا، وہ توضرور نزدیک حضور کے اس عمر پیری مین داخل عبادت عظمی ہوگا، اور نظیر محمد خان و عاقل محمد خان نے بنادیق ہمارے محل پر آکر نہین چھوڑین، جس نے حضور سے ظاہر کیا دروغ کہا، اور ہمارے یہان کا آدمی جو آپ کے یہان گیا ہو، اوسکے نام سے جلد اطلاع دو، ہم بیشک اوسکا تدارک کرین گے، اور جس دن تولد پسر ہوا اوسی دن صاحب کلان بہادر واسطے "مبارکباد" کے ہمارے محل پر تشریف لائے، اگر حضور کو "مبارکباد" دینا اونہین منظور ہوتا تو وہ اوسی دن کیون نہ دیتے، دوسری بار جو اگر دو آپکے یہان گئے، وہ حسب سررشتہ سابق ملنے کو گئے تھے، نہ مبارکباد دینے کو، اون کو علاقہ اس "مبارکبادی" کا شرعاً و عرفاً کیا تھا، جو آپ کے گھر اس کام کے واسطے گئے، اور کچھ خوشی سر ہونے بنادیق پر منحصر نہین ہے اور اگر منحصر ہے تو بچون کی اولاد پر آپ کو ہر طرح خوشی کرنا خواہ عبادت ہو، خواہ کفر و شرک اختیار ہے، ہم سے اور ہماری اولاد سے کیا غرض، جو خلاف باطن، ظاہر مین جھوٹی خوشی، واسطے دکھانے اور سنانے صاحب کلان بہادر کے کی جاتی ہے، صاحبان عالیشان بہادر، اور عقلمند لوگ ایسے دھوکون مین نہین آتے ہین، نہ ان باتون سے خوش ہوتے ہین، اطلاعاً لکھا گیا۔ فقط

قرۃ العین سعادت و کامگاری، فروغ جبہۂ شوکت و نامداری، عزیزہ نور چشم شاہجہان بی بی ادام عمرہا و قدرہا بعد ادعیہ وافیہ ترقی عمر و تزاید درجات مسرت خاطر عزیزہ باد! کہ مکاتبہ آن عزیزہ بست و پنجم ذی قعدہ سنہ ۱۲۹۳ھ در اس خلاصہ سے کہ "اس طرح کی بندوق بازی، اور اظہار خوشی کا مطلب سوائے انحوائے سلطان دولہ

احتشام الملک بہادر سے عام جلسہ مین کہا کہ" ان لوگون کے لیے حکم ہے کہ ابھی نکالدو۔

ناظرین ! اوس حالت کا خیال کر کے اندازہ کرلین گے کہ نہ صرف اون لوگون کیلیے بلکہ میرے اور" نواب احتشام الملک بہادر" کے لیے بھی یہ حکم کس قدر رنجدہ ، اور باعث اشتعال تھا ، لیکن" نواب صاحب بہادر" نے جو بڑے ضابط تھے اور اشتعال پر قابو پانے کی خاص صفت رکہتے تھے ، اس موقع پر بھی اپنی فطری قوت حلم و عادت سے کام لیکر جواب دیا کہ" اچھا انعام تقسیم ہو رہا ہے ، یہ لوگ انعام لیکر چلے جاوین گے " مگر اسس

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) صاحب بہادر و دیگر ناتجربہ کارون کے اور کچھ نہین ہے " با دیگر مضامین موصول مطالعہ ہو کر آن عزیزہ کو جوابًا قلمی ہوتا ہے کہ ہم کو" سلطان دولہ" وغیرہ کے اغوا سے کچھ کام نہین ہے " آن عزیزہ اور اولاد آن عزیزہ سے کام ہے اور آن عزیزہ کی وجہ سے دولہ آن عزیزہ سے ، اور نواب سلطان جہان بیگم کی وجہ سے اون کے دولہ سے واسطہ ہے ، آن عزیزہ ایسے خیالات اپنے دل سے دور رکھین ، فقط المرقوم بست و ششم ذی قعدہ ۱۲۹۳ھ ہجری۔

قرۃ العین سعادت و کامگاری ، فروغ جبۂ شوکت نامداری عزیزہ نورچشم" شاہجہان بی بی" زاد اللہ عمرہا و قدرہا ، بعد ادعیہ وافیہ ترقی عمر و تزاید درجات میسرہ بن خاطر عزیزہ باد ! کہ مکاتبہ آن عزیزہ مورخہ بست و چہارم ذی قعدہ ۱۲۹۳ھ بجواب شقہ اینجانبہ در بارۂ مسرور ہونے بنا دینے کے بخوشی تولدی فرزند ارجمند عزیزہ نورچشم" نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ" اسس خلاصہ سے کہ" برادرزادون کی اولاد پر آپ کو سب طرح خوشی کرنے کا اختیار ہے ، ہم سے اور ہماری اولاد سے کیا غرض ، جو خلاف باطن ظاہر مین جھوٹی خوشی واسطے دکھلانے ، اور سنانے کے کیجاتی ہے " موصول مطالعہ ہو کر جوابًا آن عزیزہ کو قلمی ہوتا ہے کہ دلون کا حال خدا سے برتر خوب جانتا ہے ، اور ہمارے نزدیک تو اولاً آن عزیزہ و اولاد آن عزیزہ و برادرزادے سب عزیز ہین ، اور غرض قرابت منجانب اللہ ہے ، نہ باختیار یکدیگر ، اور ہم بیوہ بیکس ہر حال مین شکر گذار رہین ، کہ خدا تعالی ستار و غفار ہے ، آن عزیزہ ایسی تحریر سے کہ حضور کے نزدیک گناہ بیجا ناحقشون کا داخل عبادت عقلی ہوگا ، معاف رکھین ، فقط المرقوم بست و نہم ذی قعدہ ۱۲۹۳ھ ہجری

افسوس ناک واقعہ کا خاتمہ اسی پر نہین ہوا، فوراً جمعدار مذکور بمعیت صوبہ دار کمپنی ڈیوڑھی خاص آیا، اور نہایت سخت لہجہ مین کہا کہ "حکم یہ ہے کہ یہ لوگ ابھی اوٹھائے جائین" "نواب صاحب بہادر" نے مجبوری اور افسوس کے ساتھہ اون لوگون کو نرمی و ملاطفت سے اوٹھا دیا، اور بحضور سرکار خلد مکان بذریعہ عریضہ اس قصہ کی اطلاع کی، مگر جواب مین خود اونہین کو تہدید کی گئی۔

سرکار خلد مکان فی الواقع خواہ اون کی مرضی کے خلاف ہی کیون نہ ہوتا ایسے حکم کو جاری کرنا گوارا نہ کرتین، لیکن وہ اکثر اوقات نواب صدیق حسن خان صاحب کے اثر سے مجبور ہو جاتی تھین، اور بعض باتون کی بعد اختتام کارروائی خبر کی جاتی تھی۔

نواب صدیق حسن خان صاحب نے تو ہم لوگون کی ہر معمولی، اور غیر معمولی خوشی کے وقت اس قسم کے ناگوار واقعات پیدا کرنے کے لیے گویا قصد ہی کر لیا تھا، اور ایسی چھیڑ چھاڑ اون کی طبیعت ثانی بنگئی تھی۔

مجھے جیسا کہ اکثر محل کی بیویون سے معلوم ہوا ہے، اسکے صحیح تسلیم کرنے مین ذرا بھی شک نہین ہے کہ وہ ایسے موقع پر ہر ایک قسم کی تدبیر سرکار خلد مکان کو برانگیختہ کرنے کے لیے اختیار کرتے تھے، جس کا تذکرہ تاریخ مین ایک طوالت ہے۔

سفر دہلی

سنہ ۱۸۷۶ء مین اخبارات کے ذریعہ سے عام طور پر یہ خبر مشتہر ہو گئی تھی کہ یکم جنوری سنہ ۱۸۷۷ء کو دہلی مین دربار شاہنشاہی منعقد ہوگا جس مین ملکہ معظمہ کے خطاب شاہنشاہی کا اعلان کیا جائیگا۔

۱۳ر اکتوبر سنہ ۱۸۷۶ء = ۲۴ر رمضان سنہ ۱۲۹۳ھ کو صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر کی یادداشت مع خریطہ ہز ایکسیلنسی ویسراے متعلق اذن شرکت دربار شاہنشاہی موصول ہوئی، ریاست مین جملہ انتظامات روانگی کیے گئے اور ہمراہیون کو تین قافلون مین منقسم کردیا گیا، چنانچہ پہلا قافلہ فوج کا اور دوسرا سامان دسواری کا روانہ ہوا، مگر نواب محمد نصراللہ خان صاحب بہادر کے زمانہ ولادت قریب ہونے کے باعث سرکار خلدمکان نے اپنی روانگی کی کوئی تاریخ مقرر نہین فرمائی، اور تاریخ کا تعین ولادت پر منحصر رہا۔

۱۷ر ذیقعدہ سنہ ۱۲۹۳ھ = ۳ر دسمبر سنہ ۱۸۷۶ء کو ولادت ہوئی، اور ہنوز اونکی ولادت کو دو ہی روز گذرے تھے کہ ہماری روانگی کی تیاری شروع ہوگئی، اکثر یوروپین، اور اراکین و اخوان نے میرے ضعف و نقاہت پر خیال کرکے میرے ساتھ لیجانیکے متعلق اختلاف کیا، اور راے نہ دی، مگر نواب صدیق حسن خان صاحب کو چونکہ میرا ساتھ لیجانے پر اصرار تھا لہذا سرکار خلدمکان نے اونھین کی راے پر عمل کیا، اس اصرار مین یہ پیش بندی مرکوز خاطر تھی (جیسا کہ مجھے نہایت صحت کے ساتھ معلوم ہوا) کہ

"شاید سرکار خلد مکان کی عدم موجودگی مین سرکار رفاہ سبیہ کے یہان آمد و رفت شروع ہوجائے اور وہ مقصود جو میرے اور اونکی نہ ملنے مین ہے فوت ہوجائے، مین نے باوجود ضعیف اور نقیہہ ہونے کے فرض اطاعت ادا کیا، اور اپنی روانگی منظور کر لی۔

ہمارے قافلہ کی روانگی ۲۷ ذی قعدہ ۱۲۹۳ھ ہجری کو قرار پائی " تاریخ مقررہ پر سرکار خلد مکان مع میرے اور نواب صدیق حسن خان صاحب و نواب احتشام الملک بہادر، و منشی محمد جمال الدین خان صاحب بہادر مدار المہام ریاست، و میان عالمگیر محمد خان، و میان صمد محمد خان و میان نظیر محمد خان، و میان عاقل محمد خان، و میان نور محمد خان، و میان مبارک محمد خان و میان عنایت محمد خان، و میان نور الحسن خان، و میان علی حسن خان، و میان اسمعیل و میان عمر، و قاضی زین العابدین، و منشی حسین خان، و حافظ سید محمد سورتی، و حکیم فرزند علی و منشی سید عبد العلی وکیل ریاست، و مولوی یوسف علی صاحب، و دیگر خدم و حشم کے جو ایک سو تریسٹھ اشخاص تھے بروز پنجشنبہ ۷ بجے صبح کے وقت عازم دھلی ہوئین، منزل بمنزل کوچ و مقام کرکے ۱۴ ذی قعدہ ۱۲۹۳ھ = ۱۷ دسمبر ۱۸۷۶ء کو قافلہ ہوشنگ آباد پہونچا یہان وارنگ صاحب افسر فوج مقیم ہوشنگ آباد نے مع اور یوروپین صاحبان کے باضابطہ استقبال کیا۔

ہوشنگ آباد سے اوسی روز روانہ ہو کر اٹارسی مین داخل ہوے اور وہانسے مع صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر کے جو پہلے سے پہنچ گئے تھے بذریعہ اسپشل ٹرین کے دھلی روانہ ہوے، جبل پور، جھیسر، الہ آباد، اور علیگڈھ کے اسٹیشنون پر حسب ضرورت قیام کیا گیا، کیونکہ مین ضعیف و مریض تھی، اس لیے ہر کھانے کے وقت تازہ غذا کا اہتمام کیا جاتا تھا، اور ٹرین ایسے اوقات مین زیادہ ٹھہرتی تھی، آخرکار

۱۱ بجے دن کو اسٹیشن دھلی پر ہماری اسپیشل ٹرین پہونچی، ہزاکسلنسی نواب ویسرائے وگورنر جنرل کی جانب سے کمشنر صاحب بہادر قسمت دھلی اور دو سکریٹریان و دیگر معزز صاحبان یورپین نے استقبال کیا، اور گورہ کمپنی کے گارڈ آف آنر نے سلامی ادا کی، فرودگاہ پر جس وقت سرکار خلد مکان داخل ہوئیں اوس وقت جنگی توپخانہ سے (۱۹) فیر سلامی کے سر ہوے۔

قبل روانگی بنجیال شیوع وبائے ہیضہ علیٰ قدر مراتب رؤساء کے جمعیت کی تعداد گورنمنٹ نے مقرر کر دی تھی، اور اسی لحاظ سے بھوپال کی کل جمعیت قریب پانچ سو آدمیوں کے تھی، اسی جمعیت کی گنجائش کے مطابق فرودگاہ کی جگہہ تجویز کی گئی تھی، فرودگاہ ۳۲ - ۳۳ بیگہ کے مثلث قطع پر موضع آزادپور میں واقع تھی منظر و سواد نہایت عمدہ، اور آب و ہوا صاف تھی۔

۵ ذیحجہ ۱۲۹۳ ہجری = ۲۲ دسمبر ۱۸۷۶ء روز جمعہ ۷ بجے صبح کو کرنل ولیم کنکیڈ صاحب بہادر پولٹیکل ایجنٹ سرکار خلد مکان کی ملاقات کو آئے، اور ہزاکسلنسی ویسرائے کے استقبال کے متعلق گفتگو ہوتی رہی۔

دوسرے دن نواب صدیق حسن خان صاحب سر ہنری ڈیلی ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا کی ملاقات کو گئے اور سرکار خلد مکان کے استقبال کے متعلق جو ہزاکسلنسی ویسرائے سے ملاقات کے وقت اونکے خیمہ پر ہونے والا تھا، اور نیز معاملات منظوری دعوت منجانب سرکار خلد مکان و تیاری سڑک ہوشنگ آباد و سڑک آشٹہ متصل دیواس و دیگر انتظامات ریاست کے گفتگو رہی۔

۷ ذیحجہ = ۲۴ دسمبر کو ہزاکسلنسی ویسرائے رونق افروز دھلی ہوے، تمام رؤساء

صاحب ممدوح الشان کے استقبال کے لیے اسٹیشن پر موجود تھے لیکن ہزاکسیلنسی نے بخیال تکلیف وکثرت ہجوم مردمان سرکار خلد مکان کو اسٹیشن پر استقبال کرنے سے معاف فرمادیا تھا، البتہ اراکین ریاست مع فوج اسٹیشن پر منجانب ریاست حاضر تھے۔

دوسرے دن ہزاکسیلنسی ویسراے کے سکریٹری منجانب ہزاکسیلنسی سرکار خلد مکان کی مزاج پرسی کو آئے، اس موقع پر صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر پہلے سے آگئے تھے اوسیدن راجہ صاحب "نابھہ" نے بذریعہ معتمدان دراجہ صاحب "سمتھر" نے بذریعہ اپنے وکیل ریاست کے سرکار خلد مکان کی مزاج پرسی کی اور ادھر سے بھی راجہ صاحب نابھہ کی مزاج پرسی کے لیے معتمد بھیجے گئے۔

وکیل ریاست نے اطلاع دی کہ صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے مجھے ہدایت کی ہے کہ میں حضور سرکار عالیہ کو مطلع کردوں کہ ہزاکسیلنسی ویسراے نے تاریخ ۲۷ دسمبر مع آٹھ سرداروں کے ملاقات کے لیے مقرر فرمائی ہے یہ ملاقات ہزاکسیلنسی کے خیمہ پر مطابق پروگرام کے ہوگی جو اس ملاقات کے لیے تیار ہوا ہے۔

صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے اس پروگرام کے ساتھ آٹھ ٹکٹ سادہ بھی دیے ہیں، اور ارشاد کیا ہے کہ "ان ٹکٹوں پر اون سرداروں کے نام بقید درجہ وعہدہ انگریزی میں لکھ دیے جائیں جو سرکار کے ہمراہ اس ملاقات میں شریک ہونگے اور صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر تاریخ معینہ پر وقت مقررہ سے پہلے آکر اون سرداروں سے واقفیت حاصل کریں گے، کیونکہ صاحب ممدوح ہی اون کو بحضور ہزاکسیلنسی ویسراے پیش کریں گے، اور نیز صاحب ممدوح سرکار عالیہ کو اپنے ہمراہ ملاقات کو لیجائیں گے"، چنانچہ حسب ہدایت اور پروگرام کے کل انتظام عمل میں

لایا گیا، دوسرے دن یعنے ۲۷ر دسمبر ۱۸۷۵ء کو صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر آئے، اور سرکار خلد مکان کو مع نواب صدیق حسن خان صاحب و نواب احتشام الملک بہادر و محمد جمال الدین خان صاحب بہادر مدار المہام ریاست، و نور الحسن خان، و میان عاقل محمد خان، و میان نظیر محمد خان، و میان عالمگیر محمد خان، و منشی سید عبد العلی خان وکیل ریاست خیمہ گورنری پر ملاقات اول کے لیے لے گئے، مین بوجہ علالت شریک ملاقات نہو سکی۔

حسب معمول استقبال ہوا (۱۹) فیر سرکار خلد مکان کی سلامی کے سر ہوے چیف سکریٹری و انڈر سکریٹری و نواب ایجنٹ گورنر جنرل سر ہنری ڈیلی صاحب بہادر نے سرکار خلد مکان کو بگھی سے اوتارا، اور تمام امور حسب پروگرام انجام پذیر ہوے

ہز ایکسلنسی نے انگریزی مین سرکار خلد مکان کی خیر و عافیت دریافت کی، اور مزاج پرسی فرمائی تکالیف سفر پر گفتگو کر کے نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر کی خیر و عافیت پوچھی، اور میرے اس سفر کی تکالیف برداشت کرنے پر تعجب ظاہر کر کے کہا کہ "آپ کی دختر صاحبہ کے فرزند کی ولادت کو کچھہ بھی زیادہ مدت نہین گذری ہے، تاہم آپ سے ملاقات ہوئی، اور اس امر کی بہت خوشی ہوئی کہ تقریب دربار شاہنشاہی آپ کی تشریف آوری مین کوئی بات مانع نہوئی۔

مین نے آپ کی والدہ ماجدہ نواب سکندر بیگم صاحبہ کے اکثر حالات سنے ہین اور انکے اون مراتب سے بھی آگاہی حاصل ہوئی ہے جو انہون نے حاصل کیے تھے۔

کتاب سفر نامہ عرب مؤلفہ نواب سکندر بیگم صاحبہ کے دیکھنے سے جو از راہ عنایت مجھے آپ نے بھیجی ہے، نہایت خوشی ہوئی، اور مین نے شکریہ کے ساتھہ اس کتاب کو پسند کیا ہے، مین بھی انگلستان کے ایک خاندان فضلا سے تعلق رکھتا ہون اور

میری تمام عمر علما، اور فضلا کی صحبت مین بسر ہوئی ہے، اسلیے مجھے امید ہے کہ کتابون کی نسبت آپ میری داد منصفانہ قبول فرمائین گی"

اس تقریر کے تھوڑی دیر بعد نشان شاہی عطیہ جناب ملکہ معظمہ لاکر تخت شاہی کے سامنے کھڑا کیا گیا، نشان کے آتے ہی ہزاکسلنسی تخت سے اوترے اور سرکار خلد مکان کو خود اوسکے پاس لیجا کر علو مرتبہ نشان مذکور کو ظاہر کیا اور کہا کہ "یہ نشان یادگار دوستی و رابطہ ریاست بھوپال و سرکار انگلشیہ آپ کی سواری کے جلوس کے وقت بجاے ماہی مراتب کے نسلاً بعد نسل و بطناً بعد بطن ہمراہ رہیگا" اسکے بعد تمغۂ طلائی جسمین خطاب "قیصر ہند ملکہ معظمہ" بخط انگریزی و فارسی لکھا ہوا ہے، اپنے ہاتھ سے سرکار خلد مکان کو عطا فرمایا، اور کہا کہ "مین قیصر ہند کیطرف سے یہ تمغہ اور نشان آپ کو دیتے ہوے بہت مسرور ہون اور امید ہے کہ آپ اسکی عزت کرین گی، اور آپ اور آپ کے جانشین بطور یادگار دوستی قیصرہ ہند رکھین گے، اور آپ ان کو ایک یادگار اس دربار شاہنشاہی کی جس مین ملکہ انگلستان و ہندوستان نے

له لارڈ لٹن لٹریری دنیا مین نہایت نامآور مصنف و مولف ہین، اور اون کے ناولون نے کیا باعتبار عبارت اور شستگی زبان کے، اور کیا بلحاظ اپنے نتائج نیک اور مفید مطالب کے شہرت و قبولیت عام حاصل کی ہے اردو زبان مین بھی اون کے ناولون کے ترجمے کیے گئے ہین جو نہایت مقبول ہوے ہین وہ بڑے کامل الفن، ادیب، اور نثار ہین، اور انگریزی کا علم ادب اونکا موروثی حصہ ہے، اون کو علم سے دلچسپی، اور اہل علم سے خاص اُنس ہے، اونھون نے ۱۸۷۷ء مین دربار قیصری کے بعد علیگڈھ مین مدرسۃ العلوم المسلمین کی بنیاد رکھکر اپنے علم دوستی کا مہتم بالشان ثبوت دیا؛ لارڈ لٹن ۱۸۷۶ء مین نارتھ برک کے بعد ویسراے ہند ہوے، اور ۱۸۸۰ء مین کنسرویٹو منسٹری کو انگلستان مین شکست ہوتے ہی اونھون نے اس جلیل القدر منصب سے استعفا دیدیا۔

خطاب "قیصر ہند" اختیار کیا ہے تصور کرتی رہین گی، جب کبھی یہ نشان کھولا جائے گا، تو تخت انگلستان اور آپ کے راسخ العقیدت اور شاہی خاندان مین جو رابطہ اتحاد ہے صرف وہی آپکو یاد نہین آئیگا بلکہ یہ بات بھی یاد آئیگی کہ دولت علیہ انگلشیہ کی عین تمنا ہے کہ آپ کا خاندان ہمیشہ طاقت ور، اقبال مند، اور قائم رہے۔

مجھے اس امر کی بھی خوشی ہے کہ مین نواب صاحب (صدیق حسن خان) کیلیے تمام ممالک ہند مین، ۱۷ فیر کی سلامی مقرر کرنے کا مجاز کیا گیا ہون، بحکم جناب ملکہ معظمہ امپرس آف انڈیا خاص آپ کے شوہر کے واسطے ۱۷ فیر توپون کی سلامی مع استقبال قلمرو سرکار انگلشیہ مین ہمیشہ کے لیے مقرر کی گئی، اس اعلان کے بعد نواب صاحب سے ہاتھ ملایا اور ملاقات ختم ہوئی۔

ہز ایکسلنسی کے فارن سکریٹری اور انڈر سکریٹری صاحبان اور آنریبل ایجنٹ نواب گورنر جنرل بہادر نے بھی تک مشایعت کی اور نشان و تمغہ ملنے اور نواب صدیق حسن خان صاحب کی سلامی مقرر ہونے پر مبارکباد دی۔

جس وقت سرکار خلد مکان نہضت فرماے کیمپ ہوئین (۱۹) فیر سرکار خلد مکان کی سلامی کے اور (۱۷) فیر نواب صاحب کی سلامی کے توپخانہ جنگی سے سر ہوئے، گوروں کی فوج اور دیسی افواج سوار و پیادہ نے جو وہان شمشیر برہنہ استادہ تھے سلامی ادا کی۔

اوسی دن راجہ صاحب سمتھر کی مزاج پرسی کو منجانب سرکار خلد مکان معتمدین بھیجے گئے، اور "دھولپور" اور "دتیا" کے رؤسا کے چوبدار سلام رسانی کیلیے اور منجانب راجہ صاحب بنارس معتمدین اداے رسم سلام کے واسطے آئے۔

۲۸ ردسمبر بروز پنجشنبہ کو سہ پہر کے وقت ہز ایکسیلنسی ویسراے ملاقات بازدید کیلیے تشریف لائے، سرکار خلد مکان کی جانب سے تقریباً نصف میل کے فاصلہ تک استقبال کیا گیا، ہز ایکسیلنسی کی سواری جب متصل خیمہ سرکاری پہونچی تو سرکار خلد مکان نے استقبال کر کے ہز ایکسیلنسی کو بگھی سے اوتارا، توپخانہ انگریزی سے جو پہلے سے موجود تھا (۳۱) فیر سلامی سر ہوے ہز ایکسیلنسی کے ہمراہ اونکے صاحبان فارن سکریٹری، ملٹری سکریٹری، پرائیوٹ سکریٹری، کمانڈنگ آفیسر رسالہ باڈی گارڈ ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا و دیگر چند معزز یوروپین آفیسر تھے۔

حسب معمول مزاج پرسی کے بعد ہز ایکسیلنسی کو سرکار خلد مکان نے اپنے دست راست پر بٹھایا، اور دیگر صاحبان ہز ایکسیلنسی کے دست راست پر درجہ بدرجہ بیٹھے سرکار خلد مکان کے دست چپ پر پہلے صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر، اور پھر دیگر سرداران ریاست تھے معمولی مراسم نذر ادا ہونے کے بعد سرکار خلد مکان نے تاریخ بھوپال (انگریزی) اور تذکرہ شمع انجمن (فارسی) بطور تحفہ پیش کین، اور کہا کہ "یہ تذکرہ میرے شوہر نواب صاحب کی تالیف سے ہے"۔

ہز ایکسیلنسی نے اوس تذکرہ کو بہ کمال شوق اپنے ہاتھ مین لیا، اور کرسی سے اوٹھکر نواب صدیق حسن خان صاحب کا ہاتھ اپنے ہاتھ مین لیکر فرمایا کہ "مین اس کتاب کا شکریہ ادا کرتا ہون" نواب صدیق حسن خان صاحب نے جواباً کہا کہ "مین اس مختصر ہدیہ کے قبول فرمانے پر جناب عالی کا بے انتہا شکر گذار ہوا ہون"۔

ہز ایکسیلنسی نے تذکرہ مذکور مین شیخ سعدی کے اشعار کے اندراج کی بابت دریافت کیا، اور یہ معلوم کر کے بہت خوش ہوے کہ اوس مین سعدی کے اشعار موجود ہین، اس گفتگو کے

بعد حسب دستور ملاقات عطر و پان تقسیم کیا گیا، اور ریاست کے قاعدہ کے مطابق خشک وتر میوون کی ڈالیان پیش ہوئین۔

ایک پنکھا زردوزی کا جو ایک نہایت اعلیٰ نمونہ دیسی صنعت کا تھا، ہز ایکسیلنسی کو اور ایک ایک بٹوا زردوزی کے عمدہ کام کا جسمین سفید الایچیان بھری ہوئی تھین ہز ایکسیلنسی کے ہمراہیان کو سرکار خلد مکان نے تحفتہً پیش کیا۔

اس کارروائی ملاقات کے ختم ہونے پر ہز ایکسیلنسی واپس تشریف لے گئے، اور اوسیطرح مشایعت عمل مین آئی جس طرح کہ استقبال کیا گیا تھا۔

دوسرے دن نظام الملک آصف جاہ والی دکن کی جانب سے نواب عماد جنگ اور دیگر معتمدین سرکار خلد مکان کی مزاج پرسی کو آئے، اور اسی طرح وقتاً فوقتاً دیگر والیان ملک کی جانب سے بذریعہ معتمدین مزاج پرسی کی گئی، اور منجانب سرکار خلد مکان بھی معتمدین مزاج پرسی کے لیے بھیجے گئے۔

علاوہ سنٹرل انڈیا کے یوروپین عہدہ دارون کے اور بھی یوروپین اصحاب اور اون کی لیڈیان ملنے آئین، اور وہ سب سرکار خلد مکان کے حسن اخلاق، اور تواضع کے ثنا خوان گئے۔

۱۳ ذی الحجہ کو نشان عطیہ سرکار انگلشیہ کو غلام محبوب خان مہتمم کارخانہ بذریعہ صاحب پولیٹیکل ایجنٹ لیکر آئے، اور حسب دستور نشان کی سلامی ادا کی گئی۔

اوسی تاریخ کو سرکار خلد مکان ہز ایکسیلنسی کی لیڈی صاحبہ سے ملنے کو تشریف لیگئین، عالیجناب لیڈی لٹن صاحبہ نے نہایت تپاک اور محبت سے سرکار خلد مکان کا خیر مقدم کیا

اس موقع پر ہز ایکسیلنسی بھی تنہا تشریف لاے، اور دیر تک عنایت آمیز گفتگو فرماتے رہے، صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر مترجم تھے۔

یہ ملاقات بالکل پرائیوٹ تھی اور بجز صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کے اور کوئی دوسرا انگریز یا ہندوستانی نہ تھا۔

ہز ایکسیلنسی نے رخصت کے وقت سرکار خلد مکان اور نواب صدیق حسن خان صاحب سے مصافحہ کیا۔ اور ایک کتاب[1] دی جو دفتر مین نہ ملی۔

سرکار خلد مکان نے تاریخ بھوپال انگریزی کی جلدین بوساطت صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر وایجنٹ گورنر جنرل بہادر، گورنر صاحبان بمبئی، ومدراس، ومہاراجہ صاحب بہادر گوالیار، و میڈ صاحب بہادر رزیڈنٹ حیدرآباد، ولفٹنٹ گورنر صاحبان بنگال، وپنجاب، وخان قلات ولنواب عماد جنگ میر منشی[2] سرسالار جنگ بہادر کو تحفتاً بھیجین۔

نواب امیر علی خان صاحب وزیر السلطان سی۔ ایس۔ آئی، بہاری بھی نواب صدیق حسن خان صاحب کی ملاقات کو آئے اور کتاب وزیر نامہ کی جلدین نواب صدیق حسن خان صاحب و سرکار خلد مکان کی جناب مین تحفتاً پیش کین۔

دربار سے دو ایک دن پہلے صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے شرکت دربار کیلیے ٹکٹ[3] بھیجے، یہ ٹکٹ اون نشستون کے تھے جو روساء کے متقرب اور مخصوص سرداروں کیلیے تجویز ہوئی تھین۔

یکم جنوری ۱۸۷۷ء = ۱۵ر ذی الحجہ ۱۲۹۳ہجری کا وہ مبارک اور قابل یادگار دن تھا،

---

[1] اس کتاب کا موضوع فن موسیقی اور عروض ہے۔

[2] آنریبل مولوی سید حسین بلگرامی ممبر انڈیا کونسل (لنڈن)

[3] ان مین ایک ٹکٹ سرکار خلد مکان کا اور آٹھ ٹکٹ نواب صدیق حسن خان و نواب احتشام الملک علی جاہ بہادر و مولوی جمال الدین خان

جس کے لیے اس تمام شوکت وشان کی نمائش کی گئی تھی، اور تمام والیان ملک ورؤسا وامرا وشرفا مع اپنے حشم وخدم کے مہمان بلائے گئے تھے، اور وہ دربار ہونے والا تھا جو تاریخ سلطنت برطانیہ میں ایک زرین باب اور علیا حضرت ملکہ وکٹوریہ کے بابرکات عہد حکومت کے واقعات میں ایک ایسا پر وقعت واقعہ رہے گا، جس کی یاد ہمیشہ اہل ہند کے دلون کو تازہ اور مسرور رکھے گی۔

یہ دربار جس طرح اپنے تزک واحتشام میں بے نظیر تھا، اوسی طرح اوس کے نتائج ہندوستانی رعایا سے برطانیہ اور والیان ملک کے لیے جنکا تعلق سلطنت برطانیہ سے ہے، اپنے فوائد کے اعتبار سے بے مثل ہین۔

۱۰ بجے سرکار خلد مکان مع اخوان وارکین ریاست وحشم وخدم چہار اسپی گاڑی پر سوار ہوکر دربار میں تشریف لیگئے ہین، یہ عالیشان دربار دہلی کی پرانی چھاؤنی میں اوس پہاڑی کے نیچے جسپر سے انگریزی فوج نے گولہ باری کرکے ایام غدر میں دہلی کو فتح کیا تھا، ایک بڑی عارضی عمارت میں جسکے تین حصے تھے منعقد ہوا تھا۔

پہلا حصہ والیان ملک، اور غیر احصہ ریاست ہاے غیر کے سفیرون اور تماشائیون کے لیے، اور وسطی حصہ ہز اکسلنسی ویسرا ے کی نشست گاہ کا تھا، چارون طرف لوہے کا جنگلہ لگایا گیا تھا جسپر سنہری ملمع تھا، وسطی حصہ کے اوپر جو شامیانہ تھا اوسپر ایک بڑا مسند، تخت جسپر تاج شاہی رکھا ہوا تھا، جابجا جھنڈیان اور جھنڈے لگائے گئے تھے اور فوجی نشان شاہی تاج اور تمغہ سنہری اور روپہلی کلابتون اور ریشم سے بنے ہوے تھے ہلالی چبوترہ جسپر والیان ملک کی نشست تھی سفید اور سنہری رنگ سے منقش تھا،

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) صاحب بہادر مدار المہام ریاست میان نرائن خان میان عالمگیر محمد خان ولی محمد خان میان محمد خان شیخ الہی نبی ریاست کے تھے

اوس کے ۳۷ درجے تھے اور ہر درجہ کی آمد و رفت کا دروازہ جدا تھا۔

ہلالی چبوترہ پر جسقدر والیان ملک اور صاحبان گورنر اور لفٹننٹ گورنر تھے، اون کی نشست پشت اون کا نشان استادہ تھا، اور اون کے اسٹاف کے افسران اور اراکین ریاست گرد بیٹھے ہوے تھے، والیان ریاست سرکاری عہدہ داران اعلے کے ساتھ ملا جلا کر بٹھائے گئے تھے، اور اس طرح پر شرقی و مغربی طرز کے اتصال نے ایک عجیب کیفیت پیدا کر دی تھی، اس چبوترہ پر (۴۳) والیان ملک تھے، چبوترہ کے وسط میں نظام حیدر آباد، مہاراجہ بڑودہ، اور مہاراجہ میسور کی جگہہ تھی، اون کے داہنی طرف راجپوتانہ، اور بائین طرف وسط ہند کے والیان ملک تھے، اونکے عین سرے پر پنجاب کے رؤسا کی نشست تھی، اور باقی درجون مین وہ چھوٹے چھوٹے رئیس تھے جو اپنی اپنی لوکل گورنمنٹون کے تابع ہین۔

تمام فوج موجودہ دہلی میدان دربار مین موجود تھی، انگریزی فوج شمال کی جانب صف باندہے ہوے کھڑی تھی، اور والیان ریاست کی جلو کی فوج اور اون کے آدمی جنوب کی جانب استادہ تھے، رؤسا و امرا کی کرسیان شاہی تخت کے سامنے ہلالی شکل پر رکھی گئی تھین، سرکار خلد مکان کے قریب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا، اور ہز ہائنس مہاراجہ سیندھیا بہادر اور ہز ہائنس مہاراجہ ہلکر بہادر تھے، دوپہر کے وقت ہز اکسلنسی لارڈ لٹن ویسراے کشور ہند، گرینڈ ماسٹر اسٹار آف انڈیا کا لباس زیب تن کیے ہوے مع لیڈی لٹن صاحبہ اور اپنی صاحبزادیون کے تشریف لائے۔

اون کی تشریف آوری کے وقت شاہی نقیبون نے تُرئیان بجائین، باجون سے "گاڈ سیو دی کوئن" (خدا ملکہ کو سلامت رکھے) کی گت بجنے لگی، فوجی بینڈ نے گرینڈ

مارچ کی گت بجائی، اور جس وقت ہزایکسلنسی تخت پر جلوہ گر ہوے گارڈ آف آنر نے سلامی دی ہزایکسلنسی نے نقیب اعلیٰ کو حکم دیا کہ وہ خطاب "قیصری" کا اعلان سنائے پہلے بارہ نفیریون نے اپنی تریان بجائین اور پھر نقیب اعلےٰ نے یہ اعلان سنایا:-

اشتہار

ملکہ معظمہ وکٹوریا

چونکہ پارلیمنٹ کے حال کے اجلاس سے ایک ایکٹ اس نام کا "ایکٹ بمراد اس بات کے کہ جناب مرحمت قباب ملکہ معظمہ اوس خطاب و القاب شاہی مین جو سلطنت متحدہ اور اوسکے تابع ملکون کی بادشاہی سے متعلق ہین، ایک اور لقب اضافہ کر سکین" صادر ہوا ہے، اور اس ایکٹ مین لکھا ہے کہ از روے ایکٹ بابت متحد کرنے ممالک برطانیہ عظمیٰ اور آئرلینڈ کے یہ حکم ہوا تھا بعد دونون کے متحد ہونے کے سلطنت متحدہ اور اوسکے تابع ملکون کی بادشاہی کے متعلق خطاب و القاب ایسے ہی ہوا کرین گے جو بادشاہ اپنے اشتہار شاہی کے ذریعہ سے جو سلطنت متحدہ کی مہر اعظم سے مزین ہو مقرر فرمائین اور اوس ایکٹ مین یہ بھی لکھا ہے کہ حسب منشا ایکٹ مذکور اور اشتہار شاہی کے جو مزین بہ مہر اعظم اور مورخہ یکم جنوری سنہ۱۸۰۱ء ہے مابدولت کے حال کے خطاب اور القاب یہ ہین "وکٹوریا بفضل خدا سلطنت متحدہ برطانیہ عظمیٰ اور آئرلینڈ کی ملکہ اور حامیہ دین عیسائی" اور اُس ایکٹ مین

یہ بھی لکھا ہے کہ ایکٹ بابت خو بتر انتظام گورنمنٹ ہند کے بموجب یہ حکم نفاذ پایا ہے کہ گورنمنٹ ہند جو اسوقت تک مابدولت کی طرف سے سرکار ایسٹ انڈیا کمپنی بہادر سے تفویض مین بطور امانت کے تھی، مابدولت کے تفویض ہوئی، اور یہ کہ اب آئندہ کے لیے ہند پر مابدولت کی حکمرانی ہوگی، اور مابدولت کے نام سے اوسپر حکمرانی کی جائیگی، اور قرین مصلحت یہ ہے کہ نقل و تحویل گورنمنٹ جو حسب مذکورہ بالا ہوگئی اوسکی تسلیم و پذیرائی اس نہج پر ظاہر کیجائے کہ مابدولت کے خطاب و القاب مین ایک اور لقب اضافہ کیا جائے، اور اوس ایکٹ مین بعد بیانات مذکورہ کے یہ حکم ہوا ہے کہ مابدولت کو جائز ہوگا کہ نقل و تحویل گورنمنٹ ہند کی تسلیم و پذیرائی مذکورالفوق کی نظر سے اوس خطاب و القاب مین جو سلطنت متحدہ اور اوسکے تابع ملکون کی بادشاہی سے بالفعل متعلق ہین بذریعہ اشتہار مشتہرہ مابدولت مزین بمہر اعظم سلطنت متحدہ ایسا لقب اضافہ کرین جو مابدولت کو مناسب معلوم ہو، لہذا مابدولت نے حسب صلاح مشیران پروی کونسل کے یہ مناسب سمجھا کہ یہ تعیین و اعلان کردین (اور اوس صلاح سے اور اوس صلاح کے بموجب اس تحریر کی رو سے یہ تعیین و اعلان کیا جاتا ہے) کہ اب سے جہانتک سہولیت ہو سکے تمام موقعون اور تمام دستاویزون مین جن مین مابدولت کے خطاب اور القاب مستعمل ہون بجز اور باستثناء جملہ چارٹر (معاہدات ملکی) اور کمیشن (فرامین مناصب) اور لیٹرس پیٹنٹ (مکاتیب عامہ) اور گرانٹ (ہبات و عطایا) اور ریٹ (پروانجات) اور اپائنٹمنٹ (تقررات) اور اوسی طرح کے جملہ اور دستاویزات کے جو سلطنت متحدہ کے باہر اثر پذیر نہون اوس خطاب

والقاب مین جو سلطنت متحدہ اور اوسکے تابع ملکون کی بادشاہی سے بالفعل متعلق ہین، زبان لاطین مین یہ لفظین "انڈئی امپراٹریکس"، اور زبان انگریزی مین یہ لفظین "امپرس آف انڈیا" (قیصر ہند) اضافہ کیے جائین۔

سوا اسکے مابدولت کی مرضی اور خوشی یہ ہے کہ کمیشن اور چارٹر اور لیٹرس پیٹنٹ اور گرانٹ اور ریٹ اور اپائنٹمنٹ اور اوسی طرح کی اور دستاویزات مین جو اوپر بالخصوص مستثنا کی گئی ہین وہ اضافہ نہ کیا جاے۔

اور سوا اسکے مابدولت کی مرضی اور خوشی یہ ہے کہ جملہ سونے اور چاندی اور تانبے کے نقود جو سلطنت متحدہ کے سکہ جات رائج الوقت اور جائز الرواج ہین اور جملہ سونے اور چاندی اور تانبے کے نقود جو آج یا آج کے بعد مابدولت کے حکم سے اوسی طرح کے نقوش سے مسکوک ہون بلا لحاظ اوس اضافہ کے جو مابدولت کے خطاب و القاب مین کیا گیا ہے سلطنت متحدہ مذکورہ کے سکہ جات رائج الوقت اور جائز الرواج متصور ہون اور سمجھے جائین، اور سوا اسکے یہ کہ جملہ سکے جو سلطنت متحدہ کے تابع ملکون مین سے کسی کے لیے اور کسی مین مسکوک اور جاری ہوے ہین اور مابدولت کے اشتہار کی روسے اون تابع ملکون کے سکہ جات رائج الوقت اور جائز الرواج قرار دیے گئے ہین اور اونپر مابدولت کے خطاب یا القاب یا اون مین سے کوئی جز و یا اجزا منقوش ہوے ہین اور جملہ نقود جو مطابق اشتہار مذکور کے بعد ازین مسکوک اور جاری ہون بلا لحاظ ویسے اضافہ کے اون تابع ملکون کے سکہ جات رائج الوقت، اور جائز الرواج رہا کرین تاوقتیکہ مابدولت کی اور کوئی مرضی اوس کے نسبت

ظاہر نہ کیجائے۔

بابدولت کے محکمہ واقع مقام ونڈسر سے ۱۸۷۶ء کی
اٹھائیسوین اپریل کو بابدولت کے جلوس کے اونتالیسوین
سال مین صادر ہوا۔

خداوند کریم جناب ملکہ معظمہ کو سلامت با کرامت رکھے

حسب الحکم جناب معلی القاب
نواب گورنر جنرل بہادر ہند
باجلاس کونسل

ٹی۔ ایچ۔ تھارنٹن
قائم مقام سکرٹری گورنمنٹ ہند

اعلان چونکہ انگریزی زبان مین سنایا گیا تھا، اسلیے ہز ایکسلنسی کے فارن سکریٹری نے اوس کا ترجمہ اُردو مین سنایا، جب اعلان انگریزی اُردو مین سنایا جا چکا، تو علیا حضرت ملکہ معظمہ کی تعظیم کے لیے علم شاہی بلند کیا گیا، اور (۱۰۱) فیر سلامی کے سر ہوے، فوجون نے بندوقون کی باڑہون سے اپنی خوشی اور سلامی کا اظہار کیا، فوجی بینڈ نے فوجی گت بجائی، اور یہ کیفیت عجیب و دلکش پیرایہ مین قریب نصف گھنٹہ کے پیش نظر رہی جبوقت آخری توپ سر ہوئی اوسوقت ہز ایکسلنسی نے کھڑے ہوکر حسب ذیل تقریر کی:-

تقریر جلسہ قیصری بہ خیمہ گاہ دہلی اول جنوری ۱۸۷۷ء

۱۸۵۸ء کے نومبر مہینے کی پہلی تاریخ ایک اشتہار حضرت ملکہ معظمہ انگلستان

کے حضور سے جاری ہوا تھا جس مین رؤسا اور رعایا ہند کی نسبت ایسے
اقرار الطاف و مرحمت شاہانہ کے حضرت ممدوحہ کی طرف سے تھے کہ اوس
تاریخ سے آجتک وے لوگ اون کو ملکی امور مین سند بے بہا سمجھتے ہین وہ وقت
جو سب اقرار حضرت ملکہ معظمہ کی طرف سے ہوے تھے کہ جنکے اقرار کو کبھی لغزش
نہین ہوئی ہے، اب ہماری زبان سے اون اقرارون کا مستحکم کرنا کچہ حاجت
نہین رکھتا اور ان اٹھارہ برس کی سرسبزی روز افزون سے یہ اقرار
سب ثابت ہو گئے اور یہ جلسہ عظمی اون اقرارون کی تکمیل کی ظاہر دلیل ہے،
اس سلطنت کے رؤسا اور رعایا جو کہ اپنے اپنے اعزاز موروثی مین
بے خلل متمتع اور اپنے اپنے مصالح واجبی کی پیروی مین محفوظ رہے ہین
اون کے لیے گذشتہ زمان کی یہ سخاوت اور عدالت آیندہ کے واسطے
کفیل کامل ہوئی اب ہم لوگ حضرت ممدوحہ نے جو خطاب "قیصر ہند"
اختیار فرمایا ہے اوس کے اعلان کے لیے جمع ہوے ہین، اور اس ملک مین
حضرت ممدوحہ کے قائم مقام ہونے کی حیثیت سے مجھپر لازم ہے کہ حضرت
ممدوحہ کی عنایات دلی کو جنکے باعث یہ لقب القاب اور منصب موروثی
کے اوپر حضرت ممدوحہ نے اضافہ فرمایا ہے بیان کرون۔

منجملہ ممالک حضرت ممدوحہ جو تمام دنیا مین کرہ ارض کے ساتواں حصہ پر
مشتمل ہے، اور تیس کرور باشندگان اوس مین بستے ہین، اونمین سے
اور کسی ممالک پر اس عظیم و فاخم سلطنت سے زیادہ توجہ نہین رکھتے ہین
ہر وقت اور ہر جگہ قابل اور کارگزار ملازم لوگ انگلینڈ کے سلاطین کی تعداد

بجا لاتے رہے ہین، لیکن اون سے جنکی دانائی اور شجاعت سے ملک ہند کی سلطنت حاصل ہوئی، اور قائم رکھی گئی اور کوئی زیادہ نامآور نہین ہوے۔

اس مہم عظیم مین جس مین حضرت ملکہ ممدوحہ کی کل انگریزی، اور دیسی رعایا اچھی طرح سے اتفاق کیے ہین، حضرت ممدوحہ کے بڑے بڑے متعہدان او متعلقان بھی ہواخواہی کی راہ سے معین ہوے، اونکی سپاہ جنگ کی محنت اور فتح مین حضرت ممدوحہ کی افواج کے ساتھہ شریک ہوے ہین، اور اونکی وفاداری اور دانائی دولت حضرت ممدوحہ کے امن وامان کے فوائد کو قائم رکھنے اور اوس کے عام کرنے کے لیے کارگر ہوئی ہے اور اونکا حاضر ہونا آج جو حضرت ممدوحہ کے خطاب "قیصری" کے اختیار فرمائی کا روز مبارک ہے اس بات کی دلیل ہے کہ حضرت ممدوحہ کی حکمرانی کی ملائمت اور سلطنت کی یگانگت سے وے لگاو رکھتے ہین۔

حضرت ممدوحہ اس سلطنت کو جو اونکے اسلاف سے حاصل اور اون کی ذات مقدس سے قیام پذیر ہوئی ہے، ارث جلیل لایق اس کے کہ محفوظ رہے اور اونکی اولاد کو تمام پہونچے سمجھتی ہین، اور اوس کو اپنے قبضہ اقتدار مین رکھنے سے اپنے اوپر یہ عین فرض جانتی ہین کہ اپنے بڑے اقتدار کو اس ملک کی رعایا کی بہبودی کے لیے اور اون کے روسا متعلقان کے حقوق پر نظر دقیق رکھکر کام مین لاوین، اسواسطے حضرت ممدوحہ کا یہ ارادہ ملوکانہ ہے کہ اپنے القاب پر اور ایک لقب بڑہاوین، جو آیندہ کے لیے سب روسا اور رعایاے ہند کے واسطے دائماً اس بات کا نشان ہو کہ مصالح طرفین

متحد اور اس دولت کی ہوا خواہی اون پر واجب ہے۔

وہ سلسلہ خاندان جنکی حکومت ہند کو تبدیل اور ترقی دینے کے لیے خداوند کریم نے اقتدار سلطنت برطانیہ کو اس ملک مین مقتدر کیا سلاطین عظام اور نیک سے خالی نہ تھا، ولیکن اون کے جانشینون کے انتظام ملکی سے اون کے ممالک کے امن و امان اندرونی حاصل نہوے اور علی الدوام تنازع برپا رہا اور ہمیشہ اختلال آتا گیا، ضعیف اور کمزور لوگ اسیر دام اقویا اور دے اقویا مغلوب ہواے نفسانی ہوتے گئے اسی طرح تواتر سیلاب خونریزی، اور خصومت ورونق، کے تنزلزل سے خاندان عالیشان "تیموریہ" خراب ہوکر بالآخر تباہ ہوگیا، کیونکہ اون سے ممالک مشرقی کی کچھہ ترقی نہوسکی۔

اندلون بسبب حمایت احکام حضرت ملکہ معظمہ جس مین کسی ملت و مذہب کا فرق نہین ہے حضرت ممدوحہ کی ہر ایک رعیت امن و امان کے ساتھہ اپنی گذران کرسکتی ہے، ہر فریق کو عدم تعصب سرکار ممدوحہ کے سبب اس بات کی اجازت ہے، کہ بلاتعرض اپنے اپنے مذہب کی رسومات کو ادا کرین جو دست اقتدار قوت قیصرانہ دراز کیا جاتا ہے، وہ مٹانے اور دبانے کے لیے نہین ہے بلکہ حمایت اور ہدایت کے لیے ہے، کل ممالک کی ترقی اور صوبہ جات کی سرسبزی روزافزون سے انتظام سرکار انگریزی کا نتیجہ ہر جگہ ظاہر و باہر ہے۔

اے نفتظمان برطانی اور وفادار عہدہ داران سرکار انگریزی،

آپ لوگون کی دوامی محنتون سے علی الخصوص اکثر اچھے اچھے نتیجے حاصل ہوے ہین، اور ہین آپ لوگون پر اولاً حضرت ممدوحہ کی طرف سے اونکے مسرت اور اعتماد کو ظاہر کرتا ہون آپ لوگون نے اپنے اپنے سب معزز متقدین کے مانند اس سلطنت عظمی کے فائدہ کے لیے محنت اوٹھائی ہے اور اس امر مین آپ لوگ ہمت مستمرہ اور حسن صداقت اور جان فشانی کو جس کی نظیر تواریخ مین نظر نہین آتی برابر کام مین لائے ہین۔

ناموری کے دروازے ہر شخص کیلیے کھلے نہین ہین، لیکن نیک کاری کا موقع اوسکے طالب کو ہمیشہ حاصل ہوسکتا ہے، کم اتفاق ہوتا ہے کہ کوئی سرکار اپنے ملازمون کے منصب کی ترقی جلد جلد کرسکے ولیکن مجکو یقین حاصل ہے کہ سرکار انگریز بہادر کی کارگذاری مین خدمت سرکار اور ذاتی جان فشانی عزت و سواجب شخصی کی امید سے ہمیشہ زیادہ محرک ہوگی ہمیشہ ایسا ہوتا آیا ہے اور آیندہ بھی ایسا ہی ہوگا کہ ہند کے انتظام مین سے مہمات اور امور فائدہ مند کا بڑا حصہ نہ بڑے بڑے صاحبان منصب جلیل سے متعلق رہا اور نہ کبھی رہے گا، مگر اون صاحبان ضلع سے جن کی ہوشیاری اور ہمت پر کل انتظام کا اچھا ہونا بالخصوص موقوف ہے حضرت ممدوحہ کی توصیف اور تحسین اپنے ملازمان اہل قلم اور اہل سیف کے حق مین جو تمام ہندوستان مین ایسی نازک اور مشکل خدمات کو بخوبی بجالائے اور بجالاتے ہین جس سے اور زیادہ نازک اور مشکل کام سب سے زیادہ رعایاے معتمد علیہ کو سرکار کی طرف سے مفوض نہوسکے مین اوس کے

بیان مین مبالغہ نہین کر سکتا، اے "اہل قلم و اہل سیف" جو کم سنی مین ایسے مناصب
با اختیار پر مقرر ہو کر جان فشانی و رضامندی کے ساتھہ نظم سخت احکام کی
متابعت کرتے ہین اور جو اپنی اپنی ذات سے انتظام کے امور اہم کو
بجا لاتے ہین، اون اقوام کے درمیان جنکے مذہب، او رزبان، اور رسومات
آپ لوگون سے الگ ہین مین یہ دعا کرتا ہون کہ آپ لوگ اپنی اپنی خدمات
مشکلہ کو متانت اور ملائمت کے ساتھہ بجا لانے وقت یہ خیال رکھین کہ جسطرح
اسی طور سے اپنی قوم کی نیک نامی قائم رکھتے ہین، اور اپنے مذہب کے
ملائم احکام کی تعمیل کرتے ہین، اوس وقت بھی کل دوسری قوم اور مذہب پر
جو اس ملک مین موجود ہین حسن انتظام کے فوائد بیشمار کو عنایت کرتے ہین
چونکہ مغربی تمدن کے اصول کو دانائی کے ساتھہ جاری کرنے سے اس
سلطنت عظمی کے سرمایہ، اور محاصل کو علی الاتصال وسعت ہوتی گئی ہین
ملک ہند صرف ملازمان سرکاری کا ممنون نہین چنانچہ اگر اس روز مبارک مین
حضرت ممدوحہ کی دوسری رعایاے انگریزی کی جو بلا ملازمت سرکار ہند مین
بستے ہین، اس بات کی خاطر جمعی نہ کراؤن کہ حضرت ممدوحہ بڑی دلی
خوشی کے ساتھہ اونکی ہوا خواہی کو بہ نسبت اون کے تخت اور ذات
مقدس کے اور یہ فوائد بھی جو حضرت ممدوحہ کی سلطنت ہند کو اون کی
محبت اور جلاوت ظاہری اور باطنی سے اور اون کے اخلاق مدنی سے
حاصل ہوے ہین اوسکو جانتی ہین اور اوسکی قدر شناسی فرماتی ہین، تو مین حضرت
ممدوحہ کے ارادۂ قیصرانہ کی تشریح مین قاصر ہونگا۔

چونکہ حضرت ممدوحہ کی یہ خواہش ہے کہ اون کو اون رعایا کے ممتاز کرنے کے لیے جو اون کی سلطنت کے اس بڑے علاقہ مین خدمات ملکی اور محاسن ذاتی ظاہر کیے ہین زیادہ فرصت اور موقع حاصل ہووے اس لیے بطیب خاطر نہ فقط طبقۂ اعلاے ستارہ ہند کو اور طبقہ برٹش انڈیا کو کچھہ بڑھایا چاہتی ہین بلکہ ایک نئے طبقہ کو جو باسم طبقہ انڈین امپائر کی موسوم ہو مقرر فرمائین۔

اے لشکر ہند کے انگریزی و ملکی سردار سپاہیو! آپ لوگ جو سب کام دلیرانہ طور سے باتفاق یکدگر حضرت ممدوحہ کے فوجی اعزاز کے لیے عمل مین لائے اونکو حضرت ممدوحہ فخر و مباہات کے ساتھہ یاد رکھتی ہین اور چونکہ حضرت ممدوحہ کو یہ یقین ہے کہ آیندہ بھی ہمیشہ اوسی وفاداری کے ساتھہ اس امر اہم کی نیک بجا آوری مین متفق ہوکر کارگذار ہونگے اسیلیے آپ لوگون ہی کو یہ خدمات مفوض کیے جاتے ہین جس سے حضرت ممدوحہ کے ممالک ہند کا امن و امان اور سرسبزی باقی رہے۔

اے والنٹیر سپاہیو! آپ لوگون کی کوششین جو بہوا خواہی اور کامیابی کے ساتھہ ظہور مین آئی ہین تاکہ اگر ضرورت پڑے تو افواج نظامی کیساتھہ متفق ہون، اس لایق ہین کہ اسے روز مبارک مین اوس کی دلی ستائش کی جاے۔

ای اس سلطنت کے رؤسا و امرا! جنکی خیرخواہی استواری کا کفیل اور جن کی بہبودی جلالت کا منبع ہے حضرت ممدوحہ آپ لوگون کی اس

آمادگی پر کہ اگر کوئی حملہ اور تہدید سلطنت کے مصالح پر واقع ہو تو آپ لوگ اوس کی حفاظت کرین گے، اسپر بڑے اعتماد کے ساتھ تحسین و آفرین فرماتی ہین ہین حضرت ملکہ معظمہ کیطرف سے اور اون کے نام سے آپ لوگون کو اس مقام دہلی کے آنے پر مرحبا کہتا ہون اور آپ لوگون کا اس جلسہ عظیم مین شامل و شریک ہونیکو دلیل ظاہر آپ لوگون کی عقیدت و خیرسگالی نسبت سلطنت انگلستان پر جو بوقت تشریف فرمائی "جناب پرنس آف ویلز بہادر" کے اس ملک مین اوس واضح طور سے ظہور مین آئی تھی، جانتا ہون، حضرت ممدوحہ اپنے مصالح کو عین آپ کے مصالح تصور فرماتی ہین، اور واسطے موکد کرنے اخلاص اور دائم کرنے اوس روابط مستحکمہ کے جو اتفاق حسنہ سے مابین سلطنت انگلستان او اوسکے متعلقان اور متعہدان کے ہے، حضرت ممدوحہ نے بطیب خاطر خطاب "قیصری" اختیار فرمایا ہے جس کا آج مین اعلان کرتا ہون۔

اے ملکی رعایاے حضرت قیصر ہند! اس سلطنت کے حالات موجودہ او اوسکے مصالح دائمہ اس بات پر مقتضی ہین کہ اوس کا اہتمام اور انتظام اعلے ایسے اہلکاران انگریزی کو مفوض ہو جو کہ ان تدبیر کے اصول سے تعلیم یافتہ ہوئے ہین، جسکی تعمیل حکومت قیصرانہ تسلسل کے لیے لازم ہے، ان مدبران کے اختراعات عاقلانہ سے ہند کی ترقی متصل تمدن کے امور مین جو کہ اوسکی ملکی عظمت کو لازم ہے اور قوت روز افزون کا منشا وابستہ ہے اور عرصہ دراز تک انہین کے ذریعہ سے فنون اور علوم، اور آداب مغربی جو کہ باعث فوقیت حال ممالک یوروپ صلح و جنگ مین ہے ممالک مشرقی کی طرف اوسکے باشندگان کے

فائدۂ عام کے لیے مروج و جاری ہوا کرے، لیکن آپ لوگ جو ہند کے رہنے والے ہین جو کچھ آپ کی قوم، اور مذہب ہو، یہ مسلم ہے کہ اس ملک کے انتظام مین جس مین آپ بستے ہین انگریزی رعایا کے ساتھ اپنی اپنی استعداد کے موافق ایک بڑے حصہ مین شریک ہونے کا حق رکھتے ہین اس حق کی بنیاد عین انصاف پر ہے اور اوسکو بڑے بڑے مدبران برطانیہ اور ہند نے مکرر تسلیم کیا ہے، اور یہی ضوابط شاہی پارلیمنٹ سے ثابت ہے اور گورنمنٹ ہند نے بھی اپنے حفظ و توقیر کے ساتھ اور اپنی تدابیر ملکی کے کل مقاصد کے موافق سمجھکر تسلیم کیا ہے، اسلیے انڈیا گورنمنٹ مسرت اور خوشی کے ساتھ دیکھتی ہے کہ چند گذشتہ سالون مین مردمان ملکی کی خدمت گذاری کے اضلاع مین خصوصاً جو مناصب اعلی پر مامور ہین بڑی ترقی ہوئی۔

اس سلطنت عظمی کا انتظام بہت لوگون سے جو اس مین شریک ہین اس بات کا مقتضی ہے کہ نہ فقط تیز فہمی سے موصوف بلکہ ایسے صفات جن کے واسطے اخلاق حمیدہ اور صدارت مجلس ضرور ہے متصف ہون اسلیے جو لوگ خاندان اور درجہ اور اقتدار موروثی کے سبب آپ لوگون مین بالطبع مقدم ہین علی الخصوص اونہین پر واجب ہے کہ اوس تعلیم کو قبول کرنے سے جو محض اوس سے اون اصول کو جنہین دولت ملکہ معظمہ قیصر ہند برابر قائم رکھتی ہے سمجھین اور عمل مین لاوین اور خود آپ اور اپنی اولاد کو اس معزز خدمت کے لیے جسکی راہ اونکے واسطے کھلی ہے سزاوار بنا دین۔

آپ سب لوگون پر واجب ہے کہ امور سیاست مین اپنے واسطے وفاداری

اور بے غرضی، اور انصاف، اور صدق، اور متانت، کو جو اخلاق ملکی کی غایت ہے نصب العین رکھین، اس صورت مین حضرت ممدوحہ کی دولت آپ لوگون کی اعانت وامداد انتظام کے امور مین خوشی کے ساتھ طلب کریگی۔

چونکہ سلطنت مذکور کل کرہ ارض پر جس مین اون کا اقتدار ثابت ہے بہ نسبت اطاعت اون لوگون کے جو رضامندی سے بالاتفاق تخت کی حفاظت مین جان فشانی کرتے ہین اس سبب سے کہ اوس مین اونکی دائمی بہبودی جانتے ہین قوت فوجی پر کم اعتماد رکھتے ہین۔

حضرت ممدوحہ کمزور ریاستون کی فتح یا ممالک قرب وجوار کے انضمام سے اپنی سلطنت ہندیہ کی ترقی نہین سمجھتی ہین، بلکہ اس بات مین کہ اونکی رعایا ہند اس اقتدار ملائم اور عادلانہ کو بے خلل اور متصل جاری کرنے مین رفتہ رفتہ ہوشیاری ودانشمندی کے ساتھ شریک ہون بہرحال اونکی غرض اور فرض اونکی اپنی سلطنت پر منحصر نہین، حضرت ممدوحہ بخلوص نیت یہ خواہش رکھتی ہین کہ اون ممالک کے حکمرانون سے جو اس سلطنت کے حدود پر ہین اور بہ ظل حمایت اس سلطنت امن خواہ کے مدتون سے مستقل رہے ہین کمال موالفت اور دوستی کا رابطہ مستحکم رکھین، ولیکن اگر کبھی اس سلطنت کے امن وامان کو بیرونی تہدید کا خطرہ ہو تو "قیصر ہند" اپنی اس مملکت موروثی کی حمایت فرمانے مین کسی طرح قاصر نہین، اگر کوئی بیرونی دشمن دولت انگلشیہ ہندیہ پر حملہ کرے تو گویا وہ تمام ممالک شرقیہ کی ترقی وسرسبزی سے عداوت رکھتا ہے اور اوس صورت مین حضرت ممدوحہ کو اپنے ممالک کے

سرمایۂ غیر محدود ہے اور اپنے متعہدان او متعلقان کی شجاعت و وفاداری
اور اونکی رعایا کی محبت و خیرخواہی سے کل اقتدار حاصل اور موجود ہے کہ ہر ایک
حملہ آور کو دفع کرین اور سزا دین۔

اس ہنگامہ مین اون سلاطین اقصاے عالم مشرقی کے وکلاء مطلق کا
حاضر ہونا جنہون نے اپنی اپنی طرف سے حضرت ملکہ معظمہ کو اس تقریب
مبارک کی جو آج ہو رہی ہے تہنیت بھوائی، سرکار ہندیہ کی تدبیر صلح آمیز او
اوسکے کل ممالک قریب و جوار کے ساتھہ ارتباط دوستانہ رکھنے کی دلیل
ظاہر ہے، مین یہ چاہتا ہون کہ حضرت ممدوحہ کی سرکار ہندیہ کی طرف سے
اس جلسۂ قیصریہ مین عالیجناب خان قلات کو اور اون سفیرون کو جو اس فاصلہ
بعید سے آئے ہوے ہین، تاکہ حدود انگریزی مین قیصر ہند کے متعہدان
ایشیا کی طرف سے وکالتاً حاضر ہون، اور نیز ہمارے مہمان معزز ہز اکسلنسی
گورنر جنرل مقام گوا" اور نیز صاحبان قنصل دول خارجہ کو مرحبا کہتا ہون۔

اے رؤسا اور رعایاے ہند! اب مین مسرت کے ساتھہ آپ لوگونکو
یہ فرمان والاشان جو آپ لوگون کی قیصر ملکہ معظمہ نے اپنے شاہی اور قیصری
نام سے آپ لوگون کو آج بھیجا ہے سناتا ہون، یہ عبارت ہے جو آج صبح کو
حضرت ممدوحہ کی طرف سے تار کے ذریعہ سے مجھے پہونچی۔

"مابدولت وکٹوریہ بفضل خدا سلطنت متحدہ کی ملکہ قیصر ہند اپنے نائب السلطنت"
"کی معرفت اپنے سب سرداران اہل قلم و اہل سیف کو اور کل اُمراء"
"و رؤسا و رعایا کو جو دہلی مین اس وقت مجتمع ہین اپنا شاہی اور قیصری"

" مرحبا فرماتی ہین اور اپنی توجہ دلی اور شفقت شاہانہ پر سلطنت ہند کی رعایا کو "
" یقین دلاتی ہین۔ "
" مابدولت نے نہایت خوشی سے اس بات کو ملاحظہ فرمالیا ہے کہ یہ لوگ "
" ہمارے فرزند دلبند کے خیر مقدم مین کس درجہ مراسم تہنیت کو عمل مین لائے "
" اور یہ دلیل اون کی وفاداری اور عقیدت کی نسبت ہمارے خاندان اور "
" تخت کے ہمارے دل مین بہت اثر پیدا کیا۔ "
" مابدولت کو امید ہے کہ اس روز مبارک کے باعث روابط محبت "
" ہمارے اور ہماری رعایا کے درمیان زیادہ مستحکم ہون اور ہر ایک اعلیٰ و "
" ادنیٰ اس بات کا یقین کرے کہ ہمارے تخت حکومت مین آزادگی "
" اور عدل و انصاف اصل اصول اونکے واسطے ٹھیرایا گیا، اور یہ کہ مابدولت "
" کی سلطنت مین اونکی خوشی کی افزائش اور اون کی سرسبزی کی ترقی اور "
" اونکی بہبودی کی زیادتی مدام مدنظر ہے۔ "
مین یقین کرتا ہون کہ آپ لوگ ان الفاظ مرحمت آمیز کی بڑی قدر کرینگے
خداوند کریم جناب وکٹوریہ ملکہ متحدہ قیصر ہند کو سلامت باکرامت رکھے۔
ہز ایکسلنسی کی تقریر ختم ہونے کے بعد سرکار خلد مکان نے ملکہ معظمہ کو خطاب قیصر ہند کی مبارکباد دی، مہاراجہ سیندھیا نے بھی اسیطرح مبارکباد ادا کی، اور سرسالار جنگ بہادر نے ہز ہائینس نظام کیطرف سے ایک مختصر تقریر کی، اور بھی رؤسا نے مبارکباد دی۔
اس کارروائی کے بعد یہ باعظمت وشکوہ دربار ختم ہوا اور تمام حاضرین دربار اپنی اپنی فرودگاہ کو واپس آئے، اوسی تاریخ شب کو گورنمنٹ کی جانب سے دعوت شاہنشاہی

کی گئی، اور ہزایکسلنسی نے ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند کا جام صحت تجویز کرتے وقت ایک فصیح اسپیچ دی نواب صدیق حسن خان صاحب بھی اس جلسہ مین شریک تھے، رخصت کے وقت ہزایکسلنسی نے اونسے مصافحہ کیا اور سرکار خلد مکان کو پیغام سلام بھیجا، اور کہا کہ "بیگم صاحبہ کو مطلع کر دیجیے کہ مین نے جناب ملکہ معظمہ کی خدمت مین بذریعہ تار آپ کی اور ہز ہائینس نظام دکن، و ہز ہائینس مہاراجہ سیندھیا کی اوس مبارک باد کی اطلاع کی ہے جو اونھون نے دربار مین خطاب "قیصری" کے اعلان کے وقت ادا کی تھی۔

۱۶ ذی حجہ ۱۲۹۳ھ = ۲ جنوری ۱۸۷۷ء کو ۱۲ بجے دن کے گورہ سواران کی رجمنٹ کے کمانڈنگ افیسر کرنل سونڈھی صاحب بہادر اور کپتان لک صاحب بہادر سرکار خلد مکان کی ملاقات کو آئے، اوسیدن سرکار خلد مکان نے عالیجنابہ لیڈی لٹن صاحبہ سے ویسٹرجل کیمپ مین جاکر ملاقات کی، اور دوسرے دن لیڈی صاحبہ موصوفہ ہمارے کیمپ مین ملاقات بازدید کے لیے تشریف لائین، اون کے ہمراہ ہزایکسلنسی کے سکرٹیری اور صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر تھے، نواب احتشام الملک عالیجاہ بہادر اور مدار المہام صاحب بہادر نے استقبال کیا، نواب صدیق حسن خان صاحب نے بگھی سے اوتارا اور کمپنی ریاست نے سلامی ادا کی۔

ملاقات کے وقت لیڈی لٹن صاحبہ نے اپنی اور ہزایکسلنسی کی تصویرین اور ایک ہیرے کی انگوٹھی بطور تحفہ یادگار ملاقات دی، سرکار خلد مکان نے بھی ایک پنکھا جسپر سلمہ ستارہ کا نہایت خوشنما کام بنا یا گیا تھا اور کان کے زیور اور مقیش کے ہار وغیرہ تحفہ مین دیے۔

۴ جنوری ۱۸۷۷ء کو ہزایکسلنسی سے ایک اور رخصتی ملاقات خیمہ گورنری پر ہوئی

اس ملاقات مین ہز اکسیلنسی نے منجانب ہز امپریئل مجسٹی جناب ملکہ معظمہ قیصرہ ہند ایک ولایتی کرچ[1] مع صندوق و کمربند و شمشیر سرکار خلد مکان کو عطا کی۔

مجھے اور نواب صدیق حسن خان صاحب اور نواب احتشام الملک بہادر اور مدار المہام صاحب بہادر کو تمغے عطا ہوئے۔

اس موقع پر ہز اکسیلنسی نے سرکار خلد مکان کے اوس عطیہ کا جو اونھون نے کسی رفاہ عام کے کام مین صرف کرنے کے لیے ہز اکسیلنسی کے پاس بھیجا تھا، اپنے اور جناب قیصرہ ہند کیطرف سے شکریہ ادا کیا۔

۵ رجنوری کو سرکار خلد مکان ہز ہائینس نظام دکن کے کیمپ مین تشریف لے گئین، سر سالار جنگ نے بگھی تک استقبال کر کے اوتارا ہز ہائینس نظام اور سر سالار جنگ کی ملاقات کے بعد سرکار خلد مکان زنانے خیمون مین شاہی خاندان نظام کی بیگمات سے ملنے گئین۔

۶ رجنوری کو ہز ہائینس نظام مع اپنے قابل اور مدبّر وزیر کے ملاقات بازدید کو ہمارے کیمپ مین تشریف لائے، نواب صدیق حسن خان صاحب نے بگھی سے اوتارا سر سالار جنگ اون کے پاس بیٹھے، ہز ہائینس نظام زنانہ خیمہ کے اندر تشریف لائے، اوس وقت نظام بہت کم سن تھے، عطر و پان وغیرہ کی تواضع کے بعد سرکار خلد مکان نے "تاریخ بھوپال" کا نسخہ ہدیتًا دیا، چونکہ بوجہ سردی کے میری طبیعت روز بروز خراب

---

[1] یہ کرچ جبکہ صاحبزادہ حافظ حاجی کرنل محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر سلمہ اللہ تعالیٰ گورنمنٹ آف انڈیا کی منظوری سے امپریئل سروس ٹروپس بھوپال کے "کرنل" مقرر ہوے اور اوس تقرر کے اعلان کے لیے دربار کیا گیا، اوس مین حسب اجازت میرے نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر طول عمرہ نے

ہوتی جاتی تھی اسلیے بعد ختم دربار ۷ رجنوری کو سرکار خلد مکان نے کیمپ آزادپور سے شہر مین نقل مکان کیا اور زینت محل[1] مین قیام فرمایا، لیکن کافی گنجائش نہونے کی وجہ سے دیگر ہمراہیون کے لیے نواب موسیٰ خان کا مکان لیا گیا۔

دوران قیام مین شاہی عمارتین مثل قلعہ دہلی، مقبرۂ ہمایون، مقبرۂ منصور علی خان وغیرہ کی سیر کی، مزار حضرت قطب الدین بختیار کاکی، و حضرت شیخ نظام الدین اولیا اور دیگر متبرک مقامات کی زیارت کی وقتاً فوقتاً دہلی کے سرکاری عہدہ دار بھی ملنے کو آتے تھے۔

دوران قیام مین نامی اور بڑی دکانون سے متفرق قیمتی اشیا خریدی گئین۔ بعدہ واپسی کی تیاری شروع ہوئی، اور جس ترتیب سے آئے تھے اوسی طرح تین قافلے ہمراہیون کے کیے گئے۔

۶ محرم ۱۲۹۴ھ = ۲۲ جنوری ۱۸۷۷ء کو تیسرا قافلہ ہمراہی سرکار خلد مکان روانہ ہوا اور ۷ محرم کو آگرہ مین جو اکبر اعظم کا مشہور دار السلطنت رہا ہے داخل ہوا، اسٹیشن پر سرکاری طور پر استقبال ہوا گارڈ آف آنر نے سلامی دی، اور توپخانہ قلعہ سے سلامی سر ہوئی، سیٹھ لکھمی چند کی کوٹھی مین قیام ہوا، اور ۱۳ محرم تک قیام رہا۔

آگرہ کے یورپین عہدہ دار اور اونکی لیڈیان بڑے شوق سے سرکار خلد مکان سے ملنے آتی تھین اور سرکار خلد مکان اون کے ساتھ نہایت مہربانی سے پیش آتی تھین، اور مناسب تحائف دیتی تھین اس عرصۂ قیام گاہ مین آگرہ کی مشہور عمارتون کی بھی سیر کی، ایک قدیم شکستہ مسجد کی مرمت کے لیے پانچسو روپیہ دیے، سیٹھ

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) صاحبزادہ صاحب کے زیب کمر کی۔

[1] یہ محل بہادرشاہ مرحوم کی بیگم کا اونہین کے نام سے موسوم اور متصل چاندنی چوک کے واقع ہے۔

لکھمی چند[1] کے گماشتہ کو جنہون نے نہایت خلوص و ادب سے سرکار خلد مکان کے انتظام قیام مین مدد دی تھی خلعت عطا کیا، دھلی کی طرح یہان بھی بہت اشیا خریدی گئین، اور ہمراہیون کو بطور انعام چھ ہزار روپیہ تقسیم کیا۔

۱۴ ارمحرم کو سرکار خلد مکان کانپور کے راستہ سے روانہ ہو کر ۲۰ محرم ۳ فروری کو بھوپال مین داخل ہوئین حسب معمول فوج و ارا کین و ملازمین ریاست نے استقبال کیا اور سلامی کی توپین سر کی گئین۔

اس سفر مین بوجہ زیادتی سردی کے میری صحت خراب ہو گئی تھی، بھوپال پہنچکر مجھے آرام کلی ہو گیا۔

---

[1] یہ شخص متھرا کے ایک مشہور مہاجن تھے۔

دعوت

سرکار خلد مکان کا قبل روانگی دھلی ارادہ ہوچکا تھا کہ "دربار قیصری کے موقع پر دھلی مین ایک شاندار دعوت ہز اکسلنسی ویسراے، و یوروپین حکام اور اون کی بیگمات کی" دربار قیصری "کی خوشی مین کی جائے" اور اس ارادہ کا اظہار اونہون نے صاحب پولیٹکل ایجنٹ سے بھوپال مین ہی کردیا تھا، صاحب پولیٹکل ایجنٹ نے اگرچہ دھلی مین دعوت کے انتظام وغیرہ کے متعلق کوشش کی، مگر بوجہ درباری مصروفیت، اور کمی قیام کے، یہ ارادہ وہان پورا نہ ہوسکا اور یہ قرار پایا کہ بھوپال مین ہی آخر فروری مین دعوت کیجائے۔

۱۱ ر صفر ۱۲۹۴ھ = ۲۵ ر فروری ۱۸۷۷ء کو آنریبل نواب ایجنٹ گورنر جنرل سر ہنری ڈیلی صاحب بہادر رونق افروز بھوپال ہوے، نواب صدیق حسن خان صاحب نے مع فوج، و توپخانہ ریاست و اخوان و ارکین کے لال گھاٹی تک استقبال کیا، شہر مین داخل ہونے پر توپخانہ قلعہ فتحگڈھ سے سلامی ادا ہوئی، اوسیدن شام کو حسب معمول محل پر دربار ملاقات منعقد ہوا۔

۱۲ ر صفر ۱۲۹۴ھ = ۲۶ ر فروری ۱۸۷۷ء کو نواب صدیق حسن خان صاحب مع اخوان و ارکان ریاست ملاقات کو گئے، اس موقع پر مرض چیچک کے انسداد کے متعلق ایجنٹ گورنر جنرل بہادر نے مشورہ دیا کہ "ٹیکہ" کا انتظام کیا جائے، اور منشی رجب علی خان ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کی نسبت اس خدمت پر مامور ہونے کی سفارش کی، سرکار خلد مکان نے

اس مشورہ کو پسند کیا، اور منشی رجب علی خان کا تقرر فرمایا۔

اگرچہ خاندان رئیس کے بچون کے یوروپین ڈاکٹر ٹیکا لگاتے تھے، اور صاحبزادی بلقیس جہان بیگم کے بھی ایک یوروپین ڈاکٹر نے ٹیکا لگایا تھا، مگر مین نے اس موقع پر اس خیال سے کہ رعایا کو میلان اور رغبت پیدا ہو، اور ٹیکے سے کوئی وحشت اور دہشت نہ کرے یہ مناسب سمجھا کہ نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر کے ڈاکٹر رجب علی خان ہی ٹیکا لگائین چنانچہ اس امر کے متعلق سرکار سے اجازت لی گئی، اور ٹیکا لگایا گیا، جس سے حسب مراد نتیجہ ظہور پذیر ہوا، اسی تاریخ کو چار بجے شام کے وقت سر ہنری ڈیلی صاحب مع جملہ مہمانون کے شاہجہان آباد تشریف لے گئے اور وہان پر بہ یادگار تقریب دربار خطاب قیصرہ ہند محلہ قیصر گنج کا بنیادی پتھر رکھا، اسکی اطلاع ہونے پر ہز اکسلنسی ویسرائے اور ہر امپیریل مجسٹی حضور قیصرہ ہند نے اظہار مسرت فرمایا۔

شام کو کوٹھی واقع جہانگیر آباد مین جو نہایت تکلفات سے آراستہ کی گئی تھی ڈنر ہوا سرکار خلد مکان بھی حسب دستور دوسرے کمرہ مین تشریف رکھتی تھین، کھانا کھانے سے فارغ ہونے کے بعد سر ہنری ڈیلی صاحب بہادر نے، اور اون کے بعد سرکار خلد مکان نے اپنی اپنی معمولی فصاحت کے ساتھ اسپیچ دی۔

اسپیچ جنرل سر ہنری ڈیلی صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا

بموقع دعوت ہر ہائنس بیگم صاحبہ بھوپال ۲۶ فروری ۱۸۷۷ء

مجھے اس امر کی بہت خوشی ہے کہ سرکار عالیہ، اور اون کے شوہر

نواب صاحب بہادر کی صحت وعافیت کا خواہان ہون ، بہ تعظیم اختیار خطاب شاہنشاہی ہند حضور ملکہ معظمہ کے یہ دعوت قرار دی گئی ، لیڈی صاحبات اور صاحبان قرب وجوار کی تشریف آوری سے زیادہ کسی چیز نے بیگم صاحبہ کو خوشنہین کیا ، ضروریات ہر وقت مہیا تھین ، اور افسران بفور خواہش ہر چیز حاضر کر دیتے تھے -

مینے بہت مہمانداریان دیکھین ، یہ مہمانی بہت خوشی کی تھی ، ہر شے نئی انداز اور شکل سے موجود تھی ، کیا اچھی طرح مہمانون کی دعوت ہوئی ، کھانے کی میز پر سرکار کی وفاداری ہم لوگون پر بلا اضطراب ، اور تکلیف کے بخوبی ثابت تھی ، اور سرکار نے خوشی سے اوسکو ظاہر کرنا چاہا ، ان مہمانداریون سے پیوند دوستی ومحبت درمیان ریاست اور سرکار انگریزی کے مستحکم ہوا ، اور سرکار نے ذاتی دوستی ملکہ معظمہ کی بہ نسبت دیگر سردارون کے حاصل کی -

ملکہ معظمہ نے اس ریاست کی بہبودی کی طرف نہایت توجہ فرمائی ، گورنمنٹ ہند نے نواب صاحب کو (۱۷) فیر سلامی توپ کا اعزاز دیکر یہ ظاہر کر دیا کہ بیگم صاحبہ کی سرکار کسقدر عالی مرتبہ ہے -

اسپیچ سرکار خلد مکان

جو خوشی خاص شہر وعلاقہ بھوپال مین بہ صفائی سڑک وگلی کوچہ شہر وروشنی چراغان وخرچ کثیر نقد وجنس بتاریخ یکم جنوری ۱۸۷۷ء عمل مین

آئی تھی، اور جس ادا سے خوشی دربار عالی خطاب موصوف کے واسطے ہم تہ دلسے
مقام "دہلی" مین حاضر ہوے تھے، علاوہ اوس کے آج کا دن بھی بڑی خوشی کا
ہے کہ صاحب والاشان بلند مکان جنرل سر ہنری ڈیلی صاحب بہادر ایجنٹ
نواب مستطاب معلی القاب گورنر جنرل بہادر و ویسرا ے کشور ہند نے
مع کرنل ولیم کنکیڈ صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ بھوپال، و دیگر صاحبان
عالیشان بہادر اطراف وجوانب کے براہ مہربانی اپنی تشریف آوری سے
بھوپال کو رونق تازہ بخشی، اور ہماری دعوت بہ تقریب خطاب مستطاب
موصوف قبول فرماکر ہم کو اپنی مہربانی دلی کا شکرگزار بنایا۔

ہم امید کرتے ہین کہ سب صاحبان عالیشان بہادر اسی طرح اور
اوقات مین بھی ایسی ہی خوشی کی تقریبات مین بھی قدم رنجہ فرمایا کرین، اور جو توجہ
خاطر اور نظر بہبودی وسر سبزی جملہ صاحبان عالیشان بہادر کی قدیم سے ہی
حال پر اس ریاست کے ہے، وہ ہمیشہ روز افزون ہوتی رہے، تاکہ
ہمکو حوصلہ فرمان برداری اپنی ملکہ معظمہ انگلستان اور قیصرہ ہندوستان کا
ہمیشہ بڑھتا رہے۔

۱۳ ربیع صفر = ۲۷ رفروری صبح کے وقت سر ہنری ڈیلی صاحب بہادر نے مع مہمانون کے
فوج ریاست، اور توپخانہ اسپی کی قواعد کا ملاحظہ فرمایا، فوج کی مشق اور سامان کی عمدگی،
اور گھوڑون کی تندرستی کی تعریف کی، ۴ بجے "دار الضرب"، جیلخانہ، اور شفاخانہ کا
معائنہ کیا۔

رات کو نواب صدیق حسن خان صاحب کیطرف سے دعوت ہوئی، کھانا کھانے کے بعد

کرنل ولیم کنکیڈ صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ نے اسپیچ دی، اور نواب صاحب کا جام تندرستی تجویز کیا، نواب صاحب نے بھی اسپیچ کا جواب دیا، اور حضور قیصرہ ہند کا جام صحت نوش کیا گیا۔

اس موقع پر سر ہنری ڈیلی صاحب بہادر نے بالاختصار نواب صاحب کی تعریف کی اور اونکی سلامی مقرر ہونے پر اظہار خوشنودی کیا، اور اوس دوستی کا جو ملکہ معظمہ کو ریاست بھوپال کے ساتھہ ہے ذکر فرمایا اور نیز امداد و سڑک ریلوی علاقہ بھوپال و تیاری پل ہاو سڑک ہوشنگ آباد کے متعلق گفتگو رہی۔

نواب صاحب نے بھی اوس جوش وفاداری سرکار خلد مکان کو جو سلطنت برطانیہ کے ساتھہ رہا ہے ظاہر کرکے دیگر امور کی نسبت مناسب جوابات دیئے۔

پھر عطر و پان نواب صاحب نے تقسیم کیا، اور ایک ایک "گوٹہ کا ہار" اور "بٹوہ کارچوبی کے کام کا" مہمانون کو تحفۃً دیا، جس کو سب نے شکریہ کے ساتھہ قبول کیا۔

۱۴ / صفر ۱۲۹۴ھ = ۲۸ / فروری ۱۸۷۷ء کو صبح کے وقت ایجنٹ گورنر جنرل بہادر نے بمعیت کل مہمانان قلعۂ فتحگڈہ، بالا قلعہ، قلعہ کہنہ، سلاح خانہ، مدرسہ، اور مطبع کا ملاحظہ کیا۔

شام کو سواران انگریزی، و ریاست کے فوجی کرتب، اور ورزش دیکھی، شب کو "باغ نشاط افزا" مین روشنی اور آتشبازی کی سیر کی، اوسوقت اگرچہ ہوا تیز ہوگئی تھی، ابر محیط، اور تقاطر شروع ہوگیا تھا، لیکن کسی قسم کی بے لطفی نہین ہوئی، تمام مہمان نہایت فرحان و خندان، روشنی و آتشبازی کی سیر دیکھ رہے تھے۔

اس سیر سے فارغ ہونے کے بعد عطر و پان تقسیم ہوا، اور ایک ایک "جالی کا رومال" جو بھوپال کا بنا ہوا تھا، لیڈیون کو بطور تحفہ دیا گیا، مہمانون کے خوردسال بچے بھی اس سیر اور تماشے مین شریک تھے۔

۱۵ ؍صفر = یکم مارچ کو سرہنری ڈیلی صاحب بہادر مع چند مہمانون کے سیہور تشریف لیگئے
۱۶ ؍صفر کو باقی مہمانون سے "شوکت محل" پر شب کو رخصتی ملاقات ہوئی ، سرکار خلد مکان نے
مہمانون کی خواہش کے مطابق اپنی ، اور نواب صاحب کی ، ایک ایک تصویر اور اپنی جانب سے
ایک ایک جلد "تاریخ بھوپال" کی یادگار ملاقات کے طور پر دی ، مہمانون کی اس خواہش پر
کہ سرکار کتابون پر اپنے دستخط اُردو مین تحریر کرین جو اونکے لیے نشان عزت ہے ، سرکار
خلد مکان نے دستخط کیئے اور مہر بھی ثبت فرمائی ۔

۲ ؍مارچ = ۱۷ ؍صفر کو مہمان بھوپال سے رخصت ہوگئے ۔

اس تقریب دعوت مین رزیڈنسی ، اور ایجنسی کے ہندوستانی عہدہ دار اہل عملہ
و دیگر اشخاص قریب ڈیڑھ ہزار کے تھے ، اون کے لیے خاص طور سے تکلفات کے ساتھ
ہندوستانی طرز پر انتظام کیا گیا تھا ۔

افسوسناک دربارہ اشتہار

ناظرین کو معلوم ہوگا کہ نواب صدیق حسن خان صاحب جو بھوپال آنے تک محض ایک گمنام، اور معمولی آدمی تھے، تھوڑے عرصہ مین اون کو قسمت نے والیان ملک کا ہمسر، اور ایک ممتاز و معروف شخص بنا دیا، علیا حضرت ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی اوس شاہانہ توجہ نے اور گورنمنٹ آف انڈیا کی اوس پاسداری نے جو فرمان روایان بھوپال کے ساتھ بہ لحاظ قدیم اور قابل یادگار تعلقات دوستی، و وفاداری کے مبذول و مرعی ہے، سرکار خلد مکان کی سرگرم کوششون کو دیکھکر، اور اون کی دلی مسرت سمجھکر، اور نیز نواب امراؤ دولہ صاحب بہادر کی سلامی کی مثال پیش نظر رکھکر نواب صدیق حسن خان صاحب کو اعزاز و مراتب عطا کیے اور تمام وہ عزتین جن کے والیان ملک مستحق ہین، مرحمت فرمائین، باوجودیکہ سرکار خلد نشین نے تحریری طور پر طے کر لیا تھا کہ معاملات ریاست مین شوہر ثانیہ کو کسی طرح کا دخل نہ ہوگا پھر بھی گورنمنٹ آف انڈیا اور رزیڈنسی، اور ایجنسی کے انچارج اور ذمہ دار افسرون نے معاملات ریاست مین نواب صدیق حسن خان صاحب کی مداخلت پر محض سرکار خلد مکان کے لحاظ سے چشم پوشی کی، اور یہ چشم پوشی اوس وقت تک بدستور رہی، جب تک کہ دست اندازی کی ضرورت نہ ہوئی۔

سرکار خلد مکان نواب صدیق حسن خان صاحب کی طبیعت سے ناواقف تھین اور اس ناواقفیت کے ساتھ اونکا حسن ظن کچھ اس درجہ پر تھا کہ نواب صدیق حسن خان صاحب

خلاف نہ کوئی بات سُننا چاہتی تھین، اور نہ کوئی کام کرنا منظور تھا، اسلیے وہ ایک عرصہ تک مغالطہ مین رہین۔

اس دعوت کے بعد پھر تو روز بروز اون سے کچھ ایسے افعال سرزد ہونے لگے، جنکا ذکر اس کتاب کے اکثر صفحات پر موجود ہے، اور جن سے پولیٹکل عہدہ داران برطانیہ کی مداخلت کا سخت احتمال تھا، لیکن چونکہ سرکار خلد مکان کی رحیم طبیعت، اور خاص قابلیت سے تمام پولٹیکل عہدہ دار واقف تھے، اسلیے نواب صدیق حسن خان صاحب کے افعال کا اثر سرکار خلد مکان کی ذات پر نہ ہوا۔

اس مین شک نہین کہ نواب صدیق حسن خان صاحب ایک ذی علم اور ذہین شخص تھے لیکن علم و ذہانت کا استعمال کچھ اس طریقہ سے ہوا جسکے نتائج نہایت افسوسناک مترتب ہوے۔

اونھون نے خطاب و سلامی حاصل ہو جانے کے بعد کچھ ایسی روش اختیار کی جس سے ناراضی، اور عام بددلی پھیل گئی۔

سب سے پہلے اون کی کوشش اس امر مین مصروف رہی کہ سرکار خلد نشین کے زمانہ حکومت کو بدنام کیا جاے، حالانکہ زمانہ جانتا تھا اور وہ خود بھی واقف تھے کہ سرکار خلد نشین اپنے دور کی نہایت ممتاز اور قابل حکمران تھین، اور اونھون نے بھوپال کے تمدنی، اور سیاستی اصلاحات مین اپنی بیدار مغزی، و روشن ضمیری کا ایسا ثبوت دیا ہے کہ افسران برطانیہ نے ہر موقع پر اوسکا اعتراف کیا ہے۔

سرکار خلد نشین پر نواب صدیق حسن خان صاحب نے ایسے حملے کیے کہ کوئی انصاف پسند، اور کوئی شکر گذار دل ایک لمحہ کے لیے بھی افسوس کرنے سے باز نہین رہ سکتا۔

اس قسم کے واقعات، وحالات جنپر کوئی پردہ نہین ہے، اور جن کے دیکھنے
اور سُننے والے ہنوز زندہ ہین اور جن کی شہادت مین مستند ومعتبر دستاویزین موجود ہین،
بکثرت ملین گے۔

نواب صدیق حسن خان صاحب نے دعوت سے فارغ ہونے کے بعد ایک دربار عام کیا
جس مین ریاست کے اراکین، وخوانین جمع ہوے، اور ایک "اشتہار" سنایا گیا
اوس "اشتہار" مین سرکار خلد نشین کے عہد ہمایون مہد کو وحشیانہ دور حکومت قرار دیکر
اوسپر نہایت گستاخانہ اعتراضات کیے گئے تھے، اور اپنی تعریف کی گئی تھی، اوس
"اشتہار" کو سنکر ہر شخص دیوار حیرت بنا ہوا تھا، اور کوئی آدمی بجز اونکے جو نواب صدیق حسن خان صاحب
کے متوسل تھے ایسا نہ تھا جو اوس کے سُننے سے کبیدہ نہ ہوا ہو اور اوس نے اپنی
نفرت کا اپنے چہرہ سے اظہار نہ کیا ہو۔

اس "اشتہار" پر بھی اکتفا نہ کیا گیا، بلکہ ایک تحریری اسپیچ بھی نواب صدیق حسن خان صاحب نے
پڑھی جو نہایت طویل تھی، "اوس کا مضمون مجھے یاد نہین رہا" مگر چونکہ اوس تقریر کے
جملے، اور الفاظ نہایت دل شکن تھے، اسلیے ابھی تک کچھ یاد ہین، جس کا خلاصہ
یہ ہے کہ:-

"سرکار خلد نشین کی حکومت ایک ظالمانہ حکومت تھی، وہ اخوان و ارکین
کے ساتھ جابرانہ برتاؤ فرماتی تھین، سرکار خلد مکان کا زمانہ حکومت نرمی
اور رحمدلی کا ہے، وہ بیدار مغز، اور باخبر ہین، ہر شخص کو معلوم ہو کہ
جو کچھ چشم پوشی کی جاتی ہے از راہ بےخبری نہین، بلکہ از راہ رحمدلی،
وبردباری ہے اور تحمل کا درجہ گذر گیا، سرکار ہر ایک مفسد، ومفتری کو

جاتی ہین، سرکار کی رحمدلی کی لوگون کو قدر نہ ہوئی، بلکہ روز بروز جرأت بڑہتی جاتی ہے، نواب امراؤ دولہا کے لڑکے لطیف محمد خان ومجید محمد خان شبکو اکثر سلطان دولہا کے پاس جاکر، جو ایک ناتجربہ کار لڑکے ہین، برا مشورہ دیتے ہین، اسی طرح اور بھی مفتریون نے پارٹی بنائی ہے، جس کا انشاء اللہ ریاست جلد تدارک کرنے والی ہے"

غرضکہ تمام تقریر مین ایسے ہی جملہ تھے، آخر مین اپنی کارگزاری جتاکر سرکار و گورنمنٹ کا شکریہ ادا کیا گیا تھا۔

اگرچہ نواب سلطان دولھا صاحب بہادر (مرحوم) اور میان لطیف محمد خان و میان مجید محمد خان ناکردہ گناہون کی نسبت جو زبان درازی کی گئی تھی نہ وہ اب یاد ہے اور نہ وہ تحریر ہی باقی ہے، لیکن جو کچھہ ہم لوگون کے دلون پر اوسوقت اس کارروائی اور تقریر کا صدمہ ہوا تھا وہ اسوقت تک زائل نہین ہوا، کیونکہ سر دربار ایک غیر شخص کی زبان سے ایسے دل شکن کلمات کا سننا ایسا نہین جس کا صدمہ دور ہوسکے سرکار خلد مکان کے لحاظ کے باعث ہم لوگون نے سکوت کیا، اور مذکورہ بالا "اشتہار" و تقریر کو صبر و تحمل کے ساتھہ سنا کیے، مگر جو اثر تقریر و اشتہار کا ہوا وہ تمام اہل دربار کی پیشانیون سے ہویدا تھا، یہ دربار فی زعمہ دربار قیصری کا ایک نمونہ بنایا گیا تھا، جس مین نواب صدیق حسن خان صاحب نے نہایت فخر سے اپنی کارگزاریان، اور اون کا صلہ ملنے کا اظہار دل شکن تقریر مین کیا، گو یا گورنمنٹ نے جو اون کی قدر افزائی کی اوسکی خوشی کا اظہار وہ دوسرون کی توہین کے ذریعہ سے کر رہے تھے۔

غالباً اونھون نے اس دربار کا اسقدر اہتمام اپنے جاہ و جلال اور جبروت کی نمائش کیلیے

گیا تھا، ممکن تھا کہ اس سے ظاہری رعب پیدا ہوتا لیکن اس سے قلبی محبت نہین پیدا ہوسکتی تھی، بلکہ اسکے خلاف اثر ہوا، جو ہمیشہ قائم رہا۔

دربار مین جو اشتہار سنایا گیا تھا اگرچہ سرکار خلد مکان کی جانب سے تھا، لیکن سرکار خلد مکان پر کسی قسم کا الزام قائم کرنا ناانصافی اور حقیقت واقعہ سے چشم پوشی ہوگی، کیونکہ وہ اس باب مین بالکل مجبور، اور غیر کے اختیار مین تھین۔

جن لوگون کو سرکار خلد مکان سے ملاقات کی عزت حاصل اور اون کے خیالات وطبیعت پر آگاہی ہوئی ہے، وہ بالکل میرے ساتھ اتفاق کرین گے اور کسیطرح کے اعتراض کی سرکار خلد مکان کے اس طرز عمل کے متعلق جرأت نہ ہوگی۔

صاحبزادہ حافظ حاجی کرنل محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر
کی
ولادت

صاحبزادہ محمد عبید اللہ خان بہ تاریخ ۳ نومبر ۱۸۷۸ء مطابق ۷ ذی قعدہ ۱۲۹۵ھ روز یکشنبہ تولد ہوئے، ان کی ولادت کی مسرت سب کو ہوئی لیکن حسب دستور ملک جو طریقہ کہ اظہار خوشی کا ہے، ادا نہیں کیا گیا؛ کیونکہ نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر کی ولادت کے وقت بندوقوں کے چلنے پر جو واقعہ پیش آیا تھا ناظرین گذشتہ فصل میں پڑھ چکے ہونگے، اس موقع پر ہمنے بے انتہا احتیاط کی کہ کوئی امر ایسا نہو کہ ذرا بھی باعث ملال ہو۔

ولادت کے تین دن بعد سرکار خلد مکان تشریف لائیں، وہ کسی خانگی بات پر رنجیدہ تھیں مگر وہ رنجیدگی دوہی دن میں جاتی رہی، اور نواسے کو دیکھنے چلی آئیں۔

ہمنے اپنے متوسلین کو اوسی طرح انعام و اکرام دیا جس طرح نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر کی پیدائش کے وقت دیا تھا، سرکار خلد مکان نے مصارف مراسم پیدائش وعقیقہ عطا فرمائے، اور ماہوار ۵۰۰ روپیہ ماہوار اصراف ذاتی صاحبزادہ صاحب کے لیے مقرر کیے۔

تاریخ ۱۳ ذی قعدہ ۱۲۹۵ھ کو رسم عقیقہ عمل میں آئی اور تجویز سرکار خلد مکان صاحبزادہ "محمد عبید اللہ خان" نام رکھا گیا۔

اسی زمانہ میں ایک پرانا قصہ جو آخر کار بہت کچھ باعث پریشانی ہوا تازہ ہو گیا یعنی

سرکار خلد مکان نے میان عالمگیر محمد خان صاحب کی شادی کرتے وقت اپنا خیال ظاہر فرمایا تھا کہ "نواب محمد نصراللہ خان کی شادی عالمگیر محمد خان کی لڑکی سے ہو" حالانکہ اوسوقت تک عالمگیر محمد خان کے یہان لڑکی کا وجود بھی نہ تھا، صرف شادی ہی ہوئی تھی، مینے بھی اس بات کو ٹالدیا، اور خموشی کو مناسب سمجھا، اوسوقت یہ معاملہ بظاہر رفت وگذشت ہوگیا تھا، لیکن اتفاق سے عالمگیر محمد خان کے ایک دو سال کے بعد لڑکی پیدا ہوئی، اب وہی خیال پھر عود کر آیا، اور نواب صدیق حسن خان صاحب نے اوسکو اسیلیے اور بھی مضبوط کیا کہ اونکو یہ خیال تھا کہ سرکار خلد مکان عالمگیر محمد خان کو بہت چاہتی ہین، اور مین اونکے نجیب الطرفین نہونے کی وجہ سے ضرور انکار کرونگی تو سرکار خلد مکان کے دل مین زیادہ ضد وکد پیدا ہو جائے گی۔

غرض محل مین اس بات کے ہر روز چرچے ہونے لگے اور خادمات کی ذریعہ سے وہ میرے کانون تک بھی پہنچتے تھے، لیکن مینے سکوت ہی اختیار کر لیا تھا، کیونکہ یہ کل باتین پیش از وقت تھین، بچے بالکل کمسن تھے، یعنی نواب محمد نصراللہ خان کی عمر دو سال کی تھی، اور لڑکی ابھی پیدا ہوئی تھی۔

میری خاموشی پر سرکار خلد مکان کو ضرور تجسس ہوتا تھا، اور وہ اس عقدہ کو صاف کرنا چاہتی تھین، آخر کار ایک مرتبہ جواب دینے کے لیے مجبور فرمایا، تو مینے انکار کیا، میرے انکار پر حد درجہ ناراض اور خفا ہو کر فرمایا کہ "تم نہین چاہتین کہ وزیر محمد خان کے خاندان سے تمہاری اولاد کا رشتہ ہو" عرض کیا کہ "اگر یہ خاندان موجودہ نجیب الطرفین ہوتا تو سرکار خلد نشین کو حضور کی، اور حضور کو اور نیز سرکار خلد نشین کو میری تقریب شادی مین وہ دقتین پیش نہ آتین جو غیر رشتہ دارون کے تجسس مین پیش آئین مجکو حضور عالیہ کی

ذات سے امید ہے کہ جو وجوہ اور خیالات میری تقریب مین یہان باعث تامل ہوے تھے حضور اپنے نواسے نواسیون کے واسطے بھی وہی وجوہ اور خیالات مدنظر رکھین گی"

اس جواب پر سرکار خلد مکان اول تو بہت خفا ہوتی رہین، اسکے بعد کوئی تذکرہ نہوا، اور مین سمجھی کہ معاملہ رفع دفع ہو گیا، مگر پھر پھرے جواب پر ایسے حاشیے چڑہائے گئے اور اوسکی ایسی تاویل و تفسیر کی گئی کہ منجملہ اسباب کشیدگی سرکار خلد مکان کے ایک بڑا سبب اسکو بھی بنا دیا گیا، حالانکہ اوسی زمانہ مین یعنی قلیل عرصہ کے بعد ہی بیسان عالمگیر محمد خان کی دختر اور اہلیہ ثانی کا بھی انتقال ہو گیا۔

صاحبزادی آصف جہان بیگم صاحبہ کی ولادت

اور

میری علالت

صاحبزادی آصف جہان بیگم صاحبہ تاریخ ۲۵ رشعبان ۱۲۹۷ھ = ۳ راگست ۱۸۸۰ء کو بوقت ۹ بجے دن کے بروز سہ شنبہ پیدا ہوئین، اور ۷ دن کے بعد رسم عقیقہ عمل مین آئی، سرکار خلد مکان بھی تشریف لائین، مینے اپنے متوسلین و ملازمین کو انعام اور جوڑے تقسیم کیے، سرکار خلد مکان نے "آصف جہان بیگم" نام تجویز کیا۔

مین اس عرصہ مین سخت علیل تھی، قبل از ولادت صاحبزادی صاحبہ بیمار ہوگئی تھی، بعد ولادت مرض مین اشتداد ہوگیا "حکیم معز الدین" معالج تھے، شہر مین ایک تہلکہ ہو رہا تھا، مساجد مین دعاے صحت مانگی جاتی تھی ختم سلامتی پڑھی جاتی تھے ہر ایک شخص کی زبان پر جاری تھا کہ "خدا بھوپال کے چراغ کو روشن رکھے"

سرکار قدسیہ بیگم صاحبہ اگرچہ بوجہ ناراضگی سرکار خلد مکان کے مجھ تک آنے مین احتیاط کرتی تھین تاہم اونکو صبر نہ ہوسکتا تھا، ہفتہ مین پھر بھی دو دفعہ آکر دیکھتی تھین، اور میرے پاس ہوکر سرکار خلد مکان کے محل کو جاتی تھین، مگر سرکار خلد مکان اونکے آنے کی خبر سنکر دوسرے کمرہ مین چلی جاتی تھین، اور وہ اونکی خیریت دریافت کرتی ہوئی واپس ہوجاتی تھین۔

سرکار قدسیہ بیگم صاحبہ بزرگ خاندان تھین، میرے ساتھ نہایت شفقت

ومحبت فرماتی تھین، وہ میری علالت سے نہایت درجہ پریشان تھین، اونھون نے میری سلامتی وصحت کے لیے لاکھون روپے مساکین وغربا کو صدقہ مین دیدیے، بارے مجھے تین مہینے مین صحت تامہ ہوئی، سرکار خلد مکان نے غسل صحت پر خلعت صحت عطا کیا، بہت کچھ خوشی ومسرت کی گئی، سرکار قدسیہ کی خوشی کا کیا اندازہ ہوسکتا ہے، اونھون نے اس موقع پر جیسی کچھ فیاضی اور جود وداد ودہش کی وہ آجتک مشہور ہے، اونھون نے مجھے خلعتِ صحت کیساتھہ ایک لاکھہ روپیہ نقد بھیجا، اور مجھے ہی نہین بلکہ تمام کنبہ کو بھیجا۔ نواب سلطان دولہا صاحب بہادر ونواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر، وصاحبزادہ حاجی، کرنل، محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر وصاحبزادی آصف جہان بیگم صاحبہ کے لیے بھی اسی تعداد کا روپیہ آیا تھا، غرض جملہ پانچ لاکھہ روپیہ کے توڑے تھے، اسیطرح سرکار خلد مکان وصاحبزادی بلقیس جہان بیگم صاحبہ ونواب صدیق حسن صاحب کو بھی ایک ایک لاکھ کے حساب سے دیا لیکن نواب صدیق حسن خان صاحب نے یہ کہکر کُل روپیہ پھیر دیا کہ "سرکار عالیہ فرماتی ہین کہ جب سرکار مجھسے ناراض ہین تو مین روپیہ لیکر کیا کرون؟ اور جب مین نہین لیتی تو میری اولاد کو بھی دینا فضول ہے"

اگرچہ بادی النظر مین روپیہ کا واپس کردینا بھی باعث کشیدگی سرکار خلد مکان اور سرکار قدسیہ مرحومہ معلوم ہوتا ہے، لیکن در اصل آئین بھی یہ راز تھا کہ بعد سرکار قدسیہ بیگم صاحبہ کے اونکے متروکہ مال ومتاع کو ریاست سے کوئی واسطہ نہوگا، اور سرکار خلد مکان کو ہر طرح اوس کے استعمال وتصرف کا حق واختیار حاصل ہوگا، اسلیے سرکار قدسیہ بیگم صاحبہ کو اس قسم کے سلوک، اور فیاضی سے روکنا گویا اپنے ہی مال ودولت کی حفاظت تھی۔

ایک مرتبہ یہ خبر مشہور ہوئی کہ "سرکار قدسیہ کا ارادہ ہے کہ وہ اپنی حیات ہی

مین کل جائداد نواب محمد نصراللہ خان صاحب بہادر کو عطا فرمائین "اس خبر کی شہرت محل مین بھی پہونچی، فوراً سرکار خلد مکان کی طرف سے عریضہ لکھا گیا کہ "جب مین وارث جائز موجود ہون، تو میری موجودگی مین یہ نہین ہوسکتا کہ جائداد نصراللہ خان کو دی جائے"

غرض کبھی سرکار قدسیہ مرحومہ کو یہ موقع نہ ملا کہ وہ میرے، اور میری اولاد کے ساتھ اپنی خواہش کے مطابق مراعات کرتین یا اپنی دلی آرزوئین پوری کرسکتین، جب اونکا انتقال ہوگیا تو وہ مقصود حاصل ہوا، اونکی جو متاع و دولت تھی نہ تو وہ پورے طور سے سرکار خلد مکان کی نظر سے گذری، نہ اوسکا صحیح طور پر حساب مرتب ہوا، جو کچھ سرکار خلد مکان پر ظاہر کیا گیا اوسمین زر نقد کا زیادہ حصہ تھا جس مین سے ایک کثیر التعداد رقم اقساط ریلوے مین، اور باقی خزانہ مین داخل ہوئی، دیگر مال و دولت کا زیادہ حصہ نواب صدیق حسن خان صاحب کی ڈیوڑھی مین گیا۔

صاحبزادی ملقبیں جہان بیگم صاحبہ

کی

تقریبات

سرکار خلد مکان نے صاحبزادی صاحبہ کو چار ماہ کی عمر سے خود پرورش کرنا شروع کیا تھا، اور اون کے مصارف کے لیے عقیقہ ہی کے دن سے ما۵ روپیہ ماہوار مقرر فرما دیے تھے، لیکن یہ تنخواہ میری ڈیوڑھی مین جمع ہوتی تھی، اور اس سے صرف صاحبزادی صاحبہ کے ملازمون کے مصارف ادا کیے جاتے تھے، باقی رقم ڈیوڑھی مین جمع رہتی تھی، ذاتی مصارف خود سرکار خلد مکان عنایت فرماتی تھین۔

پیدائش کے وقت سے ۶ برس کی عمر تک مختلف تقریبات معمولی طور پر ہوتی رہین، لیکن اونھون نے جب ساتوین سال مین قدم رکھا تو سرکار خلد مکان نے اپنی فیاضانہ عالی حوصلگی سے صاحبزادی صاحبہ کی تقریب نشرہ سورۂ بقر فرمائی، اگرچہ پہلے تقریب "بسم اللہ" کا دستور تھا اور میری اور نیز صاحبزادی سلیمان جہان بیگم صاحبہ کی تقریب "بسم اللہ" ہی کی گئی تھی لیکن چونکہ صاحبزادی سلیمان جہان بیگم صاحبہ کا تقریب "بسم اللہ" ہونے کے ایک ہی مہینہ بعد انتقال ہوگیا تھا، اسلیے سرکار خلد مکان نے یہ تقریب ترک کردی تھی، نہ بخیال اسکے کہ نحس سمجھا جائے بلکہ باین خیال کہ اونکی نظرون کے سامنے وہ سارا سامان پھر جاتا تھا، اور اپنے لخت جگر کی یاد اون کو تکلیف دیتی تھی، اب اونھون نے بجائے اس تقریب کے نشرہ سورہ بقر کرنا قرار دیا کہ ہر دو تقریبات کی مسرت ایک ہی مرتبہ مین ہو جائے۔

۲۳ ذی الحجہ ۱۲۹۸ھ کو سرکار خلد مکان کی طرف سے جوڑا کیا گیا، اور غرہ محرم ۱۲۹۹ھ کو
۱ بجے شب سوہ لبقر کی رسم محل مین ادا ہوئی، اس تقریب مین تمام اعزہ، و اخوان ریاست و
متوسلین کو جوڑے دیے گئے، اور کل ملازمین کی دعوت کی گئی، اعزہ نے بھی جوڑے
کیے، اور یہ سب جوڑے وغیرہ نہایت شان و شوکت، اور جلوس کے ساتھ شہر سے "تاج محل"
مین جاتے تھے (اگرچہ اوسوقت شہر ہی مین سکونت تھی، لیکن چونکہ جلوس ہوتا تھا اسلیے
جوڑون کا پیش ہونا "تاج محل" ہی مین تجویز کیا گیا تھا) چنانچہ ہماری طرف سے بھی "تاج محل"
مین جوڑا پیش ہوا، سرکار خلد مکان نے ہمکو اور کل اعزہ کو جو خاندان ہاے وزیر خیل،[1]
باقی خیل، اور جلال خیل، سے تھے خلعت مرحمت کیے۔

زنانہ حصہ مین مجھہ کو سرکار خلد مکان نے اور باہر مردانہ حصہ مین جو کمرہ ملاقات
خاص کا ہے نواب سلطان دولہ صاحب بہادر کو جو بسبب پردہ مستورات مہمان کے
اندر نہین آسکتے تھے، نواب صدیق حسن خان صاحب نے خلعت پہنائے، سرکار خلد مکان اس
تقریب مین ہم کو خلعت پہناتے وقت بے انتہا خوش تھین۔

صاحبزادی بلقیس جہان بیگم صاحبہ بھی مثل دلہن کے آراستہ میرے پاس موجود تھین،
اس تقریب کی خوشی کا سلسلہ مہینون تک قائم رہا، اور سرکار خلد مکان کی فیاضی و
مسرت ہمیشہ زیادہ ہی ہوتی رہی، اس رسم کے بعد ہی صاحبزادی صاحبہ کی ۱۲ ہزار روپیہ

---

[1] قوم افاغنہ کا دستور ہے کہ اون کا قبیلہ کسی مشہور اور نامور شخص کے نام سے موسوم ہو جاتا ہے، چنانچہ "وزیر خیل" جو میرا مادری خاندان ہے، میان وزیر محمد خان صاحب بہادر کے نام سے، اور "باقی خیل" میرے والد نواب امراؤ دولہ باقی محمد خان صاحب بہادر کے نام سے، اور "جلال خیل" نواب سلطان دولہ صاحب بہادر کے مورث اعلیٰ سالار میر محمد جلال خان کے نام سے مشہور ہے، اور ان سب بانیان خاندان کے حالات "تاریخ بھوپال" مین مندرج ہین۔

سال کی جاگیر تنخواہ کی جگہ مقرر کی گئی، جیسا کہ خاندان رئیس کا دستور ہے کہ بچے کی تعلیم شروع ہونے کے بعد یا تنخواہ مین اضافہ کردیا جاتا ہے، یا بجاے اوس کے جاگیر مقرر کردی جاتی ہے۔

سرکار خلد مکان نے سند جاگیر میرے پاس بھیجدی، لیکن تمام انتظامات جاگیر، و ملازمانی اخراجات وغیرہ اپنے دست مبارک مین رکھے، اس تقریب کے چار برس بعد ایک اور تقریب صاحبزادی کے نشرہ ختم قرآن مجید کی ہوئی، ۱۱ سال کی عمر مین صاحبزادی صاحبہ نے قرآن مجید ختم کرلیا۔

یہ وہ زمانہ تھا جبکہ سرکار خلد مکان کی کشیدگی کا اظہار صاف طور پر ہوگیا تھا، حتے کہ ہمارا "سلام" بھی موقوف تھا، درمیانی راستہ جو ہمارے محل اور "شوکت محل" مین تھا، بند ہونے لگا تھا ہم بھی اس تقریب کی خبر سنا کرتے تھے، مگر ہم کو کوئی اطلاع نہین کی گئی، اور معمولی طور پر بھی اذن نہین دیا گیا، حالانکہ سرکار خلد مکان کے زیر سایہ ہی رہتے تھے۔

تاریخ معینہ پر رسم "نشرہ" "شوکت محل" مین ادا کی گئی، ہمارے سوا اور تمام اعزہ اور متوسلین، وارکین جمع تھے، ہم اور نواب صاحب بہادر (مرحوم) و صاحبزادہ محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر و صاحبزادہ محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر و صاحبزادی آصف جہان بیگم صاحبہ غیرون کی طرح اپنے محل مین رہے۔

ناظرین، اندازہ کرسکتے ہین کہ جس بچی کی ایسی تقریب ہو، اوس کے مان، باپ، بھائی، بہن کو اوس مین شریک نہ کرنا کس درجہ باعث حسرت و تاسف ہے، گو ہمارا دل اس خیال سے خوش تھا کہ صاحبزادی صاحبہ کیساتھ جو شفقت و محبت سرکار

خلد مکان فرما رہی تھیں وہ بالواسطہ ہمارے ہی ساتھ ہے، لیکن پھر بھی ہمکو اپنے نہ بلائے جانے کا افسوس ضرور تھا، اور ایک حسرت پیدا ہوتی تھی۔

شام کے وقت دروازہ کھولا گیا، اور صاحبزادی صاحبہ نے جو کہ لباس فاخرہ پہنے ہوے، اور زیورات مرصع سے آراستہ تھیں معصومانہ انداز، اور فرزندانہ ادب و محبت کے ساتھ آکر پہلے، اور نواب صاحب بہادر کو سلام کیا، اور نذر پیش کی، ہم دونوں نے آغوش شفقت میں لیا، وہ چند منٹ ہمارے پاس ٹھہر کر چلی گئیں۔

ارتحال نواب گوہر بیگم صاحبہ قدسیہ مرحومہ

"کروان آف انڈیا"

نواب بیگم صاحبہ مرحومہ نے چند روز "اسہال کبدی" مین مبتلا رہکر ۲۴ محرم ۱۲۹۹ھ = ۱۷ دسمبر ۱۸۸۱ء کو سات بجے ۳۰ منٹ شب کے وقت انتقال کیا، جناب مرحومہ کی عمر (۸۳) سال کی تھی، اونھون نے حکمرانی کی ذمہ داری کا بار (۱۸) سال تک اوٹھاکر حسب قرارداد "نواب جہانگیر محمد خان صاحب بہادر" اپنے داماد کے سپرد کردیا تھا، اور خود گوشہ نشینی اختیار کرلی تھی، اوسی زمانہ مین اونھون نے اپنے لیے للولک ہم لوپا لیس کی جاگیر لے لی تھی۔

جبتک وہ زندہ رہین گورنمنٹ کی جانب سے اونکے ساتھ اوسی احترام کا برتاو رہا جیسا والیان ملک کے ساتھ ہوتا ہے، اونکی اوس عزت مین جو اونکو مسند نشینی کے وقت سے حاصل تھی، تادم مرگ فرق نہ آیا، اونکو اپنی ڈیوڑہی مین کامل اختیارات "دیوانی" و "فوجداری" و "مال" کے حاصل تھے، اور وہ کل سیاہ وسفید کی مالک تھین، صاحبان پولیٹکل ایجنٹ وصاحبان ایجنٹ گورنر جنرل بھوپال مین جب آتے تھے اون سے نہایت مسرت کے ساتھ ملتے تھے، اور اونکی ملاقات نہ صرف رسمی ہوتی تھی، بلکہ وہ ایک ایسے کریم النفس وجود سے ملنا باعث برکت سمجھتے تھے اون کے ذاتی اعزاز کا آخر وقت تک ہر طور پر لحاظ رکھا جاتا تھا، ذاتی سلامی کی (۱۵) توپین بھی مقرر تھین۔

دربار" دہلی" کے بعد" ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" نے اپنی شاہانہ عنایات سے اون کو "کرون آف انڈیا" کا تمغہ عطا فرمایا تھا، وہ نہایت باتقا، عابدہ، بافیض، فرشتہ خصال اور سیرچشم خاتون تھین۔

سرکار خلد نشین کے ہمراہ" ملکہ معظمہ" جاکر حج بھی ادا کیا، اون کو رعایا سے بھوپال اپنی "مان" سے زیادہ شفیق جانتی تھی اونھون نے اپنے اخلاق، اور فیاضیون سے تمام باشندگان بھوپال کو گرویدۂ احسان ومحبت اور معتقد بنالیا تھا، اونھون نے اپنی عزلت نشینی کی زندگی مین بہت سے انقلابات دیکھنے کے بعد یکے بعد دیگرے تین دور حکومت دیکھے، لیکن وہ اون انقلابات سے نہ کبھی اثر پذیر ہوئین، اور نہ اونھون نے کبھی ریاست کے معاملہ مین دخل دیا، البتہ جب سرکار خلد مکان نے نواب صدیق حسن خان صاحب سے نکاح کرلیا تو اونکی ذات بھی رنجیدہ اثرات وواقعات سے محفوظ نہ رہی، رزیڈنسی مین یادداشت بھیجی گئی کہ" سرکار قدسیہ چونکہ ضعیف العمر ہین، ڈیوڑہی کے انتظامات سے بے خبر رہتی ہین اور ملازمان ڈیوڑہی بےعنوانیان کرتے ہین لہٰذا ڈیوڑہی کے اختیارات سلب ہونے چاہئین" جس زمانہ مین یادداشت بھیجی گئی، جنرل ڈیلی صاحب بہادر رزیڈنٹ تھے اونھون نے اس یادداشت کو نامنظور کیا، اس نامنظوری کے بعد دوسرے ذرایع اونکو تکلیف دینے کے اختیار کیے گئے، جس سے روز بروز سرکار خلد مکان، اور سرکار قدسیہ مین رنجش بڑہتی چلی گئی، بالآخر وہ رنجش پولیٹکل قالب مین آگئی، اور ایک طویل مدت تک قائم رہی، گورنمنٹ عالیہ ہند نے گوارا نہ کیا کہ سرکار مرحومہ کو اس ضعیف العمری مین اس قسم کے تعددات پیدا ہون، اسلیے آپس مین صفائی، اور مصالحت کی تحریک کی، جو آخر وقت مین کامیاب ہوئی، اس امر کی اطلاع بذریعہ خریطہ مورخہ ۲۷ نومبر ۱۸۸۰ء

گورنمنٹ آف انڈیا کو دیگئی۔

سرکار مرحومہ اولاد کے بارے مین بھی بہت خوش نصیب تھین، خداوند کریم نے اونکے اس پیرانہ سالی مین اوس رنج کو بھی جو چار پشتون تک نسل مین کسی فرزند کے نہ ہونیسے تھا، نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر و صاحبزادہ حاجی حافظ کرنل محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر کی ولادت سے مٹا دیا تھا، لیکن جس غم نے کہ اونکی روح کو تحلیل کر دیا تھا، وہ نواب صدیق حسن خان صاحب کی مخالفانہ تدبیرین، اور معاندانہ طرز عمل تھا، اور چونکہ اون کا بیان بجاے خود ایک دردناک قصہ ہے اس لیے اوس کا تذکرہ نہ کرنا ہی مناسب ہے۔

شب انتقال کی صبح کو اون کا جنازہ مطابق طریق اسلام پر الم خاموشی کیساتھ اوٹھایا گیا، اور اپنے عالی صفات و بلند مرتبہ شوہر کے باغ[1] مین جہان خود اونھون نے اپنی حیات مین اپنے لیے مقبرہ بنوایا تھا، دفن ہوئین، شہر مین تین دن تک ہڑتال، اور دفاتر مین تعطیل رہی۔

اوس دن شہر کے در و دیوار پر اوداسی چھائی ہوئی تھی، اہل شہر سوگ اور ماتم مین تھے، ہر آنکھ پرنم تھی، اور ہر ایک دل سے نالۂ جانسوز نکلتا تھا، بذریعہ یادداشت صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر، اور بذریعہ خرائط صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر و ہز اکسلنسی ویسراے کو اس سانحہ کی اطلاع دی گئی، صاحبان ممدوح الشان نے تعزیت[2] نامے بھیجے

[1] یہ باغ نواب نظر محمد خان صاحب بہادر کے نام سے موسوم اور شہر بھوپال سے تقریباً پاؤ میل کے فاصلہ پر واقع ہے، اور نواب صاحب موصوف بھی اسی باغ مین مدفون ہین۔

[2] نقل خریطہ حضور ویسراے و گورنر جنرل بہادر۔

جن مین اس غم انگیز وفات پر اپنے دلی رنج و افسوس کا اظہار اور سرکار مرحومہ کے تقدس، اونکی بزرگی و فیاضی، اور سلطنت برطانیہ کے ساتھہ گرانقدر وفاداری کا اعتراف تھا، چھاؤنی سیہور کے بازارین بحکم صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر ایک دن کی ہرتال ہوئی، اورکوٹھی ایجنسی کا "شاہی جھنڈا" سرکار مرحومہ کے اعزاز مین نصف ستول پر اوتار دیا گیا، جسکی اطلاع صاحب ایجنٹ بہادر نے بذریعہ اپنی چٹھی کے سرکار خلد مکان کو دی۔

اب نواب صدیق حسن خان صاحب کے لیے میدان بالکل خالی ہو گیا، اور وہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) دو قطعہ مرسلہ آن مشفقہ مورخہ ۲۷ نومبر ۱۸۸۱ء و ۱۹ جنوری ۱۸۸۲ء بتوسل سر لیپل گریفن صاحب بہادر ایجنٹ دوستدار متعین سنٹرل انڈیا بدوستدار واصل گردید، مہربانا ازجہت ادراک معنی از مراسلہ اول آن مکرمہ خیلے فرحت و انبساط رو داد، کہ تنازعات کہ از دیر باز پریشان و بیقراری خاندان آن مشفقہ مایہ ضرر و نقصان ریاست ایشان گردیدہ بود بہمین طالع ہمایون بسبب مصالح کہ فی مابین آن مہربان و جدہ محترمہ یعنی جناب قدسیہ بیگم بعمل آمدہ باختتام و انفصال رسیدہ است واز استماع این خبر کہ جدہ سالخوردہ ایشان بتاریخ ۷ دسمبر ۱۸۸۱ء ماضی ازین جہان فانی درگذشت تاسف بے نہایت رو داد، درین حادثہ خانگی دوستدار از دل باآن مہربان مواسات، و ہمدردی می نماید، دوستدار بہ یقین می داند کہ درین حالت غم و الم آن مکرمہ را بالضرور یک گونہ تسکین و تشفی خاطر حاصل خواہد بود کہ از انتقال جناب قدسیہ بیگم مصالحہ تام بوقوع رسیدہ، آن مہربان مطمئن باشند، کہ دوستدار نہایت خیر و بہبود آن مہربان را مرکوز و ملحوظ خاطر دارد، واز تہ دل با آن مہربان دراین واقعہ غم و الم و حادثہ خانگی ہمدردی، و غمخواری می نماید، دوستدار را بہ کمال پاس لحاظ دوست صادق خود خواہند شمرد، فقط۔

کوششین جسقدر دبی ہوئی حالت کے ساتھہ دو طرف مصروف تھین نہایت زور کیساتھہ
اون کا رخ صرف میری طرف پھیر گیا ، اور وہ دغدغہ جو سرکار قدسیہ مرحومہ سے تھا ،
جاتا رہا ، کوئی روک ، اور کوئی کھٹک اون تدبیرون کے استعمال مین جو میرے اور نواب
احتشام الملک عالیجاہ بہادر کے رنج دینے کے لیے کی جاتی تھین ، حائل نہ تھی بالآخر وہ
نتائج تاریخ بھوپال مین ہمیشہ افسوس کے ساتھہ دیکھے جائین گے اور جن کا ذکر آیندہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) ترجمہ چٹھی سر لیپل گریفن صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا

مورخہ ۲۴ دسمبر ۱۸۸۱ء

آج صبح آپ کا خریطہ باطلاع انتقال فرمانے نواب بیگم صاحبہ قدسیہ کے پہنچا ، مجھہ کو نہایت رنج و
افسوس ہوا ، یہ ممتاز بی بی بہت دنون تک یاد رہینگی ، وہ نہایت کریم ، اور فیاض مشہور تھین
اور برٹش گورنمنٹ کی وہ نہایت خیرخواہی سے دوست تھین ، اور غربا و مساکین ، جو اون کے
فیض و انعام سے بہرہ مند تھے ، اون کی دعا سے صاحبہ موصوفہ کو خدا کے تخت کے پاس جگہہ ملیگی
آپکو برکت اور خوشی حاصل کرنا چاہیے ، کہ آپ کی نانی صاحبہ نے حیات انسانی بہت اچھی طرح
پوری کی ، اور اون کی زندگی مین کوئی امر سواے صالحات کے نہین ہوا ، اور آپ کو خوشی ہونی چاہیے
کہ اون کے انتقال کے پہلے آپ کے اور اون کے درمیان مین مصالحت اور مسرت باہمی جاری
ہوگئی تھی ، جو اختیارات بھوپال مین منقسم تھے ، اور اون کی ضعیفی کے باعث سے اون مین
فتور ہوتا تھا ، وہ بات اب جاتی رہی ۔

مجھکو افسوس ہے کہ میرا بھوپال آنا ایسے وقت مین ہوا کہ آپ بے موقع پائینگی ، اور مین
حتی الوسع قیام بھوپال مین کمی کرونگا فقط ۔

فصلون مین اپنے اپنے موقع پر آئے گا -

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) نقل یادداشت کرنل ولیم کنکیڈ صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ بہوپال، مورخہ ۱۸ ردسمبر ۱۸۸۱ء، "مقام سیہور"

یادداشت آن مشفقہ مورخہ ۱۷ ردسمبر سنہ حال مشعر انتقال فرمانے نواب بیگم صاحبہ قدسیہ موصول سررشتہ ہوکر حوالہ منشی اخلاص رقم ہوتا ہے کہ رحلت نواب بیگم صاحبہ موصوفہ سے کمال ہی رنج و افسوس ہوا، نواب بیگم صاحبہ موصوفہ بڑی عالی ہمت، اور فیاض، اور مشہور آفاق تہین، اون کی وفات سے سب کو تاسف ہوگا؛ حقیقت مین ایسے بزرگ کے سایہ عاطفت اوٹھ جانیسے آپ کو بڑا رنج و غم عائد ہوا ہوگا، مگر مشیت ایزدی سے ناچاری اور بے اختیاری ہے، امید ہے کہ آپ صبر و شکیب اختیار فرمائین، اخلاص منشی اس حادثہ جان فرسا سے بہت غمگین و اندوہگین ہے اور چہاونی سیہور مین بہی ایک روز بازار بند رہنے کا حکم دیا ہے، اور کوٹھی ایجنسی کے جھنڈہ کو آدہی نصف جھکا دیا ہے، فقط -

مولوی محمد جمال الدین خان صاحب بہادر مدار المہام کا انتقال

اور

مدار المہامی کی گروش

مولوی محمد جمال الدین خان صاحب بہادر مدار المہام نے ۲۷ محرم سنہ ۱۲۹۹ھ - ۲۰ دسمبر سنہ ۱۸۸۱ء کو اپنی زندگی کا زمانہ نیکی اور عزت کے ساتھ بسر کرکے انتقال کیا۔

وہ جب سے سلسلہ ملازمت ریاست مین داخل ہوے، اور جب تک وہ اس دنیا کی فضا مین سانس لیتے رہے، اونھون نے ریاست کی خیرخواہی و وفاداری کا ہی دم بھرا۔ اونکی ملازمت کا سلسلہ سرکار قدسیہ مرحومہ کے زمانہ سے شروع ہوکر سرکار خلد مکان کے عہد حکومت کے وسطی زمانہ پر ختم ہوتا ہے، اونھون نے اس طولانی اور مسلسل زمانہ ملازمت مین ہمیشہ اپنی اصابت راے، بیدار مغزی، اور خیرخواہی کا ہر موقع پر نیا اور بہترین ثبوت دیا، اون کی زندگی مین بڑے بڑے واقعات پیش آئے اور ان مین اونکو کامیابی ہوئی، لیکن اخیر زمانہ مین جو اون سے غلطی ہوئی وہ نواب صدیق حسن خان صاحب کے نتیجہ رشتہ پیدا کرنا، اور اونکے عروج و اقتدار کی ترقی مین ساعی رہنا تھا، مگر اونھون نے خود ہی نواب صدیق حسن خان صاحب سے صدمات اوٹھائے، حتی کہ عین بستر مرگ تک اونکے نشتر نیش زنی ہوتی رہی۔

اونھون نے وہ تکالیف جو نواب صدیق حسن خان صاحب کے ہاتھ سے برداشت کین اور جو روحی صدمات اوٹھائے، وہ خانگی تھے، اور میری تاریخ سے غیر متعلق ہین، اسلیے

اون کا ذکر بھی مناسب نہیں ۔

بہ ہر حال ریاست ہمیشہ اور ما دام القیام اونکی وفاداری کی قدر کریگی ، اور موجودہ وآئیندہ نسلین اونکے کامون کی عزت کرینگی ، اور اون کی وفاداری ، و بیدار مغزی ، دوسرے ذمہ دار عہدہ دارون کے لیے قابل تقلید نمونہ ہوگی ۔

مدار المہامی کی گردش
مولوی محمد مبین کا تقرر و علحدگی

جس طرح کہ اور خرابیان پیدا ہو چکی تھین ، اسی طرح مولوی محمد جمال الدین خان صاحب بہادر کے انتقال کے بعد مدار المہامی مین ابتری پیدا ہوگئی ، اور اس معزز عہدہ کی تمام شان و شوکت جاتی رہی جسکا تفصیلی بیان بجاے خود ایک تاریخ ہے ۔

مین مناسب سمجھتی ہون کہ سلسلہ کے قائم رکھنے کے لیے اون لوگون کا حال اجمالاً بیان کرون جو نواب صدیق حسن خان صاحب کے دور مین اس عہدہ پر ممتاز ہوے ۔

مدار المہام صاحب کی جگہ مولوی محمد مبین نائب الریاست مقرر ہوے یہ نواب صدیق حسن خان صاحب کے اوستاد تھے ، اونہین کی سفارش سے اس عہدۂ جلیلہ کا انتظام اون کے سپرد کیا گیا آخر اونھین کیوجہ سے علحدہ کر دیے گئے ۔

حافظ احمد رضا خان مدار المہام

مولوی محمد مبین کے بعد نواب صدیق حسن خان صاحب نے حافظ احمد رضا خان کو طلب کیا

اور وہ اس منصب پر مامور کیے گئے۔

اس مین شک نہین کہ وہ ایک جفاکش، اور قابل شخص تھے، اونھون نے اپنی عہدہ کے فرائض کو نہایت خوبی سے انجام دینا شروع کیا، مگر تھوڑے ہی دنون مین باہمی اختلاف پیدا ہو گیا۔

نواب صدیق حسن خان صاحب کے دماغ مین خود مختارانہ حکومت کے خیالات بھرے ہوے تھے، اور نائب الریاست آزادی سے کام لینا چاہتے تھے، نواب صدیق حسن خان صاحب کی خواہش کہ نائب الریاست میرا محکوم، اور فرمان بردار ہو، نائب الریاست کا یہ خیال کہ مین نواب صدیق حسن خان صاحب سے واسطہ نہ رکھون، دونون ایک ہی طبیعت کے واقع ہوے تھے، پیچیدگیان بڑھین، رنجش نے طول پکڑا، نواب صدیق حسن خان صاحب نے اونکے علیحدگی کی فکر کی، اور اونھون نے انتقام پر کمر باندہی۔

اگر ان دونون تک ہی تمام کارروائیان ختم ہو جاتین تو چنداں افسوس نہ ہوتا، افسوس و رنج اس امر کا ہے کہ حافظ احمد رضا خان کی کارروائی سے سرکار خلد مکان کو صدمہ پہنچا، اور تکلیفین ہوئین، یہ امر نائب الریاست کی لحاظ نمکخواری اور پاس ادب سے بہت بعید تھا، آخر سرکار خلد مکان کو غصہ آیا، اور وہ ریاست سے علیحدہ کر دیے گئے۔

نواب بہادر عبد اللطیف خان سی، آئی، ای، وزیر ریاست

"نواب بہادر" عبد اللطیف خان بہ سفارش گورنمنٹ آف انڈیا نواب صدیق حسن خان صاحب کے انتزاع خطاب کے بعد وزیر ریاست مقرر ہوے، نواب صدیق حسن خان صاحب کو

کاروبار ریاست مین مداخلت کی ممانعت کی گئی، اور سرکار خلد مکان کو گورنمنٹ نے ایما کیا کہ وہ وزیر کے مشورہ سے کام کرین، مگر اون کی غیور طبیعت نے پسند نہ کیا کہ ایک ہندوستانی شخص کے مشورہ سے اگرچہ وہ انکا محکوم ہے، لیکن عملاً اوسکے مشورہ کی پابندی سے ایک نوع پر اون کو محکوم بننا پڑیگا، مجبور ہوکر حکومت کرین، اسلیے کوشش کی کہ بجاے ہندوستانی کے یوروپین مقرر ہو، نواب صدیق حسن خان صاحب کے مشورہ سے ایسا انتخاب بھی کیا گیا، لیکن گورنمنٹ ہند نے کرنل سی ایچ وارڈ صاحب بہادر کو وزیر ریاست مقرر فرمایا" نواب بہادر "عبد الطیف خان نے کل تین ماہ نیابت کا کام کیا، اور عمدہ انتظامات کی بنیاد ڈالی، مگر وہ کرنل وارڈ صاحب بہادر کے مقرر ہونے کے سبب سے واپس گئے۔

سفر کلکتہ

بار ثانی

۲۵ جنوری ۱۸۸۲ء کو کلکتہ مین ایک دربار عطاے تمغاے "اسٹار آف انڈیا" کا منعقد ہونے والا تھا، اور اوس مین اکثر والیان ملک مدعو کیے گئے تھے، سرکار خلد مکان کو اس دعوت کی اطلاع صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے بذریعہ یادداشت بحوالہ پیغام تار برقی منجانب صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا دی تھی، جس کا شکریہ باضابطہ ادا کیا گیا۔

ادہر صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کا مراسلہ مورخہ ۱۵ دسمبر سرکار خلد مکان کے پاس بغرض شرکت دربار پہنچا، لیکن یہ مراسلہ بوجہ حادثہ ارتحال نواب بیگم صاحبہ قدسیہ کے سرکار خلد مکان کے روبرو فوراً پیش نہ ہوسکا۔

مراسم عزاداری سے فارغ ہونے کے بعد وہ مراسلہ پیش ہوا، سرکار خلد مکان نے اوسکا جواب بھیجا، اور کلکتہ جانا قرار پایا، میر منشی ریاست، مہتمم کارخانجات، و دیگر افسران متعلق کے نام احکام جاری ہوے، اور ہمراہیون کی فہرست مرتب کی گئی۔

اس سفر مین سابق کے طور پر میرا جانا بھی ضرور تھا کیونکہ اس سے پیشتر ایسے اوقات مین سرکار خلد مکان نے مجھے تنہا نہین چھوڑا جبکہ ملقبیں جہان بیگم صاحبہ کو پیدا ہوے ایک ماہ ۱۲ یوم اور نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر کی ولادت کو صرف گیارہ روز ہی گذرے تھے اور پھر سرکار قدسیہ مرحومہ زندہ اور بھوپال مین موجود تھین اونکا سایہ سر پر تھا، تو بھی

ایسی حالت میں کہ موسم معتدل، اور میری صحت عمدہ تھی، میرے ہمراہ لیجانے میں کوئی وجہ حائل نہیں ہو سکتی تھی لیکن نہ فہرست میں میرا نام تھا، اور نہ روانگی کے لیے مجھے حکم ملا، البتہ "نواب احتشام الملک بہادر" کو ہمراہ چلنے کا حکم ہوا۔

مجھے یہ خیال پیدا ہوا کہ کیا وجہ ہے جو مجھکو ہمراہ چلنے[لہ] کا حکم نہیں دیا، میںنے حضور سرکار خلد مکان کی خدمت میں عرضی یا دو ہانی پیش کی، لیکن کوئی نتیجہ خیز جواب نہ ملا۔

نواب صدیق حسن خان صاحب کی پر پیچ کارروائیوں کو میں روزانہ دیکھتی تھی، اسلیے مجھے اس موقع پر شک کرنے کی گنجائش تھی، میںنے اپنے آپ کو ہمراہ لیجانے کے متعلق عرضیہ پیش کیا، بالآخر بعد مراسلات چند در چند میرا ساتھ لیجانا منظور کیا گیا۔

ریاست میں روانگی کی تیاری ہو رہی تھی کہ صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر نے بذریعہ تار برقی بوساطت صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر مطلع کیا کہ "اول ہفتہ مارچ میں کلکتہ داخل ہونا چاہیے"

۴ ربیع الثانی ۱۲۹۹ھ = ۲۳ فروری ۱۸۸۲ء تاریخ روانگی قرار پائی، انتظام قیام و سواری کے لیے مستعدین کلکتہ روانہ کر دیے گئے، لیکن صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے اطلاع دی کہ انتظام قیام گاہ منجانب گورنمنٹ ہوگا، جی، آئی، پی، ریلوے، اور

[لہ] میرے ساتھ لیجانے کی علت غائی جو تھی وہ ایک واقعہ سے ناظرین اندازہ کریں گے، جو اسی فصل کے آیندہ صفحات میں درج ہوگا، ورنہ کوئی وجہ نہ تھی کہ "نواب احتشام الملک بہادر" کو تو چلنے کا حکم ہوتا، اور مجھے اکیلا نہ چھوڑا جاتا کہ نہ جدہ مکرمہ سرکار نسبیہ مرحومہ کا سایہ تھا، اور نہ کوئی قدیم وزیر ریاست موجود تھا، اور پھر "نواب احتشام الملک بہادر" کو بھی ہمراہی کا حکم تھا، اور نیز جبکہ میرے متعلق اور سفروں اور دوروں کے اوقات میں جنکا ذکر پہلے ہو چکا ہمیشہ یہ ارشاد ہوا کرتا تھا کہ تنہا کیونکر چھوڑا جاسے۔

اسی، آئی، آر، کے ٹرافک منیجرون سے صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے اسپشل ٹرینون کے متعلق خط وکتابت کرکے یہ بھی طے کرلیا کہ ٹرین دن کو چلا کریگی، اور شب کو ٹھہر جایا کریگی۔

تاریخ مقررہ پر سرکار خلد مکان مع میرے ونواب صدیق حسن خان صاحب، ونواب احتشام الملک بہادر، اور ہمارے بچون کے بہ جمعیت (۲۴۸) اشخاص صبح کے وقت بھوپال سے روانہ ہوکر منزل بمنزل "اٹارسی" پہونچین، دریاے نربدا کے عبور کے وقت ضلع ہوشنگ آباد کے مقامی افسران فوج، وسول نے مع گارڈ آف آنر کے استقبال کیا، اور سلامی ادا ہوئی۔

اٹارسی پہونچکر دوسرے دن اسپشل ٹرین روانہ ہوئی، اور ہم لوگ ۱۱ ربیع الثانی ۲ مارچ کو صبح کے وقت کلکتہ مین داخل ہوے، راستہ مین گو سرکار خلد مکان کے آثار خفگی بھی کبھی کبھی معلوم ہوتے تھے، جن سے مجھے کچھ بیچینی پیدا ہوجاتی تھی، لیکن اون کی مادرانہ شفقتین تسلی بھی کردیتی تھین، مین اسکا ذکر اکثر نواب احتشام الملک بہادر سے کرتی مگر وہ ہمیشہ اسکو ایک معمولی اور عارضی خفگی کہکر تسکین آمیز باتون سے ٹال دیتے، تاہم جسقدر مین غور کرتی اس خفگی کا باعث کچھ سمجھ مین نہ آتا۔

اسٹیشن کلکتہ پر کپتان ہومی صاحب بہادر انڈر سکریٹری، وکپتان بیکر صاحب بہادر ایڈیکانگ نے منجانب ہز اکسیلنسی وایسراے کشور ہند استقبال کیا، گارڈ آف آنر نے جو پہلے سے موجود تھا، سلامی ادا کی، توپخانہ سے ۱۹ فیر سلامی کے سر ہوے چونکہ یہ دستور ہوگیا تھا کہ ایسے موقعون پر مین سرکار خلد مکان کے ہمراہ ایک گاڑی مین سوار ہوتی تھی اسلیے میرے لیے کوئی جداگانہ انتظام سواری کا نہ تھا، لیکن یہان سرکار خلد مکان نے مجھے اپنے پاس بٹھانے سے انکار فرمایا، جس سے مجھے سخت حیرانی وپریشانی ہوئی مگر نواب احتشام الملک بہادر (مرحوم) نے فوراً اسٹیشن پر ہی کرایہ کی گاڑی کا انتظام کرلیا، یہ غنیمت ہوا کہ اسٹیشن کلکتہ پر

ہر قسم کی گاڑیاں موجود تھیں ورنہ سخت دقت و تکلیف ہوتی ۔

اوسی دن شام کے وقت کرنل رجوی صاحب بہادر انڈر سکریٹری گورنمنٹ ہند، کپتان ٹیلر صاحب بہادر، وکیمپ انچارج، قیام گاہ پر تشریف لائے، اور منجانب عالیجناب ویسرائے بہادر مزاج پرسی کرکے واپس گئے اور چار بجے ۴۵ منٹ پر ہز ایکسلنسی، اور سرکار خلد مکان کی رسمی ملاقات کا وقت تھا، اور اس ملاقات کے لیے ایک پروگرام حسب قاعدہ مرتب ہو گیا تھا، جسکی نقل فارن ڈیپارٹمنٹ سے بھیجی گئی تھی، مگر یہ پروگرام[1] اوسوقت میری نظر سے نہیں گزرا تھا ۔

---

[1] ترجمہ فارن ڈپارٹمنٹ فورٹ ولیم - ۲ مارچ سنہ ۱۸۵۲ء

"ملاقات خانگی نواب بیگم صاحبہ والیہ ریاست بھوپال، جی، سی، ایس، آئی، ویسرائے کشور ہند سے بمقام کلکتہ" پونے پانچ بجے یعنی چار گھنٹہ پینتالیس منٹ پر دوم مارچ سنہ ۱۸۵۲ء روز پنجشنبہ کو نواب بیگم صاحبہ عالیہ کی ملاقات خانگی ویسرائے کشور ہند سے مکان شاہی میں ہوگی اور برگیڈیر جنرل کمینڈنگ پریزیڈنسی ڈسٹرکٹ اس کام کے واسطے موجود ہونگے، اور ملٹری سکریٹری اور انڈر سکریٹری فارن ڈپارٹمنٹ اور مصاحب ویسرائے صاحب بہادر کشور ہند کے چار بجے پانچ منٹ پر مکان گورنمنٹی سے ایک گاڑی میں بیگم صاحبہ عالیہ کو اونکی فرودگاہ سے لینے کو روانہ ہونگے، اور ہر نوابہ بیگم صاحبہ عالیہ کو ملٹری سکریٹری، اور فارن سکریٹری لیجائیں گے، اور اون کے ہی ساتھ نواب بیگم صاحبہ عالیہ مکان شاہی تک جاوینگی، اور ویسرائے صاحب بہادر درمیان تک زینہ مکان شاہی کے استقبال نواب بیگم صاحبہ عالیہ کا کرکے اپنے دست راست پر نواب بیگم صاحبہ کو بٹھلاوینگے، اور مصاحب پولیٹکل افسر نواب بیگم صاحبہ عالیہ کے دست راست کی جانب اپنے کام پر بیٹھ جاوینگے، اور بعد اونکے نواب صاحب بہادر شوہر نواب بیگم صاحبہ عالیہ، اور نواب

سرکار خلد مکان وقت معینہ پر گورنمنٹ ہوؤس کو روانہ ہوئین، گیارہ اشخاص معززین ریاست
ہمراہ تھے، اور اردلی مین ہندوستانی رسالہ کا ایک "اسکوارڈن" تھا "والیسوگل لاج مین" داخل
ہوتے ہی گارڈ آف آنر نے سلامی ادا کی، صاحبان ملیٹری سکریٹری، وفارن سکریٹری نے
گاڑی سے اوتارا، توپخانہ سے ۱۹ فیر سلامی کے سر کیے گئے، ہز اکسلنسی لارڈ رپن نے مقام معینہ تک
استقبال کرکے سرکار خلد مکان سے ہاتھ ملایا، اور مزاج پرسی کی، پھر مجھسے مصافحہ و مزاج
پرسی فرماکر تکالیف سفر کا ذکر فرمانے لگے، ہنوز مین، اور ہز اکسلنسی مصروف گفتگو ہی تھے کہ نواب
صدیق حسن خان صاحب نے پیش قدمی کرکے مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھایا، ہز اکسلنسی نے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) سلطان جہان بیگم صاحبہ، اور ایسے ہی ہمراہی نواب بیگم صاحبہ عالیہ کے
جو تعداد مین ہفت سے زیادہ نہون، اور دربار مین نشست اونکی مقرر ہو، بیٹھین گے، اور جانب
دست چپ ویسرائے صاحب بہادر کے فارن سکریٹری، اور برگیڈیر جنرل صاحب بہادر، اور
پرائیوٹ سکریٹری وملیٹری سکریٹری صاحبان بہادر، اور فارن انڈر سکریٹری صاحب بہادر اور ویسرائے
صاحب بہادر کے دیگر افسران خاص، وافسران ضلع بیٹھین گے، بعدہ نواب بیگم صاحبہ عالیہ یکصد و
پنجاہ و یک تھان اشرفی کی نذر دکھلائین گی، جسپر ہاتھ رکھا جائیگا اور واپس ہوگی، بعد ایک تھوڑی
گفتگو کے نواب صاحب بہادر، اور نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ، اور نواب بیگم صاحبہ عالیہ کے ہمراہیان کا
سلام پولیٹیکل افسر کراوین گے، اور ہر ایک ہمراہی ایک تھان اشرفی کی نذر دکھلاوینگے جسپر
ہاتھ رکھا جاوے گا اور واپس ہوگی، بعد اسکے نواب بیگم صاحبہ عالیہ کو عطر و پان ویسرائے
صاحب بہادر اپنے ہاتھ سے، اور نواب صاحب بہادر کو اور نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ کو
فارن سیکریٹری، اور ہمراہیان دیگر کو انڈر سکریٹری دین گے، اسکے بعد ویسرائے صاحب بہادر
بیگم صاحبہ کو رخصت دین گے، اور جہانتک استقبال کیا تھا وہین تک آکر رخصت کرینگے، اور

اثناے گفتگو مین اونسے مصافحہ کرلیا، وہ مصافحہ کے بعد میری کرسی پر جو بعد صاحب پولٹیکل ایجنٹ کے تھی جا بیٹھے، صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے میری کرسی سے اوٹھ جانے کا اشارہ کیا، اور اونھین مجبوراً اوٹھنا پڑا -

جب سے سرکار خلد نشین کی مدبرانہ تحریک سے یہ امر طے ہوگیا تھا کہ شوہر رئیسہ محض براے نام نواب رہیگا، اوسی زمانہ سے تمام درباروں مین ولیعہد ریاست کی کرسی کا نمبر شوہر رئیسہ سے اول رہتا تھا، اور اسی بنا پر نواب احتشام الملک بہادر (سلطان دولہ) کی کرسی صاحبزادی بلقیس جہان بیگم صاحبہ، و نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر کے بعد ہوتی تھی -

لیکن یہان تو اب مقصود ہی دوسرا تھا، ایک طرف مختاری ریاست کی کوشش کیجاتی تھی، دوسری جانب ولیعہد ریاست کے آیندہ استحقاق جانشینی کے زائل کرنیکی تدبیر ہو رہی تھی، اور تیسری سمت ہر طور پر، اور ہر ایک موقع پر ہر ایک قسم کے مدارج

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) فارن سکریٹری زینہ کے کنارہ تک، اور فارن انڈر سکریٹری، اور مصاحب دلیراسے صاحب بہادر کے مکان فرودگاہ نواب بیگم صاحبہ عالیہ تک نواب بیگم صاحبہ کو پہنچا دین گے اور نواب بیگم صاحبہ عالیہ کی اردلی مین سواران سرکار انگریزی اونکی فرودگاہ سے مکان شاہی تک آمد و رفت مین رہینگے، مکان سنگ مرمر کے راستہ پر باڈی گارڈ سلامی دیگا، اور ملاقات کے وقت بینڈ باجہ زینہ پر بجیگا اور ایک گارڈ گورنمنٹی کا مکان گورنمنٹی پر سلامی نواب بیگم صاحبہ عالیہ کی ادا کریگا، اور نوزدہ ضرب الوپ سلامی قلعہ سے وقت آنے اور جانے نواب بیگم صاحبہ عالیہ کے سر ہونگی -

[دستخط جی ڈبلیو رہوس صاحب بہادر لفٹننٹ کرنیل
قائم مقام انڈر سکریٹری گورنمنٹ آف انڈیا -]

ومراتب معینہ مین بھی کمی کرنے کے لیے کارروائی عمل مین لائی جاتی تھی ۔

چنانچہ اس سفر مین جو پروگرام ہز اکسلنسی ویسرائے اور سرکار خلد مکان کی ملاقات کے فارن ڈپارٹمنٹ سے مرتب ہوئے اون مین نواب صدیق حسن خان صاحب کی کرسی کا نمبر میری کرسی سے پہلے تھا ، حالانکہ اس سے قبل اس قسم کی کوئی مثال موجود نہین تھی ہمیشہ دستور یہ تھا کہ فارن ڈپارٹمنٹ سے جو پروگرام مرتب ہوتا تھا ، اوس مین نام بنام تصریح نہین کی جاتی تھی اور معمولاً بعد ولیعہد کے حسب مدارج خاندان خود رئیس کی مرضی سے نشست کے نمبرون کی ترتیب ہوتی تھی ۔

ملاقات اول کا پروگرام میری نظر سے نہین گزرا تھا ، اور معلوم ہوتا ہی کہ صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے بھی اوسکو توجہ سے نہین دیکھا تھا ، اسیلیے پہلے دن اونھون نے نواب صدیق حسن خان صاحب کو حسب ترتیب پروگرام نہ بیٹھنے دیا ۔

مینے اس حرکت کو معمولی بات سمجھی ، اور کچھ زیادہ توجہ نہ کی ، لیکن سرکار خلد مکان کی ناراضی حد سے متجاوز ہوگئی ، حتی کہ لیڈی رپن صاحبہ کی ملاقات کے لیے بھی مجکو اپنے ہمراہ نہ لیگئین ۔

۱۵ ربیع الثانی = ۶ مارچ کو ملاقات بازدید[1] قرار پائی ، اور دربار کے وقت سے

---

[1] ترجمہ چٹھی فارن ڈپارٹمنٹ فارٹ ولیم ، سوم مارچ ۱۸۸۲ء

لارڈ صاحب بہادر ویسرائے کشور ہند نواب بیگم صاحبہ عالیہ والیہ ریاست بھوپال ، جی ، سی ، ایس ، آئی کی ملاقات کے واسطے بروز دوشنبہ ششم مارچ ۱۸۸۲ء پانچ بجے ۱۵ منٹ پر شام کو نواب بیگم صاحبہ کی کوٹھی پر آوین گے ، چار مقرب افسر نواب بیگم صاحبہ کے جو کلکتہ مین موجود ہون واسطے استقبال لارڈ صاحب بہادر کے چار گھنٹہ پنجاہ منٹ پر ایوان گورنری پر جاکر لارڈ صاحب بہادر کو نواب بیگم صاحبہ کی

کچھ ہی دیر پہلے میرے پاس بجائے حکم اطلاعی جو ایسے موقعون پر ہمیشہ صادر ہوتا تھا کو بندرام ایک فرد لایا، اوس مین میری نشست کا نمبر نواب صدیق حسن خان صاحب کے بعد تھا، مجکو اسپر شک ہوا یہلئے فرد پر دستخط نہین کیے، اور خود نواب صدیق حسن خان صاحب کو بلاکر استفسار کیا کہ "کیا سہواً فرد کی ترتیب مین تقدم و تاخر ہوگیا ہے؟" اونھون نے لاعلمی ظاہر کی۔

مجھے اس تغیر و تبدل سے سخت رنج ہوا، کیونکہ اگر یہ خانگی معاملہ ہوتا تو مین کبھی رنج توکیا خیال شکایت کو بھی دل مین جگہ نہ دیتی، اور سرکار کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کرتی لیکن چونکہ یہ معاملہ آداب مراتب دربار شاہنشاہی سے متعلق تھا، اس لیے مجھے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) کوٹھی پر لادین گے، لارڈ صاحب بہادر ایوان گورنری سے پانچ بجے شام کو روانہ ہونگے، اوسوقت سلامی ویسراے ہوگی، اور لارڈ صاحب بہادر کے ہمراہ فارن سکریٹری، اور پرائیوٹ سکریٹری، اور ملیٹری سکریٹری، اور انڈر سکریٹری فارن ڈپارٹمنٹ، اور لارڈ صاحب بہادر کے خاص مصاحب ہونگے، نواب بیگم صاحبہ لارڈ صاحب کو اپنے مکان مین اوس جگہہ جہان لارڈ صاحب بہادر گھی سے اوترین گے استقبال کرکے جاے نشست پر لیجا دین گے، اور اپنے دست راست پر لارڈ صاحب بہادر کو بٹھا دین گی، لارڈ صاحب بہادر کے ہمراہی فارن و پرائیوٹ و ملیٹری سکریٹری اور فارن انڈر سکریٹری اور لارڈ صاحب بہادر کے مصاحب بیٹھین گے، اور نواب بیگم صاحبہ کے دست چپ پولیٹکل ایجنٹ صاحب بہادر اور بعد اون کے نواب والاجاہ صاحب بہادر، نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ اور دیگر ہمراہیان نواب بیگم صاحبہ والیہ ریاست بھوپال جو دربار مین شریک ہونے کے ہیں بیٹھین گے، اسکے بعد نواب بیگم صاحبہ یکصد و پنجاہ و یک تھان اشرفی کی نذر لارڈ صاحب بہادر کو دکھلا دین گی جسپر لارڈ صاحب بہادر ہاتھ رکھدین گے، اور نذر مذکور واپس ہوگی۔

بے انتہا تامل ورنج ہوا، مینے سرکار خلد مکان کو حسب ذیل عریضہ لکھا:۔

"فرد نشست کرسیان مرتبہ روبکاری حضور مین حسب تحریر کاغذ محکمہ گورنری میری نشست بعد نواب صاحب بہادر لکھی ہے، حالانکہ آجتک ایسا نہین ہوا کہ میری نشست بعد نواب صاحب بہادر کے کسی دربار، یا ملاقات گورنری یا دربار ریاست مین ہوئی ہو، پس اس بے ضابطگی یا غلطی کا سبب یا تو حضور ایجنٹ صاحب بہادر سے دریافت فرماوین، یا مجکو اجازت ہو کہ مین دریافت کرون غرض اس مین کارروائی جلدی ہونا ضرور ہے، کیونکہ وقت ملاقات قریب آگیا ہے"

مورخہ ۱۵ ربیع الثانی ۱۲۹۹ھ

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) بعد اسکے نواب والاجاہ صاحب بہادر، اور نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ، اور دیگر ہمراہیان نواب بیگم صاحبہ والیہ ریاست بھوپال جو شریک دربار ہونگے نذر معمولی ایک ایک نقان اشرفی کی دکھلاوین گے، او سپر لارڈ صاحب بہادر ہاتھ رکھدینگے، اور واپس ہوگی۔

رخصت کے وقت عطر و پان نواب بیگم صاحبہ لارڈ صاحب بہادر کو خود اپنے ہاتھ سے، اور دیگر ہمراہیان لارڈ صاحب بہادر کو نواب والاجاہ صاحب بہادر دین گے۔

جو مراتب وقت تشریف آوری لارڈ صاحب بہادر کے استقبال وغیرہ کے ادا ہونگے وہی ہی وقت رخصت کارروائی ہوگی یعنی نواب بیگم صاحبہ بگھی تک، اور چار افسران سطرز ایوان گورنری تک پہنچاوین گے۔

ایک گارڈ واسطے سلامی لارڈ صاحب بہادر کے نواب بیگم صاحبہ کے قیام گاہ کی کوٹھی پر بھیجا جاویگا اور لارڈ صاحب بہادر کی اردلی مین باڈی گارڈ ہوگا، بلا وردی یہ ملاقات ہوگی فقط۔

دستخط جی ڈبلیو رجوی صاحب بہادر لفٹنٹ کرنیل

قائم مقام انڈر سکریٹری گورنمنٹ آف انڈیا۔

میرا عریضہ پہنچنے کے قبل نواب صدیق حسن خان صاحب نے جا کر سرکار کو سخت مشتعل کر دیا تھا، اور وہ نہایت غصہ مین بھری ہوئی تھین، اسی اثنا مین صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر بھی آ گئے، اور میرا عریضہ بھی پہنچ گیا۔

سرکار خلد مکان نے نہین معلوم صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر سے کیا گفتگو فرمائی، اونھون نے مجھے بہت فہمائش کی، اونکی فہمائش سے مین دربار مین جانے کو راضی ہو گئی، مگر میرا دل رنج سے معمور تھا، اور مجھے اس توہین کا سخت قلق تھا، بادل ناخواستہ مین دربار مین شریک ہوئی، لیکن پھر عریضہ کا جواب نہ ملنے پر مینے دوسرے دن حسب مندرجہ ذیل مفصل عریضہ لکھا:-

"بروز ملاقات ثانی نواب گورنر جنرل صاحب بہادر و لیسرائے کشور ہند بنوخت یک گھنٹہ روز جسکو آج تیسرا دن ہے، ایک قطعہ عرضی بنام نامی حضور بمراد ارسال محکمہ ایجنٹی دربارہ نشست کرسی، فدویہ نے گذرانی تھی، اور مطلب اوسکا یہ تھا کہ قدیم الایام سے میری نشست کرسی نواب صاحب والا جاہ بہادر سے اول رہی ہے، چنانچہ دربار بمبئی کہ جس زمانہ مین حضور کو اسٹار آف انڈیا عنایت ہوا، نشست کرسی میری نواب صاحب سے اول ہے، بعد اوسکے کلکتہ مین کہ جبوقت پرنس آف ویلز صاحب بہادر تشریف لائے تھے کرسی میری نواب صاحب سے اول تھی، اور اب بھی ہنگام ملاقات اول جناب و لیسرائے صاحب بہادر نشست کرسی مذکور حسب قاعدہ قدیم ہوئی، کیونکہ قاعدہ نشست میرا بسبب میرے استحقاق کے کہ کسی اخوان یا ستکو یہ منصب نہین پہنچتا، ہمیشہ اسی طرح سے چلا آتا ہے، کوئی امر جدید نہین ہے

اور دربار اور ملاقات ریاست مین بھی قاعدہ ہمیشہ جاری رہا، اور سب کہ بعد رئیسہ معظمہ
میری نشست ہوئی ہے، اور ریاست سے بھی آجتک اس قاعدہ قدیمہ مین
کبھی افراط و تفریط نہین کی گئی، چنانچہ حضور نے اوسیوقت بذریعہ احکامات
جزوی مجکو اطلاع دی کہ "ہمنے تمہاری عرضی کی نقل وکیل ریاست کے پاس
بھیجدی ہے جس طرح ایجنٹ صاحب بہادر جواب دین گے تمکو اطلاع دیجاویگی"
مگر ہنوز اوسکا جواب نہین آیا، چنانچہ بسبب نہ آنے جواب مذکور کے میرے
منصب ذاتی مین سخت فرق آیا، میرا ارادہ نہ تھا کہ شریک دربار ہون، مگر محض
بخوف گورنمنٹ اور بفہمایش ایجنٹ صاحب بہادر اس کسر منصب و آبرو کو
اپنے اوپر گوارا کرکے شریک دربار ہوئی، امیدوار ہون کہ اب سرکار
دوبارہ اس عرضی کو بجنسہ جناب پولیٹکل ایجنٹ صاحب بہادر کی خدمتمین
بصیغہ ضروری بھیجدین تاکہ اسکے جواب سے جلدتر آگاہی حاصل ہو، کیونکہ
میرا اس مین بہت ہتک منصب ہوا، تاوقتیکہ اس کا جواب بہ پابندی
قانون، وازروے ضابطہ نہ ملیگا مین ہرگز یہان سے نجاؤن گی، اور مجکو
فقط اسکا جواب ملنا چاہیے کہ یہ امر خلاف قاعدہ قدیم کیون ہوا، باقی گورنمنٹ کو
اختیار ہے جسکو چاہے ذلت دے، اور جسکو چاہے عزت عنایت کرے"

۱۷ ربیع الثانی ۱۲۹۹ھ

میرے ہر دو عرائض گورنمنٹ آف انڈیا مین بھیجے گئے، اور وہان سے جو جواب موصول ہوا
وہ مع نقل خط سرکار خلد مکان ذیل مین درج ہے:-

"بجواب عرضی تمہاری کے صاحب کلان بہادر نے نقل چٹھی صاحب فارن

سکریٹری گورنمنٹ انڈیا بھیجی ہے ، وہ ہمراہ اس خط کے نزدیک تمہارے بھیجی جاتی ہے ، اس کے دیکھنے سے حال معلوم ہوگا یعنی ضرورت صراحت نام بنام کاغذ پروگرام مین نہ تھی ، رئیسہ معظمہ کی راے سے ترتیب نشست کی ہوجاتی ہے کہ ایسا ہی ہوا ہے" مورخہ ہیجدہم ربیع الثانی ۱۲۹۹ھ

فارن آفس کلکتہ

مورخہ ۸ مارچ ۱۸۸۲ء

میرے مشفق کنکیڈ!

پروگرام ملاقات ہزاکسلنسی با بیگم صاحبہ ، و ملاقات بازدید ہزاکسلنسی مین نواب کنسرٹ (شوہر بیگم صاحبہ) وسلطان جہان بیگم کے اسما کے درج کرنے کے معاملہ پر جس کا آج صبح کو مجھ سے آپ نے ذکر کیا تھا ، مین غور کر رہا ہون -

میرے نزدیک یہ بہتر ، اور مثال کے مطابق ہوتا اگر کوئی نام درج کیا جاتا اور الفاظ "پولیٹیکل ایجنٹ بھوپال" کے بعد" اور اسکے بعد ہر ہائنیس کے ہمراہی جنکو دربار مین داخل ہونے کا استحقاق ہے" لکھدیا جاتا ، آیندہ کے لیے یہ یادداشت درج کر لی جائیگی ، اور حال کے پروگرام متعلقہ ملاقات مین جو داخل دفتر ہین ، ترمیم کردیجائیگی -

آیندہ نشست کا معاملہ بغرض تصفیہ موافق رسم ورواج ریاست بھوپال محض خانگی امور کے طور پر چھوڑ دیا جاے گا -

آپ کا دوست

تھامس ہوپ

ہز ایکسلنسی کے استقبال کے لیے حسب پروگرام ویسرائیگل لاج تک نواب صدیق حسن خان صاحب نواب احتشام الملک بہادر، میان عالمگیر محمد خان، سید علی حسن خان، گئے اور تمام کارروائی پروگرام کے مطابق عمل مین آئی۔

سرکار خلد مکان نے تاریخ بھوپال، ایک ٹوپی، ایک پاندان نقرہ، ایک عطردان نقرہ تحفتہً پیش کیا، ہز ایکسلنسی نے نہایت اخلاق کے ساتھہ قبول فرمایا، تمام سرداران شریک دربار نے نذرین پیش کین، مینے علاوہ اپنی نذر کے صاحبزادہ حافظ حاجی کرنل محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر کی طرف سے جو بعمر سہ سالہ تھے، اور آصف جہان بیگم صاحبہ کی طرف سے جو یک و نیم سالہ تھین، حسب الحکم سرکار خلد مکان نذر پیش کی، یہ بچے بسبب خورد سالی دربار مین شریک نہ ہوسکے تھے۔

اوسی تاریخ عالیجناب لیڈی رپن صاحبہ ملاقات بازدید کے لیے تشریف لائین، مین بھی اس ملاقات مین شریک تھی، زمانہ قیام مین سرکار خلد مکان نے کلکتہ کے مشہور مقامات[1]، اور انسٹیٹیوشن بھی دیکھے، اور اونکی امداد بھی کی، لیکن مجھے کسی جگہہ وہ اپنے ہمراہ نہین لے گئین، کیونکہ اب علانیہ طور پر خفگی ہوگئی تھی، مین اگرچہ ہمراہ نہین گئی لیکن مینے بھی چندہ[2] دیا۔

نواب لفٹننٹ گورنر بہادر بنگال، و ہز ایکسلنسی کمانڈر انچیف بہادر افواج ہند، و لیڈی گرانڈ صاحبہ، و کپتان پریڈو صاحب بہادر، و دیگر معزز صاحبان یوروپین و لیڈیان

---

[1] زنانہ ہسپتال ۱۰۰۰، جنرل سوسائٹی ۵۰۰، مدرسہ عالیہ کلکتہ ۵۰۰، ویسٹ ہوم ۲۵۰، لوکل ۵۰۰، میو ہسپتال ۲۵۰، کمال ہسپتال ۲۵۰، انڈیا ایسوسی ایشن زراعت ۲۵۰، چڑیا، و عجائب خانہ ۱۰۰۰۔

[2] ہسپتال زنانہ وغیرہ مین دو ہزار روپیہ دیا۔

وقتاً فوقتاً سرکار خلد مکان سے ملین لیکن مجھے کسی کی ملاقات میسر نہ ہوئی۔

چیف سکریٹری نے خاص طور پر نواب احتشام الملک بہادر کو اپنے یہان بلا کر ملاقات کی اور بہت دیر تک شکار اور اونکے خاندانی حالات کے متعلق تذکرہ ہوتا رہا۔

یہان پر بذریعہ اخبارات معلوم ہوا کہ علیا حضرت ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند پر کسی بدمعاش نے گولی چلائی، لیکن ملکہ معظمہ کو خدا کے فضل سے کوئی گزند نہین پہونچا۔

اس واقعہ سے افسوس، اور عزیز ملکہ کی سلامتی سے مسرت پیدا ہوئی، اور بذریعہ پولٹیکل ایجنٹ بہادر کے سرکار خلد مکان نے خطرہ سے محفوظ رہنے کی مبارک باد کا تار علیا حضرت کو بھیجا۔

۲۲ ربیع الاول ۱۲۹۹ ہجری کو واپسی قرار پائی، اسپیشل ٹرین کا انتظام پہلے سے ہو چکا تھا، تاریخ مذکورہ کو سرکار خلد مکان نے ہز اکسلنسی لارڈ رپن، اور اونکی بیگم صاحبہ سے "ویسرایگل لاج" مین رخصتی ملاقات کی، مین بھی ہمراہ گئی تھی، وہان سے ہم براہ راست اسٹیشن پر آ گئے، سواران فوج ہندوستانی کا دستہ اردلی مین تھا

سلہ علیا حضرت ملکہ معظمہ "لنڈن" سے "ونڈسر" کو جاتی تھین، جسوقت اسٹیشن سے اوتر کر چلین تو ایک آدمی نے اون پر طپنچہ چلایا، اونھین کے برابر شاہزادی بیاٹرس :- (ملکہ معظمہ کی صاحبزادی) بیٹھی تھین جو گولی کی زد مین تھین، بدمعاش کا وار خالی گیا، "ایٹن" کے دو طالب علمون نے اوسے ڈھکیل دیا جس سے دوسرا فیر نہ کر سکا، اسی اثنا مین گاڑی آگے چلی، تب ملکہ معظمہ کو معلوم ہوا کہ وہ کسقدر سخت خطرہ سے نکلی ہین۔

اونھون نے سب سے پہلے پوچھا کہ "کسی کو گزند تو نہین پہونچا؟" اور پھر اپنی صاحبزادی کے استقلال کی تعریف کی، اس واقعہ کی اطلاع سے عام و خاص مین ایک جوش پھیل گیا، اس کی یادگار قائم کی اور گرجاؤن مین شکریہ کی نمازین ادا ہوئین۔

ہز ایکسیلنسی کے انڈر سکریٹری، وفارن سکریٹری، وایڈی کانگ صاحبان نے اسٹیشن تک مشایعت کی، اور وقت معینہ پر روانہ ہوگئے، اور ۲۶ ماہ مذکور کو "اٹارسی" مین داخل ہوئے اور پھر منزل بہ منزل قیام کرتے ہوئے بھوپال پہنچ گئے حسب دستور استقبال ہوا، اور سلامی سر ہوئی، ملازمین ہمراہی کو تین یوم کی تعطیل دی گئی۔

جو واقعہ کہ کلکتہ مین پیش آیا اوس سے سرکار خلد مکان اسقدر ناراض ہوئین کہ مجھسے میرے سفر کے تمام مصارف مع کرایہ کے لیے گئے۔

نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر کی علالت اور سرکار خلد مکان کی کشیدگی کا اظہار

کلکتہ مین جو واقعہ ملاقات باز دید کے پروگرام کے متعلق پیش آیا تھا اوس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سرکار خلد مکان کی طبع مبارک مجھ سے بے انتہا مکدر کردی گئی، اور وہ صاف صاف اپنے عتاب وغصہ کا اظہار فرمانے لگین، اون کی شفقت ومحبت، خفگی وناراضی سے متبدل ہوگئی۔

مین اگرچہ روزانہ سلام کو جاتی تھی، مگر روز بروز سرد مہری، اور عتاب مین ترقی ہی پاتی تھی، مگر باوجود ناراضی محسوس ہونے، اور بہت سی ناگفتنی اور دل شکن کارروائیون کے پیش آنے کے بھی مین نے اپنا معمول ترک نہ کیا، اس عرصہ مین نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر جن کی عمر ابھی سات ہی سال کی تھی، نہایت سخت بخار مین مبتلا ہوے، جو ڈاکٹری تشخیص سے "ریمیٹنٹ فیور" معلوم ہوا، جس کو یونانی مین "حماے مطبقہ متنزائدہ" کہتے ہین، اون پر کیفیت سرسامی طاری تھی، کئی روز تک مبتلاے مرض رہے، ہرچند علاج کیا جاتا تھا، مگر صحت نہ ہوتی تھی "نواب احتشام الملک بہادر" بے انتہا پریشان تھے، دوران علالت مین ایک روز حالت نہایت نازک ہوگئی، مین نے اوس انتشار مین اپنی "پیش خدمت" کو سرکار خلد مکان کے حضور مین بھیجا، تاکہ اس حالت کی اطلاع دون، کیونکہ تکلیفات، ومصائب کے وقت بے اختیاری کے ساتھہ اپنے شفیق بزرگون، اور مربیون کو ہی دل ڈھونڈھا کرتا ہے، خصوصاً ایسے بزرگ کو جو والیے ملک، اور ایسے شفیق کو جو "مان" ہو جس سے زیادہ دنیا مین

کوئی شفیق نہین ہوسکتا، مین ہمہ تن چشم امید بنی ہوئی اون کے آمد کی منتظر تھی، اور دل ہی جانتا ہے کہ اوس انتظار مین کس قدر تسلی بھری ہوئی تھی، مجھے معلوم ہوتا تھا کہ سرکار خلد مکان کا تشریف لانا ہی مریض کے لیے شفا ہے، لیکن "پیش خدمت" واپس آئی، اور اوس نے جواب دیا کہ "سرکار کل کیفیت سنکر نواب صدیق حسن خان صاحب کے پاس چلی گئین" وہ حالت معرض بیان مین نہین آسکتی، جو یہ جواب سنکر میرے دل پر گذر گئی لیکن تھوڑی دیر کے بعد سرکار خلد مکان نے اپنے مصاحبون، اور ملقیس جہان بیگم صاحبہ کو بھیجا کہ وہ حالت دیکھین، اونکی زبانی معلوم ہوا کہ سرکار خلد مکان اپنے عزیز، اور پیارے نواسے کی تکلیف سنکر مضطرب ہوگئین، اور آنے کو تیار تھین لیکن نواب صدیق حسن خان صاحب نے جب اونسے یہ کہا کہ "آپ جائیے وہ آپ کا نواسہ ہے محض غیر تو مین ہون" تو سرکار نہ آئین، لیکن ہم لوگون کو حکم دیا کہ "تم جاؤ اور دیکھ کر مجھہ کو اطلاع دو کہ کیا حال ہے"؟ آخر گھبرا کر مینے عریضہ بھیجا کہ "حکیم فرزند علی کو جو ہمیشہ سے ہمارے معالج ہین، اور اون کو مزاجون کا تجربہ ہے، اور اب یہان کی علیحدگی کے بعد راجگڈھ مین ملازم ہین، بلانے کی اجازت دیجائے" لیکن یہ درخواست بھی نامنظور ہوئی۔

مینے ڈاکٹر شیخ ولی محمد ہاسپٹل اسسٹنٹ سے علاج شروع کرایا، جو اوسوقت پرنس آف ویلز ہسپتال مین کام کرتے تھے، اور سرکار خلد مکان کے نزدیک اسی عریضہ کے ساتھ چٹھی موسومہ پولیٹکل ایجنٹ بہادر بھیجی، "تاکہ ڈاکٹر ایلن صاحب بہادر ایجنسی سرجن کو طلب کیا جائے۔

شافی مطلق کے کرم سے نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر کو کیسی وزین صحت کامل ہوگئی، مگر اب رفتہ رفتہ سرکار خلد مکان کی کشیدگی کی نوبت یہان تک پہنچگئی کہ

شوکت محل، اور میرے محل کے درمیان مین جو آمد و رفت کا دروازہ تھا، بند ہونے لگا،
صبح کو جبکہ صاحبزادی بلقیس جہان بیگم صاحبہ (جو گویا روز پیدائش ہی سے سرکار خلد مکان کے
پاس رہتی تھین) میرے "سلام" کو آتین تو کھولا جاتا، پھر سرکار خلد مکان "تاج محل" مین
تشریف لے گئین، اور یہ سلسلہ بھی منقطع ہوگیا۔

جب صاحبزادی "آصف جہان بیگم صاحبہ" پیدا ہوئین تب میری عمر (۲۴) سال کی تھی
اونکی پیدائش کے بعد مین بہت بیمار ہوگئی "ورم جگر" اور "بخار" مین مبتلا تھی، زیست کی
امید منقطع ہوچکی تھی، عین اوس حالت مین جبکہ تکالیف مرض سے بیچین، اور مایوسی
کیوجہ سے آبدیدہ ہو رہی تھی، سرکار خلد مکان تشریف لائین، اور میرا سر اپنے
آغوش مین لیکر نہایت پیار سے فرمایا کہ "گھبراتے نہین"

مَین بیان نہین کرسکتی کہ مجھے اس جملہ سے کسقدر تسلی ہوئی، اور اس وقت تک میرا
دل اوس کیفیت تسلی، و مسرت کو یاد کرتا ہے، لیکن سرکار خلد مکان کا اس طرح پر میرا
سر اپنے آغوش مین لینا، آخری لطف تھا، جسکے بعد پھر یہ دن میسر نہ ہوا، اور نہ کوئی
خوشی "مان" کی صحبت کی مجھے نصیب ہوئی۔

سنٹرل انڈیا مین ریلوے کا اجرا

سنہ ۱۸۶۸ء تک تمام سنٹرل انڈیا مین ریل کا نام و نشان نہ تھا "گریٹ انڈین پننسولا ریلوے" صرف کھنڈوا تک پہنچی تھی، اور شمال کی جانب "آگرہ" مین ریل ملتی تھی، یہی کیفیت سڑکون کی تھی، بجز اوس سڑک کے جو آگرہ سے براہ گوالیار، واندور، بمبئی کو گئی ہے پختہ سڑک کا پتہ نہ تھا، لیکن سنٹرل انڈیا کی خوش قسمتی سے سنہ ۱۸۶۸ء مین سرہنری ڈیلی نے ایجنسی اندور کا چائزہ لیا، یہ زمانہ سنٹرل انڈیا کے لیے نہایت سخت تھا، دو سال سے ملک مین متواتر قحط پھیلا ہوا تھا، پختہ سڑکون، اور خصوصاً ریلوے لائن کے نہونے کیوجہ سے قحط کے مصائب، اور تکالیف کی کوئی حد و انتہا نہ تھی، رعایا ایک حصہ ملک سے نکلکر دوسرے حصہ مین جاتی تھی، لیکن بھوک اور موت کہین پیچھا نہ چھوڑتی تھی۔

اس عظیم الشان قحط کے مصائب کے حالات نہایت دل خراش ہین، چنانچہ سرہنری ڈیلی اپنی سرکاری رپورٹ مین تحریر کرتے ہین کہ "سنہ ۱۸۶۹ء سنٹرل انڈیا مین قحط، اور وبا کی سختی کی وجہ سے ہمیشہ یاد رہیگا، ہزارہا مخلوق بھوک، پیاس، کی شدت سے جان بحق ہوگئی، اور ہزارہا ہیضہ اور لو کے شکار ہوے، مواضع کا ذکر کیا، ضلع کے ضلع برباد و ویران ہوگئے، اور کوئی شخص ایسا باقی نہ رہا جو مرنے والون کی مصیبت، یا تعداد کا پتا دے سکتا، صرف گوالیار کے متصل (۷۸۹۲۹) آدمی لقمۂ اجل ہوئے، لاشیین، اور ہڈیان نالون، اور میدانون مین درختون کے نیچے، اور عام شاہراہون پر

جا بجا پڑی ملتی تھین"

ظاہر ہے کہ اس دردناک حالت کا سرہنری ڈیلی کے دل پر بڑا اثر ہوا اور انھون نے سنٹرل انڈیا مین سڑکون، اور ریل نکالنے کی جانب گورنمنٹ کو ان الفاظ کے ساتھ توجہ کیا کہ "مالوہ مین سڑک مفقود ہے، جو صوبہ ایسا زرخیز ہو، اور جہان صرف افیون کی آمدنی سے گورنمنٹ کے خزانہ مین ۳ کرور روپیہ پہنچتا ہو، وہان سڑکون کا نہ ہونا قابل افسوس ہے زراعت کو اس کمی کی وجہ سے بڑا نقصان پہونچ رہا ہے، آبادی کم ہوتی جاتی ہے، اور ہزار ہا ایکڑ زمین جس مین عمدہ کپاس، اور افیون پیدا ہوسکتی ہے، پڑتی پڑی جاتی ہے اگر اس حصہ ملک مین سڑکین، اور ریل بنجاے تو مالوہ کو سنٹرل انڈیا کے ساتھ وہی نسبت ہوگی جو بنگالہ کو صوبجات متحدہ مغربی وشمالی کے ساتھ ہے، ریل کے نہونے کی وجہ سے غلہ ایک جگہ سے دوسری جگہ نہین جاسکتا، اور اس لیے قحط زدہ ممالک کی امداد باوجود خواہش اور کوشش کے بھی کوئی نہین کرسکتا"

اس قحط کے زمانہ مین بھوپال کی پیداوار اچھی تھی، لیکن ریل نہ ہونیکی وجہ سے ریاستہاے ملحقہ کی رعایا کوئی فائدہ نہ اٹھاسکی، نہ تو اوس کو غلہ پہنچ سکا، اور نہ وہ عسرت کے ساتھ ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل وحرکت کرسکی۔

الغرض سرہنری ڈیلی کی مسلسل کوشش، اور ذاتی اثر کی وجہ سے سنٹرل انڈیا کے رؤسا ریل کی ضرورت کو محسوس کرنے لگے۔

سب سے اول مہاراجہ ہلکر نے "کھنڈوہ" سے "اندور" تک ریل نکالنے کا انتظام گورنمنٹ کے ساتھہ کیا، اور بعد مین مہاراجہ گوالیار، اور سرکار خلد مکان نے اپنی حدود ریاست مین ریل کے اجرا کا ارادہ ظاہر کیا۔

جوکام سچی نیت، اور نیک ارادہ سے کیا جاتا ہے، خداوند کریم اوس مین ضرور کامیابی عطا کرتا ہے، چنانچہ سر ہنری ڈیلی کی یہ نیک نیتی کا سبب تھا کہ دس برس کے قلیل عرصہ مین والیان ریاست کے روپیہ سے سنٹرل انڈیا مین پختہ سڑکون، اور ریلوے لائن کا جال پھیل گیا، تجارت، اور ملکی ترقی کے راستے کھل گئے۔

سنٹرل انڈیا کے باشندے، اور خصوصاً روسا سر ہنری ڈیلی کی عنایتون کو کبھی نہین بھول سکتے، اونکی ذاتی قابلیت، و شرافت، اور ہمدردی کا دوسرون کے دلون پر بڑا اثر پڑتا تھا، وہ ہندوستان کی عام تاریخ سے بخوبی واقف تھے، اور ریاستہای مالوہ کے صوبہ جات، اور روسا کے حالات پر اونکو پورا عبور تھا، وہ ہندوستانی مذاق اور طبیعت کو خوب سمجھتے تھے، اونکی زندہ دلی اونکے ملنے والون پر فوری اثر کرتی تھی، اونکی کامیابی اور ہر دل عزیزی کا اصلی راز اُنکا ذاتی اثر تھا۔

ڈیلی صاحب[۱] کو روسا سنٹرل انڈیا کا اس زمانہ مین بہت خیال تھا، چنانچہ اون کی اولاد کی تعلیم کے واسطے اونھون نے ایک مدرسہ قائم کیا، جس نے اکثر روسا سنٹرل انڈیا کی اولاد کو بہت فائدہ پہنچایا۔

---

[۱] سر ہنری ڈیلی کی جملہ صفات اون کے صاحبزادہ آنربل میجر ڈیلی مین بھی پائی جاتی ہین، اون کو اپنے والد کی طرح تعلیم سے نہایت دلچسپی ہے، چنانچہ اب اونکے زمانہ مین امید ہے کہ "ڈیلی کالج" کو رونق ہوگی، جو سنٹرل انڈیا کے لیے نہایت مفید ہے۔

اجرائے بھوپال[1] اسٹیٹ ریلوے

سر ہنری ڈیلی ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا خود بھوپال تشریف لائے، اور تفصیلی گفتگو ریلوے لائن کے متعلق ہوئی، سرکار خلد مکان نے اس تحریک سے اتفاق کیا، اور خزانہ ریاست سے مدد دینے، اور سرکار قدسیہ مرحومہ سے بھی مدد دلوانے کا وعدہ فرمایا۔

صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر نے بذریعہ صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر اس امداد کے لیے شکریہ ادا کیا، اور اطلاع کی کہ ہز ایکسلنسی گورنر جنرل و وایسرائے کشور ہند، نواب قدسیہ بیگم صاحبہ کی امداد کے فیصلہ کے منتظر ہیں، اس اطلاع کے آنے پر غور کرنے کے بعد سرکار خلد مکان، اور سرکار قدسیہ مرحومہ نے پینتیس لاکھ روپیہ کی اس طرح امداد منظور کی کہ خزانہ ریاست سے پچیس لاکھ باقساط پانچ لاکھ روپیہ سالانہ، اور ڈیوڑھی سرکار قدسیہ سے دس لاکھ باقساط دو لاکھ روپیہ سالانہ بلا شرط سود دیا جائے۔

اول اگر ریلوے کا اجرا اوجین سے بھوپال، اور بھوپال سے اٹارسی تک تجویز ہوا لیکن سرکار خلد مکان نے جب اس مجوزہ لائن پر غور فرمایا تو اونھوں نے یہ نتیجہ نکالا کہ مجوزہ لائن تا وقتیکہ "جھانسی" اور "آگرہ" تک وسیع نہ کی جائے کچھ زیادہ

---

[1] چونکہ سرکار خلد مکان ناراض رکشیدہ تھیں اور سرکاری وغیرہ سرکاری کل جلسوں اور درباروں میں ہم لوگوں کا آنا جانا بند تھا۔ اسلیے اب اکثر واقعات و حالات کا جنکا تعلق ریاست سے ہے، اشلہ موجودہ دفاتر سے مواد حاصل کیا گیا ہے۔

فائدہ مند نہوگی ، اسس امر پر ایک عرصہ تک مراسلت جاری رہی ، بالآخر یہ رائے قرار پائی کہ ، سیہور ، سے ، اٹارسی ، تک ایک دم سے پیمائش ہو اور سیدھی لائن ، آگرہ ، سے ، گوالیار ، جھانسی ، للت پور ، بھیلسہ ، ہوکر شامل اٹارسی ہو جاوے ، اوجین لائن کی اوسکے بعد تکمیل ہو جائیگی -

اور ریاست سے بجائے ۲۵ لاکھ کے ۳۵ لاکھ ، اور ڈیوڑھی سرکار قدسیہ مرحومہ سے بجائے دس لاکھ کے پندرہ لاکھ ، یعنی جملہ ۵۰ لاکھ روپیہ دیا جاوے -

اس امر کے طے ہونے کے بعد دیگر ضروری مراتب متعلق تیاری لائن ، و حدود گزر ، اور اسٹیشنون کے بذریعہ مراسلات طے ہوتے رہے ، اور یہ امر بھی طے ہوگیا کہ اگر کسی وقت شرکت ریلوے ریاست کو منظور نہو تو ریاست روپیہ واپس لینے کی مجاز ہے ، اور ریلوے حدود مین مقدمات دیوانی و فوجداری ، کی سماعت کا اختیار گورنمنٹ کے زیر انتظام رہیگا ، حکام ریاست کو کسی قسم کی مداخلت نہوگی -

جب یہ تمام مراتب طے اور صاف ہوگئے تو ہز ایکسلنسی لارڈ لٹن گورنر جنرل و ویسرائے ہندنے سرکار خلد مکان کو ایک چٹھی ۱۲ ردسمبر ۱۸۷۷ء کو بھیجی ، جسمین بعد اظہار خوشنودی مطلع کیا کہ "حضور گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا کو معاہدے کی تکمیل کے لیے حکم دیا گیا ہے "

۲۹ ر دسمبر ۱۸۷۷ء = ۲۳ ر ذی الحجہ ۱۲۹۴ھ ہجری کو صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے معاہدہ سرکار خلد مکان کے دستخط و مہر سے مکمل ہونے کے لیے بذریعہ وکالت ارسال کیا ، جو دستخط و مہر سے مکمل ہوکر صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر کے پاس بھیجدیا گیا ، اور اوسکی نقل مصدقہ دفتر ریاست مین رہی -

اسٹیشن بھوپال کا نقشہ مرتب ہوکر پیش ہوا ، مگر جس جگہ پر کہ اسٹیشن بنانا تجویز

ہوا تھا، سرکار خلد مکان نے اوس سے اختلاف کیا، کیونکہ اوس مقام کی زمین کمزور تھی اور پانی کا بہم پہونچنا بھی مشکل تھا، سرکار خلد مکان کا خیال جمال پورہ مین اسٹیشن بنانے کا تھا مگر بسبب لائن مین کجی واقع ہونے کے وہ مقام بھی پسند نہ ہوا، بالآخر یہ قرار پایا کہ جنوری، یا فروری، مین جبکہ پیمائش کے نشانات قائم کیے جائین گے، اوسوقت صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر، و نواب صدیق حسن خان صاحب بہادر باتفاق رائے مقام اسٹیشن تجویز کرین گے ۔

اس کے بعد کپتان بارو صاحب اسسٹنٹ اول سرکار خلد مکان کے نام چٹھی صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کی لیکر بھوپال آئے جسمین ہزاکسلنسی گورنر جنرل و ویسرائے ہند کی جانب سے سرکار خلد مکان کی عالی ہمتی کا شکریہ لکھنے کے بعد تحریر تھا کہ "مجھے خوب یاد ہے کہ ایک بار نواب سکندر بیگم صاحبہ نے کہا تھا کہ ہندوستانیون کی ریاست انڈھی ہے نہ راستہ ہے، نہ ریل، نہ تار برقی، اب یہ سب چیزین بھوپال مین ہوجائینگی"

اسکے ساتھ ہی اسسٹنٹ صاحب بہادر، و صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے اقرارنامہ ترمیمی گورنمنٹ ہند کا پیش کیا جسکو سرکار خلد مکان نے منظور فرمایا، لیکن سرکار خلد مکان نے یہ تحریک کی کہ سڑک چوڑی پٹری کی ہو، اور گاڑیان جو تیار کی جائین وہ وسیع ہون، اور یکم جنوری ۱۸۸۱ء سے کام جاری ہوجائے ۔

صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے اطمینان بخش جواب دیا، اور ایک نقشہ مرتبہ چیف انجینیر ریلوے متعلق تیاری لائن بھیجا، جسمین دو راستہ (ایک چوکا، بشنکھیڑے، سے، دوسرا، بھوت پلاسی، اور، بارنگرے سے) تجویز کیے تھے لیکن اون دونون راستونمین سے کسی ایک راستہ پر لائن کا بچھانا سرکار خلد مکان کی رائے پر منحصر رکھا تھا، سرکار خلد مکان نے، چوکا، بشنکھیڑے، والا راستہ پسند فرمایا، چونکہ اس طرف دہات عمدہ

اور مال کی ورآمد و برآمد کی زیادہ امید تھی، لہذا اسی راستہ پر جھنڈیان قائم کرکے داغ بیل ڈالدی گئی، ریاست کی جانب سے ضروری امداد اور انتظام کے لیے احکام جاری ہو گئے، اور منشی مظہر حسین صدر منصرم کا بطور معتمد ریاست کے تقرر کیا گیا، علاوہ اوس زمین کے جسپر لائن بچھائی جانی والی تھی، تار، اور نالیون کے لیے دونون جانب اڑہائی اڑہائی گز زمین دی گئی۔

صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے بذریعہ یادداشت اقرار نامہ (جو گورنمنٹ ہند کی تصدیق کے لیے بھیجا گیا تھا) بعد تصدیق و منظوری جناب ویسرائے و گورنر جنرل بہادر دستخطی صاحب سکریٹری فارن ڈپارٹمنٹ بھیجکر مطلع کیا کہ قسط سنہ ۱۸۸۱ء بھیجدی جاے، تاکہ کام شروع

ف نقل اقرار نامہ بھوپال اسٹیٹ ریلوے مصدقہ و منظور فرمودہ جناب نائب السلطنت نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل بمقام شملہ بتاریخ ۱۶ ستمبر سنہ ۱۸۸۱ء دستخطی آمی، بی، سی، لائل صاحب سکریٹری آف انڈیا فارن ڈپارٹمنٹ دستخطی و مہری نواب شاہجہان بیگم صاحبہ ونیز مشرف بریڈو صاحب بہادر پولٹیکل ایجنٹ

(بھوپال ایجنسی)

دفعہ اول - نواب شاہجہان بیگم صاحبہ رئیسہ بھوپال سی و پنج لاکھ روپیہ و نواب بیگم صاحبہ قدسیہ پانزدہ لاکھ روپیہ واسطے تیار کرنے ریلوے کے علاقہ بھوپال مین جو ریلوے جی، آئی، پی، سی، شہر بھوپال تک، و بصورت امکان چھاونی سیہور تک تیار ہو، قسط وار چار سال کے اندر جسکی قسط پہلی جنوری سنہ ۱۸۸۲ء سے شروع ہوگی داخل کرین، اور بعد نواب بیگم صاحبہ قدسیہ اگر کچھ روپیہ پندرہ لاکھ روپیہ ذمگی نواب بیگم صاحبہ ممدوحہ سے ادا ہونا باقی رہے وہ ریاست سے ادا کیا جاے۔

دفعہ دوم - منافع سی و پنج لاکھ روپیہ رئیس ریاست بھوپال کو نسلاً بعد نسل و منافع پندرہ لاکھ روپیہ نواب بیگم صاحبہ قدسیہ کو اون کی حیات تک اور بعد اون کے رئیس ریاست کو نسلاً بعد نسل ملتا رہیگا۔

کردیا جاے" چنانچہ چند اقساط داخل ہوئین، لیکن پہر سرکار خلد مکان نے باقی رقم* یکمشت داخل کردی۔

۱۲ رجون سنہ ۱۸۸۲ع کو پرائیویٹ چٹھی مرسلہ چیف انجنیر ریلوے سے معلوم ہوا کہ یکم جون ۱۸۸۲ع کو "اٹارسی" سے "ہوشنگ آباد" تک ریل جاری ہوگئی، بعدہ وکیل ریاست کی عرضی سے اطلاع ملی کہ صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا بھوپال مین وقت افتتاح ریلوے کے تشریف لاوین گے، اور ۱۸ رنومبر سنہ ۱۸۸۴ع = ۲۹ رمحرم سنہ ۱۳۰۲ھ کو جلسہ افتتاح ریلوے کا کیاجاوے گا۔

اس تحریر کے آنے پر سرکار خلد مکان نے استقبال، اور قابل دید مقامات کی آراستگی

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ)

دفعہ سوم۔ منافع اس ریل کا اور اسکے طول کا آگرہ تک، اگر وہ جاری ہو درمیان اون ریاستون کے جو اسطے بنانے ریل جی، آئی، پی، آگرہ تک روپیہ دینگی بقدر حصہ اون کے روپیہ کے تقسیم کیا جاے گا۔

دفعہ چہارم۔ تعمیر اور انتظام اور کل اختیار ریلوے کی حد مین گورنمنٹ انڈیا کے ہاتھ مین رہے گا، اور ریاست کی کچھہ دست اندازی اندر حد ریلوے کے نہوگی۔

دفعہ پنجم۔ ریاست بھوپال واسطے ریلوے اسٹیشن وغیرہ کے اپنے علاقہ مین بلاقیمت اور کرایہ زمین دیگی، اور ہر طرح سے مزدور اور سامان تعمیرات حاصل کرنے مین ریاست سے مدد مناسب دیجاویگی، اور وہ زمین جسمین پتھر مطلوبہ ریل کی کان ہو اور نیز وہ زمین جو معدن مذکور تک ریل کے جانے، یا اور کسی کام متعلقہ ریل کے واسطے مطلوب ہو وہ بلاقیمت اور کرایہ گورنمنٹ انڈیا کو ریاست سے دیجاوے گی، اور بعد رفع ضرورت وہ زمین جو چند روز کے واسطے لی گئی ہے واپس ریاست کو دیجاوے گی۔

دفعہ ششم۔ جو کچھہ کہ سامان تعمیر اور مرمت وغیرہ ریلوے کے واسطے ضروری ہوگا اوسپر کچھہ محصول نہین لیا جائے گا۔

* چونکہ سرکار قدسیہ بیگم صاحبہ کا انتقال ہوگیا تھا، لہذا اونکا زر موعودہ ریاست سے ادا کیا گیا

وغیرہ کے احکام صادر فرماسے ، اور صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر کے ذریعہ سے چیف کمشنر صاحب بہادر ممالک متوسط ، و ڈپٹی کمشنر صاحب بہادر ہوشنگ آباد ، و انجنیر صاحبان ریلوے و دیگر عہدہ داران ایجنسی و رزیڈنسی کو مدعو کیا ۔

۱۱ر نومبر ۱۸۸۲ء کو ۱۰ بجے دن کے صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر مع اپنی میم صاحبہ کے داخل بھوپال ہوے ، ۱۶ر نومبر ۲۷ محرم ، صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کی تشریف آوری کی تاریخ تھی ، لیکن معلوم ہوا کہ بعد مغرب بھوپال مین داخل ہونگے ۔

صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے وکیل ریاست سے فرمایا کہ اگرچہ انگریزی قاعدہ کے لحاظ سے بعد ۶ بجے کے سلامی سر نہین ہوتی ، مگر استقبال ہوتا ہے ، اور گو ایسا رہین ہی یہی

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) اور مال جو کسی قسم کا ریلوے پر لدا ہوا جائے گا اوسپر بھی محصول نہین لیا جائے گا ۔

دفعہ ہفتم ۔ ایک گاڑی درجہ اول و دوم و سوم خاص "نواب بیگم صاحبہ رئیسہ بھوپال کی سواری کے واسطے علاقہ بھوپال مین تیار رہے گی ، اور اوسپر کچھ محصول نہین لیا جاے گا ، مورخہ ۱۳ر اکتوبر ۱۸۸۰ء مطابق بست و سوم رمضان ۱۲۹۷ ہجری ۔

اس اقرار نامہ کو جناب نائب السلطنت نواب گورنر جنرل بہادر نے با جلاس کونسل بمقام شملہ بتاریخ ۶ ستمبر ۱۸۸۰ء منظور اور تصدیق فرمایا ۔

حسب الحکم ویسراے و نواب گورنر جنرل باجلاس کونسل دستخط ، ای ، بی ، سی ، لائل سکریٹری گورنمنٹ انڈیا فورن ڈپارٹمنٹ ۔ ۱۷ر ستمبر ۱۸۸۰ء مقام شملہ ، فورن ڈپارٹمنٹ

پھر اس اقرار نامہ مین ۱۸۸۱ء مین حسب ذیل ترمیم ہوئی ۔

ریاست بھوپال مین ریلوے بنانے کے متعلق گورنمنٹ ہند اور والیہ بھوپال "نواب شاہجہان بیگم صاحبہ" جی ، سی ، ایس ، آئی کے باہمی معاہدہ کا ضمیمہ

دستور ہے، مگر یہاں نئی بات ہوگی، لیکن چونکہ ایسے معزز مہمان کا استقبال لازم ہے
اسلیے ہونا چاہیے؛ اور یہی لحاظ سرکار بھوپال کے استقبال مین بھی رکھا جاے گا۔

صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے معیت مسٹر کوک انجنیر ریاست و مہتمم تعمیرات، و مہتمم کارخانہ ریاست مال خانہ اسٹیشن پر انعقاد جلسہ کے لیے جگہ اور اوسکے متعلق ضروری ہدایتین کین، اون ہدایات کے مطابق تمام انتظامات مکمل کیے گئے۔

۱۶ نومبر کو ۷ بجے شب کے وقت کرنل بنرمن صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا مع اپنے اسٹاف کے تشریف لائے، اور عیش باغ پر اوترے، صاحب

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) چونکہ ۱۶ ستمبر سنہ ۱۸۶۸ء کو گورنمنٹ ہند اور والیہ بھوپال مین ایک معاہدہ ہوا تھا جس مین گریٹ انڈین پنینشولا ریلوے کو شہر بھوپال تک لانے کی شرائط مذکور تھین، مگر چونکہ نواب شاہجہان بیگم صاحبہ مرحومہ کے قابل ملال انتقال کیوجہ اور دیگر انقلاب حالات کے باعث سے اس معاہدہ کی بعض باتین ایک حد تک بدل گئی ہین، اور یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس عہد نامے کے شرائط حالات کے تغیر صورت کے مطابق بنائی جائین، اسلیے گورنمنٹ ہند اور رئیسہ بھوپال مندرجہ ذیل ضمیمہ معاہدہ منظور کرتے ہین:۔
۱۶ ستمبر سنہ ۱۸۶۸ء کے معاہدہ کا آرٹکل دوم مسترد اور منسوخ کیا جاتا ہے مذکورہ بالا معاہدہ کے آرٹکل سوم و چہارم کے بجاے حسب ذیل الفاظ وہندسے لکھے جاتے ہین۔

آرٹکل سوم۔

مذکورہ بالا ریلوے کے منافع ابداً برٹش گورنمنٹ اور والیان بھوپال کے درمیان اون میلون کی نسبت سے تقسیم کیے جائینگے جن مین ہر ایک فریق کے خرچہ سے ریل بنائی گئی ہو یعنی ۱۳ اور ۴۴ کی نسبت سے۔

آرٹکل چہارم۔

پولٹیکل ایجنٹ بہادر، کرنل ہال صاحب، و نائب دوم ریاست، منشی حسین خان ماسٹر، استقبال کے لیے موجود تھے، تمام فوج ریاست مع ماہی مراتب و بینڈ، حاضر تھی، اور اسٹیشن سے کوٹھی تک دورویہ بانس کا کٹکر روشنی کے لیے باندھا گیا تھا، جابجا عارضی محرابین تیار کی گئی تھین، اور دروازے بنائے گئے تھے، جنپر "ویلکم" اور "خوش آمدید" کے فقرات جلی خط مین لکھے ہوے تھے، اور سرخ و سبز لالٹینون سے روشنی نکل کران فقرات پر

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) مذکورہ بالا ریلوے کی تعمیر اور انتظام جسمین اسکے چلانے کے متعلق آیندہ کے مختلف انتظام جو وقتاً فوقتاً ہون شامل ہین) اور حدود ریلوے کے اندر ہر قسم کا فصل خصومات صرف برٹش گورنمنٹ کا کام ہوگا، اور اوس مین ریاست بھوپال کو کوئی حق مداخلت نہو گا۔

(دستخط) شاہجہان

(دستخط) نبرہن

ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا

تتمہ معاہدہ مابین گورنمنٹ ہند و ہر ہائنیس نواب شاہجہان بیگم صاحبہ جی، سی، ایس، آئی، ایم، سی، آئی، والیہ ریاست بھوپال دربارہ ساخت ریلوے در ریاست بھوپال

چونکہ ۳۰ رجون ۱۸۸۱ء کو ایک معاہدہ گورنمنٹ ہند اور والیہ بھوپال کے مابین ہوا تھا جسمین منجملہ دیگر باتون کے ایک بیان یہ بھی تھا کہ ریلوے مذکور کا منافع طرفین مین اون میلون (یا اوس مسافت) کی نسبت سے تقسیم کیا جاے، جسکی پٹری ہرایک فریق کے روپیہ سے بنائی گئی ہو، اور چونکہ یہ بات مناسب سمجھی گئی تھی کہ یہ منافع اس مالیت کی نسبت سے بھی ہو جو ہرایک فریق نے اس مدت معین مین اپنے پاس سے خرچ کیا ہو۔

جس مدت کا حساب کیا جارہا ہے، اس سے گورنمنٹ ہند اور ہر ہائنیس بیگم صاحبہ بھوپال اس فریدعہدنامہ کو

اپنا عکس ڈال رہی تھی جس سے وہ بخوبی اور صاف طور پر پڑھے جاتے تھے۔

صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر اس کیفیت کا ملاحظہ کرتے ہوئے کوٹھی پر داخل ہوئے اس نظارہ نے اونکو بے انتہا مسرور کیا، دوسرے دن صبح کو سلامی سر کی گئی، ۱۷ ر نومبر کو صاحب چیف کمشنر بہادر، سی، پی، ۷ بجے شب کے وقت آئے، اونکا استقبال بھی مثل صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کے عمل مین لایا گیا، اور صبح کو توپخانہ سے سلامی سر کیگئی

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) منظور فرماتی ہین جسکے شرائط حسب ذیل ہین:-

(۱) ۲۴ ر جون ۱۸۸۷ء کے معاہدے کے آرٹکل (۳) مین مندرجہ ذیل الفاظ رکھے جاتے ہین:-

آرٹکل (۳)

مذکورۂ بالا ریلوے کے منافع گورنمنٹ ہند اور ہر ہائینس بیگم صاحبہ بھوپال کے مابین ہمیشہ ہر ایک فریق کے اس مدت معینہ مین خرچ کیے ہوے روپیہ کی مناسبت سے تقسیم کیے جائین گے، اور اگر کسی ششماہی یا اور کسی مدت مین جسکا حساب کیا گیا ہو کوئی نقصان ہون تو اون نقصانات کی برداشت بھی ہر دو فریق اُسی نسبت سے کرین گے۔

(۲) یہ معاہدہ یکم جنوری ۱۸۹۱ء سے جاری اور نافذ ہوگا۔

(دستخط) نواب شاہجہان بیگم

(دستخط) اے۔ مارٹینڈل قائم مقام پولٹیکل ایجنٹ بھوپال

مورخہ ۱۴ ر اکتوبر ۱۸۹۰ء

مصدقہ و منظور کردۂ ہز اکسلنسی، دی ویسرائے اینڈ گورنر جنرل ان کونسل۔

(دستخط) کننگم قایم مقام سکریٹری گورنمنٹ آف انڈیا فارن ڈپارٹمنٹ

کیمپ آگرہ، ۴ ر دسمبر ۱۸۹۰ء

۱۰ر نومبر کو صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سرکار خلدمکان کی ملاقات کیلیے محل پر آئے، پھر نواب صاحب بہادر حسب ایمار صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر چیف کمشنر بہادر کی ملاقات کو گئے، میر منشی ایجنسی وغیرہ نے دروازہ بدہوارہ تک استقبال کیا۔

اوسی روز دیگر جملہ مہمانان بھی آگئے، ۱۱ بجے دن کو تمام لیڈیان سرکار خلدمکان کی ملاقات کو آئین، اس تقریب کے موقع پر صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کی باضابطہ ملاقات کیوقت یہ رسم جاری کی گئی کہ جو لوگ اس رتبہ کے ہون کہ جنکو صاحب ممدوح الشان، اپنے ہاتھ سے عطر و پان دین، وہ ایک ایک اشرفی بطور نذر کے جناب ممدوح کی خدمت مین پیش کرین، اس رسم کی ہدایت وکیل ریاست کو صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے کی، وکیل ریاست نے باضابطہ تحریر کی استدعا کی، لیکن صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے کہا کہ یہ رسم بحکم گورنمنٹ ہند قائم کی گئی ہے، اور مہاراجہ صاحب ہلکر، و مہاراجہ صاحب سیندہیا نے بھی اسکی پابندی کی ہے، وکیل ریاست نے مفصلاً سرکار خلدمکان کو اطلاع دی جسکو اونھون نے بھی منظور کیا۔

ایک بجے صاحب چیف کمشنر بہادر نے مع صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر، وکپتان رابرٹس صاحب بہادر کے محل پر سرکار خلدمکان سے ملاقات کی، ۲ بجے سرکار خلدمکان، و نواب صاحب بہادر، افتتاح ریلوے کے جلسہ مین گئے، کرنل ہنرمن صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر، صاحب چیف کمشنر بہادر، اور جملہ یورو پین جنٹلمین اور لیڈیان شریک جلسہ ہوئین۔

ہال خانہ جس مین جلسہ منعقد ہوا تھا، نہایت نفاست اور خوبی سے آراستہ کیا گیا تھا پیدل فوج پلیٹ فارم کے قریب جانب جنوب، اور فوج سواران جانب مغرب

استادہ تھی، اوس سے کسیقدر فاصلہ پر ہاتھیون کا جلوس تھا، اور اسٹیشن کے بالمقابل توپخانہ قائم کیا گیا تھا، مکان مال خانہ کے تین حصے کیے گئے تھے، حصہ شمالی مین صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر، و صاحب چیف کمشنر بہادر اور جملہ صاحبان یوروپین تھے اوسکے برابر والے حصہ مین جو ترتیب کے لحاظ سے درمیانی حصہ تھا، سرکار خلد مکان رونق افروز تھین، اس حصہ کے سامنے نشان قیصری کا پرچم لہرا رہا تھا، تیسرے حصہ مین وہ بیبیان تھین جو سرکار خلد مکان کے ساتھ آئی تھین۔

کرنل بنرمن صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل نے ۸ ارنومبر ۱۸۸۴ء کو ریلوے کا افتتاح کیا، اور سرکار خلد مکان کو مبارکباد دی، اوس کے بعد تمام لیڈیان سرکار خلد مکان کے پاس آگئین۔

افتتاح کے وقت توپخانہ سے ۳۱ فیر علیا حضرت قیصرہ ہند کی سلامی سر ہوئی۔

سرکار خلد مکان نے تمام حاضرین، اور کرنل بنرمن صاحب بہادر کو مخاطب کرکے ایک فصیح اسپیچ دی جو حسب ذیل ہے۔

اسپیچ سرکار خلد مکان

کرنل بنرمن صاحب! اور لیڈی صاحبات! اور صاحبان عالیشان!

اور شرکا رجلسہ! مین ہزار ہزار شکر اوس مالک دوجہان کا ادا کرتی ہون جس نے میری ریاست اور فرمان روا کو سایۂ عاطفت مین جناب ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے معزز فرمایا جنکے عہد دولت نے عمدہ فائدہ علوم و فنون یورپ کا اہل ہند کو پہنچایا، اور جنکے وزرا، اور وایسراؤن، اور افسرون کے حسن انتظام نے تجارت

ہندکو رشک چمنستان کشمیر بنایا، جو جو عنایتین اور اتحاد کی رسمین جناب "قیصرۂ ہند" کی طرف سے اس ریاست کی نسبت، خصوصاً میری مادر مہربان (مرحومہ) نواب سکندر بیگم صاحبہ (خلد نشین) اور میرے ساتھہ ظاہر ہوئین، اون کا شکریہ ادا کرنے سے میری زبان قاصر ہے، اور اوسکے ساتھہ ہی ساتھہ مین ویسرایان ہندوستان اور ایجنٹ نواب گورنر جنرل بہادران سنٹرل انڈیا، اور پولیٹکل ایجنٹ صاحبان بھوپال، خصوصاً کرنل آسبورن صاحب بہادر کی محبت و اخلاق و عنایت کا ذکر بھی نہین چھوڑ سکتی، جو ہمیشہ میری ریاست، اور میری والدۂ ماجدۂ مرحومہ کے ساتھہ فرماتے آئے، اور جنکو مین ہمیشہ شکرگزاری کے ساتھہ یاد کرتی ہون۔

کرنل بنرمن صاحب بہادر! آپ کے اخلاق و محبت و خوش اخلاقی کا شکریہ جسکی جگہ میرے دلمین ہے خاصتہً ضرور ہے، آپ نے جو کلمات براہ مہربانی میری نسبت فرمائے ہین اوسکی مین شکرگزار ہون، اور جو مبارک باد اجراے بھوپال اسٹیٹ ریلوے کی آپنے مجکو دی، اوسکو مین قبول کر کے سچے دل سے کہتی ہون کہ اس مبارک بادی و شکرگذاری کے مستحق آپ اور ڈیلی صاحب بہادر، اور مسٹر گریفن صاحب بہادر ہین، جنکی عمدہ صلاح سے یہ ریل بنائی گئی، اور جن کے عہد مین یہ ریل جاری ہوتی ہے۔

اس وقت مجکو نہایت نامناسب اور خلاف انصاف معلوم ہوتا ہے کہ مین اپنے عزیز دوست، اور بہی خواہ ریاست کرنل کنکیڈ صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ بھوپال کا شکریہ نہایت رضامندی کے ساتھہ ادا نہ کرون،

جنھون نے مجکو، اور والاجاہ امیرالملک نواب صاحب بہادر کو برابر امورات و معاملات متعلقہ ریل مین عمدہ عمدہ صلاحین دین، اور ہمیشہ اس عمدہ کام کے پورا کرنے مین میرے معاون و مددگار رہے، الحمدللہ کہ آج سالہاسال کی محنت اور لاکھون روپیہ کے خرچ کا نتیجہ حاصل ہوا، اور وہ وقت آگیا کہ افتتاح بھوپال اسٹیٹ ریلوے کی رسم ادا کی جاتی ہے، اور مجھکو امید ہے کہ اس کام مین کامیابی ہوگی، اور جن جن منافع ترقی آمدنی ریاست کا صاحبان عالیشان بہادر نے وقت صلاح و مشورہ تیاری ریل یقین دلایا تھا پورے ہونگے، خصوصاً جب اسکا سلسلہ بھیلسہ کی طرف سے ایسٹ انڈین ریلوے تک ملجاے گا تو امید ہے کہ مسافرون کو بھی زیادہ آرام ہوگا، اور آمدنی بھی ریل کی بڑھجاے گی، مگر ان منافع و فوائد آیندہ کے سوا، اس وقت بڑا نفع اور مسرت کا ذریعہ آپ لوگون کا یہان تشریف لانا ہے ۔

مین نہایت خوشی سے جملہ مہمانان عزیز کا جو اس تقریب مین تشریف لائے ہین خیر مقدم کہکر شکریہ ادا کرتی ہون، اور آپ جملہ صاحبان کو مبارکباد دیتی ہون، اور ایک تار بہ اطلاع افتتاح ریل جناب گورنر جنرل بہادر کی خدمت مین متضمن مبارکباد بھیجتی ہون ۔

مجھکو امید ہے کہ ہمارے ہردل عزیز لارڈ رپن صاحب بہادر بکمال مسرت اس مبارکباد کو قبول فرمائین گے، جو اون کے عہد حکومت ہندوستان کی غالباً ایک تاریخی یادگار ہوگی ۔

اب مین اس تقریر کو جناب "ملکۂ معظمہ قیصرہ ہند" کی دعاے ترقی سلطنت پر

ختم کرتی ہون، اور خدا کے فضل سے امید رکھتی ہون کہ سلسلۂ اتحاد اس ریاست، اور سلطنت عالیۂ قیصرہ ہند کے درمیان مین ہے روز بروز مستحکم ہوتا رہے، اور جو عنایتین اس ریاست کی نسبت اور خاص میرے ساتھہ حضور قیصرہ ہند سے ہوتی آئی ہین ترقی پاتی رہین۔

ایک تار افتتاح ریلوے کا بحضور ہز اکسلنسی لارڈ رپن صاحب بہادر ویسراے و گورنر جنرل ہند ارسال کیا گیا، تمام مہمان عیش باغ سے ریل مین سوار ہو کر اسٹیشن تک آئے اور وہان سے فرودگاہ کو بگھیون مین سوار ہو کر گئے۔

سرکار خلد مکان محل پر تشریف لائین، اوسی روز شب کو منجانب سرکار خلد مکان جملہ مہمانون کی دعوت تھی خود سرکار خلد مکان حسب معمول دوسرے کمرہ مین تشریف فرما تھین، کھانے سے فارغ ہو کر کرنل بنرمن صاحب بہادر نے علیا حضرت ملکۂ معظمہ کی تعریف کی، اور سرکار خلد مکان کا شکریہ ادا کر کے حسب ذیل تقریر کی:۔

اسپیچ ایجنٹ نواب گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا

لیڈیز، اینڈ جنٹلمین!

ہم آج ایک بڑے واقعہ کو اس ریاست کی تاریخ مین مندرج کرنے کیلیے جمع ہین، اور وہ واقعہ بھوپال ریلوے کا افتتاح ہے۔

کرنل تھامسن جس طور پر کہ یہ لائن تیار ہوئی ہے اوسکی کیفیت ہم سے بیان کرینگے، ہم یہان صرف یہ کہنا چاہتے ہین کہ دونون انجنیرون نے بماتحتی مسٹر جوگ کین کے جن کے اسوقت نہ موجود ہونے پر ہمکو افسوس ہے، اور نیز ٹھیکہ داران

مسٹرس اینڈ کمپنی نے اس لین کی تکمیل مین کیسی زحمت اوٹھائی ہے۔

یہ کام بسبب لین گھاٹ کے جو پہاڑیون مین ہے؛ اور دریای نربدا کے، ایک بڑی ہوشیاری، اور فن انجنیری کا فن تھا۔

سردست ہم فن انجنیری کو نہین خیال کرتے بلکہ پولیٹکل اور تجارتی منفعت کو اس تمام ریل سے دیکھنا چاہتے ہین، سڑک ریل کے بننے مین پونے اٹھاون لاکھ روپیہ کا صرفہ ہوا ہے جسمین پچاس لاکھ روپیہ بلکہ قریب کُل روپیہ کے ہر ہائینس بیگم صاحبہ رئیسہ بھوپال نے اپنی ریاست سے دیا۔

آپ سب کو معلوم ہے کہ گورنمنٹ کے خزانہ سے کسقدر بابت تعمیرات مُلک دیا جاتا ہے مگر یہ سب روپیہ، پہلے قرضہ سے حاصل کیا جاتا ہے، اور ایسے ہی دیگر ممالک کا خرچ، اور نیز گورنمنٹ انڈیا کی تیاری ریل سب قرض کی بدولت ہوتی ہے، لیکن آفرین ہے اس ریاست پر کہ اوس نے بغیر طلب کرنے کسی کفالت کے پچاس لاکھ روپیہ دیدیا، اور ایسے ہی دوسرے رئیسون کو اس سے سیکھنا چاہیئے، ہر ہائینس بیگم صاحبہ نے نہایت دانائی سے اور رئیسانہ طور پر نہ صرف کفالت زر کے لینے سے انکار کیا، بلکہ محض آمدنی ریل پر اصل روپیہ کی وصول سمجھکر اسقدر مال کو صرف کیا، اور ہمکو امید ہے کہ حاضرین جلسہ بیگم صاحبہ کی اس توقع کے پورا ہونے پر دل سے ہمارا ساتھ دینگے۔

مین از طرف حضور والیسراے پورے طور پر مجاز کیا گیا ہون کہ بوقت افتتاح ریل بھوپال اسٹیٹ بیگم صاحبہ کو اون کی طرف سے مبارکباد دون، اور نیز اون کو یقین دلاؤن کہ بیگم صاحبہ کا حوصلہ اس قدم مین

گورنمنٹ کے نزدیک بالکل پسندیدہ ہے، اگرچہ تمام ہند کی ریلوی اپنی آیندہ آمدنی کو ضروری، اور فیروزی کی دلیل سمجھتی ہے۔

لیکن آج جو یہ ایک چھوٹی سی لائن جاری کی گئی ہے، اس کا ثمرۂ منفعت آیندہ بلاشبہ دیکھنے کے قابل ہے، سردست اتنا فائدہ سب پر ظاہر ہے کہ ایک زرخیز ٹکڑا پیداوار کا جو سبب دریاے نربدا اور پہاڑیون کے اہالیٔ تجارت کی نظرون سے غائب تھا اس ریل کی بدولت ایک بڑا ذریعہ آمدنی کا ہوجاے گا، اور جسوقت کہ یہی ریل بھیلسہ، اورللت پور، اورجھانسی ہوکر ریل کی بڑی شاخ مین مل جائیگی اوسوقت یہ عمدہ طبقہ سرزمین ہند کا جو گیہون، اور جو پیدا کرتا ہے تجار غلہ کو کثیر نفع دے گا، اور بالآخر جب یہ لین آگرہ مین جا ملیگی تو یہ چوتھی شاخ ریل کی غلہ کی تجارت مین ثمرۂ کامل دیگی، جیساکہ نہ صرف گورنمنٹ ہند کو بلکہ تمامی کمپنی ہاے تجار بمبئی کو تسلیم ہے۔

اسوقت ہم بیگم صاحبہ رئیسہ بھوپال کی صحت وسلامتی اور اس ریل کے جاری ہونے سے بہترین ثمرہ حاصل ہونے کی دعا کرتے ہین، انگریزی گورنمنٹ کے ساتھ ہرہائینس نواب شاہجہان بیگم صاحبہ رئیسہ بھوپال کی خیرخواہی واطاعت ضرب المثل ہے، اوربیشک انصاف اور صاف معاملہ اون کا منتہا مین سے بڑھا ہوا ہے

اس ریل کے جاری ہونے کے بعد جو کچھ کہ نفع تجارت غلہ کو حاصل ہوگا، سب سے بڑھکر یہ ہوگا کہ یہان کی رعایا اس ریل کی بدولت اچھی طور پر خراج زمین کا ادا کرسکے گی، اور سب کی حالت وکیفیت بہتر طور پر تبدیل ہوجاوے گی۔

لیڈیز، اینڈ جنٹلمین! بیگم صاحبہ کی خیریت، اور اس ریل سے عمدہ ثمرہ حاصل ہونے کی دعا کے ساتھہ اپنی تقریر کو ختم کرتا ہون ۔

صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کی تقریر ختم ہونے کے بعد کرنل ولیم کنکیڈ صاحب بہادر نے منجانب سرکار خلد مکان مہمانون کے دعوت قبول کرنے، اور شریک جلسہ ہونے کا شکریہ ادا کیا ۔

پھر مسٹر کراستھویٹ صاحب بہادر چیف کمشنر، سی، پی نے سرکار خلد مکان کی مہمان نوازی وغیرہ پر اظہار شکر گذاری فرمایا ۔

کرنل تھامس صاحب نے بھی اس شاخ ریلوے کے آیندہ فوائد پر تقریر کی ۔

اس کارروائی کے بعد آتشبازی چھوڑی گئی جسکو تمام مہمانون نے شوق اور دلچسپی کے ساتھہ دیکھا، دوسرے دن صبح کو چیف کمشنر بہادر، و صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا مع اسٹاف کے ہوشنگ آباد کو روانہ ہوے، اور دیگر مہمان بھی وقتاً فوقتاً روانہ ہو گئے ۔

نواب گورنر جنرل بہادر و ویسرائے کشور ہند با جلاس کونسل نے ۳ جولائی ۱۸۸۵ء کو تین سیلون منجملہ اون کے ایک اول، ایک دوم، ایک سوم مع لوازمہ آرائش، بھوپال اسٹیٹ ریلوے کے صرف سے تیار کرنے منظور فرمائے، تاکہ جسوقت سرکار خلد مکان بھوپال اسٹیٹ ریلوے لائن پر سفر کرین تو وہ اونکے استعمال مین لائے جائین ۔

چنانچہ پہلا درجہ انگلنڈ مین، اور دوسرا اور تیسرا انڈین مڈلینڈ ریلوے کے کارخانہ جھانسی مین تیار ہوا ۔

صاحبزادہ صاحبان بہادر کی تعلیم

نواب محمد نصراللہ خان صاحب بہادر و صاحبزادہ حاجی حافظ کرنل محمد عبیداللہ خان صاحب بہادر کی عمر مین صرف دو سال ہی کا فرق ہے، جب اون کا زمانہ تعلیم آیا تو یکے بعد دیگرے دونون کی تعلیم شروع کی گئی، اردو، فارسی، خوشخطی، اور مذہبی تعلیم کے لیے اوستاد مقرر کیے گئے، ورزش، اور سپاہیانہ فنون کے حاصل کرنے کیلیے بھی انتظام کیا گیا۔

تربیت جو تعلیم کا اہم ضروری جزو ہے، اور جسکے بغیر تعلیم کبھی اپنا عمدہ اثر پیدا نہین کرسکتی، ہم دونون نے اپنے ذمہ رکھی، چونکہ ابتدا سے ہی تمنا تھی کہ ہمارے بچون مین کسی ایک کو حافظ کلام مجید ہونا چاہیے، کیونکہ علاوہ اسکے کہ مسلمانون مین یہ ایک نہایت محمود امر ہے، مذہب اسلام کی واقعی خدمت بھی ہے۔

ہم نے اس کام کے لیے صاحبزادہ حافظ محمد عبیداللہ خان صاحب بہادر کو بوجہ حافظہ قوی ہونے کے منتخب کیا، اون کو کلام مجید حفظ کرانا شروع کیا، اور نواب محمد نصراللہ خان صاحب بہادر کو ناظرہ و تعلیم انگریزی شروع کرائی گئی۔

دونون نے محنت، اور شوق سے تعلیم حاصل کی، اون کے تعلیمی اصول معمولی اصول تعلیم سے جدا تھے، اون کو اول اُردو کے ساتھ ساتھ دینیات کی تعلیم دی گئی، پھر فارسی، و عربی کی وہ کتابین جنمین معلومات عامہ، اور اخلاقی نصائح حاصل ہوتے ہین

پڑہائی گیئن، حساب سکھایا گیا، اور اون کے اخلاق و عادات کی عمدگی، اور صحت کی درستی کیجانب سب سے زیادہ توجہ تھی۔

خداوند کریم کے افضال سے ہم کو اسس طریقہ تعلیم مین کامیابی ہوئی، اون کے اخلاق و عادات جمیل، اور اون کی صحت نہایت عمدہ ہے، اون مین غور و محنت کا مادہ کافی طور پر ہے تعلیم و تربیت نے اون کی عقل کو مُجلّا کر دیا ہے، اور جو مقصود کہ تعلیم کا ہونا چاہیے وہ حاصل ہے۔

ہر دو صاحبزادگان سلمہم شبانہ روز کی محنتین جو معاملات ملکی و فوجی مین کرتے ہین یہ سب نتیجہ اوسی طریقہ تعلیم و تربیت کا ہے جو ہم دونون نے اپنی راے سے مقرر کیا تھا، کرنل حافظ حاجی محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر انگریزی سے ناواقف تھے، لیکن اونہون نے اب صرف ایک سال کے عرصہ مین مسٹر سی، ایچ، پین، ایم، اے سے جو صاحبزادہ محمد حمید اللہ خان صاحب بہادر کے اتالیق ہین، انگریزی زبان مین اسقدر استعداد حاصل کرلی، کہ وہ ضروری اور روزمرّہ کی کارروائی خود اچھی طرح کرلیتے ہین، اور اسقدر جلد اتنی استعداد کا حاصل کرلینا، اونکی ذہانت اور مسٹر پین کے طریقۂ تعلیم کی عمدگی کو ظاہر کرتا ہے۔

نواب صدیق حسن خان صاحب کا انتزاع خطاب و سلامی

سرکار خلد مکان کے ازدواج اول کے وقت سرکار خلد نشین نے گورنمنٹ ہند سے باضابطہ یہ طے کر لیا تھا کہ رئیسہ بھوپال کا شوہر برائے نام "نواب" رہیگا، اور امور ریاست مین اوسکو کسی طرح کی مداخلت نہ ہوگی، لیکن سرکار خلد مکان بوجوہ چند در چند ازدواج ثانی کے بعد اس پالسی پر جو نہایت دور اندیشی کے ساتھ قرار دی گئی تھی قائم نہ رہ سکین اور نواب صدیق حسن خان صاحب امور ریاست مین دخیل ہوکر ہر کلی و جزئی معاملہ پر حاوی ہو گئے۔

اونھون نے اپنے گرد وپیش ایسے لوگون کو جمع کیا تھا جو اون کے ہم خیال اور اون کی کارروائیون کے معاون تھے، اور اس مداخلت کی وجہ سے تقریباً تمام بڑے بڑے سرکاری عہدے ایسے لوگون کے ہاتھون مین آگئے تھے جنکو نہ ضرورت زمانہ کا احساس تھا اور نہ رعایا و ریاست سے ہمدردی تھی، اسلیے ریاست کے انتظامی صیغون مین ایک عام بدنظمی پھیل گئی۔

نواب صدیق حسن خان صاحب کو تصنیف و تالیف سے بھی شوق تھا، اونھون نے وقتاً فوقتاً متعدد کتابین لکھین جو مختلف مضامین پر تھین، انہین کتابون مین مجموعہ خطب، ہدایت السائل، ترجمان وہابیہ، اقتراب الساعۃ بھی تھین، جنمین مذہبی پیرایہ مین خلاف سیاست ملک مضامین تھے، ان کتابون کے علاوہ بعض تصانیف مین تمام خاندان ریاست

کی نسبت ہر ایک اہتمام جو ممکن ہو سکتا تھا درج کیا گیا، اور ہر ایک قسم کی سب وشتم تحریر کیگئی جب ان کتابون پر نوٹس لیا گیا تو وہ ضائع کردی گئین، ان کتابون کی اشاعت کا زمانہ وہ تھا جبکہ افواج گورنمنٹ برطانیہ "مہدی سوڈانی" کے مقابلہ مین سرگرم پیکار تھین سب سے پہلی کتاب مجموعہ خطب تھی جو گورنمنٹ کے ملاحظہ مین گذری، گورنمنٹ نے وہ کتابین سر لیپل گریفن صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا کے پاس بھیجدین، اونھون نے بذریعہ کرنل بنرمن صاحب بہادر نواب صدیق حسن خان صاحب کو ایسی تالیف تصنیف کے برے نتائج سے مطلع کیا، اور احتیاط رکھنے کی ہدایت کی، مگر نواب صدیق حسن خان صاحب نے اس فہمائش کا کوئی اثر قبول نہین کیا، اور نہ درگزر کو کچھ وقیع جانا، اور پھر اپنی دوسری تصانیف مین ایسے ہی مباحث کو چھیڑا۔

ایک طرف یہ مشغلہ جاری تھا، دوسری طرف اون کے آئے دن کے تشدد وتظلم کا سلسلہ طولانی ہوتا جاتا تھا، اور پھر اوس پر اونکی طرفداری کیجاتی تھی۔

غرض عام ناراضی نہایت بیزاری کے ساتھ پیدا ہوگئی تھی، سر لیپل گریفن صاحب بہادر اس عرصہ مین انگلینڈ چلے گئے تھے، جب وہ واپس آئے تو دوسری کتابین بھی اون کو ملین، اور تمام مظالم کی کیفیت اون کے سامنے پیش ہوئی، چنانچہ وہ تحقیقات کے لیے بھوپال آئے، اور مخفی تحقیق کی۔

٢٧ر اگست ١٨٨٥ء کو سرکار خلد مکان سے شوکت محل مین ملاقات کی اس جلسہ ملاقات مین کرنل ولیم کنکیڈ صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ بھوپال اسسٹنٹ اول رزیڈنسی سنٹرل انڈیا، منشی دھرم نرائن میر منشی رزیڈنسی، سید عبد العلی نائب دوم ریاست، سید محمد عسکری منصرم نائب اول ریاست، اور سید عنایت حسین خان کیلر یا

شریک تھے ۔

سر لیپل گریفن صاحب بہادر نے سرکار خلد مکان کو ان امور و شکایات کی طرف توجہ لائی لیکن سرکار خلد مکان نے باور نہ فرمایا ، دوسرے دن چار بجے پھر ملاقات ہوئی ، پیشتر نواب صدیق حسن خان صاحب کی تمام کتابیں جمع کر رکھی گئی تھیں نواب صدیق حسن صاحب بھی اس جلسہ میں شریک تھے میر منشی رزیڈنسی نے یادداشت سنائی جسمیں کتب مذکورۂ بالا کے اقتباسات درج تھے نواب صدیق حسن خان صاحب نے چند عذرات کیے لیکن صفائی کامل نہ ہوسکی ۔

چھہ ہفتہ بعد پھر صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر بھوپال آئے ، اور ۱۷ ر محرم ۱۳۰۳ھ ۔ ۲۷ ر اکتوبر ۱۸۸۵ء کو شام کے وقت پانچ بجے شوکت محل مین دربار منعقد ہوا ۔

نواب احتشام الملک بہادر ، نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر ، صاحبزادہ حافظ حاجی ، کرنل محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر ، صاحبزادی ”ملقبہ جہان بیگم صاحبہ“ اور تمام عہدہ داران ریاست شریک کیے گئے تھے ۔

ایجنٹ گورنر جنرل بہادر نے سرکار خلد مکان کو مخاطب کر کے کسیقدر تمہیدی گفتگو کی ، اور پھر کہا کہ فی الحال نواب وایسرائے و گورنر جنرل بہادر کا یہ حکم[1] صادر ہوا ہے کہ خطاب و سلامی نواب کی واپس لی گئی ، اور وہ آیندہ کاروبار ریاست مین کسی طرح کی ظاہر و مخفی مداخلت

---

[1] احکام جناب نائب السلطنت و گورنر جنرل بہادر کشور ہند جنکو حضرت ”ملکہ معظمہ“ کے وزیر الملک ہند نے بمعاملہ منشی محمد صدیق حسن خان کہ جو سابق ”نواب“ تھے منظور فرمایا ہے ، حسب ذیل ہین ، بوجہ بد انتظامی ریاست بھوپال اور ظلم کے جو ریاست کی رعایا پر بوجہ مداخلت محمد صدیق حسن خان شوہر بیگم صاحبہ کے ہوا ہے حکم دیا جاتا ہے :-

اول ، خطاب ”نواب والا جاہ امیر الملک“ اون سے واپس لے لیا گیا ، اور منسوخ ہوگیا ۔

دوم ۔ یہ کہ سلامی ۱۷ ضرب توپ کی جو سرکار انگریزی کے علاقہ مین اون کو ملتی تھی وہ موقوف اور منسوخ ہوئی ۔

نہ کرین گے، اور اگر کرین گے تو دوسرا سخت حکم دیا جاے گا، ریاست بھوپال کا انتظام بہت خراب کر دیا گیا ہے، لہذا ایک مدار المہام مقرر ہونا چاہیے، جو کامل طور پر انتظام ریاست کا رکھے، اور آپ کے ساتھ ملکر کام کرے۔

غرض اس افسوسناک انجام پر کارروائی انتزاع خطاب وسلامی انجام پذیر ہوئی، اس حالت کے پیدا ہونے سے جو صدمہ کہ مولوی صدیق حسن خان صاحب کو ہوا وہ محتاج بیان نہین، مگر سرکار جنت مکان کو بھی کچھ کم صدمہ نہ تھا۔

اگرچہ اس تمام کارروائی مین سرکار جنت مکان کے متعلق کوئی امر ایسا نہین کیا گیا جو اون کے داب ریاست، اور مرتبۂ ذات وصفات کے خلاف ہوتا لیکن تاہم وہ اوسکو اپنے مرتبہ کے منافی، اور اپنے ذاتی اعزاز کے خلاف سمجھتی تھین۔

یہ حالت خود مولوی صدیق حسن خان صاحب نے اپنے افعال سے پیدا کی تھی لیکن ہماری طرف بڑے زور وشور سے منسوب کی جاتی تھی، مولوی صدیق حسن خان صاحب نے سرکار خلد مکان کو ذہن نشین کر دیا تھا کہ ہم لوگون نے غلط مخبریان کرا کے یہ ذلت دی ہے، اور ہر وقت یہ سمجھایا جاتا تھا کہ مجھے حقیر وذلیل نہین کیا بلکہ دراصل جو کچھ ذلت وحقارت ہوئی ہے وہ آپ کی ہوئی، مین تو وہی صدیق حسن خان ہون "نواب والاجاہ امیر الملک" صرف آپکی ذات سے بنا ہون۔

سوم - یہ کہ محمد صدیق حسن خان کو امور ریاست مین صریح یا غیر صریح علانیہ یا مخفی طریق سے مداخلت کرنا منع ہے، اور اگر بعد سنائے جانے ان احکام کے وہ صریح یا غیر صریح علانیہ یا مخفی طریق سے مداخلت کرین گے تو اوسکے نتیجہ اون کے حق مین سنگین ہون گے۔

چہارم - جناب بیگم صاحبہ کو ایما ہوا ہے کہ وہ ایک جوابدہ، اور لائق مدار المہام مقرر فرمائین کہ جسکو جناب نائب السلطنت بہادر پسند فرماوین۔

سرکار خلد مکان کو اس اتہام پر یقین کلی ہوگیا تھا، جب بلقیس جہان بیگم کو مینے بوجوہ چند در چند اپنے نزدیک رکھ لیا تہا، اوسی زمانہ مین اکثر مستورات نے مجھسے یہ ذکر کیا تہا کہ سرکار خلد مکان ایسا فرماتی ہین کہ مجہے سلطان جہان، اور سلطان دولہ نے یہ صدمہ دیا ہے۔

جب مجھے معلوم ہوا کہ سرکار خلد مکان کے خیالات اس معاملہ مین ہمارے برخلاف نہایت مضبوط کردیے گئے ہین تو مینے عرض کیا کہ مین قطعی اس معاملہ مین بے قصور ہون اور مین ہر طریق پر صفائی پیش کرنے کے لیے آمادہ ہون۔

سرکار خلد مکان نے اسکو منظور فرمایا، اور یہ قرار دیا کہ سر لیپل گریفن صاحب بہادر کے آنے پر وہ اور کرنل وارڈ صاحب بہادر، و کرنل کنکیڈ صاحب بہادر پولیٹیکل ایجنٹ انجیل ہاتھہ مین لیکر قسم کہائین، اور ہم حلف کرین کہ ہم کو اس کارروائی سے کوئی تعلق نہین، مینے بخوشی منظور کیا، لیکن چونکہ ہمارا قصور نہ تہا، اور ہم بالکل پاک تھے، اور ہماری نسبت محض اتہام تہا، اور وہ جانتے تہی کہ پردہ فاش ہوجائے گا اور اگلی پچھلی تمام غلط بیانیان، اور اتہامات ظاہر ہوجائین گے اسلیے مولوی صدیق حسن خان صاحب نے سرکار خلد مکان کو اس قرار داد پر مستقل نہ رہنے دیا۔

وزارت با اختیار

بہ تعمیل حکم ہزاکسلنسی ویسرائے وگورنر جنرل کشور ہند ۱۱ رجمادی الاول ۱۳۰۳ھ = ۱۶ فروری ۱۸۸۶ء کو حسب تجویز سر لیپل گریفن صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل و بہ استرضاے سرکار خلد مکان، و بمنظوری ہزاکسلنسی ویسرائے ہند بہادر نواب عبد اللطیف[1] خان سی آئی ای امتحاناً وزیر ریاست مقرر ہوے، اور ساڑھے چار مہینہ تک اونھون نے اپنے عہدہ کے فرائض کو ادا کیا۔

اونھون نے اولاً اون اصول کو جن پر صیغۂ عدالت کا کام ہو رہا تھا، تبدیل کیا، انتظام مالی کے لیے ایک تجربہ کار عہدہ دار کو علاقہ انگریزی سے بلانے کی تجویز کی، اور آمدنی و خرچ کے متعلق بجٹ (تخمینہ) بنانے کا حکم دیا، ابھی اون کی توجہ درستی و انتظام معدلت ہی کی جانب مبذول تھی، اور وہ اپنی مفوضہ خدمات کو نہایت خوبی کے ساتھ ادا کر رہے تھے، کہ مولوی صدیق حسن خانصاحب کو یہ فکر پیدا ہوئی کہ کوئی یوروپین وزیر مقرر ہو جاے تو غالباً اونھین اپنے اقتدار، و اعزاز کو پھر حاصل کرنے کا موقع ملیگا، اور اوسکی وساطت سے اپنی تدابیر مین کامیابی ہوگی، اسیلیے اونھون نے خود مسٹر بروک صاحب ڈپٹی کمشنر کھنڈوہ کو منتخب کر کے سرکار خلد مکان کو اس امر پر آمادہ کیا کہ گورنمنٹ سے عہدۂ وزارت پر اون کے تقرر کی خواہش کرین، اگرچہ سر لیپل گریفن صاحب بہادر نے چند مرتبہ مشورہ دیا کہ یوروپین وزیر کا

---

[1] نواب عبد اللطیف خان صاحب سی، آئی، ای، صوبہ بنگال کے ممتاز اشخاص مین سے تھے۔

تقرر مناسب نہین معلوم ہوتا، لیکن سرکار خلد مکان نے اوس مشورہ پر عمل نہ کیا، اور نہایت
اصرار کے ساتھہ گورنمنٹ سے درخواست کی، گورنمنٹ نے اصرار سے مجبور ہوکر بجاے بروک صاحب کے
کرنل[1] ایچ، سی، آئی، وارڈ صاحب کو جو انتظام مالی مین ایک مشہور شخص تھے وزارت کے لیے
منتخب کیا، اونھون نے یکم جولائی سنہ ۱۸۸۶ء کو نواب عبداللطیف خان سے وزارت کا چارج لیا۔

کرنل وارڈ صاحب ایک مشہور و مدبر یوروپین تھے، اون کو ہندوستانیون کے ساتھ
گہری ہمدردی تھی، اون مین وہ تمام صفات موجود تھین، جن کے لیے انگریزی قوم مشہور ہے،
اونھون نے ریاست کا انتظام نہایت بیدار مغزی سے شروع کیا۔

وہ اپنے فرائض کو مستعدی و قابلیت، اور رعایا کی فیلنگ کا لحاظ کرکے ادا کرتے تھے
اونھون نے "قانون جنگل" مرتب کیا، اون کی حسن تدبیر سے "مالگذاری" کا انتظام عمدہ پیمانہ پر
ہوگیا، ریاست کی مالی حالت مین ترقی کے آثار نظر آنے لگے، جرائم اور سنگین وارداتون کے
انسداد پر کامل توجہ کی، عدالتی، اور انتظامی صیغون کے لیے، متدین، جفاکش، و تجربہ کار
عہدہ دار مقرر کیے، خصوصاً صیغہ پولیس کی اصلاح مین بامداد خان بہادر منشی اسرار[2] حسن خان صاحب
نہایت کامیابی حاصل ہوئی۔

---

[1] کرنل ایچ، سی، آئی، وارڈ صاحب صوبہ ممالک متوسط مین کمشنر تھے، اس صوبہ کے بند و بست مین اونھون نے بڑی نیکنامی حاصل کی تھی۔

[2] "خان بہادر منشی اسرار حسن خان صاحب" جو اسوقت نصیر المہام ریاست ہین، اون کے زمانہ وزارت مین نظمی پولیس کے عہدہ پر مامور کیے گئے تھے، اون کی جفاکشی، و دیانت، اور مستعدی کے نہ صرف کرنل وارڈ ہی معترف تھے، بلکہ سرکار خلد مکان نے بھی ان کو ہمیشہ عزت، اور قدر کی نگاہ سے دیکھا، کیونکہ اون مین ہمیشہ سے یہ ایک اعلیٰ صفت ہے، کہ وہ بجز اپنے آقا یا محسن کے کسی دوسرے سے غرض نہین رکھتے، اسلیے اکثر خود غرض لوگ اون کو اچھا نہین سمجھتے، لیکن

کرنل وارڈ صاحب کا زمانہ وزارت دوسرے وزراء کے عہد کے مقابلہ مین امن وحسن انتظام اور عام اطمینان کا زمانہ تھا، وہ ریاست اور رعایا کے حقوق وفوائد مین کامل طور پر امتیاز کرتے تھے، اور دن رات اپنے فرائض اعلےٰ قابلیت کے ساتھ انجام دینے مین مشغول تھے لیکن مولوی صدیق حسن خان صاحب نے جو نتیجہ یوروپین وزیر کے تقرر سے سوچا تھا وہ نہ نکلا، اور جب

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) گر نہ بیند بروز شپرہ چشم * چشمۂ آفتاب را چہ گناہ، ایسا شخص ہمیشہ دنیا مین کامیاب ہوتا ہے، چنانچہ باوجود اسکے اکثر لوگ بسبب صفت متذکرۂ بالا اون سے ناراض تھے، لیکن اون کے حکام اون سے ہمیشہ راضی رہے، کرنل وارڈ صاحب بہادر کی واپسی پر اونھون نے بھی استعفا پیش کیا، اور اپنے محسن کی رفاقت کے خیال سے ریاست سے ترک تعلق ہی مناسب جانا، مگر اون کی محنت اور قابلیت اور عام ہر دلعزیزی کے باعث سرکار خلد مکان نے منظوری استعفا سے انکار فرمایا، تاہم اون کا اصرار نہ گیا، اور بالآخر وہ چلے گئے اوسی زمانہ سے "نواب احتشام الملک عالیجاہ بہادر" اون کو ایک دیانت دار، اور قابل شخص تصور کرتے تھے، اور اکثر مجھ سے اون کا تذکرہ کیا تھا، مجھے دوسرے ذرایع سے بھی جو علم اون کے متعلق حاصل ہوا وہ اون کی اون خوبیون کے لیے جن کی تعریف کی جاتی تھی، ایک عمدہ شہادت ہے، اسلیے مینے گورنمنٹ ہند سے اون کی خدمات ریاست مین منتقل کرائین، اور اون کو درجہ بدرجہ عہدۂ نصیر المہامی پر ترقی دی، اور وہ اپنے فرائض کو ایسے ہی مستعدی، اور قابلیت سے انجام دے رہے ہین جن کی مجھے اون سے مامور کرتے وقت توقع تھی۔

خان بہادر موصوف شاہجہان پور کے مشہور خاندان "حافظ خیل" کے ممبر ہین، ایام غدر ۱۸۵۷ء مین اونکے باپ اور چچاؤن نے برٹش گورنمنٹ کی نمایان وفاداری، اور جان نثاری کی تھی اون کے دو چچا گورنمنٹ کی خدمات کرتے ہوے اپنی ہی وطن مین باغیون کے ہاتھون سے قتل ہوے تھے، اون کا گھر بار اسیلیے جلایا گیا تھا کہ وہ گورنمنٹ کی وفاداری مین مستقل تھے، مسٹر سی، بی کارتھکل سنیر ممبر بورڈ آف ریونیو ممالک متحدۂ آگرہ واودھ نے ایک مختصر کیفیت اس خاندان کی تحریر کی ہے، اوسکی آخری عبارت مین اونھون نے تحریر کیا ہے کہ ایسے وفادار

کرنل وارڈ اون کی تدابیر کے معین نہ بنے تو اب اون کے علیحدگی کی فکر کی گئی، اور سرکار خلد مکان نے اون کے واپسی کی کوشش کی، گورنمنٹ ہند نے اون کو اڑہائی سال کے عرصہ کے بعد واپس لے لیا، کرنل وارڈ صاحب کے جانشین منشی امتیاز علی خان وکیل صوبہ اودھ ہوے، اونھون نے عہدۂ وزارت کا چارج ۷ ربیع الثانی سنہ ۱۳۰۶ھ کو لیا۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) خاندان کا ہر ایک رکن ہمارے ہاتھون سے ہر ایک اجر اور معاوضہ کا مستحق ہے" اسی طرح ہز آنر آئی، سی کیڈل سابق لفٹننٹ گورنر بہادر نے اپنی ایک چٹھی مین اس خاندان کی جان نثاریون کا اعتراف کیا ہے، گورنمنٹ ہند اون کے خاندان کی قدر و منزلت کرتی ہے، اور اوسکے اکثر ممبر جنھون نے ملازمت پسند کی ہے، معزز عہدون پر ممتاز ہین۔

"منشی اسرار حسن خان صاحب" سنہ ۱۹۰۲ء مین جبکہ حسب تحریک ریاست اس ریاست مین اون کی خدمات منتقل ہوئین ضلع اوناؤ مین ڈپٹی کلکٹر تھے، سنہ ۱۹۰۶ء مین بہ لحاظ اون کی ذاتی صفات، اور خاندانی خدمات کے حسب تحریک ریاست گورنمنٹ سے خطاب "خان بہادر" عطا کیا گیا۔

مجھے اس امر کی بہت خوشی ہے کہ جس طرح "ریاست بھوپال" کے اعلیٰ تعلقات وفاداری، و دوستی گورنمنٹ برطانیہ کے ساتھ ہین، اسی طرح اوسکے ایک رکن کے خاندانی روایات جان نثاری بھی مشہور اور قابل عزت ہین۔

دربار عطائے تمغہ کمپنین آف دی انڈین امپائر

بہ تجنبئی حافظ محمد حسن خان صاحب بہادر نصرت جنگ و تقسیم بدست

سر لیپل گریفن صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا

بمقام بھوپال

مولوی صدیق حسن خان صاحب کے انتزاع خطاب کی کارروائی کے ساتھہ ہی اون لوگون کو سزا دینے کے لیے سفارش کی گئی جنکے مظالم نے غریب رعایا پر آفت ڈہائی تھی، حسب ایماے سرکار خلد نشان اون کے جرائم کی باضابطہ تحقیقاتین کی گئین اور بعض کو اخراج اور بعض کو قید کی سزائین ہوئین ۔

ان کارروائیون سے فارغ ہونے کے بعد سر لیپل گریفن[1] صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا نے شوکت محل مین ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کو ایک دربار منعقد کیا،

---

[1] سر لیپل گریفن صاحب بہادر کو تاریخ بھوپال کے ساتھہ ایک خاص مناسبت ہے، کیونکہ اون کے زمانہ مین جو اہم انقلابات بھوپال مین ہوے ہین وہ تاریخ کا ایک ضروری جزو بنگئے ہین۔

سر لیپل گریفن صاحب بہادر ایک نہایت ذکی بیدار مغز انگریز تھے، اون کی طبیعت مین انصاف پسندی اور سلطنت برطانیہ کے فوائد و اغراض کی نگہداشت بدرجہ اتم تھی، وہ معاملات پر ہمیشہ باریک نظر ڈالتے تھے، اور تحمل و صبر سے کام لیتے تھے اور جو کچھ کام کرتے تھے اعلیٰ درجہ کے استقلال اور عزم بالجزم کے ساتھہ کرتے

مولوی صدیق حسن خان صاحب کے معاملہ مین اونھون نے ابتداءً بیحد نرمی و ملاطفت برتی، معقول طریقہ سے فہمائش کی،

جس مین جناب ممدوح کے فرسٹ اسسٹنٹ، اورکرنل کنکیڈ صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ و دیگر معزز اہلکاران ایجنسی، ورزیڈنسی بھی شریک تھے۔

ارکان ریاست مین سے خود سرکار خلدمکان و نواب احتشام الملک عالیجاہ بہادر حسب الطلب و دیگر ارکان و اعیان ریاست موجود تھے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) اون کے افعال کے مضر نتایج سے اطلاع دی، مگر جب نتیجہ بالکل برعکس پایا تو مجبوراً وہ کیا جو ایسے موقع پر ہر ایک برٹش افسر کو کرنا چاہیے تھا، تاہم اونکا کوئی فعل ایسا نہین ہوا جو سرکار خلدمکان کے ادب و احترام کے منافی ہوتا، اونھون نے حاضر و غائب ہمیشہ سرکار خلدمکان کی تعریف کی، اور اون کے جذبات و خیالات رحمدلی اور نیکی کی معرفت رہے، وہ ان تمام امور کا جو پیش آئے مولوی صدیق حسن خان صاحب اور اون کے مشیرون کو ہی ذمہ دار سمجھتے تھے جو کلیۃً صحیح تھا۔

وہ سمجھتے تھے کہ سرکار خلدمکان ایک سخت مغالطہ اور دھوکے مین ہین اور اون کو اس حالت کے ساتھ ہمدردی تھی۔

سر لیپل گریفن صاحب بہادر نے پنشن حاصل کرنے کے بعد انگلستان مین نہایت عزت و نیکنامی سے اپنی عمر بسر کی کبھی کبھی وہ پبلک پلیٹ فارم پر آکر معاملات ہندکے متعلق اپنے خیالات کا اظہار بھی کرتے تھے اور وہ ہندوستان اور انگلستان مین نہایت وقعت کے ساتھ دیکھے جاتے تھے وہ انگلستان کے اون چند مشاہیر مین تھے جنکی ذات پر انگلستان کو فخر ہے، اور جنھون نے ہندوستان کی سرزمین مین اپنی قومی حکومت کی بنیا د مضبوط کرنے مین نمایان حصہ لیا ہے۔

ہندوستان کے متعلق جو اونھون نے سب سے بڑی دانشمندانہ کارروائی کی، وہ انگریزی اور افغانی تعلقات مین عمدگی پیدا کرنا ہے۔

اسکے متعلق امیر افغانستان کی وہ رائے جو اونھون نے اپنی کتاب "تزک عبدالرحمانی" مین ظاہر کی ہے

دربار کی غرض حافظ محمد حسن خان صاحب بہادر نصرت جنگ میر بخشی فوج ریاست کو "تمغاے کمپنین آف دی انڈین امپائر عطا کرنا تھی، ۲ بجے تک تمام معززین شوکت محل مین جمع ہو گئے، صاحب ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا نے کھڑے ہو کر ایک پرزور اور فصیح تقریر[۱] کی جس کا اُردو ترجمہ جناب محتشم الیہ کی فرسٹ اسسٹنٹ نے حاضرین کو سنایا،

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) درج کرنی کافی ہے، وہ تحریر کرتے ہین کہ "میرے نزدیک سر لیپل گریفن نے جس فہم و فراست[۱۱] سے میرے اور افغانون کے ساتھ خط و کتابت کے ذریعہ سے دوستانہ تعلقات پیدا کیے وہ محض اپنی گورنمنٹ کے فائدہ کے لیے اور اون خدمات کے لیے میری راے مین اونہین کافی صلہ نہین ملا مین خیال کرتا ہون کہ وہ اسکے مستحق ہین کہ "لارڈ کابل" کا خطاب اونہین دیا جاے، جسطرح کہ جنرل رابرٹس کو "لارڈ قندہار" کا خطاب عطا کیا گیا (کتاب تزک عبد الرحمٰن خانی مطبوعہ مفید عام پریس آگرہ صفحہ ۱۰۹)

[۱] یہ تقریر نہایت طولانی اور کئی صفحات پر ہے، جو اخبارات مین بھی شائع ہو چکی ہے، مگر اوس کا اقتباس اس موقع پر اسلیے درج کیا جاتا ہے کہ ناظرین کو اندازہ ہو جاے کہ سرکار خلد مکان کے زمانہ مین جو کچھ بدنظمیان پیدا ہوئی تھین، اون کا الزام فرمان روا کی ذاتی قابلیت اور رحمدلی وغیرہ پر عائد نہین ہو سکتا، وہ ایک صاف دل اور پردہ نشین فرمان روا تھین، ان واقعات سے قبل اون کی حکومت کی تعریفین سرکاری اور غیر سرکاری طور پر کیجاتی تھین، لیکن یہ دور اون کے لیے در اصل غم و الم کا دور تھا کہ وہ ایسے لوگون مین محصور ہو گئین، اور اونھون نے ایسے اشخاص پر اعتماد کیا جن سے قابل مرد بھی دھوکا اوٹھا جاتے ہین۔

وہ ہر لحاظ سے خوش قسمت تھین، دولت، ثروت، اور حکومت موجود تھی، نیکنامی اور قابلیت مین شہرۂ آفاق تھین، سخاوت اور فیاضی کا غلغلہ بلند تھا، برٹش گورنمنٹ کے اعلیٰ افسرون نے بارہا اون کی قابلیت ذاتی کا اعتراف کیا تھا، اور بفضلہ تعالیٰ اولاد کی اولاد تک موجود تھی، بزرگون مین خوش ہونے والی

تقریر ختم ہونے کے بعد ایجنٹ گورنر جنرل بہادر نے اپنے ہاتھ سے میر بخشی صاحب کو ایام غدر کے حسن خدمات جنگ کے صلہ مین اوس تمغے کا مثنیٰ جو اوسی زمانہ مین عطا کیا گیا تھا، اور وہ اون کے پاس سے تلف ہوگیا تھا، مرحمت فرمایا، یہ مثنیٰ بحکم گورنمنٹ کلکتہ مین تیار ہوا تھا۔

اس کے بعد سرکار خلد مکان کی جانب سے نواب عبد اللطیف خان صاحب نے میر بخشی صاحب کو خلعت پہنایا۔

حاضرین دربار نے مبارکباد دی، اور عطر و پان کی تقسیم کے بعد جلسہ دربار برخاست ہوا۔

سر لیپل گریفن صاحب نے اپنی اس تقریر مین سرکار عالیہ اور امرا و عمائد بھوپال کو مخاطب کرکے اول بخشی محمد حسن خان صاحب کو تمغاے انڈین امپائر ملنے اور اوس تمغہ کو تجدیداً آپ دینے کا جو موقع جنگ پر بہ حسن خدمات عنایت ہوا تھا، اور اتفاقاً گم ہوگیا تھا، ذکر کیا۔

پھر سرکار خلد نشین کی تعریف و فاداری کے بعد بہادران بھوپال کا تذکرہ تھا۔

بھوپال اور دیگر دیسی ریاستون کے متعلق جو پالیسی برٹش گورنمنٹ کی ہے اوس کو ظاہر کیا اور نیز میسور کا ضبط ہوکر دوسرے کو عطا کیا جانا، مہاراجہ سیندھیا کو قلعہ گوالیار دیا جانا، الحاق برہما مسلمانون کے ساتھ برٹش سلطنت کی خصوصیت جنگ روم و روس مین گورنمنٹ کی امداد اور حفاظت حجاج کے متعلق بیان کیا۔

اسکے بعد بھوپال کی بدنظمی کے متعلق کہا کہ :۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) نانی کا دم قائم تھا۔ لیکن کچھ مشیت ایزدی ایسی تھی کہ وہ مولوی صدیق حسن خان صاحب سے نکاح کرین ہر ممکن الحصول وقار اور معراج عزت پر پہونچائین، اور بعد کو وہ ناقابل برداشت صدمات برداشت کرین، جن کا صدمہ ناظرین کتاب کے دلون پر اثر پذیر ہوگا۔

"بسبب بعض وجوہ کے جنکا ذکر مین اسوقت مناسب نہین سمجھتا ہون ریاست بھوپال کے انتظام کی حالت نہایت قابل نفرین ہوگئی تھی اور تمام طبقون کے لوگ کیا ہندو کیا مسلمان یکسان پنجۂ ظلم مین گرفتار تھے یہانتک کہ تمام لوگ ہر وقت ترسان ولرزان رہتے تھے شہر مین پوری حکومت ایسے اہلکارون کے ہاتھون مین تھی جو ایک ساتھ اختیارات مجسٹریٹ اور پولیس افسران سپرنڈنٹ جیلخانہ کے رکھتے تھے اورکسی آدمی کی جان، یا آبرو محفوظ نہ تھی، اس قسم کے مجسٹریٹون مین سے دو شخص جو جرم ظلم وتصدیع بدنی مین ماخوذ ہوے تھے، ان کے جرائم کی میرے ایما اور جناب عالیہ بیگم صاحبہ کی رضامندی سے تحقیقات وتجویز بہ اجلاس صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر ہوکر اونکو بعد ثبوت جرم میعاد سنگین کے لیے قید کی سزا دی گئی، جمع دہات اسقدر بڑھائی گئی کہ بعض اضلاع مین مستاجر وکاشتکار دونون تباہ ہوگئے اور سات ہزار سے زیادہ کاشتکار جلاوطن ہوکر اطراف بھیلسہ علاقہ ممالک مہاراجہ سیندھیا مین جاآباد ہوے، مقدمات کی بارجیت زرپاشی وزرکشی موقوف تھی، اور غریبون کی فریاد پر کوئی توجہ نہین ہوتی تھی۔

اسکے بعد سرکار خلد مکان کی توجہات خاص کے بسند دل ہونے کا ذکر کیا کہ مین اس تقریب مسرت قریب کے وقت ایسے مضمون کا ذکر جو جناب عالیہ بیگم صاحبہ اور نیز مجکو باعث رنج ہے، نہ کرتا، اگر میرے دل مین یہ خواہش نہوتی کہ اس موقع پر اسبات کا علانیہ اظہار کرون کہ جناب عالیہ بیگم صاحبہ نے دانشمندانہ، کریمانہ، اور حوصلہ مندانہ، سے مصمم ارادہ کیا ہے کہ جن خرابیون کی اونکو خبر ہوتی ہے اونکو دور کرین، اور ایسی اصلاحین اجرا فرمائین جو

اونکی رعایا کے حق مین ہمیشہ کے لیے فائدہ مند ہون، جناب عالیہ بیگم صاحبہ نے ایک معزز مسلمان کو جو اعلیٰ درجہ کے لائق خوش اطوار، اور نیکنام مین اپنا وزیر اعظم مقرر فرمایا ہے، اور اونکو تمام محکمات اور دفاتر پر کامل اختیارات عطا فرمائے ہین جو احکام اونکو حاصل کرنے ہون گے بلا وساطت غیر خود جناب عالیہ بیگم صاحبہ ہی کے حضور سے حاصل کرین گے، مجکو یقین ہے کہ جب ان اصلاحون اور فائدہ بخش نتائج کی خبر رعایاے بھوپال کو ہوگی، تو اوسوقت اسبات کی نہایت خوشی کرینگی کہ اوسکی خوش قسمتی نے اوسکو ایسے فرمانروا کے زیر حکومت کیا ہے جو کافی طور پر ایسی دانشمند اور فیاض ہین کہ بفور پہونچنے شکایات اور معلوم ہونے خرابیون کے اونکے رفع و دفع کرنے کے لیے آمادہ ہو جاتی ہین، ہندوستان مین کوئی ریاست ایسی نہین ہے جسکو علیا حضرت "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" و عالیجناب مستطاب نواب ویسرائے بہادر ریاست بھوپال سے زیادہ محبت اور توجہ کی نگاہ سے دیکھتے ہون، کہ جو ایام رنج و راحت سب مین تمام دنیا کے حضور سرکار گورنمنٹ کی دوستی مین ایک سچی اور دلی دوست کیطرح ثابت قدم رہی ہے یہ پر جوش دوستی او عظمت جناب عالیہ بیگم صاحبہ کی نسبت اون والا پایگاہ حضرات کے دلون مین متمکن ہے، اور ترقی پذیر ہوگی، جب محتشم الیہا کو معلوم ہوگا کہ کیسی دانائی اور فیاضی سے جناب عالیہ بیگم صاحبہ نے مصمم ارادہ کرلیا ہے کہ اپنی رعایا کیلیے با قاعدہ و قانون انتظام فرمائین اور آیندہ ایسی احتیاطین عمل مین لائین کہ اون لوگون کی مظلومی کا خطرہ یکبارگی جاتا رہے، جو محتشم الیہا سے انصاف چاہتے ہین۔

مین جناب عالیہ بیگم صاحبہ کو عالی جناب معلی القاب نواب

ولیعہد اسے بہادر کی طرف سے دلی مبارکباد دیتا ہون، اور تہ دل سے امید کرتا ہون کہ جناب عالیہ بیگم صاحبہ کی رعایا کی سرسبزی، اور خوشحالی محتشم الیہا کی بلند نامی اور خوشی و خرّمی کے ساتھ برابر ترقی پاتی رہیگی ۔

سرکار خلد مکان کا سفر کلکتہ

بار سوم

اور میری علالت

سرکار خلد مکان کو مولوی صدیق حسن خان صاحب کے انتزاع خطاب وسلامی اور انتظامات جدیدہ سے جنکا ذکر گزشتہ فصلون مین بالتفصیل ہو چکا ہے سخت رنج تھا، کیونکہ اونکو یقین لایا گیا تھا کہ یہ سب کارروائی اون کے مخالفین کی سازشون کا نتیجہ ہے، اور مولوی صدیق حسن خان صاحب بے جرم ہین، اور اس انتظام سے سرکار کی حکومت کو زائل کر دینا مقصود ہے۔

اسلیے سرکار خلد مکان نے ارادہ کیا کہ وہ خود ہزاکسلنسی ویسرائے لارڈ ڈفرن[1] صاحب بہادر سے ملاقات کرین، اور معاملات پر نظر ثانی کرنے کی گزارش کی جاے، اونہون نے اول دہلی جاکر ملاقات کرنی چاہی، مگر چونکہ وہان حضور ویسراے کو ضابطہ کی ملاقات کی فرصت نہ تھی اسلیے کلکتہ جانا قرار پایا۔

خارجا صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا کو یہ بھی معلوم ہوا کہ مولوی صدیق حسن خانصاحب بھی ہمسفر ہونگے مگر اونہون نے بذریعہ صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر مولوی صدیق حسن خانصاحب کے ساتھ لیجانے کی ممانعت کر دی۔

---

[1] لارڈ ڈفرن ۱۸۸۴ عیسوی مین لارڈ رپن کے بعد ویسراے وگورنر جنرل مقرر ہوکر ہندوستان آئے اور ۱۸۸۸ع مین اپنے عہدہ سے دست بردار ہوکر واپس گئے، راولپنڈی کا دربار (جسمین امیر افغانستان آئے تھے) ملک برہما کا الحاق، پنجدہ پر روسیون کا حملہ اور پہر گورنمنٹ روس کا گورنمنٹ برطانیہ کی فہمائش پر عمل کرنا اونکے اور ویسرائی کے واقعات عظیم ہین۔

غرض سرکار خلد مکان مع ایک مختصر پارٹی کے ملقبیس جہان بیگم صاحبہ کو ہمراہ لیکر ۸ مارچ ۱۸۸۶ء کو ۹ بجے ۳۰ منٹ پر دن کے وقت کلکتہ روانہ ہوئین، اور ۱۰ مارچ = ۳ جمادی الآخر ۱۳۰۳ھ ۷ بجے ۲۷ منٹ صبح کو وہان پہنچین -

صاحب سکریٹری گورنمنٹ ہند، اور حضور ویسرا ے کے ایک اڈی کانگ نے اسٹیشن پر استقبال کیا، ہزاکسلنسی کی چواسپہ گاڑی اسٹیشن پر موجود تھی، سرکار خلد مکان مع ملقبیس جہان بیگم صاحبہ کے سوار ہوکر چورنگی روڈ (مقام قیام) پر تشریف لیگیئن -

۱۱ بجے ہزاکسلنسی کے دو صاحبان اڈیکانگ مزاج پرسی کے لیے آئے، اور ۱۲ مارچ = ۵ جمادی الثانی ہزاکسلنسی کی تاریخ ملاقات قرار پائی

سرکار خلد مکان بمعیت صاحبزادی ملقبیس جہان بیگم صاحبہ، ومیان اکبر محمد خان، ومیان عاشق حسین خان، وسید عبدالعلی نائب دوم، ووکیل ریاست، ومنشی دین دیال میر منشی ایجنسی سیہور، گورنمنٹ ہوس کو تشریف لے گیئن، پروگرام کے مطابق جو فارن ڈپارٹمنٹ سے مرتب ہوا تھا ملاقات ہوئی -

۱۳ مارچ = ۶ جمادی الثانی کو ہزاکسلنسی ملاقات بازدید کے لیے تشریف لائے، اور تمام امور جو پروگرام مین مندرج تھے عمل مین لائے گئے -

سرکار خلد مکان نے اس ملاقات مین ہزاکسلنسی کو مخاطب کرکے ایک مختصر تقریر کی -

۱۶ مارچ کو لیڈی ڈفرن صاحبہ سے مع صاحبزادی ملقبیس جہان بیگم صاحبہ ملین اور ۱۷ مارچ کو لیڈی صاحبہ ممدوحہ نے ملاقات بازدید فرمائی -

دوران قیام مین اکثر صاحبان یوروپین اور معزز لیڈیان ملنے آئین، بالخصوص مسنر ڈیوریںڈ صاحبہ، اور ہزآنر لفٹنٹ گورنر بنگال کی لیڈی صاحبات سے نہایت گرم جوشی کی

ملاقات ہوئی ۔

سرکار خلد مکان نے ہز ایکسلنسی ویسرائے سے خانگی ملاقات کی خواہش کی جسکو ہز ایکسلنسی نے منظور کیا، اور ملاقات ہوئی، اس ملاقات مین سرکار خلد مکان نے ہز ایکسلنسی کو ایک خریطہ دیا جسمین معاملات متذکرہ کی نسبت کچھ خواہشین تھین، اور ڈپٹی کمشنر پولیس کلکتہ کے عہدہ وزارت پر تقرر کی استدعا تھی

ہز ایکسلنسی نے خریطہ لے لیا اور یہ جواب دیا کہ "یہ خریطہ پہلے سر لیپل گریفن صاحب بہادر ایجینٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا کے پاس جائیگا، اوسکے بعد جواب ملیگا۔

اسکے بعد مسٹر ڈیورینڈ صاحب بہادر فارن سکریٹری نے سرکار خلد مکان سے ملاقات کی اور اون کو نہایت ادب، اور نرمی و اخلاق سے سمجھایا کہ جدید انتظامات مین کوئی تغیر نہین ہوسکتا، بالآخر سرکار خلد مکان کو اس مقصد مین جسکے لیے سفر کیا گیا تھا ناکامی ہوئی

چونکہ مسٹر ڈیورینڈ صاحب بہادر افغانی قوم کے رسم و رواج سے واقف تھے، اور خاندان بھوپال سے اونکو خاص ہمدردی تھی، اون کے والد مسٹر ڈیورینڈ صاحب بہادر سرکار خلد نشین کے زمانہ حیات مین رزیڈنٹ اندور رہ چکے تھے، سرکار خلد نشین کے ساتھ اونکو نہایت خلوص تھا، اور ہمیشہ ریاست کی بہتری، اور بہبودی پر اونکو توجہ تھی، یہی حالت سکریٹری صاحب ممدوح کی تھی، وہ ان معاملات سے نہایت متاثر و متاسف تھے، اور اس موقع پر وہ اپنا افسوس ظاہر کیے بغیر نہ رہ سکے، اونھون نے سرکار خلد مکان سے اپنے خلوص و ہمدردی کا اعادہ کرکے کہا کہ "یہ جو کچھ نتیجہ ہے وہ اسکا ہے کہ آپنے اپنے بزرگون کی رسم و رواج کے خلاف نکاح ثانی کیا، اور وہ بھی ایک ایسے شخص سے جو کوئی ممتاز شخص نہین ہے"

اس سفر مین ہز اکسلنسی ویسرائے نے گو سرکار خلد مکان کی خواہشون کو منظور نہین کیا لیکن ہر طرح غیر معمولی طور پر خاطر و مدارات اور ادب و عزت کا برتاؤ کیا، صاحبزادی بلقیس جہان بیگم صاحبہ کے ساتھہ نہایت شفقت فرمائی، کرنل ولیم کنکیڈ صاحب بہادر کے ہمراہ وہ پھولون کی نمائش مین گیئن، لیڈی ڈفرن صاحبہ محترمہ، و ہز اکسلنسی لارڈ ڈفرن صاحب بہادر نے نہایت تپاک و محبت سے اونکا خیر مقدم کیا، ہز اکسلنسی نے اونسے فرمایا کہ "مین اگرچہ علیل تھا، لیکن تمہاری خاطر سے آدہ گھنٹہ کے لیے پلنگ سے اوٹھکر آیا ہون" بلقیس جہان بیگم صاحبہ نے شکریہ ادا کیا، پھر لیڈی ڈفرن صاحبہ نے اونکو چڑیاخانہ دکھلایا، اور وہان اپنے ساتھہ لیگئین

سرکار خلد مکان[1] چھبیس روز کلکتہ مین قیام پذیر رہین، چونکہ اون کے کلکتہ آنیکی اطلاع عام طور پر تھی، اور انڈین مرر بنگالی اخبار نے یہ خبر مشتہر کی تھی کہ "ہر ہائینس بیگم صاحبہ بھوپال گورنر صاحب بہادر کشور ہند کی ملاقات کے لیے کلکتہ تشریف لاتی ہین کہ در بارہ انتظام آیندہ ریاست گفتگو کرین، اسلیے اکثر بنگالی وکلا و دیگر اشخاص نے کوشش رسائی کی کی، لیکن کامیابی نہوئی۔

۷ راپریل کو نہضت فرماے بھوپال ہوئین، حسب قاعدہ استقبال کیا گیا۔

اثناے سفر مین ایک اور امر بھی قابل ذکر ہے جس سے مفسدون کی مفسدانہ کارروائیان ظاہر ہوتی ہین، اور سرکار خلد مکان کے اون خیالات محبت کا پتہ ملتا ہے جو باوجود ان حالتون کے میری نسبت تھے، سرکار خلد مکان جب کلکتہ کی تیاری مین تھین، مین علیل ہوگئی تھی، اور روانگی کے قبل اگرچہ مجھے صحت کامل نہین ہوئی تھی لیکن آرام ہوچلا تہا، میری علالت و صحت کے حالات

---

[1] اس سفر مین سرکار خلد مکان نے لیڈی ڈفرن فنڈ مین دس ہزار روپیہ، بائیبل سوسائٹی مین ایکہزار پانسو روپیہ الصلاۃ، مدرسہ اسلامیہ مین دو ہزار چندہ دیا، اس کے علاوہ ایک طالب علم مدرسہ اسلامیہ کی تکمیل تعلیم قانونی یا طب کیلیے جو انگلستان مین حاصل کیجاے تین سال کیلیے چھہ ہزار روپیہ کا وظیفہ منظور فرمایا، اور نیز ایکہزار دو سو صرفہ آمد و رفت عطا کیا، جملہ سات ہزار دو صد روپیہ یونیورسٹی کلکتہ کو سپرد کیا چنانچہ اوس وظیفہ سے سید عبدالرحیم صاحب نے تعلیم حاصل کی جو آجکل مدراس ہائی کورٹ کے ایک قابل جج ہین۔

بلقیس جہان بیگم صاحبہ کی زبانی سرکار خلد مکان کو معلوم ہوتے رہتے تھے، اور اونہین کے ذریعہ سے مجھے سرکار خلد مکان کے خیالات کا اندازہ ہوتا رہتا تھا، مین بلقیس جہان بیگم صاحبہ کو چھوٹی اور پیاری "مخبر" کے نام سے پکار کر اکثر پیار کیا کرتی تھی، اور وہ جب میرے پاس آتی تھین تو مین اونکو عجب مسرت سے دیکھتی اور بیتابی کے ساتھہ منتظر رہتی کہ کیا خبر سناتی ہین، خدا اونکی روح کو برکت دے، اکثر وہ فرشتہ سیرت ایسی باتین سناتین جنکی یاد اسوقت تک میرے زخم خوردہ دل کے لیے مرہم کا کام دے رہی ہے، مگر افسوس جیسا کہ ناظرین کو آیندہ معلوم ہوگا یہ ذریعہ بھی جاتا رہا۔

میری حالت اس عرصہ مین رو بہ صحت تھی، اگرچہ مجھہ مین کامل قوت نہ آئی تھی کہ سرکار خلد مکان مع بلقیس جہان بیگم صاحبہ کے کلکتہ روانہ ہوگئین، اور وہان اونہون نے خلاف توقع زیادہ قیام کیا، یہان لوگون مین انتشار پیدا ہوا کہ مبادا سرکار خلد مکان کا مزاج دانشمندون کی سوسائٹی، اور لائق و مدبر اشخاص کی فہمائش، اور مفید مشورون، اور باوقار نیک دل یوروپین بیگمات کے میل جول سے اثر پذیر ہوکر دگرگون نہو جائے، اسیلیے اونہون نے ایک چال چلی جسمین دوہرا مقصد تھا، ان لوگون نے سرکار خلد مکان کو اپنی اغراض کیلیے پریشان کر دینا ایک کھیل سا مقرر کر لیا تھا، فوراً سرکار خلد مکان کو مختلف خطوط تحریر کیے گئے کہ "سلطان دولہ صاحب نے سلطان جہان بیگم کی تیمارداری اور غذا مین اس قدر بے احتیاطی کی کہ اب زیست کی امید نہین ہے"۔

اس سے ایک مقصد تو یہ تھا کہ سرکار گھبرا کر واپس چلی آئین، اور دوسرا مقصد یہ کہ نواب سلطان دولہ (احتشام الملک بہادر) پر اور بھی زیادہ ناراض ہون، کیونکہ انہین لوگون نے نواب صاحب ممدوح کی جانب سے سرکار خلد مکان کے دل مین خیالات ناراضی پیدا کر دیے تھے، اور ہمیشہ اون کی مضبوطی اور زیادتی کی فکر مین رہتے تھے

یہ خطوط سرکار خلد مکان کے ملاحظہ مین گزرے، اور وہ سخت پریشان ہوگیئن، اونھون نے فوراً بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کی گورنس جوانا بربون سے جو شہزاد مسیح فرانسیس کو خاندان مین سے تھین بلاکر سب حال بیان کیا، اور بے انتہا پریشانی ظاہر کی اور نواب صاحب (مرحوم ومغفور) پر اظہار ناراضی فرمایا، وہ رونے لگین، اور اونھون نے نہایت جوش کے ساتھہ درگاہ ایزدی مین میری صحت کی دعا مانگی، جوانا بربون نے یہ بیتابانہ حالت دیکھکر عرض کیا کہ اگر اجازت ہو تو خیریت دریافت کرلیجاے؟ فرمایا کہ ضرور، میرا دل بہت مضطرب ہے لیکن اصلا میرا نام نہو، مناسب ہے کہ "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کیجانب سے خط لکھا جاے، وہ اونکی اولاد ہے اور اوسکو ضرور خیریت دریافت کرنی چاہیے، چنانچہ "نواب صاحب" کے نام خط لکھنا قرار پایا، کیونکہ خطوط سے معلوم ہو ہی چکا تھا کہ مین سخت علیل ہون اسلیے میرے نام خط نہ لکھا گیا۔

"بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کی طرف سے "نواب صاحب بہادر" کے نام حسب ذیل خط آیا

نقل خط بلقیس جہان بیگم صاحبہ

جناب قبلہ وکعبہ کونین سلطان دولہ صاحب بہادر! خطوط بھوپال سے جناب والدہ صاحبہ کی علالت کی خبر بن معلوم ہوکر یہان ہر خورد وکلان کو سخت بیچینی وبے تابی ہے، از براے خدا ہم دور افتادگان یار ومنتظران اخبار صحت والدہ ماجدہ کو زیادہ منتظر جواب نہ فرمائیے، جسقدر جلد ممکن ہو جواب سے مشرف فرمائیے تاکہ تسکین قلب بے تاب ہو۔"

یہ خط بھوپال پہونچا، اور "نواب صاحب" میرے پاس لیکر آئے۔ مینے فوراً اوسکے

جواب مین حسب ذیل خط لکھا :-

"قرۃ باصرہ ! تمہارے خط سے معلوم ہوتا ہے کہ جو خبرین میری علالت کی تمکو پہنچی ہین اونہون نے تمکو بیتاب کر رکھا ہے ، اگرچہ اسکا جواب تمکو تمہارے والد ہی لکھتے لیکن تمہارا خط کہ رہا ہے کہ بھوپال کے خطوط نے تمہارے ذہن نشین کر دیا ہے کہ مین بہت علیل ہون ، اسلیئے تمکو ضرورت ہوئی کہ اپنے والد کے ذریعہ سے خیریت کی طالب ہو "نواب صاحب" نے تمہارا خط مجکو دکھلایا پس مین تمہارے اطمینان کے لیے اپنے قلم سے خط لکھتی ہون تاکہ جیسا تمنے خورد و کلان کی پریشانی کا اظہار کیا ہے ویسا ہی سب کو اطمینان ہو جائے مین بفضلہ تعالیٰ اب بالکل اچھی ہون، تمہاری اور سرکار عالیہ کی منتظر ہون، اور تمہارے لئے دعا کرتی رہتی ہون جکمزوری کہ تم دیکھ گئی تھین وہ بھی اب قوت سے بدل گئی ہے، اور مین کامل تندرست ہون ، اگر موقع پاؤ تو سرکار عالیہ کو بھی مجھ مہجور کا آداب عرض کر دینا "۔

میرے خط کے علاوہ "نواب صاحب" کا بھی خط گیا ، جب سرکار خلد مکان کلکتے سے واپس تشریف لائین اور یہ حالت معلوم ہوئی "اور بلقیس جہان بیگم صاحبہ" اور جو ابابر لواب نے سرکار خلد مکان کی پریشانی و بے تابی کی مفصل کیفیت بیان کی تو اسکو سنکر کلیجہ شق ہوتا تھا ، کیونکہ سرکار خلد مکان کو میرے ساتھ دلی اور روحی محبت تھی ، اور خون کا جوش زائل نہین ہوا تھا ۔

مان کو جو شفقت اپنی اولاد سے ہوتی ہے وہ فطری ہوتی ہے اوسکے لیے کسی مثال اور نظیر کی ضرورت نہین ، روزمرہ کا مشاہدہ ہرایک دن بیسیون مثالین اس قسم کی پیش کرتا ہے

خدائے عز وجل جو برتر و دانا ہے اور جو انسان کی حالت سے خوب آگاہ ہے، اوسنے کسی عزیز کے واسطے ایسے کلمات اپنے کلام پاک مین نہین فرمائے، الّا والدین کیواسطے کہ :- صَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا کیونکہ جیسی بے غرض محبت اون کو ہوتی ہے وہ کسی عزیز کو نہین ہوتی، تاریخ مین البتہ ایسے واقعات ملین گے کہ ملک و مال کیوجہ یا مفسدین کی فتنہ پردازیون سے باپ بیٹون مین جدال و قتال، اور ظلم و زیادتی کی آگ مشتعل ہوئی جسنے ہزارون گھر اور حکومتین برباد کردین، اور دونون مین سے کسی ایک کی جان جاتی رہی، یا دونون تباہ ہوگئے۔

لیکن تاریخ عالم کے کسی صفحہ پر ماؤن کی بے رحمی نظر نہ آئے گی، اکثر نافرمانی اور خودرائی اولاد ہی کی جانب سے ظہور پذیر ہوتی ہے، مائین اولاد سے دکھ سہتی ہین نافرمانیان دیکھتی ہین مگر اونکی محبت ہمیشہ رحم و کرم سے اونکا معاوضہ کرتی ہے، باپ چونکہ قوی المزاج ہوتے ہین تنبیہاً اظہار ناراضی کرتے ہین، یا بعض اوقات جنگ و جدل تک نوبت پہونچ جاتی ہے، لیکن مائین بوجہ اسکے کہ اون کی فطرت مین خاص طور پر نرم دلی ودیعت کی گئی ہے اسی کی منتظر رہتی ہین کہ وہ اولاد کی تقصیرات کو جسطرح سے ممکن ہو معاف کردین۔

مگر میری اور سرکار خلد مکان کی، ایک ایسی حالت تھی جو شاید ہی آجتک کسی کو پیش آئی ہو۔

نہ میرا قصور تھا، نہ سرکار خلد مکان مین صلہ رحم اور مہربانی کا فقدان تھا لیکن وہ میرے مفروضہ قصورات پر اظہار ناراضی کے لیے مجبور تھین اور اسی مجبوری کی وجہ سے یہ مستثنیٰ حالت نظر آتی ہے۔

جشن جوبلی پنجاہ سالہ علیا حضرت ملکہ معظمہ وکٹوریہ قیصرہ ہند

علیا حضرت "ملکہ وکٹوریہ قیصرہ ہند" کی پنجاہ سالہ جشن جوبلی کے منائے جانے کی اطلاع موصول ہونے پر سرکار خلد مکان نے یہ تجویز کیا کہ نہ صرف جشن و سرور کے جلسون سے اپنی وفاداری اور مسرت کا اظہار کیا جاے بلکہ کوئی مفید عام اور دیرپا یادگار اس تقریب مسرت آمیز کی قائم کرین۔

چنانچہ یہ تجویز قرار پائی کہ تالاب واقع "شاہجہان آباد" کا بند تیار کیا جاے تاکہ عام لوگ فائدہ حاصل کرین، اور وہ "بند قیصری" سے موسوم ہو، اوسکی تعمیر کی منظوری دی گئی، جسکا تخمینہ [illegible] کا ہوا۔

وزیر ریاست کرنل وارڈ صاحب بہادر کے نام احکام متعلق تعطیل، و چراغان، و رہائی قیدیان، و فوجی قواعد، و سلامی، و دعوت صاحبان یوروپین صادر فرمائے گئے سو روپیہ بذریعہ وکیل ریاست غرباء چھاونی سیہور کے کھانے کے چندہ مین صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کے پاس بھیجے گئے، اور ان انتظامات کی اطلاع صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا کو دی گئی۔

۱۶ فروری ۱۸۸۷ء کو شاہی سلامی کی توپین قلعہ فتح گڑہ سے سر کی گئین، جہانگیر آباد کے میدان مین فوج کی قواعد ہوئی، اور پانچ سو روپیہ انعام دیا گیا، پانچ قیدی دائم الحبس، اور (۱۹) قیدی میعادی رہا کیے گئے ۲ دو دائم الحبس قیدیون کی سزا کا

میعاد سے تبادلہ کیا گیا، کرنل وارڈ نے منجانب سرکار خلد مکان "بند قیصری" کا سنگ بنیاد رکھا

شبکو رعایا نے اپنے مکانات و دکانات پر اور سرکاری مکانات و محلات شہر و شاہجہان آباد، اور پل پختہ، و کوٹھی قدیم، و کوتل گارد، ولین ہاے کمپنی و سواران و توپخانہ، و قلعہ پر منجانب ریاست نہایت خوبی کے ساتھ چراغان کیا گیا "تالاب مین پانی پر روشنی کی گئی (ریزیڈنٹ بھی اپنے محل اور مکانات پر روشنی کا انتظام کیا تھا)

صاحبان یوروپین کو پرتکلف دعوت دیگئی، اور آتشبازی جو اعلی درجہ کی صنعت تیار کرائی گئی تھی چھوڑی گئی، ۱۶ر و ۱۷ فروری کو تمام دفاتر و محکمات ریاست مین تعطیل دی گئی -

سرکار خلد مکان نے علیا حضرت ملکہ وکٹوریہ قیصرہ ہند کے حضور مین پنجاہ سالہ حکومت کی تہنیت بذریعہ پیغام تار برقی ادا کی، جسکا جواب بذریعہ تار برقی منجانب صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر موصول ہوا کہ "بجواب آپ کے پیغام مبارکباد کے "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" نے ازراہ نوازش ہز اکسلنسی ویسراے صاحب بہادر کو ہدایت فرمائی ہے کہ حضور ممدوحہ کی جانب سے حضور عالیہ کا شکریہ نہایت گرمجوشی سے ادا کیا جاے"۔

چند روز کے بعد جناب معلی القاب ہز اکسلنسی لارڈ ڈفرن صاحب بہادر ویسراے و گورنر جنرل کشور ہند کا خریطہ متضمن اظہار الطاف و مراحم خسروانہ قیصری موصول ہوا۔ یہ خریطہ بحکم سرکار خلد مکان میدان پریڈ پر افواج ریاست کے روبرو پڑھا گیا اور سرکار خلد مکان نے ۲۸ر جمادی الاول ۱۳۰۴ھ = ۲۴ر فروری ۱۸۸۷ء کو ہز اکسلنسی ویسراے و گورنر جنرل بہادر کی خدمت مین ایک خریطہ مشعر اداے شکریہ خریطہ مذکور و متضمن تہنیت و حالات جشن جوبلی ارسال کیا -

چونکہ ممالک ہند مین ۱۶ ر فروری ۱۸۸۷ء کو یہ جشن منایا گیا، اور دارالسلطنت لندن مین اس جشن کی تاریخ ۲۱ ر جون قرار دی گئی تھی، لہذا اسی تاریخ کو بھی سرکار خلد مکان نے عام تعطیل دی، اور قلعہ فتح گڑہ سے ۱۰۱ فیر شاہنشاہی سلامی کر سر کیے گئے۔

ایک عرضداشت تہنیت و اظہار جوش مسرت و وفاداری و شکریہ احسانات شاہنشاہی کی بذریعہ صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر بحضور جناب علیا حضرت "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" ارسال کی، اور ۷ ر جون کو بذریعہ ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا اس مضمون کا پیغام "تار بحضور "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" روانہ ہوا کہ "جناب بیگم صاحبہ عالیہ رئیسہ بھوپال بتقریب جشن جوبلی پنجاہ سالہ "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" کو صدق دل سے مبارکبا دکہتی ہین"۔

اس تار برقی کا جواب بواسطہ صاحب اسسٹنٹ اول ایجنٹ نواب گورنر جنرل بہادر بذریعہ مراسلہ ایجنسی بھوپال حسب ذیل آیا کہ "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند سال پنجاہم کی تہنیت کا شکریہ ظاہر فرماتی ہین"۔

صاحبزادی بلقیس جہان بیگم صاحبہ کا انتقال

صاحبزادی بلقیس جہان بیگم صاحبہ کی حسرت آمیز موت کے تذکرہ کے ساتھہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ وہ رنج فزا واقعات جو اس افسوسناک حادثہ کے قبل خودغرض چالاک اور بداندیش لوگون کی چالاکیون سے ظہور مین آئے ، اور جنکو مرحومہ کی زندگی سے خاص تعلق ہے ، درج کیے جائین ، کیونکہ وہ اس کتاب کے ضروری اجزا ہین ۔

صاحبزادی صاحبہ چار مہینہ کی تہین کہ اون کو چیچک کا ٹیکا لگایا گیا ، اگرچہ وہ اسوقت میرے ہی پاس نہین ، اور سرکار خلد مکان یہ بھی چند بار فرما چکی تھین کہ "مین اپنی والدہ (سرکار خلد نشین) کی طرح نہین چاہتی کہ "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کو اپنے پاس رکھون ، مین یہ پسند کرتی ہون کہ اون کو اون کے والدین ہی کے نزدیک رہنے دون ، لیکن جب ٹیکا لگایا گیا تو ازراہ شفقت مجھسے فرمایا کہ " تم خود کمسن ہو اسلیے جب تک یہ اچھی نہ ہون ہمارے نزدیک رہین" چنانچہ صاحبزادی صاحبہ سرکار خلد مکان کے پاس رہنے لگین ۔

بعد صحت مینے "جوانا بربون" سے جو صاحبزادی صاحبہ کی گورنس تھین دریافت کیا کہ "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کب تک واپس آئین گی ؟ اونھون نے مجھے تو کچھہ جواب نہ دیا مگر سرکار خلد مکان سے میرے اس دریافت کرنے کا تذکرہ کردیا ۔

جب مین حسب معمول سلام کو گئی تو سرکار خلد مکان مجھپر بہت خفا ہوئین ، مینے عرض کیا کہ اس خیال سے دریافت نہین کیا تھا کہ "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" میرے پاس آکر رہین

بلکہ حسب ارشاد حضور کے کہ "صحت تک یہان رہین" مینے تذکرۃً پوچھا تھا، مین اپنے یہان رکھنا نہین چاہتی، حضور کو اختیار ہے، اس گفتگو پر سرکار خاموش ہوگئین لیکن نہین معلوم کہ پھر کیا ہوا کہ بعد عصر سرکار خلد مکان "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کو میرے پاس خود چھوڑ کر خفا ہوتی ہوئی چلی گئین، صاحبزادی کی انا کو بھی بھیجدیا، اور حکم دیدیا کہ درمیانی دروازہ بند کر دیا جاے، عشا کے بعد مولوی صدیق حسن خان صاحب نے آکر کہا کہ "سرکار بہت پریشان ہین، اُن کو بھیجدو" مینے کہا کہ مجکو کوئی عذر نہین ہے، وہ اپنے ساتھ اون کو لیکر چلے گئے۔

سرکار خلد مکان اون کو ہر وقت پیش نظر رکھتی تھین، اور بہ جوش محبت کے ساتھ پرورش فرماتی تھین، اگرچہ سفر کلکتہ کے بعد بازار رنجش گرم ہو چکا تھا، اور میری آمدورفت مسدود کر دی گئی تھی، لیکن صاحبزادی صاحبہ پر روز افزون شفقت تھی، اور وہ بدستور اونہین کے پاس رہتی تھین، حتی کہ مجھسے صرف اونکا اسقدر واسطہ رہگیا تھا کہ جبتک سرکار خلد مکان شہر مین رہین روزمرہ، اور جب شہر سے ترک اقامت کرکر شاہجہان آباد چلی گئین تو ایک روز، کبھی دو روز درمیان دیکر میرے سلام کو آجاتی تھین۔

جب صاحبزادی صاحبہ سات سال کی ہوگئین تب اون کو حکم دیاگیا کہ جب تم سلام کو جایا کرو تب جو باتین والدین سے ہون اون کو ہمسے بیان کر دیا کرو، اونہون نے اس کا تذکرہ مجھسے کیا، مینے اونکو اجازت دی[1] اور سمجھا دیا کہ یہ بھی شفقت بزرگانہ ہے تاکہ تمکو احتیاط رہے کہ کوئی بیجا کلمہ زبان سے نہ نکلے۔

اس حکم کے بعد دوسری مستورات کو (جو دلّی کی رہنے والیان ہین) حکم دیا کہ وہ

---

[1] بلقیس جہان بیگم صاحبہ کو۔

صاحبزادی صاحبہ کے ساتھ ہمارے یہان آکر سنا کرین کہ ہین اون سے کیا باتین کرتی ہون ، اور باپ کیا نصیحت کرتے ہین -

اگرچہ اس حکم سے صد ہا توہمات وخیالات پیدا ہو سکتے تھے ، لیکن ہمین ایک منٹ کو بھی اوسوقت کوئی خیال و وہم نہین آتا تھا ، کیونکہ ہمارا مقصد یہ تھا کہ جہانتک ہوسکے ہم کسی ایسی بات کا خیال تک بھی نہ کرین جس سے سرکار خلد مکان کو ذرا بھی موقع رنجش کا ملے ہمنے اون عورتون کے آنے کی مطلق پروانہ کی ، اور نہ اون کے کہنے سُنّنے سے بحث رکھی -

مولوی صدیق حسن خان صاحب کی کارروائیون کا سلسلہ بدستور جاری تھا ، اور بغض للّٰہی کی آتش فشانیان بند نہ تھین ہماری تمام خوشیان قربان کی جاچکی تھین اور ہماری زندگی شاہی قیدیون کی طرح بنا دی گئی تھی ، لیکن ایک کانٹا بھی مولوی صدیق حسن خان صاحب کے دل مین کھٹکتا رہتا تھا ، اور وہ یہی تھا کہ اون کی اولاد کو ریاست مین کوئی استحقاق نہین ہے ۔ اون کی سب سے بڑی تمنا یہ تھی کہ " اونکی اولاد کو ریاست مین حقوق خاندانی حاصل ہو جائین " یہ آرزو ایک عرصہ تک اس خیال مین نشوونما پاتی رہی کہ سرکار خلد مکان سے اولاد پیدا ہو تا کہ وہ خلش دلی مٹ جاے ، اور وہ بڑی کامیابی جو تمام تدابیر کا نتیجہ ہے حاصل ہو جاے ، اور اوسکو میری مخالفت کا آلہ اور اپنی حفاظت کی سپر بنائین ، لیکن اون کی تمنا پوری نہوئی اور جب اس طور پر مایوسی ہوگئی تو اونھون نے یہ چاہا کہ اوس انتظام کو درہم وبرہم کرین ، جو سرکار خلد نشین نے میری آیندہ زندگی کے متعلق کیا تھا ۔ اور میری شادی اپنی اولاد سے کردین ، مگر یہ خیال بھی پورا نہ ہوسکا ، اور بظاہر اوس تمنا کے برآنے کا خاتمہ ہوگیا ، لیکن "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کی پیدائش سے پھر اوس آرزوے مردہ مین جان پڑ گئی ، اور اوسکے

بر آنے کے لیے ہوشیاری اور حکمت عملی کے ساتھ ابتدا ہی سے تدبیرین شروع کر دی گئین۔

سب سے پہلی تدبیر یہ تھی کہ "صاحبزادی صاحبہ کو بچپن ہی سے والدین سے علیحدہ کر لیا جائے" چنانچہ یہ تدبیر چل گئی، اور ہم لوگون نے یہ سمجھا کہ صرف سرکار خلد مکان کی شفقت جاری ہی کا سبب تھا مگر حالات پر غور کرتے ہوے بعض وقت یہ خیال گزرتا تھا کہ پیدائش کے وقت اور اوسکے بعد تک، یہ خیال نہ تھا کہ اسطرح ہمسے جدا کر کے اپنے پاس رکھین، اب کیون یہ خیال پیدا ہوا؟ مگر ہم خود ہی یہ تصور کرتے تھے کہ محض الفت و محبت نے یہ تغیر کیا ہے، اور اس امر پر آمادہ کر دیا ہے، اگر اوس پر فتنہ مقصد کا راز جو بعد بین مولوی صدیق حسن خان کی حرکتون سے ظاہر ہوا، اوسی وقت ظاہر ہو جاتا تو بھی ہم بوجہ اسکے کہ اوسکی تائید کے لیے کوئی واقعہ بطور شہادت کے موجود نہ تھا، اور نیز خلاف ادب بھی تھا ہم کچھ نہ کہہ سکتے، اور نہ جرأت ہو سکتی تھی کہ سرکار خلد مکان کی شفقت جسکے خلاف ایک شمہ برابر بھی کوئی وجہ موجہ موجود نہ تھی، مشتبہ کر کے شکوک کے لباس بین ظاہر کی جاے۔

مولوی صدیق حسن خان صاحب اپنی تدابیر بین مشغول تھے، اور ہر ایسا اثر جو کام بین آسکتا تھا، استعمال کیا جا رہا تھا، چنانچہ اول تدابیر بین سے ایک بات بین طور پر یہ ظاہر ہوئی کہ باوجودیکہ علی حسن خان اپنا زمانہ تعلیم ختم کر چکے تھے، اونکی شادی ہو چکی تھی اور وہ صاحب اولاد بھی تھے، لیکن دوبارہ "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کے ہمراہ مکتب بین بیٹھے، چند روز کے بعد سرکار خلد مکان نے شہر کا آنا جانا ترک کر دیا، اور شاہجہان آباد بین قیام پذیر ہوئین، اب صاحبزادی صاحبہ بھی ہمارے پاس ہفتون نہین آتی تھین، اور نہ ہم اون کی صورت دیکھ سکتے تھے، غرض سال پر سال گذرتے گئے، یہان تک کہ سال یازدہم شروع ہوا اور محل بین اس تدبیر کے علانیہ چرچے ہونے لگے۔

علی حسن خان کے بے وقت مکتب مین بیٹھنے سے لوگون پر فتنے کا راز کھل گیا ، اور ایک دوسرے سے اس کا چرچا کرنے لگا ، ان امور پر مطلق اعتنا نہین کیا گیا کہ وہ بیوی بچے والے اور غیر کفو ہین ۔

مولوی صدیق حسن خان صاحب نے وہ ہر ایک تدبیر جو اس مقصد کی کامیابی کے لئے ممکن تھی اوٹھا نہ رکھی ، کیونکہ جس طرح یہ مقصود اہم تھا اوسی طرح کوشش بھی اہم تھی ، یہ خبر ہمکو بھی معلوم ہو گئی ، اور معتبر ذرائع سے تصدیق بھی ہوئی کہ اسطرح کے ڈھنگ ڈالی جاتی ہین وہ خیالات جو ابتدا ئً ہمارے دلون مین پیدا ہوے تھے ، اور جنکو ہمنے خود ہی دبا دیا تھا از سر نو تازہ ہو گئے ، اور مین نہین بیان کر سکتی کہ اس کارروائی کی اطلاع سے ہم دونون کو کس قدر صدمہ ہوا ۔

ہم اس معاملہ کا خیال کرتے ہوے صاحبزادی صاحبہ کے علٰحدہ رہنے کو بھی نہایت خطرناک جانتے تھے ، کیونکہ خیال کرنے کی وجہ موجود تھی کہ جب وہ سن بلوغ کو پہنچین گی تو سرکار خلد مکان کی مرضی کے مطابق اپنی راے کا اظہار کرینگی ، اسلیے کہ ہندوستان کے رسم و رواج کے مطابق بھی یہ ہے کہ بزرگون کی راے کا اتباع کیا جاے ، اور اسوقت شرعاً و عرفاً اس معاملہ خاص مین ہمارا کوئی حق ممانعت و انکار نہ ہوگا ۔

ہم لوگ مولوی صدیق حسن خان صاحب کے برتاؤ ، اونکی حالت طبیعت ، اور طریقۂ ریشہ دوانی کا کامل تجربہ رکھتے تھے ، اور ہمکو اون مشکلات سے روزانہ مقابلہ کرنا پڑتا تھا جو اپنی جان و مال و آبرو کی محافظت مین پیش آتی تھین ، اسلیے ان خبرون سے بے انتہا متردد تھے ، دلون مین روح فرسا خیالات کا طوفان برپا رہتا تھا اور اس پیش آنے والی مصیبت کے حفظ ما تقدم کی تدبیرون پر غور کر رہے تھے کہ استنے مین صاحبزادی صاحبہ کی

علالت کی اطلاع ملی ، ۷ روز تک بخار نے مفارقت نہ کی ، سینہ مین شدت سے درد تھا ، شیو غلام سرجی ، نیٹو ڈاکٹر معالج تھے ، صاحبزادی کی یہ حالت تھی ، لیکن نہ مین خود دیکھ سکتی تھی اور نہ میرا کوئی آدمی جاکر دیکھ سکتا تھا۔

ناظرین خیال کرسکتے ہین کہ ایسی حالت مین ایک دور افتادہ مان باپ کا کیا حال ہوگا؟ اور کیسی مضطربانہ زندگی اون کے دلون کو ہلا رہی ہوگی۔

بلقیس جہان بیگم صاحبہ اگرچہ سرکار خلد مکان سے مانوس نہین ، لیکن والدین کی محبت بھی اون کے دل مین موجود تھی ، وہ نہایت صابر ، مطیع ، اور ہوشیار طبیعت کی لڑکی تھین ، اون کا حافظہ بہت قوی تھا ، اور اون کو ایک مرتبہ کی بات ہمیشہ خوب یاد رہتی تھی جب اون کی عمر سات سال کی تھی ، حماسے مطبقہ زائدہ مین مبتلا ہوگئی تھین ، بخار نے دس روز تک مفارقت نہین کی تھی ، اوس زمانہ مین سرکار خلد مکان شوکت محل مین قیام پذیر تھین ، اور بہت عرصہ گزر چکا تھا کہ "نواب سلطان دولہ صاحب بہادر" پر اونکو خفا کرا دیا گیا تھا ، شادی کے دو سال بعد ہی سے آمد و رفت بند تھی ، اسلیے وہ "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کو جاکر دیکھ ہی نہین سکتے تھے البتہ مین جایا کرتی تھی ، وہ بھی دن کو ، رات کو بوجہ دروازہ درمیانی بند ہو جانے کے جانا نہین ہوسکتا تھا ، اوسوقت "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" بالکل بے سمجھ تھین ، ایک روز حالت تپ مین ضد کرنے لگین کہ " میان (نواب سلطان دولہ بہادر) کو دیکھون گی " سرکار خلد مکان چونکہ صاحبزادی صاحبہ کو پیار کرتی تھین ، ضد سے مجبور ہوئین ، اور "نواب سلطان دولہ صاحب بہادر" کو دیکھنے کے لیے شوکت محل مین بلا لیا ، لیکن آپ علیحدہ ہوگئین ، اور ایسی علیحدہ ہوئین کہ ۲۴ گھنٹے تک نہ آئین ، "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" نانی کے لیے بیتاب تھین ، آخر کار سرکار خلد مکان نے اون سے وعدہ کرا لیا کہ پھر اپنے باپ سے ملنے کی خواہش نہ کرون گی ، اب وہ سن تمیز کو پہنچ گئی تہین ،

اور خوب ہوشیار تھین پہلی بات اونکو اچھی طرح یاد تھی ، اور وہ اپنے اوس زمانہ کے وعدہ پر قائم تھین ، اسیلیے دل ہی دل مین کڑھتی تھین" لیکن زبان سے کچھ کہنے اور دم مارنے کی مجال نہ تھی اور نہ جرات ہوتی تھی کہ وہ اسس عالم بیماری و تکلیف مین بھی ہمارا نام لین ۔

مینے چند مرتبہ کئی آدمی حالت و خیریت دریافت کرنے کے لیے بھیجے ، لیکن کوئی جواب نہ ملا ، اور نہ وہی لوگ صحیح حال معلوم کر سکے آخر مجبور ہو کر اپنی پیش خدمت مساۃ "مہرو" کو بھیجا کہ کسیطرح سے محل مین داخل ہو کر کچھ خبر لاوے ، اور ممکن ہو تو اپنی آنکھون سے دیکھ لے لیکن وہ باہر ہی سے پلٹا دی گئی ، البتہ صاحبزادی صاحبہ کی ایک پیش خدمت کی یہ آواز سنائی دی کہ" جاؤ یہان خدا کا فضل ہے " مگر اوس سے بھی یہ نہوا کہ مختصر ہی حالت بیان کر دیتی ۔

" مہرو " ناکامی و مایوسی کے ساتھہ واپس آئی ، اور مینے ایک حسرت آمیز خاموشی اختیار کر لی ، دل کی بیچینی جب بڑھتی تو خود یہ کہکر کہ " خبرین اعتبار کے قابل نہین ہوتین ، اور لوگ زیادتی کے ساتھہ بیان کرتے ہین " دل کو تشفی دے لیا کرتی ، دو ہفتہ اسی کرب و اضطراب مین گزرے کہ " بلقیس جہان بیگم صاحبہ " میرے نزدیک آئین ، گو بیماری سے افاقہ ہوے ایک ہفتہ ہو چکا تھا لیکن اونکی حالت ایسی زار تھی اور اسس درجہ اونکو اضمحلال تھا کہ ناتوانی کر چلنا مشکل تھا ، آنکھون کے گرد سیاہ حلقے پڑ گئے تھے ، رنگ زعفران کی طرح زرد ہو رہا تھا ، جو ظاہر کر رہا تھا کہ بیماری سخت تھی ، اور سنا گیا کہ مرض " نمونیا " مین مبتلا تھین ۔

اگرچہ اوس وقت میرے دل و جگر پر صدمہ کا پہاڑ ٹوٹ پڑا تھا مگر خدا نے مصیبت سے نجات دی ، اوسکا شکر یہ ادا کیا ، اور یہ فیصلہ کر لیا کہ اونکو واپس نہ جانے دیا جاے کیونکہ ایسی حالت بیماری مین کون سنگدل مان ہوگی جو گوارا کریگی کہ اوسکی لڑکی اوس سے جدا رہے ؟

اور نیز جو معاملہ کہ پیش ہونے والا تھا اوس سے بھی اطمینان کی صورت یہی تھی کہ اون کو اب جدا نہ کیا جاسے۔

جب ہمارے اس فیصلہ کی اطلاع سرکار خلد مکان کو ہوئی تو اوسوقت بوجہ جوش شفقت آمادہ ہوگئین کہ خود آکر صاحبزادی صاحبہ کو لیجائین، مگر چونکہ یہ آمادگی اوس تکدر کے رفع ہونے کے لیے جو ایک عرصہ سے تھا، تمہید ہوتی، اور یقیناً جب وہ اس جوش مین تشریف لاتین، اور بیٹی، اور نواسون کو ایک جگہ مجتمع دیکھتین تو چونکہ وہ فطرۃً رحم دل تھین غالباً اونکی عتاب آمیز حالت قائم نہ رہ سکتی، اور تمام خیالات دور ہو جاتے، اور ہمکو بھی عرض حال کرنے کا موقع ملتا، اور کیا عجب تھا کہ ہمارے حال پر رحم فرماتین، مولوی صدیق حسن خان صاحب کے ذہن رسا نے نتیجے کو سمجھ لیا، اور اونکی نظر انجام پر پہونچ گئی، معاً اونہون نے منع کیا، اور سمجھایا کہ "اگر آپ جائین گی تو داماد گستاخی سے پیش آئے گا" مولوی صدیق حسن خان صاحب کے فقرے نے سحر کا اثر کیا، اور سرکار خلد مکان کی آمادگی فسخ عزیمت سے بدل گئی، حالانکہ یہ ذرا بھی صحیح نہ تھا، کیونکہ جو داماد اولاد سے زیادہ مطیع و فرمان بردار ہو جس نے اونکی آغوش شفقت مین پرورش پائی ہو، جو نہایت شریفانہ خیال رکھتا ہو، اور جو سرکار خلد مکان کے آنے اور گمگشتہ عاطفت و شفقت کے ملنے کا متمنی، اور اونکی قدمبوسی کا آرزومند ہو، کیونکر گستاخی، یا سوء ادبی کا مرتکب ہو سکتا تھا۔

سرکار خلد مکان نے کرنل وارڈ صاحب بہادر وزیر ریاست کو بلاکر حکم دیا کہ "جس طرح ممکن ہو "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کو لے آؤ اور اگر ضرورت ہو تو فوج بھی لیجاؤ" یہ کلمہ اونکی نہایت بے تابی کا تھا اور اس سے مقصود یہہ تھا کہ جس طرح سے ممکن ہو لیکر آؤ۔

یہان اگرچہ صاحبزادی صاحبہ روز بروز صحیح و توانا ہوتی جاتی تھین لیکن سرکار خلد مکان کی

یاد اونکو بیچین ضرور کرتی ہوگی، مگر اوس خردمند لڑکی نے بجز پہلے دن کے کبھی اوسکا اظہار نہین کیا۔

ناظرین خود اندازہ کرسکتے ہین کہ بچے فطرۃً جب اپنی کھلائیون سے اسقدر مانوس ہوجاتے ہین کہ والدین کی بھی پروا نہین کرتے اور ماؤن کے مقابلہ مین اونسے زیادہ محبت کرنے لگتے ہین، اور ذرا دیر کے لیے بھی اونسے جدا ہونے پر بیتاب ہوجاتے ہین تو اس موقع پر "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کی کیا حالت ہوگی۔

اونھون نے چار مہینے کی عمر سے سرکار خلد مکان کی آغوش شفقت مین پرورش پائی تھی اور اونسے بے انتہا مانوس تھین، اور یہ اُنس نہ صرف پرورش کا تھا بلکہ خون کے اوس جوش سے پیدا ہوا تھا جسکو ہر انسان مین فطرت نے پیدا کیا ہے۔

صاحبزادی صاحبہ کو مینے مصلحتاً رکھ تو لیا تھا لیکن ان خیالات سے کہ یہ سرکار سے جدا اور سرکار ان سے جدا ہین، ان کے دلون کی کیا کیفیت ہوگی؟ مین دوہرے صدمہ مین گرفتار ہوگئی، کبھی والدہ ماجدہ کے رنج کا خیال ہوتا تھا، کبھی "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کو دیکھتی تھی کہ کیا حالت ہے، روزانہ سرکار کی بے تابی کی خبر سنکر مین گھلی جاتی تھی، لیکن مجبور تھی، اور اس دوہرے صدمہ کو برداشت کرتی تھی کیونکہ آیندہ جن واقعات کے ظہور پذیر ہونے کا خیال تھا، اون کے پرخوف نتائج کے باعث مجھ مین اون دل شکن صدمات اوٹھانے کی طاقت پیدا ہوگئی تھی۔

مین جانتی تھی کہ "تاج محل" کے احاطہ کے اندر "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کی ذات سے کیسے کیسے اغراض وابستہ ہین، لیکن مجھے اوس دلی شفقت کا بھی احساس تھا جو سرکار خلد مکان محض جوش خون سے ظاہر کرتی تھین۔

مجھے یہ بھی معلوم تھا کہ وہ اس غیر متوقع جدائی سے کیسی بیچین ہین، اور مین بھی اونسے کچھہ کم بیچین نہ تھی، اسکے ساتھہ یہ بھی خیال تھا کہ جو لوگ پولیٹکل امور سے واقف نہین اور معاملات کو صرف سطح پر دیکھنے کے عادی ہین، کیا کیا چہ میگوئیان کرتے ہونگے، اور مجھے کیسا نافرمان اور سنگدل کہتے ہونگے؟ لیکن با این ہمہ مین مجبور تھی کیونکہ جو شخص اپنے پہلو مین غیور دل رکہتا ہو، اور طبیعت مین حمیت ہو، اپنی اولاد کی سود و بہبود اوسکو پیش نظر ہو، اوس سے کس طرح ممکن ہے کہ ایسی بے غیرتی گوارا کرے، اور اپنے خاندانی وقار و رتبہ کو برباد کرکے عزیز اولاد کو دانستہ کنوے مین ڈھکیل دے۔

اب ناظرین خود انصاف کرینگے کہ اگر مینے تمام صدمات کو برداشت کرکر اور تمام رنجیدہ امور گوارا کرکے "بلقیس جہان بیگم صاحبہ" کو نہ جانے دیا تو کوئی قابل اعتراض کام نہین کیا۔

کرنل وارڈ صاحب نے آکر سرکار خلد مکان کا حکم مجھسے بیان کیا، مینے جواب مین اپنے تمام خیالات جو واقعات کی بنیاد پر قائم ہوے تھے ظاہر کر دیے، وہ سنکر خاموش ہو گئے، لیکن چونکہ وہ ایک مدبر اور تجربہ کار وزیر تھے، اور خاندانی پیچیدگیون سے واقفیت رکھتے تھے اونھون نے اس موقع کو غنیمت اور مناسب سمجھکر یہ فائدہ اوٹھانا چاہا کہ اس امر کی کوشش کی جاے کہ سرکار خلد مکان مجھسے صاف ہو جائین، اور جو ناچاقی ایک عرصہ سے قائم ہے وہ جاتی رہے، مجکو بھی اونکی تجویز پسند آئی، اور اس موقع کو "نواب سلطان دولہا صاحب" نے جو ہمیشہ سے متمنی صلح تھے غنیمت سمجھا، مینے اونکی رائے پر تحسین کی، اور اپنی نسبت ہر ایک امر کی بجا آوری کا یقین دلایا۔

کرنل صاحب موصوف نے یہ کوشش آغاز کر دی، اور ایک سال تک اسکا سلسلہ جاری رہا

بالآخر سرکار خلد مکان اس امر پر رضامند ہوئین کہ بلقیس جہان بیگم صاحبہ بدستور اونہین کے پاس تاج محل مین رہین، البتہ مجھے آنے جانے کی اجازت رہے گی، معاملہ صلح کے ایک اقرار نامہ مرتب کیے جانے کی خواہش کی، چنانچہ مسودہ اقرار نامہ مرتب ہوا، اگرچہ کارروائی صلح ملتوی رہگئی مگر مجھے سرکار خلد مکان کی اس شفقت پر جو بلقیس جہان بیگم صاحبہ کے ساتھہ تھی پورا بھروسہ تھا کہ وہ سرکار خلد مکان کو میری شرط ماننے کے لیے مجبور کریگی، دوسرے خود بلقیس جہان بیگم صاحبہ نے غیر معمولی استقلال اور اعلےٰ فراست سے کام لینا شروع کر دیا تھا، اور مین یقین کرتی تہی کہ جس مشکل کو بڑے بڑے اور صاحب اثر اشخاص آسان نہ کر سکے، خدا کو یہ منظور ہے کہ اوس چھوٹی بچی کے ہاتھون سے وہ آسان ہو۔

وہ اگرچہ نانی کی جدائی سے بےچین تھین لیکن اون پر میری شفقت مادرانہ کا اثر بھی تہا اور نیز اون کے باپ کی بہی دلجوئیان، اور شیرین نصیحتون نے بہت کچہہ تسلی کر دی تہی وہ ہم سے بہی علیحدہ رہنا پسند نہین کرتی تہین، ہر شخص کو جو سرکار خلد مکان کے پاس سے آتا یہ جواب دیتی تہین کہ" اگر امان کو مجھسے الفت ہے تو میری والدہ کو بہی بلا لین"

جو پیش خدمتین اون کے پاس رہتی تہین، اور جو اون کے ساتھہ آئی تہین مع انعام کی امیدوں مین اپنی سمجھہ کے مطابق طرح طرح سے ورغلاتین، اور مشورہ دیتی تہین کہ ہم روزانہ جاتے ہین، آپ ہماری سواری مین چلی چلین، مگر بلقیس جہان بیگم صاحبہ کو جو استقلال، اور عزم بالجزم خاندانی ورثہ مین ملا تہا، اوس نے اجازت نہ دی کہ وہ ایسی صلاحون پر عمل پذیر ہون، اور جبکہ معاملات کے بدنما چہرے پر سے پردہ اوٹھہ گیا ہے اور خود غرض لوگون کا راز فاش ہو چکا ہے، تو وہ اپنی مان کے گھر سے بغیر مرضی و اجازت چلی جائین اور اپنے والدین کو نئے رنج و غم، اور تکالیف مین مبتلا کر جائین۔

اونہون نے ہر ایک صلاح دینے والے سے دلی مقاصد کو ظاہر کر دیا، اور اون سے صاف کہدیا کہ مین اسطرح، اور ایسی حالت مین کبھی جانا نہین چاہتی. مگر اون کی صلاح کرانے کی کوشش بدستور جاری تہی، وہ مجھسے پوشیدہ، سرکار خلد مکان کو خطوط لکھکر اپنی پیش خدمتون کی معرفت بہیجتی تہین جنہین ہم لوگون سے صاف ہوئے، اور ملنے کے لیے دردناک الفاظ مین اپیل کی جاتی تہی، اور نہایت ناز بھری عبارت مین لکھا جاتا تہا کہ "آپ والدہ کو بلالین، تو مین بہی آپ کے آغوش مین آجاؤن"

سرکار خلد مکان اون خطوط کو نہایت حفاظت کے ساتھہ رکھتی تہین، اونکے انتقال کے بعد جب اون کے بنج کے کاغذات میرے ملاحظہ سے گذرے تو اون مین یہ خطوط بہی نکلے، جو چھوٹے چھوٹے پرچون پر لکھے ہوے تھے، مگر وہ اکثر دریدہ تھے، اور بعض بہ مشکل پڑھے جاتے تھے، کیونکہ امتداد زمانہ کا اثر لپٹے ہوے پرچون پر پہونچ گیا تھا، اور چونکہ خاص احتیاط نہین کی گئی تہی، اسلیے کاغذ کی شکنون مین اکثر الفاظ دب گئے تھے، جو پڑھنے مین نہ آتے تہے، دوسرے بلقیس جہان بیگم صاحبہ ابہی بہت صاف لکھہ بہی نہین سکتی تہین، بچون کا سا خط تہا، بدقت بعض خطون کو پڑہا، لیکن مضمون مسلسل معلوم نہو سکا البتہ ایک خط کا مضمون پورا پڑہا جا سکا۔

اگرچہ بلقیس جہان بیگم صاحبہ کی تعلیم پوری کیا ادہوری بہی نہ تہی کیونکہ اونکی عمر ہی کیا تہی، اور ابہی زمانۂ تعلیم بہی بہت باقی تھا، اس اعتبار سے ایک لڑکی کی لکھی ہوے خط کا مضمون کیا وقعت رکھہ سکتا ہے، لیکن یہ ایک قاعدۂ فطرت ہے کہ جو بات دل سے نکلتی ہی وہ دل ہی مین بیٹہتی ہے۔

مضمون سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان خیالات کا طریقۂ اظہار انداز طفلانہ

نہ تھا بلکہ اون کے دل مین ایک خاص جوش کا دریا لہرین مار رہا تھا، جسکی قوت سے یہ خیال ایسے دلچسپ اور موثر طریقہ پر ظاہر ہو رہے تھے، وہ خط حسب ذیل ہے:۔

نقل خط بلقیس جہان بیگم صاحبہ موسومہ سرکار خلد مکان

اچھی امان!

کیا آپ مجکو پیار نہین کرتین؟ اگر پیار کرتی ہو تو میری والدہ کا قصور کیون معاف نہین کرتین؟ وہ بھی تو آپ کو ایسا ہی یاد کرتی ہین جیسا کہ آپ مجکو یاد کرتی ہین۔

میری امان!

آپ میری خاطر سے اونکی خطا معاف فرمائین، امان! آپ مجکو سچ بتادو کہ آپ میری والدہ کو کب بلائین گی؟۔

امان!

اگر آپ نہین بلائین گی تو مین سمجھونگی کہ آپ مجھے پیار نہین کرتین"

غرض ایسے ہی خطوط کا سلسلہ ایک مدت تک جاری رہا، مگر وہ نتیجہ جو اون کوششون کا ہونا چاہیے تھا، نہ نکلا۔

اصل تو یہ ہے کہ مقدرات الٰہی مین نہ تھا کہ مجھے سرکار خلد مکان کی قدم بوسی کا شرف اور اونکی محبتون کی مسرت نصیب ہو۔

بلقیس جہان بیگم صاحبہ کو میرے پاس رہنے مین بجز سرکار خلد مکان کی جدائی کے اور کوئی رنج نہ تھا، وہ ہر طرح خوش و خرم تھین، اونکی تندرستی بحال ہوگئی تھی، وہ ہنسی خوشی

کے ساتھہ اپنے چھوٹے بھائیون (نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر، وصاحبزادہ حافظ حاجی، کرنل محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر، اور اپنی بہن صاحبزادی آصف جہان بیگم صاحبہ) کے ساتھہ پر لطف زندگی بسر کرتی تھین ۔

بہنون، اور بھائیون کی محبتین، اونکی چہلین، اور اون سبھون کا ساتھہ ملکر کھیلنا ہمارے پژمردہ دلون کو شگفتہ کرتا تھا، وہ ہمین جب دیکھتین تو خوش ہوتین، اور اونکے معصوم چہرہ پر مسرت کا نور چھا جاتا ۔

جب مین ان بچون کو دیکھتی، اور اس سرسبز شاداب چمن پر نظر ڈالتی تو اگرچہ مجھے روحانی مسرت ہوتی لیکن میری آنکھون سے کچھہ گرم آنسو بھی نکل پڑتے، اور حسرت آمیز نظر سے ایک ایسی شفیق صورت کو تلاش کرتی جسکے نزدیک مین بھی بچون کے زمرہ مین شامل ہوتی، اور جو بدقسمتی سے باوجود ایک ہی شہر مین رہنے کے میرے لیے ہزارون حجابون کے اندر تھی ۔

بلقیس جہان بیگم صاحبہ اکثر اوقات مجھسے کہا کرتین کہ "جو خوشی اور اطمینان مجکو یہان سایہ والدین مین حاصل ہے وہ کبھی ایک روز کے لیے بھی تاج محل مین نصیب نہین ہوا" وہ بالکل صحیح کہتی تھین، کیونکہ وہان بجز ایک شفیق نانی کے اور کوئی شفقت کرنے والا نہ تھا جسقدر لوگ تھے، خودغرض، طامع، اور غیر تھے، یہان باپ، بھائی، بہن، سب جو تھے جو دلسے چاہتے تھے، اور دلسے پیار کرتے تھے ۔

زمانہ اسی حالت پر گزر رہا تھا کہ ماہ شعبان سنہ ۱۳۲۱ھ مین بلقیس جہان بیگم صاحبہ کو پھر بخار فصلی (ملیریا) ہوا، تین ماہ متواتر یہ حالت رہی کہ ایک ہفتہ اگر تندرست ہین تو دوسرے ہفتہ اوسی ملیریا بخار کا دورہ ہے، چونکہ اونھون نے شاہجہان آباد کی فضا ہوا

مین پرورش پائی تھی، اور میرا محل شہر کی گنجان آبادی مین واقع تھا، وہ بھی نہایت تنگ اور پرانے انداز کا، آمد و رفت ہوا کے دروازہ بھی نہ تھے، اور جو کچھ تھے وہ بوجہ سرکار خلد مکان کی ناراضی کے بند ہوگئے تھے، دیوارین اونچی اوٹھادی گئی تہین، اور مکان بالکل جیل کیطرح بنادیا گیا تھا۔

اول تو مکان مین پہلے ہی گنجائش نہ تھی، اور بمشکل تمام صرف تنہا میری ضروریات کو کفایت کرتا تھا، اب اوس مین میرے چار بچون کی ضرورتین اور شامل ہوگئین، ہر ایک کے لیے علیحدہ علیحدہ ملازم اور خدمتگار تھے، اور اکثر وہین رہتے تھے، اسیلیے شہر کی آب وہوا، اور مکان کی تنگی نے اونکی حالت پر اور زیادہ خراب اثر ڈالا، تبادلۂ آب وہوا کے لیے مین اون کو "باغ حیات افزا" مین لے گئی۔

وہ اس بخار سے بہت کمزور ہوگئی تھین، ہواخوری کے بعد پیاس معلوم ہوئی، احتیاطاً پانی روکا گیا لیکن پیاس زیادہ تھی اسیلیے ۵ ا منٹ بعد تازہ پانی دیا گیا جو اوسی وقت کنوے سے لایا گیا تھا، شب کو کچھ بدہضمی ہوئی، پھر بخار ہوگیا، اور اوسی مین عارضۂ جع مفاصل پیدا ہوا، دو ہفتہ کے بعد ہی " حمائے مطبقہ " (ٹائیفائڈ فیور) ہوگیا۔

مین نے باغ حیات افزا ہی مین رہ کر نہایت احتیاط اور غور و پرداخت کیساتھ علاج شروع کرایا، ڈاکٹر ڈین، ڈاکٹر ہیرنگٹن، اور صاحب سول سرجن اندور جو حاذق اور مشہور ڈاکٹر تھے، نہایت توجہ اور ہمدردی کے ساتھ علاج کرتے تھے۔

کرنل وارڈ صاحب بہادر نہ صرف ڈاکٹرون کے انتخاب مین مدد دیتے بلکہ کمال محبت سے علاج و معالجہ کے نگران رہتے تھے، اور اون کی لیڈی صاحبہ بھی بے انتہا غمخواری کرتی تہین۔

عالی جناب نواب "لارڈ ڈفرن" صاحب بہادر سے وگورنر جنرل بہادر کشور ہند اعلیٰ وجہ
کی مہربانی سے حالت علالت کا استفسار فرماتے تھے، جب ڈاکٹرون نے یہ تشخیص کیا کہ
اون کو "ٹائیفیڈ فیور" معلوم ہوتا ہے اور ۱۲-۱۴ روز مین نتیجہ مرض معلوم ہوگا، تو مجھکو خیال
پیدا ہوا کہ ایک مرتبہ اور کوشش کی جاوے کہ سرکار خلد مکان کا رنج دور ہو جاوے، اور
ایسی حالت مین چلی آئین -

مین یہ خیال کرکے خود تاج محل کو چلی گئی، دوپہر ڈھل چکی تھی، سرکار خلد مکان
بعد آرام بیدار ہو چکی تھین کہ میری گھی دروازہ تاج محل پر پہونچی اور مین گھی سے اوتر کر سرکار
خلد مکان کے خوابگاہ کی طرف چلی، عالمگیر محمد خان ایک کمرہ مین بیٹھے ہوئے تھے، مجکو دیکھکر
آئے، اور سلام کیا، حالانکہ میرا اون سے پردہ تھا، یہ حرکت اون کی مجھے نہایت ناگوار
معلوم ہوئی، مین نے اونکو سخت آواز سے روکا تو وہ وہان سے ہٹ گئے، مین نے
سرکار خلد مکان کی خادمہ سے دریافت کیا کہ سرکار کہان ہین؟ اوس نے اشارہ سے
بتایا، مین سرکار خلد مکان کے پاس گئی، وہ نماز کی چوکی پر بیٹھی تھین، مین نے اونکو
سلام کرکے نہایت عاجزی وگریہ وزاری سے عرض کیا، کہ "میری خطا جو کچھ ہے وہ معاف
فرمائی جاوے، اور بلقیس جہان بیگم صاحبہ کو دیکھکر اون کے علاج مین مجھے مشورہ دیا جاوے
اگرچہ اونکا علاج ڈاکٹری اوسی طریقہ پر ہے جیسا کہ بچپن سے ہوتا رہا ہے، لیکن تاہم چونکہ
سرکار ہم سبھون کی بزرگ ہین جیسا حکم ہو اوسکی تعمیل کیجاوے"

یہ سنکر سرکار خلد مکان مجھپر بہت خفا ہوئین، اور بیتابی کے ساتھ اوٹھکر
مولوی صدیق حسن خان صاحب کے کمرہ مین چلی گئین، اور پھر نہ آئین، مین اوس جگہ بیٹھی رہی
جب تین گھنٹے گذر گئے، تو مجبوراً واپس آگئی -

جسوقت مین سرکار خلد مکان کے پاس گئی تھی اوس وقت صاحبزادی صاحبہ کے بخار مین بہت زیادتی ہوکر بیہوشی طاری ہوگئی تھی، مین نے پلٹ کر اون کو غفلت مین پایا، تھوڑی دیر کے بعد اون کو ہوش آیا، مین نے کہا کہ مین سرکار کو لینے گئی تھی لیکن وہ تشریف نہین لائین۔

اونہون نے نہایت حسرت کے ساتھ جواب دیا کہ "خیر مجبوری ہے، آپ نے اپنا فرض ادا کرلیا، آپ مطمئن رہیے کہ مولوی صدیق حسن خان صاحب اونکو کبھی نہ آنے دینگے"

صبح کو حکیم معزالدین کو جو سرکار خلد مکان کے طبیب خاص تھے بلقیس جہان بیگم صاحبہ کی حالت معلوم کرنے کے لیے بہیجا، اونہون نے آکر حالت دیکھی، لیکن جب وہ گئے تو پہلے مولوی صدیق حسن خان صاحب سے ملے، اور اصلی حالت کہدی مولوی صدیق حسن خان صاحب نے اون کو فہمائش کی کہ وہ سرکار سے پورا اور سچا حال نہ کہین، بلکہ معمولی بخار کہدین۔

حکیم معزالدین نے مولوی صدیق حسن خان صاحب کے کہنے پر عمل کیا، اور سرکار خلد مکان کو معمولی بخار کہکر مطمئن کردیا، مگر سرکار خلد مکان کی دلی بیچینی نہ گئی، جو خون کے غیر محسوس اثر سے ایسے موقعون پر پیدا ہو جاتی ہے، اونہون نے اون کے پاس خود آنا چاہا، لیکن پھر مولوی صدیق حسن خان صاحب کے سمجھانے سے اس ارادہ کو ملتوی کردیا، اور مریضہ کو مع ہم لوگون کے تاج محل مین بلالینا تجویز کیا، اور ہمارے لیے مکان کی آرائش و درستی کا حکم دیدیا، مولوی صدیق حسن خان صاحب کو یہ بھی گوارا نہ ہوا، سرکار خلد مکان سے کہا کہ "یہ مرض اپنے بلانے اور اپنی آمدورفت اور یہان رہنے کا حیلہ ہے، اور ممکن ہے کہ اس طرح وہ لوگ آپ کو نقصان پہونچائین، اسلیے یہ مناسب ہے کہ مزید اطمینان کیلیے کسی اور کو بھیجدیجیے"

سرکار خلد مکان نے اسکو مان لیا، اور حسب تجویز مولوی صدیق حسن خان صاحب مسماۃ احمدی کو بھیجا، یہ سکندر خان رسالدار کی بیوی تھین، سکندر خان مولوی صدیق حسن خان صاحب کے بڑے گہرے دوست اور پکّے ابن الوقت تھے، اور یہ بیوی خود بھی ان معاملات مین بڑا حصہ لیتی تھین -

جسوقت اون کے آنے کی اطلاع مجکو ہوئی تو چونکہ مین اونکی حالت وطبیعت سے واقف تھی مین نے یہ کہکر کہ "ہم تو ہما اور سایۂ ہما کے خواہان ہین، نہ زاغ وزغن کے" اون کو اندر نہ آنے دیا کیونکہ یقین تھا کہ یہ کبھی اصلی کیفیت نہ کہین گی، بلکہ خدا جانے کیا کیا ہماری جانب سے لگائینگی اور کیا کیا اپنی خبیث عادت یا کسیکی ترغیب سے بیان کرینگی -

غرض اوسنے سرکار خلد مکان کو یہ اطلاع دی کہ "صاحبزادی صاحبہ تو اچھی طرح ہین، اور اپنے بھائی نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر کے ساتھ کھیل رہی ہین" اس اطلاع سے سرکار خلد مکان کو مولوی صدیق حسن خان صاحب کے قول کی صداقت ہوگئی اور وہ خیالات اور وہ بیچینی جاتی رہی، غرض سرکار خلد مکان کے آنے سے ہمین مایوسی ہوگئی، علاج جاری رہا لیکن موت کو کون ٹال سکتا ہے، آخر کار مرحومہ کا چراغ حیات گل ہوگیا، اور وہ بہ عمر ۱۲ سال ۶ ماہ روز جمعہ ربیع الثانی ۱۳۰۵ھ ہجری = ۱۸۸۸ء کو قریب ایک ماہ کے تکلیفات مرض اُٹھا کر ہم لوگون کے آغوش سے رحمت الٰہی کے آغوش مین چلی گئین، بہشت کی کھڑکیان اون کی پاک روح کے لیے کھلی ہوئی تھین، حوران جنت اون کی معصومہ صورت کی مشتاق بنکر آمد کا انتظار کر رہی تھین -

اونہون نے اپنے عزیز والدین اور پیارے بھائیون اور چہیتی بہن سے مفارقت کرکے ریاض جنان کو اپنا آرام گاہ دائمی بنایا۔

ہم لوگون کو جو صدمہ ہوا اوس کی تشریح صفحات کاغذ پر غیر ممکن ہے، کیونکہ صدمہ

ایک ایسی کیفیت ہے جو صفحۂ دل پر ہی تحریر ہوسکتی ہے، اور اونہین لوگون کی آنکھین اوسکو دیکھ سکتی ہین جنکو مشیت ایزدی سے ایسے صدمات اوٹھانے پڑتے ہین۔

بہرحال ہمنے صبر جمیل کیا، اور خداوند کریم کی مرضی پر شاکر رہے۔

ریاست کا یہ قدیم قاعدہ ہے کہ ہر عزیز خواہ وہ ادنیٰ درجہ کا ہو یا اعلیٰ درجہ کا بہ اجازت رئیس دفن ہوتا ہے، اور اخراجات بھی ریاست سے دیے جاتے ہین، مین نے اس قاعدہ کو ملحوظ رکھکر اور نیز بوجہ اسکے کہ سرکار خلد مکان ہماری بزرگ تھین اوس سانحہ عظیم کی اطلاع کرکے تجہیز و تکفین کی اجازت چاہی، اور دریافت کیا کہ جہان حکم ہو وہان دفن کا انتظام کیا جاے، مگر مجھے یہ جواب ملا کہ "جہان تمھارا دل چاہے دفن کرو ہمکو کوئی غرض نہین ہے"

غرض تجہیز و تکفین کا سامان کیا گیا، اگرچہ شہر سے فاصلہ پر یہ سانحۂ عظیم واقع ہوا تھا، لیکن اس خبر کے معلوم ہوتے ہی شہر کی تمام رعایا ماتم و حسرت کا مرقع بنی ہوئی باغ مین آگئی، ہر شخص پر سناٹا چھایا ہوا تھا، اور ہر آنکھ سے آنسو جاری تھے، ہر ایک آدمی مرحومہ کی نوعمری و جوانی کی حسرتناک موت پر کف افسوس ملتا تھا، باغ سے شہر تک راستہ مین آدمی ہی آدمی تھے، جو محض اپنی دلی خواہش اور روحانی صدمہ کے باعث اپنے گھرونسے جوق جوق آرہے تھے، اور ہمارے ساتھ اس غم والم اور ماتم مین شریک تھے، لیکن یہ سب لوگ طبقات رعایا مین سے تھے جن کو ملازمت یا قرابت کا تعلق نہ تھا، اراکین و خوانین کا مجمع تاج محل پر ہوا تھا۔

مرحومہ تمام رعایا مین "کرون پرنسس" تصور کی جاتی تھین، اور عام خیال یہی تھا کہ بھوپال کی وارث پھر ایک عورت ہوگی، چونکہ مستورات کی حکومت کی رعایا کئی پشتون سے عادی تھی، اور بیگمات کے عہد فرمان روائی مین صدہا رعایتین حاصل تھین اور اون پاک

جذبات اور رحمدلی سے مستفیض ہو رہی تھی جو مردون کے مقابلہ مین عورتون مین فطرتاً زیادہ ہوتی ہین، اور نیز مرحومہ کے ذاتی خصائص، اعلیٰ درجہ کا شریفانہ برتاو، اور فیاضی و مروت کا خاص شہرہ تھا، اسلیے اون کے عہد مستقبل کے ساتھہ بڑی بڑی امیدین وابستہ تھین، یہ وجوہ تھے جنھون نے رعایا کے خون جگر کو آنسو بنا کر آنکھون سے ٹپکا دیا تھا۔

کرنل وارڈ اپنے ایک مضمون مین جو ۳ر اکتوبر ۱۸۹۵ء کے پانیر الہ آباد مین شائع ہوا ہے اس مصیبت خیز حالت کا ذکر کرتے ہوے لکھتے ہین کہ "مین نے دیکھا کہ جنازہ کے روز مخلوق اس طرح پھرتی تھی جیسا بے چرواہے کا گلہ ہوتا ہے، اور شوارع عام پر لوگون کے ہجوم سے نکلنے کو راہ نہ ملتی تھی"۔

تجہیز و تکفین کے بعد جب جنازہ بڑے کنوے والی بارہ دری سے باہر لایا گیا تو نالہ و شیون کی اندوہناک آوازون نے صحن باغ مین ایک قیامت کا نمونہ دکھلا دیا، کوئی دل ایسا نہ تھا جو جنازہ کو دیکھکر مضطرب نہ ہو گیا ہو، اور کوئی آنکھہ ایسی نہ تھی جس نے اشک خونین کا تار نہ باندھ دیا ہو۔

مفتی محمد یحییٰ صاحب نے نماز جنازہ پڑہائی، چونکہ بوجہ ازدحام خلقت جنازہ اندر سے قبر تک نہ جاسکتا تھا، اسلیے مغربی جانب سے جنازہ مدفن تک پہونچایا گیا اور اس مرحومہ کی لاش جو اپنے والدین کی آنکھون کی ٹھنڈک، اپنی نانی کے دل کا سرور، اور رعایا کی عزیز تھی، آغوش لحد مین باغ کے شمالی جانب ماہین "حیات افزا" و "نشاط افزا" مدوکا منی اور مولسری کے درختون کے سایہ مین سپرد کر دی گئی۔

تمام پولیٹکل حکام اور عام معززین نے اس سانحہ عظیم پر اظہار ہمدردی کیا، ہز اکسلنسی لارڈ ڈفرن نے میرے پاس تعزیت کا ٹیلیگرام روانہ کیا، اور سرکار خلد مکان کے پاس تعزیتی

خریطہ مورخہ یکم فروری ۱۸۸۸ء اس مضمون کا بہیجا:-

"مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ ہم دونون کو یعنی لیڈی ڈفرن اور مجہہ کو آپ کی اس حالت غم پر نہایت صدمہ ہوا، کیونکہ مین خوب جانتا ہون کہ آپ اوس لڑکی پر کسقدر شفقت کرتی تہین، اوس کو خدا نے اُٹھا لیا، مجہہ کو اوس کے انتقال کا حال سنکر بڑا رنج ہوا، اسلیے کہ حقیقت مین آپ نے اوس کی حالتِ علالت مین بڑی خبر گیری اوس کی صحت کے لیے کی تہی، اور آخر کو یہ بہت بڑا صدمہ ہوا"

مرحومہ کی جاگیر صہ سکی تہی اور اونکی ڈیوڑہی کا انتظام جو سرکار خلدمکان خود کرتی تہین علیحدہ تہا، وہ جاگیر ریاست مین شامل کرلی گئی، اون کے خاص خدمتگارون کو جنہون نے بچپن سے خدمت کی تہی محکمہ وظائف سے پنشن دی گئی، عملہ تخفیف مین آیا، لیکن سرکار خلدمکان نے ریاست مین جگہون کے خالی ہونے پر اون کے تقرر کا بہی حکم دیا۔

ہم لوگ ابہی اسی رنج وہ حالت ہی مین تہے، اور ہماری آنکہون کے آنسو بہی بند نہ ہوے تہے کہ ہمارے مقابلہ مین نئے اسلحہ استعمال کیے جانے لگے، اور دوسرے ذرایع تکلیفین پہونچانے کے اختیار کیے گئے۔

تشریف آوری لارڈ فریڈرک رابرٹس[1] کمانڈرانچیف عساکرہند

۶ر ماہ ذی حجہ ۱۳۰۵ھ کو بذریعہ وکالت ایجنسی معلوم ہوا کہ ہزاکسلنسی کمانڈرانچیف افواج ہند ۲۲ر فروری ۱۸۸۹ء کو اسٹیشن بھوپال پر پہنچکر ایک روز بھوپال مین قیام کرین گے، اور بعد ملاقات سرکار عالیہ کے سیہور کو تشریف لیجائین گے، اور وہان دو روز رہکر براہ بھوپال معاودت کرین گے۔

سرکار خلد مکان نے ضروری احکام متعلق انتظام صفائی، و استقبال، و روشنی، و دعوت صادر فرمائے، لیکن ۱۶ر فروری ۱۸۸۹ء = ۱۵ر جمادی الثانی ۱۳۰۶ ہجری کو صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے بذریعہ یادداشت اطلاع دی کہ ہزاکسلنسی کمانڈرانچیف نے مطلع کیا ہے کہ وہ ۲۵ر فروری کی شام کو بھوپال مین داخل ہون گے، اور ہمراہیان خاص مین لیڈی رابرٹس، مس رابرٹس جنرل الیس صاحب ایجوٹنٹ، و جنرل ٹل کرلو صاحب فوجی سکریٹری ایک ایڈی کانگ، و ڈاکٹر ڈین صاحب بہادر ہونگے۔

اسکے علاوہ اوس یادداشت مین صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے تحریر کیا کہ دیگر معززین افسران فوجی بھی اس موقع پر ہزاکسلنسی کمانڈرانچیف صاحب بہادر سے ملنے کو

---

[1] لارڈ فریڈرک رابرٹس، جنگ افغانستان کے ہیرو سمجھے جاتے ہین، اور لارڈ آف قندھار انکا خطاب ہے، سپہ سالاران افواج برطانیہ کے اوس زمرہ مین انکا شمار ہے جنہون نے عساکر برطانیہ کی شہرت و عزت کو چمکایا ہے، یہ اسوقت تک زندہ، اور افواج برطانیہ کے کمانڈرانچیف ہین۔

آوین گے، اون کو بھی منجانب سرکار عالیہ دعوت دی جاتی ہے" چنانچہ ۲۳ رجمادی الثانی سنہ ۱۳۰۶ھ = ۲۴ر فروری روز یکشنبہ کو صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر مع چند معزز یوروپین صاحبان کے بھوپال آئے، اور دوسرے دن پونے چار بجے ہزاکسلنسی لارڈ فریڈرک رابرٹس کمانڈر انچیف عساکر ہند اسپشل ٹرین پر بھوپال مین رونق افروز ہوئے سرکار خلد مکان بہ نفس نفیس سٹیشن پر استقبال کے لیے موجود تہین، فوج دوردیہ پل خام کی سڑک سے اسٹیشن تک اپنی زرق برق وردیان پہنے ہوے صف بستہ تھی، توپخانہ اسپی سٹیشن کے شرقی میدان مین قائم کیا گیا تہا۔

ہزاکسلنسی کمانڈر انچیف بہادر اپنی گاڑی سے اوترکر پہلے صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر سے ملے، اور پھر اونہون نے مع اپنی لیڈی صاحبہ اور مس صاحبہ کے سرکار خلد مکان کی گاڑی کے نزدیک آکر اون سے ملاقات کی، توپخانہ اسپی، و قلعہ فتح گڈہ سے سلامی کی توپین سر ہوئین، اور فوج ریاست نے جو اوس وقت وہان موجود تھی سلامی دی۔ سرکار خلد مکان "تاج محل" کو واپس تشریف لے گئین، اور وزیر ریاست کوٹھی[۱] قیام گاہ تک ہمراہ گئے۔

اوسی دن ہزاکسلنسی کمانڈر انچیف صاحب بہادر، اور اونکی بیگم صاحبہ، اور صاحب پولیٹکل ایجنٹ اور اونکی لیڈی صاحبہ کی خدمت مین خشک میوون کی ڈالیان پیش کی گئین۔

---

[۱] یہ کوٹھی "جہانگیر آباد" کے قریب دامن کوہ "اڑیڑہ" پر واقع ہے، اور نہایت وسیع و خوشنما اور مغربی طرز کی عمارت ہے، اس کوٹھی کی تعمیر زیر نگرانی مسٹر کوک انجنیر ریاست سنہ ۱۸۸۶ء مین شروع ہوئی تھی اور سنہ ۱۸۸۹ء مین ختم ہوگئی، اس کی تعمیر مین مبلغ [illegible] خرچ ہوے، اس مقام کی آب و ہوا بہت اچھی اور منظر نہایت دلچسپ ہے۔

شب کو سرکار خلد مکان نے ہزایکسلنسی کمانڈر انچیف، اور دیگر مہمانان کو ایک شاندار "ڈنر" دیا، حسب معمول سرکار خلد مکان بھی دعوت کے وقت دوسرے کمرہ مین تشریف فرما تھین، جب مہمان کھانے سے فارغ ہو گئے تو سرکار خلد مکان اور وزیر ریاست نے علی قدر مراتب عطر و پان پیش کیا، اس دعوت مین بھوپال بٹالین کے افسر بوجہ اسکے کہ ہزایکسلنسی کمانڈر انچیف صاحب بہادر بٹالین کے معاینہ کے لیے "سیہور" جانے والے تھے شریک نہو سکے، اور کچھ صاحبان دوسری مجبوریون سے شرکت دعوت سے معذور رہے۔

دوسرے روز ہزایکسلنسی مع اپنے "اے ڈی کانگ" و صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر، اور دو تین صاحبان یوروپین کے میدان پریڈ پر معائنہ فوج، اور قواعد کے لیے تشریف لے گئے، حسب دستور ۱۷ فیر سلامی کے توپخانہ ریاست سے سر کیے گئے، اور تمام فوج نے سلامی دی، ہزایکسلنسی نے قواعد ملاحظہ فرمائی، اور تعریف فرمائی، جسکی مفصل اطلاع میر بخشی صاحب نے سرکار خلد مکان کے حضور مین بذریعہ عرضی[1] پیش کی۔

---

[1] امروز بوقت ہفت گھنٹہ صبح جناب کمانڈر انچیف صاحب بہادر، مع صاحبکلان بہادر، و دو سہ صاحبان انگریز بسواری اسپان پریڈ پر تشریف لائے، اور دیگر صاحبان، و میم صاحبات بگھیون مین سوار تھے، اولاً حسب قاعدہ ہفتدہ فیر سلامی کے توپخانہ اردلی سے سر کیے گئے، بعدہ سلامی تمامی فوج کی ہوئی، پھر ممدوح الیہ جانب فوج کے بڑھے، فدوی نے کاغذ تعداد ملازمان فوج موجودہ پریڈ حسب قاعدہ خدمت مین جناب ممدوح کے پیش کیا، لفافہ سے نکالکر پڑھا، اور پھر لفافہ مین رکھکر اپنے آدمی کو دیکر کہا "کوٹھی پر ہمکو دینا" بعد ازان مجھسے فرمایا "تم کہان کے باشندے ہو؟ یہان کب کے ملازم ہو؟" مینے اپنی ملازمت وقدامت عرض کی، پھر فرمانے لگے کہ "فوج مین گھوڑے کہان کے بھرتی ہوتے ہین؟" عرض کیا کہ "اسی ملک کے میلہ جات وغیرہ سے لیے جاتے ہین" پھر فرمایا "توپخانہ مین دیلر گھوڑے نہین ہوتے؟"

فوجی معائنہ کے بعد ہز ایکسلنسی تاج محل پر ملاقات سرکار خلد مکان کے لیے تشریف لائے، بخشی محمد حسن خان صاحب بہادر، اور منشی عبد العلی خان نائب وزیر دیوانی و فوجداری نے استقبال کیا، میاں عالمگیر محمد خان، و میاں صدر محمد خان نے بگھی سے اوتارا، اور کمپنی موجودہ "تاج محل" نے سلامی ادا کی، بعد ملاقات "قلعہ فتح گڈھ" کے ملاحظہ کو گئے، اور وہان بھی

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) عرض کیا کہ "وہ بھی اسی ملک کے ہوتے ہین، سوارون کے گھوڑون سے مضبوط و زبردست بھرتی ہوتے ہین" پھر بعد ملاحظہ ہر دو صف فوج کے قریب باوٹے کے تشریف لے گئے، اور مجکو فرمایا کہ "تم مارچ پاسٹ دکھلاؤگے؟" یعنی چکر کی سلامی، مینے عرض کیا کہ "سلامی چکر کی ہوگی" پھر بعد سلامی چکر کے جو کام قواعد کے مقرر کیے گئے تھے وہ شروع ہوے، اور قواعد کی گئی، بعد ختم قواعد و سلامی اخیر کے خود فوج کی طرف بڑھے، فدوی نے افسران فوج کو جمع کر سلامی کرائی، فرمایا "یہ افسر ہین؟" اور سب کے نام اور مدت ملازمت کا استفسار فرمایا، چنانچہ محمد فرید اللہ خان صاحب بخشی جنگی، و پایندہ خان صاحب کپتان، و سید رسول صاحب کپتان، و میان محمد اسمعیل صاحب رسالدار میجر وغیرہ، افسران نے جواب سوال عرض کیا صاحب جنٹ ممدوح قواعد فوج کی بہت تعریف فرمانے لگے، عرض کیا گیا کہ "یہ ہندوستانی فوج ہے حضور کی قدردانی ہے جو تعریف فرماتے ہین" فرمایا "مینے ہندوستانی فوجین دیکھین ہین، یہ قواعد بہت صفائی و تیزی سے ہوئی" اور مجسے صاحب کلان بہادر نے فرمایا کہ "جب آپ قواعد لیتے تھے جناب محتشم الیہ تعریف قواعد کی فرماتے تھے کہ بہت صفائی سے کام ہوتا ہے" پھر ممدوح الیہ نے فرمایا کہ "ان کو چھٹی دو" اور مکرر تعریف قواعد کی کی، اور کہا کہ "ہم ملاحظہ قواعد سے بہت خوش ہوے" پھر کوٹھی روانہ ہوے، باقبال حضور خیریت سے بطرح قواعد مین رہی اور جناب ممدوح نے تعریف کی و خوشی خاطر ظاہر فرمائی، یہ اقبال بندگان سرکار کا ہے، فقط مورخہ بست و پنجم جمادی الثانی ۱۳۰۱ھ

سلامی کی توپین سر ہوئین -

جنابہ لیڈی رابرٹس صاحبہ ، ومس رابرٹس صاحبہ ، مع لیڈی صاحبہ پولیٹکل ایجنٹ بہادر بھی، سرکار خلدمکان کی ملاقات کو آئین ، اور وہان سے "باغ نشاط افزا" کی سیر و تفریح کو گئین -

۷.۰ بجے شب کو سرکار خلدمکان کوٹھی پر رسم عطر و پان ادا کرنے کو تشریف لے گئین ، دوسرے دن ہز اکسلنسی کمانڈر انچیف صاحب بہادر مع اپنی پارٹی ، و صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کے سیہور تشریف لے گئے ، اور وہان بھوپال بٹالین ، اور چاندماری کا معائنہ کرکے ۲۷ر فروری کو بھوپال واپس آگئے ، یہان سے یکم مارچ کو مع اپنے ہمراہیان کے جانب اوجین معاودت فرما ہوئے ، وزیر ریاست و میر بخشی صاحب بہادر نے کوٹھی سے اسٹیشن تک مشایعت کی -

مولوی صدیق حسن خان صاحب کا انتقال

اگرچہ بعد انتزاع خطاب وسلامی مولوی صدیق حسن خان صاحب کو معاملات ریاست مین کسیطرح کی ظاہری مداخلت نہین رہی تھی تاہم اون کو سب سے زیادہ آرزو اپنے اقتدار و اعزاز کے پھر حاصل کرنے کی تھی، اور وہ شب و روز سرکار خلد مکان کو اسپر آمادہ کیے رہتے تھے کہ اونکی اس امید کے بر آنے کے لیے وہ کوششون کا سلسلہ جاری رکھین۔

سرکار خلد مکان نے اول وزیر ریاست کے ذریعہ سے کوشش کی لیکن لارڈ ڈفرن نے صاف انکار کر دیا، پھر کچھ عرصہ کے بعد اسی غرض کے لیے خود کلکتہ کا سفر کیا تاکہ گورنمنٹ سے اوس حکم پر جسکی رو سے مولوی صدیق حسن خان صاحب اس بڑی عزت سے محروم کیے گئے تھے نظر ثانی کی درخواست کرین، لیکن اس کوشش مین کامیابی نہین ہوئی، اور اوسوقت بھی حسب مراد نتیجہ نہ نکلا مگر سرکار خلد مکان کی کوشش بدستور جاری رہی جو اونکی قول پروری اور وضعداری کا ثبوت دے رہی ہے۔

اسی عرصہ مین مولوی صدیق حسن خان صاحب کو پیغام اجل آگیا، وہ مرض استسقا مین مبتلا ہوے، اور شب پنجشنبہ سلخ رجب سنہ ۱۳۰۷ ہجری مطابق ۲۰ فروری سنہ ۱۸۹۰ عیسوی کو انتقال کیا، اگرچہ تجہیز و تکفین اونکی وصیت کے مطابق شرعی طور پر کی گئی، لیکن ہر قسم کا اعزاز و احترام ملحوظ رکھا گیا، معمولی دستور کے مطابق ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا، و صاحب پولٹکل ایجنٹ بہادر تعزیت کے لیے تشریف لائے، اور نیز اکثر معززین مثل صاحبزادہ عبید اللہ خان صاحب

نائب الریاست ٹونک تعزیت اداکرنے کو بھوپال آئے ۔

اگرچہ میرا دل نہین چاہتا کہ مین مولوی صدیق حسن خان صاحب کے متعلق اپنی کتاب مین مفصل کیفیت درج کرکے ناظرین کتاب کو اونکی طبیعت کا اصل رنگ دکھلاؤن ، کیونکہ اونکو میری والدہ مکرمہ نے اعزاز بخشا تھا ، اور شرعی عقد نے جو رشتہ سرکار خلد مکان مین اور اون مین پیدا کردیا تھا اوسکے لحاظ سے مجکو درگزر کرنا چاہیئے تھا ، اور دراصل میرا قلم ان حالات کو لکھتے وقت رکتا ہے ، اور طبیعت مین کچھ رکاوٹ سی پیدا ہوتی ہے ، مجھے جب یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ وہ یا تو چاہ پستی سے نکلکر فلک عزت پر پہنچے تھے ، یا پھر تھوڑے دنون کے بعد فلک عزت سے گرکر پہلے سے بھی زیادہ عمیق چاہ پستی مین جارہے ، تو افسوس ہوتا ہے اور دل چاہتا ہے کہ مین اون کے حالات لکھنے سے درگزر کرجاؤن لیکن بخیال اسکے کہ مین ایک ایسی تاریخ لکھہ رہی ہون جس مین میرے ملک وخاندان کے واقعات اسطرح ملے ہوے ہین کہ تحلیل کیمیاوی سے بھی جدا نہین ہوسکتے ، اسلیے ہر رطب و یابس چارو ناچار لکھنا پڑا ہے ، مگر مینے کوشش کی ہے کہ اختصار سے کام لون ورنہ میری حکایت دردانگیز قابل اختصار نہین ہے ، ۲۷ سال کے عرصہ مین جو حادثات غمناک اور صدمات جانکاہ مجھپر گذرے ہین اور میری آنکھون کے سامنے واقع ہوے ہین اور جن حالات کو مینے دیکھا ہے اونکے ذکر کے لکھنے مین کم سے کم اتنے ہی سال درکار رہین ۔

مولوی صدیق حسن خان صاحب باشندۂ قنوج ضلع فرخ آباد تھے ، اون کا بیان تھا کہ اونکے دادا سید اولاد علی خانصاحب بہادر "انور جنگ" امراے حیدرآباد مین سے تھے اور مذہب "اثنا عشری" رکھتے تھے ، اون کے باپ سید اولاد حسن چونکہ "سنی المذہب" ہو گئے تھے اسلیے میراث پدری سے محروم رہے ، آخر ترک وطن کرکے قنوج مین مقیم ہوے ، وہان سلسلہ پیری ' ومریدی شروع کیا ،

اور وہین توطن اختیار کرلیا۔

مولوی صدیق حسن خان صاحب نے دھلی وغیرہ مین طالب علمی شروع کی، اور بھوپال مین حیثیت ایک طالب علم کے داخل ہوے۔

سرکار خلدنشین کے زمانہ مین روبکاری کے منشی اور پھر مہتمم "تاریخ" پر مامور ہوے، سرکار خلدمکان کے عہد مین افسری مدارس اور عہدۂ منشی بخطاب میر دبیری وخانی مقرر ہوے، قبل نکاح سرکار خلدمکان کے اونکا نکاح منشی جمال الدین خان صاحب مدار المہام کی دختر سے ہوگیا تھا، اس ذریعہ سے اوس خاندان کے ساتھہ توسل، اور رشتہ قرابت پیدا ہوگیا، جو نہایت ممتاز تھا۔

مدار المہام صاحب کے توسل، اور سعی سے وہ سرکار خلدمکان کے "میر منشی" ہو گئے، اور آخرکار اونکا عقد سرکار خلدمکان کے ساتھہ ہوگیا، نکاح کے بعد وہ "معتمد المہام" ہوے اور اونکو للعہ ۲۴ سالانہ کی جاگیر دی گئی، اس عہدہ اور جاگیر کو اونکی حیثیت، اور رتبہ کے منافی سمجھا گیا، سرکار خلدمکان نے گورنمنٹ ہند سے مولوی صدیق حسن خان صاحب کیلیے بھی اوسی اعزاز کی خواہش کی جو "نواب امرادولہ نظیرالدولہ بہادر (مرحوم) کا تھا۔

گورنمنٹ نے سرکار خلدمکان کے اصرار و خاطرداری سے خطاب "نواب والاجاہ امیرالملک" عطا کیا اور خلعت مرحمت فرمایا، پھر ۱۸۷۷ء مین "دربار قیصری" کے موقع پر استقبال، اور سلامی مقرر ومنظور کیے جانے کا اعلان ہوا۔

وہ صاحب تصانیف و تالیفات کثیرہ تھے، جو اونکی زندگی ہی مین، اکثر اون کے نام سے، اور بعض اونکی اولاد وغیرہ کے نام سے شایع ہوئین، غرض اونھون نے ایک مدت تک اپنے باغ عروج کی بہارین دیکھین، پھر یہ حالت بھی دیکھی کہ اونکا نام اعزاز جاتا رہا، شوکت وشان جاتی رہی، لوگ اون سے بچتے تھے، اور وہ "تنہا پرحسرت خیالات کے ساتھہ ایک گوشہ مین زندگی کے دن بسر کرتے تھے۔

یہ انقلاب ایک حقیقی واقعہ ہے، لیکن یہ امر کہ یہ کیون ہوا؟ کن اسباب سے ہوا؟ کن افعال کا نتیجہ تھا؟ کس گناہ کا انتقام تھا؟ اس کا فیصلہ مین نہین کرنا چاہتی حالات اور واقعات، اور تاریخ خود فیصلہ کرینگے، اور سب سے بڑا فیصلہ کرنے والا وہ علّام الغیوب ہے جو دلون کے چھپے ہوے بھیدون کو جانتا ہے لَا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ۔

صاحبزادہ حافظ حاجی کرنل محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر کا کلام مجید حفظ کرنا اور محراب سنانا

صاحبزادہ حافظ حاجی کرنل محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر ابتدا ہی سے ذہین تھے اونکا حافظہ مافوق الفطرۃ تھا، نواب احتشام الملک بہادر اور ہم اپنے بچون کی تعلیم و تربیت خود ہی کرتے تہے، اسکو اپنا فرض اہم جانتے تہے، اونکی تعلیم و تربیت کا طریقہ نہایت عمدہ، اور موثر تھا، وہ باتون ہی باتون مین ایسے اخلاقی مسائل بتا دیا کرتے تھے جو کتابی سبقون سے مدت مین حاصل ہوتے ہین، اونکی کوئی آرزو اولاد کے متعلق اس سے زیادہ نہ تھی کہ اون کے فرزند دلیر، شجاع، اخلاق سے آراستہ، اور تعلیم یافتہ ہون، اس آرزو مین مَین بھی اونکے برابر کی حصہ دار تھی۔

خدا کا شکر و احسان ہے کہ ہماری امیدین برآئین، اور سب سے بڑی دعا یہ ہے کہ ہماری اولاد کی خوبیون کی خوشبو ایک عالم کا دماغ معطر کرے، جس طرح وہ اپنے رتبہ اور عزت کے لحاظ سے ممتاز ہین اُسی طرح اونکے مکارم و اخلاق کا بھی زمانہ معترف ہو اور اونکو اوس مین بھی امتیاز حاصل رہے۔

چونکہ مجھہ کو صاحبزادہ کی ذہنی حالت معلوم تھی اسلیے مین نے اون کو قرآن مجید حفظ کرنے کی ہدایت کی، اونہون نے تین سال کے عرصہ مین حفظ کر لیا۔

نواب احتشام الملک بہادر کی توجہ ہر وقت اون پر تھی، اور اوس دن کی خوشی بیان نہین ہوسکتی جس دن کہ قرآن مجید کا آخری سورۃ صاحبزادہ صاحب نے حفظ کرکے سنایا تھا

اون کو مجھ سے زیادہ اور مجھے اونسے سوا مسرت تھی۔

ہم نے جب سے کہ سرکار خلد مکان کشیدہ ہوگئی تہین تقریبات بند کردی تہین لیکن جو تقریبات ضروری تھین وہ نہایت سادہ طور پر کی جاتی تہین، یہ خیال کرکے کہ جو محنت بچے کی ہے اور خدا نے اوس محنت کو شکرگذاری کے قابل کیا ہے تو اوسکی مسرت اور اظہار شکریہ کرنا لازمی ہے، اسلیے یہ تجویز کی کہ صاحبزادہ صاحب محراب سنائین اور اوس موقع پر مستحقین اور متوسلین کو انعام دیکر خدا کا شکریہ بجالایا جاے،

کیونکہ مذہب اسلام مین کلام مجید کا حفظ کرنا ایک اعلیٰ اور امتیازی بات ہے، چنانچہ رمضان المبارک کے شروع ہونے سے پہلے ہی ہمنے نہایت خوشی کے ساتھ محراب سُننے کی تیاری کی لیکن اس خوشی مین بھی ایک رنج ملا ہوا تھا، اور وہ رنج سرکار خلد مکان کے موجود نہ ہونے کا تھا اسی خوشی پر کیا موقوف تہا، ہمین تو ستائیس برسون مین کوئی خوشی ایسی نہ ہوئی جس مین غم کا کانٹا نہ چبھا ہو۔

رمضان المبارک مین صاحبزادہ صاحب نے قرآن مجید سنانا شروع کیا، تمام مسلمان جو ڈیوڑہی کے متوسل تھے روزانہ نماز تراویح مین حاضر ہوتے اور کلام مجید سنتے غرض ۲۱ روز مین صاحبزادہ صاحب نے کلام مجید ختم کیا۔

حاضرین نے مبارکباد دی، حسب دستور شیرینی، اور گلاب، اور کیوڑے کے قرابے تقسیم ہوے، مسجد مین غیر معمولی طور پر روشنی کی گئی، محتاجون اور غریبون کو کھانا کھلایا گیا اور لوگون کو انعام تقسیم کیا گیا۔ قطعہ تاریخ ذیل مین درج ہے

حفظ قرآن کی یہان عزت ہے ۔۔۔ اور وہان درجۂ اعلےٰ کی امید
سر ابلیس نہ کیونکر ہو قلم ۔۔۔ لوحِ محفوظ ہوا قلب عُبَید

مولوی صدیق حسن خان صاحب کا اعزاز بعد مرگ

چونکہ سرکار خلد مکان کی بڑی آرزو تھی کہ مولوی صدیق حسن خان صاحب پر جو الزامات قائم کیے گئے ہین وہ رفع ہو جائین، اور اونکو پھر وہی گزشتہ اعزاز حاصل ہو جائے اس لیے سرکار خلد مکان نے ہر ایک طرح پر کوشش کی خود کلکتہ کا سفر کیا، لارڈ ڈفرن ویسرای و گورنر جنرل کشور ہند سے ملین، صاحبان ایجنٹ گورنر جنرل و صاحبان پولیٹکل ایجنٹ سے وقتاً فوقتاً یہی خواہش ظاہر کی، اور ہر ناکامی کے بعد اون مین ایک نیا حوصلہ استقلال کے ساتھہ پیدا ہوتا رہا تا آنکہ ۱۳۰۷ھ مین مولوی صدیق حسن خان صاحب کو پیغام اجل آگیا، اور اونہون نے اسی حسرت مین انتقال کیا۔

لیکن سرکار خلد مکان نے اپنی کوششون کا سلسلہ منقطع نہین کیا تاہم اونکی خواہش اس پیمانہ پر آگئی کہ سرکاری مراسلات و تحریرات مین مولوی صدیق حسن خان صاحب کا نام "نواب صاحب مرحوم شوہر رئیسہ" لکھا جائے، گورنمنٹ آف انڈیا مین خریطہ لکھا، اور بالآخر ہز ایکسیلنسی مارکوئیس لارڈ لینسڈون ویسرائے و گورنر جنرل کشور ہند نے اس خواہش کو منظور کر لیا، اور اس منظوری کی اطلاع بذریعہ مسٹر ایلیٹ[1] ہنوی صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا سرکار خلد مکان کو دی گئی۔

---

[1] ہنوی صاحب سر لیپل گریفن صاحب کے رٹائر ہونے پر ایجنٹ گورنر جنرل مقرر ہوے، وہ بڑے مدبر، اور خلیق تھے اونہون نے کمال دانشمندی سے کام لیا، اور حتی الامکان اصلاح کی، اون کی بیدار مغزی، اور کرنل وارڈ صاحب وزیر ریاست کی تدبیر

مسٹر ایف ہنوی صاحب بہادر نے سرکار خلد مکان کے نام ۱۲ اگست ۱۸۹۰ء عیسوی کو حسب ذیل چٹھی بھیجی :-

"مشفقہ من ! مین بڑی خوشی سے حضور کو اطلاع دیتا ہون کہ گورنمنٹ ہند نے حضور کی اس درخواست کو منظور فرمایا ہے کہ حضور کے شوہر عالی مقدار سرکاری مراسلات و تحریرات مین " نواب صاحب مرحوم شوہر رئیسہ " کے خطاب سے یاد کیے جائین "

اس چٹھی کے موصول ہونے پر بذریعہ وزارت اس عمل درآمد کے لیے حسب ذیل سرکلر جاری کیا گیا :-

سرکار مجریہ اجلاس منشی سید امتیاز علی خان صاحب بہادر
وزیر ریاست بھوپال مرقوم ۲ محرم ۱۳۰۸ھ

" حکم حضور سرکار عالیہ دام اقبالہا مرقوم بست و نہم ذیحجہ ۱۳۰۷ھ ہجری قدسی مطابق ہفتم اگست ۱۸۹۰ء ہمارے نام اس ارشاد سے صادر ہوا کہ " چٹھی انگریزی مسٹر ایف ہنوی صاحب بہادر ایجنٹ نواب گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا مورخہ دوازدہم اگست ۱۸۹۰ء مقام رزیڈنسی اندور سے بنام سرکار عالیہ اس مضمون سے آئی ہے کہ " بڑی خوشی سے حضور کو اطلاع دیتا ہون کہ گورنمنٹ ہند نے سرکار عالیہ کی اس درخواست کو منظور فرمایا کہ سرکار عالیہ کے شوہر عالی مقدار سرکاری مراسلات و تحریرات مین " نواب صاحب مرحوم شوہر رئیسہ " کے خطاب سے یاد کیے جائین "

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) وحکمت عملی سے تمام انتظامات عمدہ طور پر انجام پذیر ہوتے رہے ، اور کوئی بات پیدا نہین ہوئی -

اسواسطے آپ کو قلمی ہوتا ہے کہ آپ تمامی مہتممان محکمجات وجمیع جاگیرداران،
واخوان وملازمان، و متوسلان ریاست کو اطلاع دین کہ نواب صاحب بہادر مرحوم ومغفور
کے نام کے ساتھہ بموجب حکم گورنمنٹی، ورزیڈنٹی، جملہ تحریرات مین خطاب موصوف
درج کیا کرین، اور انگریزی اور اردو اخبارات مین بھی اسکے چھپوانے کا آپ
بندوبست کردین" پس بحکم حضور سرکار عالیہ ترجمہ چٹھی انگریزی صاحب ایجنٹ
نواب گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا طبع ہوکر بذریعہ اس سرکلر کے مشتہر کیا جاتا ہے
کہ جملہ حکام محکمات صدر و مفصلات، وملازمان ریاست وجاگیرداران صاحبان، واخوان ریاست
ورعایاے محروسہ، جملہ کاغذات سرکاری مین، اور جہان کہین موقع ذکر نواب
سید محمد صدیق حسن خان صاحب مرحوم کا ہو، بخطاب "نواب صاحب مرحوم شوہر
سرکار عالیہ" استعمال کیا کرین، اور حکم دیا جاتا ہے کہ حکام صدر و مفصلات
اپنے اپنے مواقع حکومت کے بڑے بڑے مقامات اندرون وبیرون شہر و
اضلاع ومحالات مین منادی بھی اسکی بآواز دہل کرادین تاکہ خواص وعوام سب مطلع
ہوجائین، اور مطابق حکم مندرجہ اس سرکلر کے تعمیل کرتے رہین"۔

نہر جدید کا اجرا

بتقریب جشن حکومت پنجاہ سالہ علیا حضرت ملکہ معظمہ وکٹوریہ قیصر ہند

اگرچہ تقریب جشن حکومت پنجاہ سالہ کے موقع پر سرکار خلد مکان نے بطور یادگار ہند قیصری کی تعمیر شروع کرا دی تھی، لیکن وہ اپنی بلندی حوصلہ کے مطابق ایک اور یادگار عظیم پیمانہ پر قائم کرنا چاہتی تھین کہ اسی عرصہ مین ڈاکٹر ڈین انجنیسی سرجن سیہور نے پل پختہ کے پانی کے مضر صحت ہوجانے کی شکایت کی۔

چونکہ سرکار خلد مکان کے دلمین یادگار قائم کرنے کا خیال جاگزین تو تھا ہی، اونہون نے بمشورہ صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر، وزیر ریاست یہ قرار دیا کہ پل پختہ سے ایک "نہر" تیار کی جای جس سے وہ حصص شہر بھی سیراب ہون جہان واٹرورکس سے پانی نہین پہونچتا، اور نیز قرب وجوار کے دیہات، وزمین کی آبپاشی بھی ہو سکے۔

مسٹر ڈیوڈ کوک انجنیر ریاست نے حسب الحکم سرکار خلد مکان مصارف نہر جدید کا تخمینہ پیش کیا جو یک لک [illegible] کا تھا۔

سرکار خلد مکان نے اس تخمینہ کو منظور فرما کر تین سال کی مہلت تیاری کی دی۔

۲۱ رمضان سنہ ۱۳۱۱ھ کو یہ نہر تیار ہوگئی، اور ۲۲ رمضان کو اس نہر کے ذریعہ سے شاہجہان آباد اور باغ نشاط افزا مین پانی پہونچایا گیا، اور وقتاً فوقتاً دوسری شاخین جاری ہوتی رہین۔

اس نہر مین کوئی دخانی انجن نہین، بلکہ ایک چرخی ہے جو پانی کے زور سے چلتی ہے، اور اوس چرخی سے پانی روان رہتا ہے۔

تالاب کلان کا زائد پانی ایک نل کے ذریعہ سے جو قلعہ کہنہ سے نکال کر پل پختہ مین ملا دیا گیا ہے

آجاتا ہے۔

یہ پانی دوازدہ ماہ اسلام نگر تک بہ کر کاشتکارون کو فائدہ پہونچاتا ہے، اس نہر سے رعایائے شہر کو نہایت آرام پہونچ رہا ہے، اور قرب وجوار کی زراعت کی آبپاشی ہوتی ہے۔

یہ ایک دائمی فیض جنابہ ملکہ معظمہ وکٹوریہ قیصرہ ہند کی یادگار جشن حکومت پنجاہ سالہ کا ہے جو مدتہائے مدید تک جاری رہیگا، اور اس سے رعایائے بہوپال فیضیاب رہے گی۔

تشریف آوری ہز اکسیلنسی مارکوئس لارڈ لینسڈون صاحب بہادر ویسرائے و گورنر جنرل کشور ہند

آنریبل مسٹر کراسیویٹ صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا نے اپنے مراسلہ ۲۲ اکتوبر ۱۸۹۱ء کے ذریعہ سے سرکار خلد مکان کو اطلاع دی کہ "جناب معلی القاب نواب گورنر جنرل بہادر ویسرائے ہند بتقریب دورہ شملہ سے نہضت فرما ہوئے، اور جناب محتشم الیہ کا قصد مبارک ہے کہ ۲۰ نومبر کو بھوپال تشریف لائین، اور ۲۱ و ۲۲ نومبر کو مقیم رہکر سرکار عالیہ اور دیگر روسائے متعلقہ بھوپال ایجنسی سے ملاقات عمل مین آئے"۔

سرکار خلد مکان کو ایسے جلیل القدر مہمان کی تشریف آوری سے بے انتہا مسرت ہوئی، اور ایک خریطہ اظہار شکریہ کا بحضور ویسرائے ہند ارسال کیا، ہز اکسیلنسی کے خیر مقدم، اور دعوت کی تیاریان بڑے حوصلہ اور سرگرمی سے شروع کر دین۔

مارشنس لینسڈون، ہز اکسیلنسی لارڈ ہیرس گورنر بمبئی، اور اون کی بانوے محترم، اور دیگر معزز یوروپین، اور لیڈیون کو دعوت دی گئی۔

روسائے راجگڈہ، نرسنگڈہ، کھلچی پور، کوروائی، باسودہ، پٹھاری، محمد گڈھ، مقصودن گڈھ، سوٹھالیا، آگرہ، دھابلہ ڈہیر، دھابلہ گھوسی، داریا کھیڑی، ورام گڈھ، بھی سرکاری طور پر بھوپال مین طلب کیے گئے تھے، اون کے کیمپون کا بھی ضروری انتظام منجانب ریاست کیا گیا، ۲۰ نومبر تک ہز اکسیلنسی ویسرائے کی تشریف آوری سے پہلے تمام مہمان تشریف لے آئے تھے، اور ملاقات، ومصروفیت کا حسب قاعدہ پروگرام بھی مرتب ہو گیا تھا،

چونکہ بھوپال مین نائب السلطنت کے آنے کا پہلا موقع تہا، اسلیے ۲۰ نومبر کو صبح ہی سے تمام
شہر مین چہل پہل مچی ہوئی تہی اور تمام لوگ ہز اکسلنسی کی سواری کے اشتیاق مین جا بجا رہگذرون پر
جمع ہونے شروع ہو گئے تھے تمام انتظام خیر مقدم جو ہر ہر قدم اور ہر ہر مرکز نظر پر سرکار خلد مکان
کی فراخ حوصلگی کو ظاہر کر رہا تہا، بجاے خود مکمل ہو چکا تھا۔

"اسٹیشن" سے "لال کوٹھی" تک، اور "پل پختہ" سے "شاہجہان آباد" تک مناسب موقعون پر
متعدد عارضی دروازے، اور محرابین بنائی گئی تھین، جنپر سرخ چھول منڈھکر کرکری کی پوشش
کی گئی تھی، دورویہ بانس کا کٹگہرا تھا، جو گوٹے، اور کرکری سے منڈھا ہوا تھا، فوجی بارک کے
سامنے ایک دروازہ بنایا گیا تھا جسمین قدیم، وجدید وضع کے اسلحہ کی اس ترتیب سے نمائش
کی گئی تھی کہ صاف طور پر پھول، اور بیلین نظر آتی تھین۔

لال کوٹھی اگرچہ بجاے خود ایک شاندار اور خوشنما عمارت ہے لیکن اوسکے صحن مین روز کا
شاہی درباری شامیانہ نصب تھا تمام دروازون پر "ویلکم" اور "خیر مقدم" کے فقرات، اور موزون و
مناسب اشعار کاٹ کر لگائے گئے تھے، منشی حسین خان کی سراے سے "باب شاہی" تک کیلے
کے سبز درخت لگائے گئے تھے، اور اون کے بیچ مین زنگار رنگ کے پھولون اور "کروٹن" کے
گملے رکھے ہوے تھے۔

"باب شاہی" کے بالمقابل ایک دروازہ شیشہ کا بڑی محنت وصنعت سے تیار کیا گیا تھا
اور اوسپر پھول، اور بوٹے سب رنگین شیشون کے ابھرے ہوے تھے، جو فیاض، اور بلند حوصلہ
میزبان کی خوش سلیقگی، اور موجدانہ طبیعت کے رنگ کو ظاہر کر رہے تھے، دروازہ "عالی منزل"
تک سرخ بانات کا فرش بچھا ہوا تھا "محل" کے اندرونی حصہ کی آرائش بھی بہت بڑھی چڑھی
تھی، تمام فوج ریاست "باغ نوبہار" کے میدان سے اسٹیشن تک نہایت انضباط کے ساتھہ

اپنی نئی ، اور زرق برق وردیون مین صف بستہ کھڑی تھی "اسٹیشن" کے سامنے "ہاتھی" جھوم رہے تھے ، جن پر زربفتی جھولین پڑی ہوئی ، اور گنگا جمنی ، اور نقرئی ہودج کسے ہوے تھے ، اور اون پر ریاست کا "ماہی مراتب" تھا "توپخانہ" مالگدام کے قریب شمالی میدان مین قائم کیا گیا تھا

سرکار خلد مکان اپنے جاہ وحشم کے ساتھ ۵ بجے اسٹیشن پر اپنے گرامی منش ، اور عالی مراتب مہمان کے استقبال کے لیے تشریف لے گئین ۵ بجے ۳۰ منٹ پر عالیجناب مستطاب نواب ہز اکسلنسی مارکوئس لارڈ لینسڈون گورنر جنرل و ویسرائے ہند کی سواری اسپشل ٹرین رونق افروز ہوئی توپخانہ سے سلامی سر ہوئی ، اور بینڈ نے "خوش آمدید" کا ترانہ بجایا ، سرکار خلد مکان نے اپنے خاص "ویٹنگ روم" سے ہز اکسلنسی کے "سیلون" تک استقبال کیا ، اور وہان سے آکر مہمان ، ومیزبان "ویٹنگ روم" مین بیٹھے ، بعد معمولی گفتگو و مزاج پرسی کے ہز اکسلنسی کے حضور مین وزیر ریاست ، میان عالمگیر محمد خان ، میان صدر محمد خان ، میان نور الحسن خان ، میان علی حسن خان ، اور میان عبد الحی خان سلام کے لیے پیش کیے گئے ، اسکے بعد ہز اکسلنسی ایک چہار اسپہ گاڑی پر سوار ہوے ، اون کے بعد سرکار خلد مکان چہار اسپہ گاڑی مین سوار ہوئین ، اور اون کے بعد حسب ترتیب پروگرام[1] اور بہت سی گاڑیان تھین -

"پل پختہ" تک پہونچکر سرکار خلد مکان "تاج محل" کو تشریف لے گئین ، اور ہز اکسلنسی "لال کوٹھی" مین راستہ کی آرائش ملاحظہ فرماتے ہوے تشریف فرما ہوے ، بعد تھوڑی دیر کے وزیر ریاست ، میان عالمگیر محمد خان ، میان صدر محمد خان ، اور میان نور الحسن خان منجانب سرکار خلد مکان مزاج پرسی کے واسطے گئے ، اور بذریعہ صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر

---

[1] حسب ذیل ترتیب تھی :-

فارن سکرٹری ، وایجنٹ گورنر جنرل و دیگر صاحبان سکرٹری و صاحب پولٹیکل ایجنٹ ، وزیر ریاست ، عالمگیر محمد خان ، صدر محمد خان ، نور الحسن خان ، علی حسن خان ، عبد الحی خان ،

مزاج پرسی کی گئی، صاحب فارن سکریٹری نے ان لوگون کو عطر و پان دیکر رخصت کیا۔

۲۱ر نومبر کو ۱۱ بجے سرکار خلد مکان ہز اکسلنسی کی ملاقات کو "لال کوٹھی" مع گیارہ سرداروں کو گیئن، حسب قاعدہ استقبال ہوا، اور ہز اکسلنسی سے ملاقات ہوئی، سرکار خلد مکان نے "نذر" دی، اور سرداران ہمراہی نام بنام بلائے گئے، جنھون نے "نذرین" پیش کین۔

سرکار خلد مکان ویٹنگ روم سے نکل کر دوسری جانب جہان معزز مہمان لیڈیان، اور ہز اکسلنسی کی لیڈی صاحبہ تشریف رکھتی تھین گئین، اور اپنی مہمان خاتون سے شوقیہ گفتگو کرتی رہین۔

اس ملاقات کے بعد سرکار خلد مکان "تاج محل" کو واپس تشریف لائین، ۵ بجے شام کو میان عالمگیر محمد خان، میان صدر محمد خان، حافظ بخشی محمد حسن خان صاحب بہادر "نصرت جنگ" سی، آئی، ای، سپہ سالار افواج ریاست، و نائب وزیر مال ہز اکسلنسی کے استقبال کو "لال کوٹھی" تک گئے، ۶ بجے پروگرام کے مطابق ہز اکسلنسی ملاقات بازدید کے لیے "تاج محل" کو تشریف لائے۔

دروازہ "تاج محل" پر صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر و وزیر ریاست نے استقبال کیا، اندرونی دروازہ پر بنفس نفیس سرکار خلد مکان استقبال کے لیے موجود تھین، ہز اکسلنسی گاڑی سے اُتر کر کمرہ دربار "تاج محل" مین تشریف لے گئے، اور کرسی طلائی پر متمکن ہوئے۔

اس دربار مین چودہ※ اشخاص معززین ریاست مین سے شرفیاب حضوری تھے۔

※ جو حسب ذیل اشخاص تھے:۔

وزیر ریاست، عالمگیر محمد خان، صدر محمد خان، نور الحسن خان، عاقل محمد خان، نظیر محمد خان، حافظ محمد حسن خان صاحب "نصرت جنگ" سی آئی ای، نائب مال، علی حسن خان، عبد الحی خان، وکیل ریاست۔

※ دیکھو صفحہ آیندہ۔

سرکار خلد مکان نے حضور ویسراے، صاحب فارن سکریٹری، اور صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کو اپنے دست مبارک سے، اور باقی عہدہ دارون کو منشی امتیاز علی خان وزیر ریاست نے عطر و پان دیا، اوسی تاریخ شب کو سرکار خلد مکان کیطرف سے "ڈنر" ہوا، اور خود سرکار خلد مکان "ڈنر" کے وقت "لال کوٹھی" پر تشریف لیگیٔن، جب معزز مہمان کھانا کھانے سے فارغ ہو چکے تو سرکار خلد مکان نے حسب ذیل فصیح و بلیغ اسپیچ فرمائی :-

اسپیچ سرکار خلد مکان

حضور معلی القاب نواب گورنر جنرل بہادر نائب السلطنت ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی تشریف آوری سے وہ بے انتہا مسرت حاصل ہوئی ہے، جسکے بیان کے واسطے مجھ کو الفاظ نہین مل سکتے، نہ میری زبان مین ایسی طاقت ہے، نہ میرے بیان مین اسقدر طاقت ہیکہ جسقدر جوش شکر گذاری اس احسان عظیم کا میرے دل مین موجزن ہے، اوس کا ایک شمہ بھی ادا کر سکون۔

حضور ویسراے، اور لیڈی صاحبان عالیشان نے جو میری ناچیز دعوت کو کمال عنایت سے قبول فرمایا ہے، مین خلوص دل سے اوسکی شکر گذار ہون اگرچہ بلحاظ اون خیر خواہیون، اور وفاداریون کے جو ابتداے آمد انگلش گورنمنٹ سے ملک ہند مین متواتر بلکہ علی الاتصال منجانب میرے مورثون کے ظہور مین آئین،

(متعلقہ صفحہ گذشتہ)* منشی سید امتیاز علی خان صاحب وزیر ریاست، میان عالمگیر محمد خان، میان صدر محمد خان، میان نور الحسن خان، میان علی حسن خان میان عاقل محمد خان، میان نظیر محمد خان، میان عبد الحی خان، میر بخشی صاحب بہادر نصرت جنگ، نائب وزیر مال، میان اکبر محمد خان منشی عبد العلی خان مہتمم دفتر حضور، منشی حکیم الدین میر منشی، اور منشی احمد حسن خان وکیل رتبتا۔

اور بہ لحاظ اون اطاعتون ، اور خیر خواہیون ، اور وفاداریون کے جنپر ابتداے مسند نشینی سے آجتک مین بذات خود راسخ اور مستقل رہی مجھہ کو اس سے بہت پہلے امید تھی کہ مین وہ عزت حاصل کرتی جو آج حضور ویسراے نے اپنی تشریف آوری سے مجکو اور میرے اس چہوٹے ملک کو بخشی ہے لیکن بوجہ ناصفائی راہون کے اور نہ موجود ہونے وسائل آسانی سفر کے اوسکی نوبت نہ آئی تھی یا یون کہنا چاہیے کہ اس عزت افزائی کا وقت نہ آیا تھا ، جو کچھہ ہو ، چونکہ یہ خاص عزت افزائی حضور معلی القاب ویسراے و گورنر جنرل لارڈ لینسڈون صاحب بہادر نے فرمائی ہے ، لہذا میرے واسطے ، اور میرے ملک کے باشندون کے واسطے یہ دن براے دوام یادگار تاریخی ، اور حضور ممدوح کا نام نامی نقش نگین دل رہے گا۔

مین حضور ویسراے کو یقین دلاتی ہون کہ یہ ایام تشریف آوری ، اور قیام حضور ویسراے قیصرہ ہند میری زندگی کے ایسے بہترین ایام سے ہین جن سے بڑھکر کوئی دن نہین ہوسکتا۔

حضور ویسراے نے جس روز سے عنان حکومت اس ملک وسیع الرقبہ ہند کی اپنے ہاتھہ مین لی ہے ، ہر ایک معاملہ مین اس ریاست بھوپال کے جو حضور ممدوح کے عہد مین پیش ہوے ، خاص مہربانی سے توجہ فرمائی ہے ، اور مجھہ کو یقین کامل ہے کہ حضور معلی القاب میری رفاہ جوئی رعایا ' و خیر خواہی ' و اطاعت شعاری ' و وفاداری جو ساتھہ حضور " ملکہ معظمہ " قیصرہ ہند کی ہے ، مناسب موقع پر اوسکی تصدیق بحضور ملکہ ممدوحہ فرمادینگے ، نیز یہ بھی میری طرف سے التماس کرینگے کہ آپکی فرمانبردار " شاہجہان " مع اپنی فوج و رعایا ، و ملازمان کے ہر وقت واسطے جان نثاری

و بجا آوری خدمات کے تیار ہے۔

"جام صحت" کے پینے کے بعد ہزاکسلنسی نے کرسی سے اوٹھکر پرجوش فصاحت کے ساتھہ اسپیچ دی، جو حسب ذیل ہے:-

اسپیچ ہزاکسلنسی ویسرائے کشور ہند

نواب بیگم صاحبہ، و لیڈی صاحبان، و جنٹلمین!

جو عزت کہ "نواب بیگم صاحبہ" نے مجھے بخشی ہے، اوس کا میرے دل پر نہایت زیادہ اثر ہوا ہے، کیونکہ میری نظر مین اس عزت کی اس وجہ سے اور بھی زیادہ وقعت ہے کہ مین یقین کرتا ہون کہ مین ہی پہلا ویسرائے ہون، جسکو "بھوپال" مین "نواب بیگم صاحبہ" کے مہمان ہونے کی برتری حاصل ہوئی۔

"نواب بیگم صاحبہ" کے اس عنایت کی اسلیے مین اور بھی زیادہ قدر کرتا ہون کہ "بیگم صاحبہ" ممدوحہ ہنوز ایک سخت خانگی غم مین مبتلا ہین، اور عالم تنہائی سے باہر آنے مین "بیگم صاحبہ" موصوفہ کو ایک گونہ زور دینا پڑا ہوگا۔

مجھہ کو یقین کامل تھا کہ مثل اور موقعون کے اس موقع پر بھی "نواب بیگم صاحبہ" جناب "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دامت سلطنتہا" کی تعظیم کے قول اور فعل کے اظہار کرنے مین جس کو کہ "بیگم صاحبہ" ممدوحہ نے ایسے فصیح اور پرجوش الفاظ مین ظاہر فرمایا ہے، اپنی ذاتی، اور خانگی رنج وغم کے مانع نہ ہونے دیوینگی، جس طور سے آج کی شب "نواب بیگم صاحبہ" نے جناب "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" کا ذکر فرمایا ہے، اوسکی اطلاع مین جناب ممدوحہ کی خدمت مین ضرور بالضرور کرونگا۔

اپنے بارہ مین مجھے اس بات سے نہایت زیادہ خوشی حاصل ہوئی کہ خود "نواب بیگم صاحبہ" کی زبان مبارک سے مینے سنا کہ "بیگم صاحبہ" ممدوحہ کے خیال مین جو مختلف معاملات متعلق ریاست بھوپال میرے سامنے پیش ہوے، اون مین "بیگم صاحبہ" ممدوحہ کا لحاظ جیسا چاہیے تھا رکھا گیا اور مین اسبات کا "بیگم صاحبہ" موصوفہ سے اقرار کرسکتا ہون کہ جس طور سے "بیگم صاحبہ" ممدوحہ مجھسے اس دلچسپ موقع پر پیش آئی ہین، اوسکی وجہ سے "نواب بیگم صاحبہ" کی جو دوستانہ وقعت مجھ پر ہے اوسکا اگر زیادہ ہونا ممکن ہے تو ہوگی۔

روسا بھوپال ہمیشہ سے وفاداری، لیاقت انتظامیہ، وسخاوت، وخیرات، مین مشہور رہے ہین، "نواب سکندر بیگم صاحبہ" مرحومہ والدہ "نواب بیگم صاحبہ" حال نے جو خدمت سرکار انگلشیہ کی ایام غدر مین کی، جبکہ اوس خدمت کی ازبس ضرورت تھی وہ نہ فراموش ہوئی ہے، اور نہ ہوسکتی ہے، اور جس خاندان سے ایسی ایسی خدمات ظہور مین آئین، اوسکی "بیگم صاحبہ" ممدوحہ ایک لایق جانشین ہین۔

"بیگم صاحبہ" موصوفہ کی کارگزاری، وانتظام ریاست سے اونکا ایک عقلمند اور دانا رئیس ہونا ظاہر ہے، "بیگم صاحبہ" موصوفہ نے بہت سے نہایت عمدہ، اور مفید کامون مین اپنی فیاضانہ امداد سے اپنی ریاست کی بہبودی کو بہت بڑہایا ہے، اور اس حصہ ہندوستان کے ریلوے کی ترقی مین بیگم صاحبہ نے فیاضی کے ساتھہ مدد دی ہے، اور نیز سڑکین بنوائین، اور ہسپتال تعمیر کراے، اور باشندگان "بھوپال" کیلیے اچھے پانی بہم پہونچانے کا ایک نہایت عمدہ بندوبست کر دیا ہے، اور آج بھی "نواب بیگم صاحبہ" نے اپنی خواہش ظاہر فرمائی ہے کہ کچھہ عرصہ ہوا اوس وقت جو "بیگم صاحبہ" ممدوحہ نے امداد وحفاظت سرکار "قیصرہ ہند" کی غرض سے اپنی جنگی

فوج کا، ایک حصہ سرکار انگریزی کے سپرد کرنے کے بارہ مین تحریک کی تھی، اوس کی اگر گورنمنٹ عالیہ ہند پسند فرماوے تو اب کارروائی ہوسکتی ہے۔

مین چاہتا ہون کہ حاضرین جلسہ میرے ساتھ "نواب بیگم صاحبہ" کا "جام صحت" نوش کرنے، اور اس امید کے اظہار کرنے مین شریک ہون، کہ جو کچھ کہ رنج و تکلیف "نواب بیگم صاحبہ" ممدوحہ کو پہنچ چکی ہے، وہ کچھ عرصہ مین رفع ہو کر بے یاد ہو جاوے، اور مدت دراز تک "بیگم صاحبہ" موصوفہ کی سلطنت قائم رہے جس سے رعایاے بھوپال کو نفع فائدہ پہنچا ہے، اور جو گورنمنٹ عالیہ ہند کی امداد و تحسین کی مستحق ہے۔

کھانے کے بعد مہمانون نے آتشبازی کی سیر دیکھی، جو احاطہ "لال کوٹھی" مین نصب تھی۔

دوسرے دن شب کو تمام لیڈی صاحبات، اور یوروپین صاحبان "تاج محل" پر تشریف لائے، اور روشنی کا تماشا دیکھا، موتیا تالاب مین بلوری لطین، کنول کے پھول، اور کشتیان چھوڑی گئی تھین جس مین ایسے انداز سے روشنی تھی کہ اوسکا عکس باہر، اور پانی کے اندر پڑتا تھا جس سے عجیب کیفیت پیدا ہوگئی تھی، اور اندر و باہر روشنی کا ایسا منظر تھا کہ تمام تالاب بقعۂ نور معلوم ہوتا تھا اور کھلا ہوا گلزار آتشین نظر آرہا تھا "عالی منزل" کا اندرونی حصہ گویا روشنی کی گلکاری سے آراستہ تھا قدرتی پھولون کے ساتھ انسانی صنعت کی روشنی کے پھولون نے ایک نئی بہار پیدا کردی تھی۔

"محل دلکشا" کی چھت پر جو لب تالاب واقع ہے، مہمانون کے لیے گنگاجمنی نقرئی، اور بلوری کرسیان بچھائی گئی تھین۔

ہارشنس لینسڈون نے اس روشنی کے متعلق اخلاقاً یہ ریمارک کیا:۔

"ہم نے ایسی عمدہ روشنی ہندوستان مین کہین نہین دیکھی جیسی نواب بیگم صاحبہ نے ہمارے لیے "بہار افزا" مین کی۔"

۲۲ رنومبر کو ہزاکسلنسی نے "سانچی کا ناکیٹرہ" کی "تاریخی عمارت" "پرنس آف ویلز ہسپتال" "زنانہ ہسپتال"[1] "قلعہ فتحگڈہ" اور "بالا قلعہ" کو ملاحظہ فرمایا، اس تاریخ کو سرکار خلد مکان نے ہزاکسلنسی ویسرائے سے ملاقات رخصتی کی، اور مارشنس لینسڈون سرکار خلد مکان سے الوداعی ملاقات کے لیے مع صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کی لیڈی صاحبہ کے "چمن بہار افزا" مین تشریف لائین، مین نے بھی اوس دن "لال کوٹھی" پر ہزاکسلنسی لارڈ لینسڈون سے ملاقات کی۔

میرے ہمراہ "نواب احتشام الملک بہادر" اور نواب محمد نصراللہ خان صاحب بہادر اور کرنل محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر تھے، صاحبزادی آصف جہان بیگم صاحبہ کی طبیعت اوس روز ناساز تھی، اس وجہ سے وہ میرے ہمراہ نہ جا سکین۔

مین نے برقع سے ملاقات کی، اور چند منٹ تک گفتگو ہوتی رہی، ہزاکسلنسی روشنی، اور آرائش، اور دعوت وغیرہ کا ذکر فرماتے رہے، تھوڑی دیر کے بعد اپنے ایک اے ڈی کانگ کو حکم دیا کہ "لیڈی لینسڈون صاحبہ کو میری ملاقات کیلیے لائین" جنابہ لیڈی صاحبہ تشریف لائین، ہم سبھون نے اوٹھکر تعظیم ادا کی، وہ میرے پاس کی کرسی پر تشریف فرما ہوئین، دیر تک شوقیہ گفتگو رہی، بھوپال کی آب و ہوا اور روشنی وغیرہ کا بھی تذکرہ فرمایا، ہزاکسلنسی نے ہم سبھون کو عطر و پان دیا، شب کو خاصہ تناول فرمانے کے بعد ہزاکسلنسی ویسرائے مع اپنے ہمراہیون کے اسپشل ٹرین پر اندور کو تشریف لیگئے، ہزاکسلنسی کی روانگی پرائیوٹ تھی، اسلیے مشایعت باضابطہ نہین کی گئی۔

اس تشریف آوری کے موقع پر ریاست کو یہ خاص اعزاز مرحمت ہوا کہ ۱۰۱ اشرفی کی نذر جو منجانب حکمران بھوپال پیش کی جاتی تھی، ہمیشہ کے لیے معاف کی گئی، اور اوس کا باقاعدہ اعلان کیا گیا۔

[1] اس ہسپتال مین دایہ گری کی بھی تعلیم ہوتی ہے، اور یہ ہسپتال "لیڈی لینسڈون" کے نام سے موسوم ہے۔

ہزاکسلنسی ویسراے جو نقش اس اہتمام خیر مقدم اور دعوت، و مہمان نوازی کا اپنے دل پر لے گئے وہ اونکی اوس اسپیچ سے ظاہر ہوتا ہے جو اونھون نے "ٹون ہال" کلکتہ مین یکم دسمبر ۱۸۹۱ء کو اپنے دورہ کے بعد دی تھی، جس کا اقتباس حسب ذیل ہے۔

اقتباس اسپیچ[1] ہزاکسلنسی لارڈ لینسڈون

"مین چاہتا ہون کہ کچھ حال اپنے سفر کا بھی اس ضمن مین بیان کرون، کم سے کم چار رئیسون سے اس اثنا مین میری ملاقات ہوئی، اور یہ راستی کے خلاف ہوگا اگر مین اوس گرمجوشی کی تصدیق نہ کرون کہ جس کے ساتھ اونھون نے میرا استقبال کیا، اور اوس وفاشعاری اور اطاعت کی گواہی نہ دون، جو اون مین موجود ہے۔

"بھوپال" مین ہر ہائینس "بیگم صاحبہ" سے ملنے کی خوشی حاصل ہوئی اونھون نے اپنے جوہر ذاتی ذہانت و فراست، اور دانائی، و لیاقت سے مجھے بہت ہی متعجب کیا، کل مضامین و روایات متعلقہ ریاست وفاداری و اطاعت کی دلیل ہین، اور خود سلطنت انگلشیہ کی معین راسخ و خیرخواہ واثق ہین، اور باوجود خانگی رنج و ملال کے جس کا گران بار اثر اونکے دل پر ابھی تک موجود ہے اونھون نے جس خلق و اخلاص سے میرا استقبال کیا، اوسکو مین مشکل سے بھول سکتا ہون"

سرکار خلد مکان نے اون تمام اعلیٰ، و ادنیٰ ملازمان ریاست و ڈیوڑہی خاص کو جنھون نے اس موقع پر نمایان خدمات کی تھین، اور جو شب و روز اپنے بجاآوری فرائض مین مصروف تھے معقول انعام عطا فرمایا۔

---

[1] ماخوذ از اخبار اسٹیٹسمین کلکتہ یکم دسمبر ۱۸۹۱ء

ہزاکسیلنسی کا اسٹیشن بھوپال سے اثناے سفر مین گذر کرنا

سنہ ۱۸۹۲ء مین جبکہ ہزاکسیلنسی کے سفر کا پروگرام شایع ہوا اوس سے سرکار خلد مکان کو معلوم ہوا کہ ”ہزاکسیلنسی ۲۸ راکتوبر کو اسٹیشن بھوپال سے گذرینگے“ سرکار خلد مکان نے فوراً ہزاکسیلنسی سے خواہش کی کہ وہ اور مارشنس لینسڈون اسٹیشن بھوپال پر اونکی دعوت قبول فرمائین“ ہزاکسیلنسی نے نہایت مہربانی وشکرگذاری سے دعوت منظور فرمائی۔

سرکار خلد مکان نے اعلیٰ پیمانہ پر اسٹیشن کے سرکل مین دعوت کا انتظام کیا، اور خیمہ وغیرہ نصب کیے گئے۔

۲۸ راکتوبر کو ۸ بجے شب کے وقت ہزاکسیلنسی کا اسپشل ٹرین آیا، ہزاکسیلنسی نے مع اپنی بیگم صاحبہ خاصہ تناول فرمایا، سرکار خلد مکان دوسرے خیمہ مین موجود تھین، جب ہزاکسیلنسی خاصہ تناول فرما چکے، تو سرکار خلد مکان نے ایک مختصر تقریر مین جناب ممدوح کے ”جام صحت“ نوش کرنے کی تحریک کی جس کے جواب مین ہزاکسیلنسی نے تقریر فرمائی، جو ذیل مین درج ہے:-

اسپیچ

لیڈی صاحبات، وجنٹلمین!

”نواب بیگم صاحبہ“ مکرمہ نے جن شفقت آمیز الفاظ مین لیڈی لینسڈون صاحبہ کے و میرے ”جام صحت“ نوش کرنے کی تحریک کی، اوسکا پورے طور سے مین شکریہ ادا نہین کرسکتا ہون، اس مرتبہ پھر ”نواب بیگم صاحبہ“ مکرمہ کے مہمان ہونے مین ہم کو از حد خوشی حاصل ہوئی، بارہ مہینے گذرے اوسوقت جو مہمانداری و مدارات

ہماری ریاست بھوپال مین ہوئی تھی، اوسکو ہم بھول نہین گئے، اور مجھہ کو
یقین ہے کہ جو صاحبان اوسوقت ہمارے ہمراہ تھے، وہ بھی نہین بھولے ہونگے
جب سے مین ہندوستان مین ہون کسی واقعہ نے میرے دلپر اس سے زیادہ نقش
نہین کیا، جیسا کہ اوس موقع پر ہوا جبکہ بہنگام دعوت شاہی" نواب بیگم صاحبہ مکرمہ نے
پرجوش اور چیدہ الفاظ مین گورنمنٹ عالیہ انگلشیہ کی طرف اپنی جان نثاری
اور جناب" ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دامت سلطنتہا کی طرف اپنی وفاداری کا اظہار کیا،
اوسوقت جو وعدہ مینے کیا تھا اوسکے بموجب" نواب بیگم صاحبہ" مکرمہ کی تقریر کا
پورا انتشار مین نے جناب" ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" کی خدمت مین پیش کیا، اور اب مین
بخوشی تمام اس امر کا اظہار کرسکتا ہون کہ جو خیالات" نواب بیگم صاحبہ" مکرمہ نے
اوسوقت ظاہر کیے تھے، اون کے سننے سے جناب ممدوحہ بہت خوش ہوئین۔
اس موقع پر جیسی مہربانی اور عنایات کے ساتھہ" نواب بیگم صاحبہ" مکرمہ ہم سے
پیش آئین اوسکا خاصکر مین ممنون وشکرگذار ہون، کیونکہ گو جلدی کی حالت مین اقتصو
ریاست بہوپال مین ہوکر ہمارا گذر ہوا، اور ہم زیادہ قیام یہان نہین کرسکتے تھے
تاہم جو ہین" نواب بیگم صاحبہ" مکرمہ کو اس امر کی اطلاع ہوئی کہ" آج شب کو ہم یہان ہوکر
گذرینگے" فوراً ہی" نواب بیگم صاحبہ" ممدوحہ نے اس بابت اپنی خواہش ظاہر فرمائی
کہ چند ہی منٹ کے لیے ہم یہان ٹھہر جائین، او" نواب بیگم صاحبہ" مکرمہ کی مہانداری کا
دوبارہ لطف اوٹھائین۔

" نواب بیگم صاحبہ" نے اب پھر سرِ عام اپنی وفاداری کا اظہار فرمایا ہے، اور
مین بخوشی تمام" نواب بیگم صاحبہ" مکرمہ کو اس امر کا یقین دلاتا ہون (حالانکہ اس

یقین کے دلانے کی کوئی ضرورت نہین) کہ "ہندوستان" کے رئیسون مین ایسا کوئی نہین ہے جسکی وفاداری پر گورنمنٹ عالیہ ہند کو بہ نسبت وفاداری "نواب بیگم صاحبہ" مکرمہ کے زیادہ تر اعتماد کلّی ہو ، اور جب کبھی "نواب بیگم صاحبہ" مکرمہ کے خیال مین گورنمنٹ عالیہ ہند کی امداد "نواب بیگم صاحبہ" کے لیے مفید ہو سکے ، تب اوس امداد و تقویت کے پہونچانے مین مجھہ کو ہمیشہ خوشی ہوگی -

اب مین حاضرین جلسہ سے استدعا کرتا ہون کہ "نواب بیگم صاحبہ" مکرمہ کی "جام صحت" نوش کرنے مین میرے شریک ہون ، اور نیز اس خواہش مین کہ "نواب بیگم صاحبہ" ممدوحہ کی عمر دراز ہو ، اور ریاست کی بہبودی ہو فقط -

لیڈی لینسڈون ہسپتال بھوپال

سرکار خلد مکان کو جو رنج نواب صدیق حسن صاحب کے معاملات مین پہونچا اوس کی تلافی مارکوئیس لارڈ لینسڈون ویسرا ے و گورنر جنرل ہند نے جہان تک کہ گورنمنٹ آف انڈیا کی پالیسی نے اجازت دی نہایت عمدہ طریقہ پر کی ۔

اونہون نے نواب صدیق حسن خان صاحب کے انتقال کے بعد سرکار خلد مکان کی درخواست نواب صدیق حسن خان صاحب کو "نواب صاحب مرحوم شوہر رئیسہ" لکھنے کی اجازت مرحمت فرمائی خود بھوپال تشریف لاکر ریاست بھوپال کو اول مرتبہ علیا حضرت "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" کی نائب السلطنت کی میزبانی کا شرف بخشا ، اور ہمیشہ کے لیے نذر معاف فرماکر عزت افزائی کی ۔

ان تمام مراعات نے سرکار خلد مکان کے دل مین جوش احسانمندی کو اور بڑھا دیا ، اور اونہون نے لیڈی لینسڈون کی ایک مستقل اور مفید عام یادگار بھوپال مین قائم کرنی چاہی ۔

بھوپال مین زنانہ ہسپتال کی توسیع کر کے دائیگری کی تعلیم جاری کی اور اوسکے لیے ایک مخصوص عمارت تعمیر کرنے کے لیے حکم صادر فرمایا ، اور اس ہسپتال کو لیڈی لینسڈون کے نام سے منسوب کیا ۔

ہسپتال کا نقشہ تیار ہوا ، اور بیرون" دروازہ بدھوارہ " ایک عمدہ قطعہ زمین کا پل پختہ کے قریب "اسٹیشن" کے راستہ پر عمارت کے لیے تجویز ہوا ، تھوڑے ہی عرصہ مین خوشنما اور وسیع عمارت تیار ہو گئی ۔

۲۶ رمئی ۱۸۹۲ع کو جو "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" کی تاریخ سالگرہ تھی ، اس ہسپتال کا افتتاح کیا گیا ، میجر ایم ، جی ، میڈ صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ اور دیگر معزز یوروپین مدعو تھے ، "نواب

محمد منور علی خان" صاحب مرحوم والیِ کوروائی و دیگر ہندوستانی شرفا عہدہ دار اور وکلا، ریاست ہائے غیر متعینہ ایجنسی سیہور بھی شریک جلسہ تھے، سرکار خلد مکان مع وزیر ریاست و اخوان و ارا کین و جاگیرداران تشریف فرما تھین ۔

جب سب مہمان جمع ہو گئے تو میجر ایم، جی، میڈ صاحب بہادر نے ہز اکسلنسی کا خریطہ مورخہ ۱۵ ارمئی ۱۸۹۲ء عیسوی موسومہ سرکار خلد مکان جو بعینہ حالات قائمی رجمنٹ اعانت شاہی مین درج کر دیا گیا ہے سنایا، خریطہ سنائے جانے کے بعد سرکار خلد مکان نے میجر صاحب ممدوح اور حاضرین جلسہ کو مخاطب کر کے ایک اسپیچ دی، جسمین اونھون نے اغراض و مقاصد ہسپتال کو بیان کر کے فرمایا کہ" ہسپتال نہایت خوش قسمت ہے کہ جسکے افتتاح کو ایسا دن نصیب ہوا جو ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام سلطنتہا کی سالگرہ کا دن ہے، اور امید کیجاتی ہے کہ اس ہسپتال سے باشندگانِ ملک کو بہت فائدہ پہونچے گا"

یہ ہسپتال لیڈی لینسڈون کے نام سے کہولا جاتا ہے، اور اس کا نام "لیڈی لینسڈون ہسپتال" رکھا گیا، ابھی تک اس ہسپتال کے متعلق جو ابتدائی کام تھا، اوس کو لیڈی ڈاکٹر مس ہیبل نے بہت عمدگی کے ساتھ انجام دیا ہے، اور امید کیجاتی ہے کہ اب اس جدید ہسپتال کے جاری ہونے سے ملک کو بہت بڑا فائدہ پہونچے گا، اور جو عورتین یہان سے تعلیم پاکر نکلین گی وہ ملک کے لیے بہت مفید ہونگی، اور مین چاہتی ہون کہ میجر ایم، جی، میڈ صاحب بہادر اپنے دست مبارک سے اس ہسپتال کا افتتاح کرین ۔

میجر ایم، جی، میڈ صاحب بہادر نے ہسپتال کا افتتاح فرمایا، اور ایک مختصر تقریر ہسپتال کے حالات و عمارت و وسعت وغیرہ کے متعلق فرمائی، بعد ازان بعد حسب معمول ہار و عطر و پان تقسیم ہو کر جلسہ ختم ہوا ۔

چونکہ یہ تاریخ "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" کے سالگرہ کی تھی ، لہذا آٹھ بجے "لال کوٹھی" پر دربار جشن سالگرہ بھی منعقد ہوا جسمین تمام معززین شریک ہوے ، سلامی کی توپین سر ہوئین، شام کے وقت پریڈ گراونڈ پر رجمنٹ اعانت شاہی نے قواعد کی اور فوجی کرتب دکھلائے ، شب کو ریاست کی جانب سے دعوت کی گئی ، اور چراغان ہوا، انواع و اقسام کی آتش بازی چھوڑی گئی ، خود "سرکار خلد مکان" مطابق دستور "لال کوٹھی" پر تشریف لے گئین ، بعد اختتام دعوت سرکار خلد مکان نے "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" کا "جام صحت" نوش کیے جانے کی تحریک کی ۔

اجراے کارخانہ پتلی گھر

سرکار خلد مکان کو سنہ ۱۳۰۱ھ = سنہ ۱۸۸۳ع مین خیال پیدا ہوا کہ اگر ریاست مین دخانی کارخانے اور ملین "قائم ہون تو عامہ خلائق کو عموماً" اور مزدوری پیشہ اشخاص کو خصوصاً فائدہ پہونچنے کے علاوہ ریاست کے لیے بھی مفید ہون، اونہون نے اس خیال کی بناپر سات لاکھ روپیے تخمینہ سے ایک کارخانہ کی بنیاد ڈالی جو شروع سنہ ۱۳۰۲ھ مین تیار و مکمل ہوگیا۔ اور ۱۲ محرم کو اوس کا افتتاح کیا گیا۔

صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر اور معززین ریاست جلسہ افتتاحی مین شریک تھے، یہ کارخانہ شاہجہان آباد کے جانب مشرق واقع ہے، اور اوسکے متعلق ایک وسیع قطعۂ زمین اور ایک کوٹھی بھی ہے۔

منتظمین و کارکنان کارخانہ نے اس کارخانہ کی تعمیر و تکمیل مین بہت فائدہ اوٹھایا، عمارت کی حیثیت دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ دو لاکھ کی ہوگی، اور انجن وغیرہ ؎ کا ہوگا، اس کارخانہ کے لیے جو کرسیان، اور میزین، اور سامان آرائش منگوایا گیا وہ ایک دفتر کی ضرورتون کے لیے نہ تھا، بلکہ کسی عالیشان کلب کی سجاوٹ اور نمائش کے واسطے تھا، اور پھر یہ سامان کبھی استعمال مین بھی نہین لایا گیا۔ نہ اوس کا پتہ ریاست کے کارخانون یا فراش خانون مین ہے، اور نہ یہ معلوم کہ وہ کس جگہ گیا۔

اس کارخانہ مین (۲۰۰) آدمی تک کام کرتے ہین، اور دسمبر سے مئی تک کام نہایت سرگرمی سے ہوتا ہے، دیہات سے بیوپاریون کی روئی آتی ہے، اسکا بنولہ علیحدہ کرکے گٹھے

گھاس کی گانٹھین بھی بندھتی ہین، باندھے جاتے ہین، جو بمبئی وغیرہ مین جاکر فروخت ہوتے ہین، اور شہر کے اخراجات کے لیے آٹا بھی پیسا جاتا ہے، اور اوسکے انجن مین چالیس گھوڑون کی طاقت ہو۔

سفر شملہ

سنہ ۱۸۹۳ء ۱۳۱۱ھ مین سرکار خلد مکان نے شملہ جاکر ہز اکسلنسی لارڈ لینسڈون بہادر "ویسرائے و گورنر جنرل ہند" سے ملنے کا ارادہ کیا، اور منشی امتیاز علی خان صاحب وزیر ریاست کو حکم دیا کہ "صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کو اس ارادہ سے اطلاع دین، اور اون سے خواہش کرین کہ وہ بھی ہمراہ ہون، اور ضروری امور متعلقہ سفر کی تکمیل کی جائے"

وزیر ریاست نے بہ تعمیل حکم صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کی خدمت مین مراسلہ بھیجا، جس کا جواب صاحب ممدوح نے یہ دیا کہ ایسے موقع پر معمول ہے کہ سرکار عالیہ گورنر جنرل بہادر کی خدمت مین اطلاع دیتی ہین چنانچہ خریطہ حسب ضابطہ بذریعہ صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر بخدمت ہز اکسلنسی ارسال کیا گیا۔

۵ ستمبر ۱۸۹۳ء مطابق ۲۳ صفر ۱۳۱۱ھ کو ہز اکسلنسی ممدوح نے بذریعہ ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا اطلاع کی کہ "مجھے اور لیڈی لینسڈون صاحبہ کو قبل چھوڑنے ہندوستان کے دوبارہ آپ کی ملاقات سے بیحد خوشی ہوگی اور اسمین مجھے آسانی ہوگی کہ اگر آپ ۲۳ ستمبر یا اوسکے قریب تشریف لائین، کیونکہ غالباً تھوڑے دنون کے لیے ۲۹ ستمبر کو مین شملہ چھوڑون گا"

اس جواب کے ملنے پر ۱۰ ربیع الاول = ۲۱ ستمبر کو روانگی شملہ قرار پائی، صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کو اطلاع دی گئی، اور ضروری انتظامات کیے گئے۔

تاریخ معینہ پر سرکار خلد مکان مع میان عالمگیر محمد خان، میان قدر محمد خان، میان نور الحسن خان، میان عبد الحی خان، میان عاقل محمد خان، میان نظیر محمد خان، منشی امتیاز علی خان صاحب وزیر ریاست

منشی حکیم الدین میر منشی، اور حکیم معز الدین افسر الاطبا کے بسواری اسپشل ٹرین روانہ ہوئین (۱۰۱) مردمان شاگرد پیشہ وغیرہ بھی ہمرکاب تھے۔

۱۳ ربیع الاول ۔ ۲۴ ستمبر کو کالکا اور ۱۴ ربیع الاول ۔ ۲۵ ستمبر کو "شملہ" مین داخل ہوئین، شملہ سے پانچ میل اسطرف تک صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر، اور تین میل تک ہز اکسلنسی کے صاحب انڈر سیکریٹری، اور دو صاحبان ایڈیکانگ نے استقبال کیا، گارڈ آف آنر بھی موجود تھا "شملہ" مین داخل ہونے پر حسب ضابطہ شلک سلامی سر ہوئی۔

بار د صاحب والی کوٹھی مین سرکار خلد مکان نے اور دیگر کوٹھیون مین ہمراہیون نے قیام کیا، اوس دن ہز اکسلنسی کے دو صاحبان ایڈی کانگ سرکار خلد مکان کی مزاج پرسی کو آئے، اور دو بجکر ۲۵ منٹ پر ہز اکسلنسی سے ملاقات کا وقت مقرر ہوا، حسب قاعدہ ملاقات کا پروگرام مرتب کر لیا گیا ۲ بجکر ۳۰ منٹ پر سرکار خلد مکان مع صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر، و وزیر ریاست و میان عالمگیر محمد خان، و میان نظیر محمد خان، و میان عبدالحی خان، و میان عاقل محمد خان، و منشی احمد حسن وکیل ریاست ملاقات کو تشریف لے گئیں۔ اس ملاقات مین سرکار خلد مکان کی نذر تو معاف تھی، بیگر ہمراہیون نے جو ہمراہ تھے نذرین پیش کین۔

استقبال و مشایعت حسب ضابطہ ہوئی، اور ہز اکسلنسی نے نہایت اخلاق کے ساتھ ملاقات کی۔

۲۷ ستمبر روز چہار شنبہ کو ۵ بجے ہز اکسلنسی نے ملاقات باز دید فرمائی، وزیر ریاست، و میان عالمگیر محمد خان، و میان نظیر محمد خان، و میان عاقل محمد خان وایسر ایگل لاج تک استقبال کے لیے گئے، اور وہان تک ہی مشایعت کی، کوٹھی قیام گاہ پر گارڈ آف آنر سلامی کیلیے ایستادہ تھا۔

زمانہ قیام شملہ مین عالی جناب لیڈی لینسڈون صاحبہ سے نہایت گرمجوشی اور اخلاق و محبت کے ساتھہ ملاقاتین ہوئین ، سرکار خلد مکان نے نہایت تکلف کے ساتھہ دعوت بھی کی جسکو لیڈی صاحبہ ممدوحہ نے بڑی مسرت سے منظور کیا۔

ہز اکسلنسی "کمانڈر انچیف" بہادر، و ہز آنر "لفٹننٹ گورنر" بہادر پنجاب سے سرکار خلد مکان کی ملاقات ہوئی ، شملہ کے قابل دید مقامات ، اور گھوڑدوڑ کی بھی سیر فرمائی۔

واپسی پر لاہور ، دھلی ، آگرہ مین قیام فرماتی ہوئین یکم جمادی الاول ۱۳۱۱ ہجری کو داخل بھوپال ہوئین۔

صاحبزادی آصف جہان بیگم صاحبہ
کا
انتقال

صاحبزادی آصف جہان بیگم صاحبہ جب بارہ سال کی عمر کو پہونچین تو اون کو بھی مرض روماٹیزم (وجع مفاصل) ہو گیا، ابتداءً حکیم نور الحسن جو قبل ازین میری ڈیوڑھی کے ملازم تھے اور اب افسر الاطباء ریاست ہین، معالج تھے، درد اور بخار کو آرام ہوا، مسہل دیا گیا، اور بعد مسہل "تبرید" دی گئی، تبرید کے بعد ہی پسلی مین درد ہوا، جس سے سخت تکلیف ہوئی، ڈاکٹری علاج کیطرف خیال رجوع کیا گیا۔

ڈاکٹر جوشی ریاست کے اسسٹنٹ سرجن موجود تھے، اونھون نے تشخیص کیا کہ وجع مفاصل کا مادہ دل پر گرا ہے، جس سے دل مین "مرمر" کی آواز پیدا ہو گئی ہے۔ ان دونون کا علاج ایک ہفتہ تک کیا گیا، افاقہ نہوا، حکیم عبد المجید خانصاحب کو یکہزار روپیہ روزانہ فیس پر "دہلی" سے طلب کیا، ایک ہفتہ تک وہ علاج کرتے رہے، چونکہ اون کے والد کا چہلم تھا، وہ چلے گئے، اور پھر اس سبب سے کہ اون کے علاج سے بھی کچھ فائدہ نہین ہوا تھا، اون کو نہین بلایا، پھر ڈاکٹر عبد الرحیم صاحب کی شہرت سنی گئی، اون کو لکھنؤ سے پانسو روپیہ روزانہ فیس پر بلوایا، اونھون نے مریضہ کو دیکھکر وہی مرض تشخیص کیا جو پہلے تشخیص ہو چکا تھا، اور علاج شروع کر دیا، تھوڑے عرصہ مین درد کو افاقہ ہو گیا، دو ماہ سے متواتر یہ حالت رہتی تھی کہ دن رات مین دو مرتبہ پندرہ پندرہ منٹ کو درد کا دورہ ہوتا تھا جس سے سخت کرب و تکلیف ہوتی تھی، کمزوری بڑہتی جاتی تھی، نہ صرف مریضہ کی یہ حالت تھی بلکہ ہم بھی اوس سے زیادہ بیچین ہو جاتے تھے، یہ دن فی الواقع بڑی مصیبت کے تھے، مریضہ کو تو تمام روز و شب مین صرف آدھا گھنٹہ یہ تکلیف اوٹھانے پڑتی تھی، لیکن مجھے اور نواب احتشام الملک بہادر کو

کوئی گھنٹہ ایسا نہین گذرتا تھا جس سے آصف جہان بیگم صاحبہ کی تکلیف کے درد سے دلون کو سکون ہو۔

دو مہینہ ڈاکٹر عبدالرحیم معالج رہے، اور درد بالکل جاتا رہا، ہم لوگون کو بھی کسیقدر اطمینان ہو گیا ڈاکٹر صاحب نے صحت کی طرف سے تو اطمینان دلایا، لیکن یہ کہدیا کہ "مرمر" کی آواز کبھی نہین جائیگی، البتہ حفاظت جان کے لیے ضرور ہے کہ صاحبزادی صاحبہ کی شادی نہ کیجائے۔

ہم کو تو اون کی زندگی اور صحت مقصود تھی، مصمم ارادہ کر لیا کہ انکی شادی نہ کیجائے گی، ڈاکٹر صاحب لکھنو واپس گئے، اونکو علاوہ فیس روزانہ کے ۲۰۰۰ روپیہ انعام بھی دیا گیا۔

مس میکنزی جو ایک شریف یوروپین خاتون تھین، ڈاکٹر عبدالرحیم کے اصول پر صحت کی نگرانی کرتی تھین، اور ڈاکٹر جوشی سے بھی مدد ملی، یہ وہ زمانہ تھا جبکہ سرکار خلد مکان ہمسے ناراض تھین اور وزارت با اختیار تھی، ہم لوگون کو براہ راست عرائض بھیجنے کی ممانعت ہو گئی تھی، اس لیے جو کچھ لکھا جاتا، وہ بتوسط وزارت لکھا جاتا، مین نے اجازت لے لی تہی کہ جبتک آصف جہان بیگم صاحبہ بیمار ہین لیڈی ڈاکٹر، اور ڈاکٹر جوشی کو عام اجازت علاج کی رہے، اسلیے یہ ڈاکٹری امداد بہ آسانی مل سکتی تھی، ورنہ قبل اسکیے جو دقتین پیش آئی تھین وہ ناظرین "نواب نصراللہ خان صاحب بہادر" کی بیماری کے واقعات سے دیکھ چکے ہین۔

لیڈی ڈاکٹر نے مشورہ دیا کہ "صاحبزادی آصف جہان بیگم صاحبہ کو تبدیل آب و ہوا کیلیے ایسی جگہ لیجایا جائے جہان کھلی جگہ، اور صاف ہوا ہو، اور قدرتی نظارے موجود ہون" مین نے ایسا مقام "سمرودہ" (جو نواب احتشام الملک بہادر کی شکارگاہ تھی، اور ایک پر فضا جگہ ہے) تجویز کیا سرکار خلد مکان سے جانیکی اجازت چاہی، اونھون نے اجازت مرحمت فرمائی، مین مریضہ کو لیکر وہان گئی، لیڈی ڈاکٹر میرے ہمراہ نہ جاسکین، لیکن اونھون نے بذریعہ تحریر اپنے مشورہ سے فائدہ پہنچایا، اور شہر سے عمدہ دوائین تجویز کرتی رہین، تبدیل آب و ہوا اور مس میکنزی کی

مجوزہ ادویہ سے مریضہ کو بہت فائدہ پہنچا، اون کا ضعف جاتا رہا، اورطاقت عود کر آئی، لیکن چونکہ معالج کو اس حالت پر پورا اطمینان نہین تھا، اور نہ کوئی ہشیر طبی پاس تھا، اسلیے مس میکنزی نے مجھے تحریر کیا کہ "اگر صاحبزادی صاحبہ کو ساحل سمندر کی ہوا دیجائے تو بہت مفید ہوگی"

مینے اور "نواب احتشام الملک بہادر" نے بمبئی کو پسند کیا، مگر چونکہ ہم لوگ حسب دستور بغیر حصول رخصت و اجازت سرکار خلد مکان کے جانہین سکتے تھے، اور نہ اس طرح جانا پسند کرتے نیز اس سفر مین کسی یوروپین کا ہمراہ لیجانا بھی ضروری معلوم ہوتا تھا، لہذا سرکار خلد مکان سے اجازت لے لی، اور میجر میڈ صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ کو تحریر کیا کہ "چونکہ حسب مشورہ معالج مجھے "آصف جہان بیگم صاحبہ" کو بمبئی لیجانا ہے، کیا گورنمنٹ کوئی یوروپین مجھے ہمراہی کیلیے دیگی تاکہ سفر مین آسائش ملے"، میجر صاحب نے جوابًا تحریر کیا کہ "میرے خیال مین ضرور گورنمنٹ آپ کی خواہش منظور کریگی" اور اونہون نے صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کو لکھا، اسکے بعد میجر صاحب بہادر کی دوسری چٹھی مجھے ملی جس مین اون صاحب کا جو کہ میرے ہمراہ جانے والے تھے، نام اور اون کے آنے کا وقت مقرر تھا، مینے اس چٹھی کے ملتے ہی کل تیاری بمبئی جانیکی کرلی ہمراہیون کی فہرست مرتب کرائی گئی، اور عاقل خان کو قیام کے لیے کوٹھی تجویز کرنے کی ضرورت سے بمبئی کو روانہ کیا، اب جانے کے لیے صرف اون صاحب کی آمد کا انتظار تھا، اون کے واسطے "سمرہ" مین تمام سامان آسائش مہیا کردیا گیا تھا، مگر وہ نہ آئے، میجر میڈ صاحب بہادر کی چٹھی آئی کہ "صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کسی انگریز کو ہمراہی کے لیے دینا پسند نہین فرماتے، کیونکہ یہ رعایت صرف رئیس کیلیے ہی ہوسکتی ہے" اس چٹھی کے موصول ہونے پر مین نے روانگی کا ارادہ مجبورًا فسخ کردیا، اسلیے کہ کسی یوروپین ہمراہی کے بغیر مین اپنا جانا مصلحتًا مناسب نہین جانتی تھی۔

تین مہینہ "سمرہ" مین گذارنے کے بعد "بھوپال" آئی، لیکن یہان آتے ہی پھر صاحبزادی جہان

کی صحت خراب ہوگئی، اور وہی کمزوری شروع ہوگئی، مین پھر بھوپال سے "سمردہ" لے گئی، مگر اس مرتبہ مجھے سب سے زیادہ متفکر اور غمگین مس میکنزی کی جدائی نے کیا، وہ بھوپال مین "مس نیپل" کی قائمقام تھین جب مس نیپل آگئین تو وہ "الور" کو چلی گئین، اور وہان مستقل ہوگئین، در اصل خوش نصیب ہے وہان کی رعایا جہان مس میکنزی کا تقرر ہو، وہ بجاے خود مریضون کی تسلی، اور درد کی دوا تھین اونکے علاج اور نگرانی نے کبھی مریضون کو غمزدہ نہین ہونے دیا، وہ ہمیشہ اپنے عزیزون کی طرح سلوک اور مہربانی کرتین۔

گو اب دنیا مین "آصف جہان" نہین ہین اور اونکی دائمی مفارقت سے جو صدمہ مقدر مین تھا وہ ہمنے اوٹھالیا، جو جو تکلیفات دیکھنی تھین وہ دیکھ لین، اور نہ مس میکنزی ہی ہم مین موجود ہین لیکن جسطرح کہ "آصف جہان" کی یاد باقی ہے، اوسیطرح مس میکنزی کی محبتین یاد ہین، اور اون کی شکرگذاری دل مین موجود ہے۔

مس میکنزی نے "آصف جہان" کے زمانہ علالت مین کچھ ایسی دلسوزی، اور ہمدردی کی تھی جس نے تکلیفات کو بہت کچھ کم کر دیا تھا، وہ گھنٹون آصف جہان کے پاس بیٹھتین دل خوشکن باتین کرتین، لطیفے کہتین، اور جتنی دیر وہ رہتین، مریضہ کو تسلی اور تسکین رہتی، مرض کی تکلیفات نہ معلوم ہوتین، دل بہل جاتا، اور تمام رنج افزا خیالات دور ہوجاتے، وہ مجھے بھی تسلی دیا کرتین، اور ایسے عالم مین کہ سارا گھر ایک روح فرسا غم مین مبتلا تھا، اون کے تسلی آمیز کلمات سے مجکو تسکین ہوجاتی۔

مین دو ماہ تک "سمردہ" مین قیام پذیر رہی جس سے فائدہ تو ضرور ہوا، لیکن نہ اوسقدر جتنا کہ پہلے ہوا تھا، اوسوقت میرے ہمراہ صرف ڈاکٹر محمد ساجد تھے، جو میرے پرائیوٹ ڈاکٹر تھے جن کو بوجہ ضروریات فیملی نوکر رکھ لیا تھا۔

مین دو ماہ کے بعد بھوپال کو واپس آگئی، اور مس نپیل کو بلاکر دکھایا، چونکہ مس نپیل نہ خوش خلق تھین اور نہ زیادہ توجہ مریضون کے جانب کرتین، اسلیے حسب عادت اونپر بھی کافی توجہ نہ کی، اور بے پروائی برتی، مرض بڑھتا گیا، تکلیف زیادہ ہوگئی، ایک ہفتہ تک ذرہ برابر غذا پیٹ مین نگئی، اگر منت وسماجت سے کچھ کھلایا جاتا تو "استفراغ" ہو جاتا، مس نپیل سے جب مرض کی نسبت دریافت کیا جاتا تو وہ جواب دیتین کہ "کچھ سمجھہ مین نہین آتا، لیکن وہ بالکل اچھی ہین، کچھہ خرابی نہین ہے"۔

بیشک "آصف جہان" کی موت ہی آگئی تھی، جو باوجود اسکے کہ مس نپیل ایم، ڈی تھین، مرض کی تشخیص نہ کرسکین، اور اونھون نے عورتون کے جذبات رحمدلی کو پس پشت ڈالکر توجہ نہ کی، آخر ڈاکٹر جوشی کو دکھایا، لیکن ڈاکٹر جوشی نے صاف الفاظ مین صحت سے ناامیدی ظاہر کردی، شنبہ کا دن تھا کہ طبیعت بہت خراب ہوئی، یکشنبہ کو میجر میڈ صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ، اور مسٹر ہبرمن صاحب بہادر جو سابق پولیٹکل ایجنٹ مسٹر ہبرمن کے صاحبزادہ تھے عیادت کے لیے آئے، ڈاکٹر جوشی سے حالت دریافت کی، اونھون نے جواب دیا کہ "زیست کی امید بہت کم ہے" میجر میڈ صاحب بہادر کو بہت افسوس ہوا۔

میجر صاحب بہادر صرف پولیٹکل ایجنٹ ہی نہ تھے، بلکہ وہ خاندان ریاست کے سچے دوست وخیر خواہ تھے، یہ دوستی وخیر خواہی خود اونھون نے قائم نہین کی تھی، بلکہ اپنے نامور قابل احترام باپ سے ورثہ مین پائی تھی، اون کے باپ سرکار خلدنشین کے ساتھ نہایت خلوص ومحبت برتتے تھے، اور سرکار خلدنشین کو اون کی دوستی ومحبت پر فخر تھا، اون کے مشورون سے ہمیشہ عمدہ کامیابی حاصل ہوتی تھی، غرض میجر میڈ صاحب "صدر منزل" پر آئے، مریضہ کے پاس گئے، تشفی ودلاسا دیا باتین کین، مریضہ نے بھی ہوش وحواس کے ساتھ جواب دیے، مگر نازک وقت قریب تھا جون جون آفتاب چڑھتا گیا "آصف جہان" کی عمر کا سایہ ڈھلتا گیا، آخر چار بجے شام کو شمع ہستی بجھ گئی، او

وہ روشنی کافور ہوگئی جس نے ایک مدت تک والدین کی آنکھوں، اور دلون مین نیکی اور محبت کا نور پھیلا رکھا تھا۔

۱۸ محرم ۱۳۱۲ھ کو بعمر چہار دہ سال چہار ماہ ۲۲ یوم سوا دو سال کے قریب مرض کی صعوبتین اوٹھاکر انتقال کیا، اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ؁

صاحبزادی مذہبی امور کی بہت پابند تھین، حالتِ مرض مین کبھی نماز نہین چھوڑی اگرچہ وہ اڑہائی برس بیمار رہین، لیکن روزہ ہائے رمضان لنصف کے قریب رکھے۔

وہ اُردو خوب لکھ پڑھ سکتی تھین، دینیات کی تعلیم پاچکی تھین، فارسی کی تعلیم ہو رہی تھی، وہ نہایت مسکین طبع، غریب مزاج، باسلیقہ صاحبزادی تھین، اون کو اپنے بھائیون، اور بہن کیساتھ بے انتہا اُنس تھا، وہ ہر وقت والدین، اور بہائیون کے چہرون کو دیکھا کرتی تھین، اگر ہم سب شگفتہ ہوتے، وہ بھی شگفتہ ہوتین، اگر اُداس دیکھتین، فوراً اون کے چہرہ پر پژمردگی چھا جاتی۔

جب صاحبزادی "بلقیس جہان بیگم" کا انتقال ہوا تو اونکی عمر (۷) سال کی تھی، اونھون نے "بلقیس جہان بیگم" کے صدمہ کو کسیقدر بہلا دیا تھا، وہ تمام گھر مین والدین اور بہائیون کے لیے ایک خوشی کی "حور" تھین، اور سب کی محبت، اور پیار کا مرکز بنگئی تھین، وہ سب کا ادب کرتی تھین اور اس ادب مین ایسا انداز محبت ہوتا تھا کہ خود بخود اون کی طرف دل کھچا جاتا تھا، وہ جیسی کہ اور باتون مین غریب تھین، ویسی ہی تعلیم، اور پڑہنے لکھنے مین تیز تھین، مگر ہماری تقدیر مین اونکے جینے کی خوشی نہ تھی، وہ ہم سے ہمیشہ کو جدا ہوگئین، اور ہماری زندگی کے لیے اپنی غم انگیز یاد چھوڑ گئین۔

یہی غم انگیز یاد ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے اس عالم فانی مین عزیزان عدم کے ساتھ تعلقات قائم رہتے ہین اور انسانی ہستی کے انجام کا عبرت ناک راز صفحۂ دل پر جلی حروف مین

نظر آتا ہے۔

"بلقیس جہاں" کی موت کے بعد "آصف جہاں بیگم" کے انتقال نے ہمارے صدمہ کو کئی حصہ بڑہا دیا "بلقیس جہاں بیگم" کی جب یاد ستاتی تو "آصف جہان بیگم" کی صورت تسلی کر دیتی، لیکن وہ تسکین مجسم ہی فنا ہو گئی، اور ایک کی جگہہ دو کی یاد ستانے لگی، ہماری اس پرغم حالت مین کوئی بزرگ دلاسا دینے والا نہ تہا، سرکار خلد مکان کا ہی دم تہا جو مان بھی تہین، سب کی بزرگ بھی تہین، والئے ملک بھی تہین، غرض ہمارے لیے سب کچھہ وہی تہین، مگر افسوس وہ کچھہ نہین رہی تہین، اگرچہ اونکی تشریف آوری کی نسبت پہلے ہی مایوسی ہو چکی تہی، لیکن پہر بہی امید کی جہلک باقی تھی، اور آنکھین اونکو ڈہونڈہ تی تھین اور دل اونکے تسلی آمیز کلمات سننے کے لیے مضطرب تہا، لیکن یہ ایک آرزو تھی جسکا پورا ہونا ممکنات سے نہ تھا، اگرچہ ہم یہ ضرور سنتے تھے کہ سرکار کو بھی سخت صدمہ ہے، لیکن نہ وہ مجھے کچھہ تشفی دیسکتی تہین، اور نہ مین اپنا درد دل اون سے کہہ سکتی تہی۔

سرکار خلد مکان کی ناراضی نے ہم کو ایک ایسی دنیا مین ڈالدیا تہا جہان صرف رنج ہی کی زمین تھی، اور رنج ہی کا آسمان تہا، اور آٹھون پہر رنج ہی کی تاریکی رہتی تھی، البتہ اگر کچھہ چمک تھی تو انہین بچون کے چہرون کی، اور اگر کوئی خوشی ہوتی تہی تو انہین کی موجودگی سے۔

مین اگرچہ شہر مین رہتی تہی لیکن یہ میرے لیے جنگل سے بدتر تھا، جنگل مین تو پہر بہی قدرتی مناظر سے (اگر ہون) طبیعت بہل جاتی ہے، مگر محل مین تو ہر وقت ایک سناٹا رہتا تہا نہ تقریبات مین اعزہ واحبا جمع ہو کر خوشی کے جلسہ کو اپنی چہل پہل سے رونق دیتے، نہ رنج کی حالت مین کوئی شریک ہو کر تسلی اور دلاسا دیتا، نہ کہین سے تہنیت سنائی دیتی، اور نہ کوئی تعزیت کے الفاظ کہتا نظر آتا۔

ہمارے خاندان کے پانچ ممبر تھے، جو آپ ہی ہنس لیتے، اور آپ ہی رو لیتے، ان

پانچ مین سے بھی ایک ممبر دائمی مفارقت کا داغ دیگیا، البتہ مین گورنمنٹ عالیہ کے اون افسرون کی ہمدردی، اور عنایات آمیز تحریرات کو نہین بھول سکتی جو میرے دردمند دل کیلیے باعث آرام ہوجاتی تہین، اور جن سے مجھے فی الجملہ تسکین ہوجاتی تھی، غرض یہ ایک عالم بیکسی تھا جس مین ہم بسر کر رہے تھے، اور ہماری عمرون کا حصہ گذر رہا تھا۔

صاحبزادی آصف جہان بیگم کی جوان مرگی نے ہمارے پژمردہ دلون پر بجلی گرادی، مجھے مختل الحواس ہونے کے قریب پہنچا دیا، اور ایسی حالت جانکاہ مین نہ کوئی تسلی دینے والا تھا نہ کوئی تسکین کرنے والا، مگر مایوس دلون مین خدا کی مدد اپنی روشنی پھیلاتی ہے، وہی صبر دیتا ہے اور وہی تسکین بخشتا ہے، ہمنے صبر جمیل کیا، اور تجہیز و تکفین کی تیاری کی۔

جنازہ "صدر منزل" سے جب اوٹھایا گیا تو باوجودیکہ نہ ہم نے کسیکو بلایا تھا، اور نہ کسیکو اطلاع کی تھی، رعایا کا ایک کثیر مجمع جنازہ کے ساتھہ ساتھہ تھا، جن کے چہرون کی اُداسی اونکی دلی بیچینی، سچی ہمدردی کو ظاہر کر رہی تھی، وہ لوگ ہمارے غم مین شریک تھے، اور ہماری اس تازہ مصیبت پر اون کو صدمہ تھا، تمام شہر مین اندوہناک حالت طاری تھی، اور ہر شخص کی زبان سے " این ماتم سخت است کہ گویند جوان مرد " کی صدا بلند تھی، جنازہ "حیات افزا" مین لایا گیا، اور وہ اپنی عزیز بہن کے برابر دفن کی گئین، منشی امتیاز علی خان وزیر ریاست نے حسب ضابطہ بموجب عملدرآمد ہرتال کا حکم دیا، مگر ریاست سے اعتراض ہوا۔

صاحبزادہ محمد حمید اللہ خان صاحب بہادر
کی
ولادت

۸ ربیع الاول سنہ ۱۳۱۲ھ مطابق ۹ ستمبر ۱۸۹۴ء روز یکشنبہ وقت ۶ بجے صبح صاحبزادہ "محمد حمید اللہ خان صاحب بہادر" پیدا ہوے، اونکی پیدائش کے وقت کوئی رسم نہین ادا کیگئی، نہ ریاست ہی کی طرف سے کسی خوشی کا اظہار ہوا، نہ سرکار خلد مکان تشریف لائین۔

ہم نے ہی محل مین جو ضروری مراسم تھے سادگی سے کئے، انعام تقسیم کیا، اور حسب معمول عقیقہ ہوا، اپنی ہی تجویز سے "محمد حمید اللہ خان" نام رکھا۔

اس مولود مسعود کی ولادت سے مجھے بے انتہا مسرت ہوئی، کیونکہ صاحبزادی آصف جہان بیگم کے انتقال کے بعد میری طبیعت ہر وقت غمگین اور اداس رہتی تھی، اس نعم البدل کے ملنے سے کسیقدر وہ اداسی اور افسردگی جاتی رہی، کیونکہ یہ ایک تقاضاے فطرت ہے کہ چھوٹے بچون کی نگہداشت سے طبیعت دلچسپی کے ساتھ اونہین کی جانب متوجہ رہتی ہے،

خداوند کریم نے جو سب سے بڑا تسلی دینے والا ہے گویا میرے غمزدہ دل کی تسلی کے لیے اپنے فضل و کرم کا فرشتہ بھیجدیا بمقولہ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنثَيَيْنِ ۞

مین نے اس بچہ کو صاحبزادی "بلقیس جہان بیگم" و آصف جہان بیگم کا بدل کامل سمجھا۔

اسمین شک نہین کہ خداوند کریم کا فضل اور اوسکی رحمتین مختلف صورتون مین طرح طرح سے جلوہ گر ہوتی ہین جو شمار مین نہین آسکتین۔

قایمی رجمنٹ اعانت شاہی

۱۸۸۵ء مین جب روسیون نے "پنجدہ" پر حملہ کیا تہا" اوسوقت عام خیال یہ تہا کہ برٹش گورنمنٹ روس کے ساتہ ضرور اعلان جنگ دیگی۔

اس خیال پر ہندوستانی والیان ملک نے ہزاکسلنسی لارڈ ڈفرن ویسراے وگورنر جنرل کشور ہند سے درخواست کی کہ ریاستون کی افواج سے میدان جنگ مین خدمات لی جائین، لیکن نہ اوسوقت ایسی نوبت آئی، اور نہ کسی قسم کی جنگ کا احتمال رہا، البتہ پہر مارکوئس لینسڈون ویسراے ہند کے زمانہ مین یہ امر طے ہوا کہ والیان ملک کچہ فوج ایسی رکہین جو باضابطہ وقواعد وسامان مین انگریزی فوج کی طرح ہو، اور انگریزی افسران اوسکا معاینہ کرتے رہین، اورجب اونکی خدمات کی ضرورت ہو تو وہ طلب کرلی جائین۔

اسی بنا پر سرکار خلد مکان نے رجمنٹ اعانت شاہی قائم کرنے کا ارادہ ظاہر کیا اونکے ارادہ کے مطابق کپتان جی اڈ وڈ انسپکٹنگ افیسر سنٹرل انڈیا نے تخمینہ مرتب کیا، وردی وچندہ یابوان باربرداری، وشفاخانہ کے لیے (۱۲۵۰۰) روپیہ نقد، اور لین سواران کی تعمیر کے واسطے (۱۰۰۰۰۰) روپیہ نقد، اور رجمنٹ مین (۹۰۰)[1] آدمیون کا بصرف (۱۶۹۶۸)- روپیہ- ۸ آنہ ماہوار بھرتی ہونا تجویز ہوا۔

چونکہ اوسوقت سکہ بہوپالی رائج تہا، یہ قرار دیا گیا کہ جب رجمنٹ شاہی خدمات پر

---

[1] تفصیل اہل رجمنٹ حسب ذیل قرار دی گئی، سواران جنگی (۵۰۰) سائیس (۲۸۴) شاگرد پیشہ (۲۴) عملہ شفاخانہ (۱۱) دہوبی وحجام وغیرہ (۳۳) جملہ (۹۰۰)۔

بہیجی جائیگی تو تنخواہ معینہ بلا وضع بٹہ سکّہ انگریزی سے ملیگی ۔

سرکار خلد مکان نے اس تجویز و تخمینہ کو منظور فرمایا، اور چونکہ اونکا منشا بھی یہ تھا کہ اوس فوج مین اہل بھوپال داخل ہون جو باعث جذبِ سپاہی پیشہ مین اسطرح اونکو اپنی روایات بہادری کے قائم رکھنے کا موقع ملیگا، اسلیے (۱۴۰) سواران وعہدہ داران کی خدمات باتفاق راے وحسب پسند کپتان صاحب موصوف فوج ریاست مین سے رجمنٹ مین منتقل کی گئین (۴۲) امیدوار زمرہ سواران مین، اور (۲۲) آدمی زمرۂ شاگرد پیشہ مین جدید بھرتی ہوے، دو آدمی دفتر کے کام کے لیے مقرر کیے گئے۔

میجر حسن الدین خان رسالدار کنٹنجنٹ حیدرآباد دکن کا عہدۂ کمانڈنگ افیسری پر تقرر عمل مین آیا، اس طور پر یہ رجمنٹ (۲۰۵) اشخاص سے مرتب ہوگئی ۔

گورنمنٹ ہند کو قائمی رجمنٹ سے باضابطہ اطلاع دیگئی جسکے جواب مین ہزاکسلنسی لارڈ الگن بہادر دیسراے ہند نے حسب ذیل خریطہ بہیجا ۔

نقل خریطہ

مشفقہ ! چند سال ہوے گورنمنٹ عالیہ ہند نے یہ تجویز شروع کی کہ حفاظت کے لیے ریاستون کی فوج کا کچھہ حصہ کام مین لایا جاوے، اوسوقت آن مشفقہ نے اس کام مین شریک ہوکر برٹش گورنمنٹ کی طرف اپنی وفاداری اور جان نثاری قدیم کا اور مزید اظہار کیا، دوستدار کو معلوم ہوا ہے کہ آن مشفقہ کی دلی خواہش ہے کہ جہانتک آن مشفقہ کے کرنے سے ہوسکے رجمنٹ سواران جو ریاست بھوپال کیطرف سے قائم ہوئی ہے، ہر بات مین عمدہ ہوجائے، اور اگر ضرورت پڑے تو ہر وقت فوج شاہی کے ساتھہ کام دے سکے، جناب ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی گورنمنٹ کے ہندوستانی ریاستون اور وہان کے وفادار رؤسا سے متعلق کل معاملات کا

بہت زیادہ خیال رہتا ہے، اور امپریل سروس ٹروپس کے انسپکٹر جنرل سے جو رپورٹین کارگذاری کی مرتب کی ہین وہ بشوق تمام ملاحظہ کیجاتی ہین " جناب ملکۂ معظمہ قیصرہ ہند کوئین وکٹوریہ کے صاحب سکریٹری آف اسٹیٹ بہادر کی خواہش کے موافق دوستدار آن مشفق کی خدمت مین اطلاع دیتا ہے کہ تجویز مندرجہ بالا کو پختگی دینے مین دربارون کی جانب سے جو کوشش استقلال کے ساتھہ کیجاتی ہے وہ صاحب ممدوح کی نہایت خوشی کا باعث ہے، ریاست بہوپال مین اس کام کی ابتدا عمدہ طور پر ہوئی ہے اور گورنمنٹ عالیہ ہند کو اعتماد کلی ہے، آن مشفق کی رجمنٹ کے پورے کیے جانے کی کاروائی بھی ایسی ہی عمدگی کے ساتھہ انجام پاویگی، آن مشفق کو اس بات کے جاننے سے خوشی حاصل ہوگی کہ ہندوستانی روسا کی طرف سے جو کوشش امپریل سروس ٹروپس کے عمدہ بنانے مین کی گئی اوسکو جناب ملکۂ معظمہ قیصرہ ہند" اس قابل خیال فرماتی ہین کہ اوسکی شکرگزاری ادا کیجائے۔

مقام شملہ، ۱۵ ارمئی ۱۸۹۴ء مطابق ۱۳۱۱ھ

کپتان ایم. جی. میٹ صاحب بہادر پولٹیکل ایجنٹ نے اپنی افیشل چٹھی کے ذریعہ سے دربار بہوپال کو مطلع کیا کہ " گورنمنٹ ہند نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ افواج اعانت شاہی سلسلۂ قیمت و منزلت مین اونہین قیود و شرائط کے ساتھہ رکھی جائیگی، جیسے کہ وہ باقاعدہ افواج ہندوستانی سے متعلق ہین "

رجمنٹ قائم ہونے کے بعد کمانڈنگ افیسر نے اوسکو باقاعدہ اور کارآمد بنانے مین نہایت کوشش کی، اور تہوڑے ہی عرصہ مین اونکی کوشش کامیاب ہوئی۔

اون کے بعد میجر کریم بیگ حیدرآباد سے طلب ہوکر کمانڈنگ افیسر مقرر ہوئے

مرور زمانہ کے ساتھہ رجمنٹ کی درستی اور باقاعدگی مین نمایان ترقی ہوتی رہی۔

چونکہ رجمنٹ کی قائمی کا مقصود یہ تہا کہ وہ ضرورت کے وقت برٹش گورنمنٹ کے کام آئے، لہذا سرکار خلد مکان نے نہایت فیاضی کے ساتھہ ہر ایک صرفہ کی جو افسران رجمنٹ تجویز کرتے منظوری عطا کرتین، گو اونمین بعض صرفہ ایسا بہی ہوتا تہا کہ اگر کفایت کے اصول کو پیش نظر رکہا جاتا تو اوسکی ضرورت نہ ہوتی، لیکن چونکہ سرکار خلد مکان کے حضور مین کوئی ایسا فوجی مشیر نہ تہا جسکو خزانہ ریاست کے ساتھہ بہی ہمدردی ہوتی، اسلیے وہ اونہین افسران کی تجاویز کو منظور کرنے پر مجبور تہین، جو رجمنٹ مین مامور تہے۔

باایہمہ ایک بڑی حد تک اہل بہوپال رجمنٹ مین داخل ہونے سے محروم رہے کیونکہ جسقدر افیسران رجمنٹ تہے وہ غیر ملکی تہی، اور ہمیشہ اونہون نے اپنے اہل وطن کو اہل بہوپال پر ترجیح دی، اور اون پر اکثر ایسی سختیان کین جنکے سبب سے بہوپالیون کا شوق فوج کی ملازمت سے کم ہوتا گیا، اور بالخصوص امپیریل سروس ٹروپس مین تو برائے نام ہی اونکا شمار نہ تہا۔

ہز اکسلنسی لارڈ ایلگن صاحب بہادر ویسرائے و گورنر جنرل کشور ہند
کی
رونق افروزی

۱۲ اگست ۱۸۹۵ء کو کرنل نیول صاحب بہادر قائم مقام پولٹیکل ایجنٹ بھوپال کے مراسلے سے معلوم ہوا کہ ہز اکسلنسی لارڈ ایلگن ۴ نومبر یوم شنبہ کو صبح کے ۹ بجے بھوپال میں داخل ہونگے اور ۵ نومبر کو ۱۱ بجے شب کے وقت روانگی کا ارادہ ہے، ہز اکسلنسی کے ہمراہ لیڈی ایلگن صاحبہ اور دیگر افسران اسٹاف ہونگے -

اس اطلاع کے موصول ہونے پر انتظامی احکام جاری کیے گئے، اور یہ اہتمام کیا گیا کہ تمام امور متعلق باستقبال وغیرہ مقام اوسیطرح انجام پزیر ہوں جیسے تقریب تشریف آوری ہز اکسلنسی لارڈ لینڈ ڈون عمل میں آئے تھے -

روسا متعلقہ بھوپال ایجنسی بھی وہی آئے تھے جو اوس موقع پر تھے، سرکار خلد مکان نے اس مرتبہ ان تمام روساء کی دعوت "تا قیام" ریاست کی جانب سے کی تھی، یوروپین جنٹلمین اور معزز لیڈیوں کو بھی مدعو کیا تھا -

صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کی وساطت سے فارن ڈپارٹمنٹ آف انڈیا کا مرتبہ پروگرام بھی موصول ہوا، اور خود صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے بھی ایک پروگرام مرتب کیا -

۴ نومبر ۱۸۹۵ء کو صبح کے وقت سرکار خلد مکان آنریبل ایجنٹ نواب گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا، و صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر سیہور، و افسران متعلقہ رزیڈنسی، و ایجنسی، و دیگر روساء موجودہ بھوپال و عمائد ریاست اسٹیشن پر استقبال کے لیے موجود تھے -

پلیٹ فارم پر گارڈ آف آنر اور بینڈ استادہ تھا، لال کوٹھی سے اسٹیشن تک دو رویہ

فوج ریاست صف بستہ تھی، اقبال کوٹھی پر بھوپال بٹالین کا پہرہ تھا، ۸ بجے ہز اکسلنسی کی اسپشل ٹرین پلیٹ فارم پر داخل ہوئی، سرکار خلد مکان نے اپنے ویٹنگ روم سے برآمد ہو کر استقبال کیا، گارڈ آف آنر نے سلامی ادا کی، اور بینڈ نے خوش آمدید کا ترانہ بجایا، توپخانہ ریاست سے (۳۱) ضرب سلامی کی سر ہوئیں، ہز اکسلنسی اسٹیشن سے سوار ہو کر لال کوٹھی پر تشریف لے گئے، اردلی میں رسالہ افواج شاہی تھا۔

سرکار خلد مکان "کانٹا اقیون" کے پاس سے جہاں سے تاج محل کی طرف سڑک ہے اپنے محل کو تشریف لے گئیں۔

ہز اکسلنسی نے کوٹھی میں، اور ہز اکسلنسی کے سیکریٹریوں اور اسٹاف کے دوسرے افسروں نے خیمہ جات میں جو حوالی کوٹھی میں قائم کیے گئے تھے قیام فرمایا۔

۱۱ بجے کے وقت وزیر ریاست، میاں عالمگیر محمد خان، میاں صدر محمد خان اور میاں نور الحسن خان سرکار خلد مکان کی جانب سے رسم مزاج پرسی ادا کرنے کو "لال کوٹھی" پر حاضر ہوئے، فارن سکریٹری و ملیٹری سیکریٹری نے استقبال کیا، اور فارن سکریٹری نے عطر و پان سے تواضع کی، ۱۲ بجے سرکار خلد مکان اور ہز اکسلنسی کی ملاقات کا وقت تھا، سوا گیارہ بجے ملیٹری سکریٹری انڈر سکریٹری اور ہز اکسلنسی کے ایک ایڈیکانگ، "تاج محل" پر سرکار خلد مکان کے استقبال کو آئے، جن کا خیر مقدم صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے محل پر کیا۔

سرکار خلد مکان ۱۲ بجے "کوٹھی" پر تشریف لے گئیں، گارڈ آف آنر نے سلامی ادا کی، (۲۱) فیر توپخانہ ریاست سے سر کیے گئے، ہز اکسلنسی کے ایک ایڈیکانگ نے گاڑی سے اترتے وقت، اور صاحب فارن سکریٹری بہادر نے زینے کے سرے پر، اور ہز اکسلنسی نے کمرہ ملاقات کے دروازہ سے باہر تک استقبال کیا، اور اپنے داہنی جانب کی کرسی پر بٹھلایا،

سرکار (خلد مکان) کے داہنے جانب صاحب پولیٹیکل ایجنٹ بہادر، وزیر ریاست، اور میان عالمگیر محمد خان وغیرہ بیٹھے تھے۔

ہز اکسلنسی، اور سرکار خلد مکان مین تھوڑی دیر تک گفتگو ہوتی رہی، اوسکے بعد صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے ہمراہیان سرکار خلد مکان کی نذرین پیش کرائین، جنپر ہز اکسلنسی نے ہاتھہ رکھکر معاف فرمایا۔

بعدہٗ ہز اکسلنسی نے سرکار خلد مکان کو اور انڈر سکریٹری صاحبان نے ہمراہیان کو عطر و پان دیا، سرکار خلد مکان عالیجناب لیڈی ایلگن صاحبہ سے ملنے کے لیے دوسرے کمرہ مین تشریف لے گئین، اس ملاقات کے بعد سرکار خلد مکان واپس ہوئین، اور تمام وہی مراتب جو استقبال کے وقت ادا کیے گئے تھے، واپسی پر بھی ادا ہوے، اور اس وقت بھی توپخانہ سے (۲۱) فیر سلامی کے سر ہوے۔

اوسی دن ہز اکسلنسی نے ۱۲ بجے سے ۱ بجے تک روساء راجگڈہ آور نرسنگڑھ وغیرہ کو شرف باریابی عطا فرمایا۔

شام کو ۴ بجے ملاقات بازدید کا وقت مقرر تھا، چنانچہ استقبال کے لیے چار سرداران ریاست لال کوٹھی پر گئے، ۴۰۔ ۴ بجے ہز اکسلنسی مع فارن سکریٹری، وانڈر سکریٹری، وملیٹری سکریٹری ودیگر عہدہ داران سٹاف کے محل پر تشریف لائے، رسالہ اعانت شاہی کا دستہ اردلی مین تھا، محل کے صدر دروازہ کے سامنے فوج ریاست کے چیدہ سوار، اور کمپنی کے جوان صف بستہ تھے، دروازہ اندرونی "تاج محل" پر سرکار خلد مکان اور صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے ہز اکسلنسی کو گاڑی سے اوتارا، توپخانہ سے (۳۱) فیر سلامی کے سر ہوے، دستہ گارڈ آف آنر نے جو محل مین استادہ تھا سلامی ادا کی، اور ملاقات کے کمرہ مین لیجاکر سرکار

خلد مکان نے اپنے داہنی طرف کرسی پر بٹھلایا، ہز اکسلنسی کے داہنی جانب سکریٹری صاحبان، وعہدہ داران ہمراہیان بیٹھے، اور سرکار خلد مکان کے بائین طرف پولیٹکل ایجنٹ بہادر، ومعززین ریاست کی نشست تھی -

بعد مختصر گفتگو کے ارا کین ریاست کو پولیٹکل ایجنٹ بہادر نے ہز اکسلنسی کے روبرو پیش کیا، اور ارا کین نے نذرین پیش کین، حضور ممدوح نے ہاتھ رکھکر معاف کر دین، سرکار خلد مکان نے ہز اکسلنسی، اور فارن سکریٹری کو، اور وزیر ریاست نے دیگر عہدہ داران اسٹاف کی خدمتمین عطر و پان پیش کیا، عطر و پان کے بعد ہز اکسلنسی اپنی فرودگاہ پر واپس تشریف لے گئے، اور مشایعت مین بھی وہی مراسم ادا ہوئین جو استقبال مین ادا کی گئی تھین

۶ بجے شام کو عالیجناب لیڈی ایلگن صاحبہ نے سرکار خلد مکان کے ساتھ چاے نوش فرمائی، اور آتشبازی کی سیر دیکھی -

ہز اکسلنسی نے بھی شہر کی روشنی کا جو ریاست، اور رعایا کی جانب سے ہوئی تھی ملاحظہ فرمایا شب کو ۸ بجے "لال کوٹھی" پر دعوت ہوئی، سرکار خلد مکان حسب معمول تشریف لے گئین تمام معزز مہمان ستارون کی طرح ہز اکسلنسی کے اردگرد چارون طرف میز پر ہالہ کیے ہوے تھے بیچ مین ہز اکسلنسی جلوہ گر تھے، جب مہمان کھانے سے فارغ ہوگئے تو سرکار خلد مکان نے اپنی مشہور فصاحت وزور بیانی کے ساتھ علیا حضرت "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند"، ہز اکسلنسی، اور عالیجناب لیڈی ایلگن صاحبہ کا جام صحت نوش کرنے کی تحریک کی، ہز اکسلنسی نے اس تقریر کے جواب مین ایک طولانی معنی خیز، اور دلچسپ تقریر فرمائی -

اسپیچ حضور ویسراے بہادر

جس گرم جوشی کے طریقہ مین آپ سب صاحبون نے ہمارا جام تندرستی نوش فرمایا ہے،

اوسکے ساتھہ مین ہم آواز ہونے کے لیے اوٹھتا ہون ، اور جن کریمانہ الفاظ مین جام تندرستی کی تحریک فرمائی ہے، اونکی نسبت مین سرکار عالیہ کا تہ دلسے شکریہ ادا کرتا ہون۔

یہ پہلی ہی مرتبہ نہین ہے کہ سرکار عالیہ بیگم صاحبہ نے بھوپال مین ایک ویسرائے کی نہایت گرم جوشی سے خیر مقدم کی، اور اوسکے جام تندرستی کے پینے کی تحریک فرمائی، اور مین خیال کرتا ہون کہ ہمکو پورے طور پر یقین کرنا چاہیے، جو کوئی اس نام سے اور بطور قائمقام ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے آویگا، اوسکو یقین کرنا چاہیے کہ روساء بھوپال کی طرف سے ہمیشہ دوستانہ اور فوری مراسم خیر مقدم کے عمل مین آوینگے (نعرۂ تعریف)۔

اس سلسلہ مین میری یہ خواہش نہین ہے کہ کوئی حسد انگیز مثال قائم کیجاے۔ کیونکہ دیگر شاہزادگان ورؤساء ہندوستان کے میرے ساتھہ نہایت اخلاق سے پیش آئے، لیکن یہ عام ہے کہ روساء بھوپال کے اپنی خیرخواہی مین جو انگریزی راج کے ساتھہ کی ہین اون لوگون سے کسیطرح کم نہین ہین (نعرۂ تعریف)۔

مجکو یقین ہے کہ یہ خیرخواہیان صرف شیرین الفاظ ہی مین ظاہر نہین کیجاتین، جیساکہ سرکار عالیہ نے آج کی شب کہا ہے، بلکہ اونکا اظہار فعل سے بھی ہوگا، جیساکہ اونکے متقدمین نے اپنے عہد مین کی ہین (نعرہ تعریف)۔

مین امید کرتا ہون کہ بلحاظ حالات وقت کے میرے دوست کرنل بار، اندور چھوڑنے پر مجبور نہونگے، لیکن اگر ایسا ہوا تو کوئی شک نہین ہے کہ اونکو بھی ویسی ہی فوری مدد رئیس بھوپال سے ملیگی، جیساکہ ایک رزیڈنٹ سابق کو ملی تھی۔

لیڈی صاحبان، حضرات!

اسوقت ہمارے نزدیک یہ تعجب کی بات نہین ہے کہ سرکار عالیہ

بیگم صاحبہ نے فوری منظوری نسبت اوس تحریک کے ظاہر کی جسکو چہہ سال ہوے کہ
ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے ساتہہ شاہزادگان و روسا کی خیر خواہی معلوم ہونے کے لیے
کی گئی تہی، اور سرکار عالیہ نے جیسا کہ اسوقت شام کو ظاہر فرمایا ہے، ایک عمدہ موقع
واسطے ترتیب ایک رجمنٹ اعانت شاہی کے حاصل کیا، اس رجمنٹ کو اپنی اردلی
مین دیکہکر مجہے بہی سرکار عالیہ کو مبارکباد دینے کا موقع ہاتہہ آیا کہ یہ رجمنٹ نہایت
عمدہ طریقہ پر گہوڑون، اور ساز و سامان سے آراستہ ہے، اور کوئی شک نہین ہے
کہ کل پریڈ پر وہ خود اپنا کام قابل اطمینان کرینگے، اور یہ ظاہر کردینگے کہ زیر نگرانی
کرنل ملس اور اونکے لایق اسسٹنٹون کے جنکی وجہ سے یہ تحریک بجدی مورد تحسین و
آفرین ہے، اس رجمنٹ کو بہت بڑا فائدہ پہنچا۔

(سنو)

لیڈی صاحبان، حضرات!

ایک اور بہی بات ہے جو سرکار عالیہ بیگم صاحبہ کو وراثتاً پہنچی ہے، وہ
یہ ہے کہ رؤسا بہوپال ہمیشہ سے خلقی فیاض مشہور رہے ہین، اور سرکار عالیہ نے
بہت وقت اور روپیہ واسطے ترقی مفید کامون کے صرف کیا، مین خیال کرتا ہون
کہ صرف ابہی ایک واقعہ کار رفاہ عام کی نسبت، جسکا ذکر سرکار عالیہ نے فرمایا ہے،
مجکو افسوس ہے، اور وہ یہ ہے کہ بوجہ کمی پیداوار کے رفاہ عام کے کامون مین
لوگون کو لگانے، اور اونکے لیے خوراک مہیا کرنیکی ضرورت ہوئی، اس لیے مین
سرکار عالیہ کی اس امید مین شریک ہون، جیسا کہ سرکار عالیہ نے اوسوقت
شام کو ظاہر فرمایا ہے، کہ "خرابی فصل و سالہاے گزشتہ کی ساتہہ عمدہ پیداوار کے

مبدل ہوگی ۔ اور کاشتکاران اس حصۂ ملک کے وہ فائدہ اوٹھاوینگے جو اونکو بوجہ
زرخیز ہونے زمین کے ٹھیک طور پر حاصل ہونگے ۔ اور اور باتون مین سرکار عالیہ کے
اوصاف کی حد قائم کرنا مشکل ہے ۔ یعنی کیسی رئیسہ جو اپنے ملک کی آمدنی کو رفاہ عام
کے کامون مین ترقی کرنے کے لیے صرف کرتی ہین ۔ لیکن مین اس معاملہ مین ایک شرط
قائم کرتا ہون ۔ وہ یہ ہے کہ ایسے کامون کو مدبری و دور اندیشی و کفایت شعاری
کے ساتھہ اختیار کرنا چاہیے ۔

ایسے قومی فوائد طمع کی نظر سے دیکھے جاتے ہین جو ایک بڑے ملک کے کھل جانے سے
جنکا پیداوار آسانی سے بازارون مین نہین پہنچ سکتا ہی ، حاصل ہوتے ہین لیکن مین خیال کرتا ہون
کہ یہ بات ملحوظ رہنا چاہیے کہ اوس فائدہ مین بحد سے نقصان پہنچیگا ، اگر ریاست کا بھرم
خطرہ مین ہو جاسے ، اور ریاست کا بھرم آیندہ کے لیے بھی ویسا ہی ہونا چاہیے جیسا
کہ آج ہے اس بات کی بحد سے آرزو ہے کہ سرکار عالیہ کے نام کے ساتھہ اعلے
درجہ کا ممکن الحصول اعزاز دیکھا جاسے ، اور اس وجہ سے مین ایک ایسے امر کے
حوالہ دینے کی جرأت کرتا ہون جو بعض اوقات نظر انداز ہوگیا ہے ، لیکن غالباً
سرکار عالیہ اوسکو سمجھہ گئی ہین ، اور زیر نظر رکھا ہے ۔ سرکار عالیہ نے ایک بڑے
کام یعنے اوجین بھوپال ریلوے کا حوالہ دیا ہے ، اس کام مین سرکار عالیہ نے ایک
عجیب دلچسپی اختیار کی ہے ۔ کوئی شک نہین ہے کہ ملک کے لیے یہ کام بڑے
فائدہ کا ہے ۔

اور سرکار عالیہ کو تمام وہ فوائد حاصل ہونگے جنکے لحاظ سے کہ یہ کام اختیار
کیا گیا تھا ۔

لیڈی صاحبان، حضرات!

سرکار عالیہ نے اوسوقت شام کو اون رعایتون کا اظہار فرمایا ہے جو ملکہ معظمہ قیصرہ ہند نے عطا فرمائی ہین، مجکو امید ہے کہ سرکار عالیہ یقین فرماوین گی کہ ملکہ معظمہ قیصرہ ہند و گورنمنٹ ہند جو قائم مقام ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے ہے ہمیشہ اچھے کامون کی جو رؤسا کیجانب سے واسطے فائدہ رعایا کے ہوتے ہین خوشی سے داد دیتی ہین، اور اسلیے سرکار عالیہ کا دربارہ شکریہ ادا کرنے کے سلسلہ مین نسبت اوس خیر مقدم کے جو ہمارے ساتھ ایک شان و شوکت کی پیشوائی مین عمل مین آیا، اور واسطے اوسکے جو ہمارے لیے مہیا فرمایا، اور نیز واسطے اوس عظیم الشان تماشا کے جسکو آج ہمنے شہر گھوم کر دیکھا ہے، مین تہ دل سے یہی امید ظاہر کرتا ہون کہ اون اعزاز سے لطف اوٹھانے کے لیے جو سرکار عالیہ کو عطا ہوے ہین، سرکار عالیہ کی عمر مین ترقی ہو، اور خوش رہین۔

لیڈی صاحبان، حضرات!

مین تحریک کرتا ہون کہ آپ سب سرکار عالیہ بیگم صاحبہ بھوپال کے جام تندرستی کے پینے مین میرے ساتھ شریک ہون۔

نہایت گرمجوشی سے جام تندرستی نوش کیا گیا۔

ان تقریرون کے بعد سرکار خلد مکان محل پر واپس تشریف لائین۔

ہز اکسلنسی نے ۵ نومبر کو صبح کے وقت رسالہ اعانت شاہی کی قواعد ملاحظہ فرمائی، اور قلعہ فتحگڈہ و بالا قلعہ کی سیر کی، ۹ بجے صبح کو عالیجناب لیڈی ایلگن صاحبہ نے بمعیت بریگیڈ سرجن لفٹنٹ کرنل بہادر آنریری سکریٹری سنٹرل کمیٹی کونٹس لیڈی ڈفرن فنڈ کے لیڈی لینسڈون ہسپتال کا معاینہ فرما کر اظہار پسندیدگی، اور خوشنودی کیا، اور دونون نے

کتاب معاینہ پر اپنی راے تحریر فرمائی۔

ہز اکسلنسی کی تشریف آوری کی مسرت مین ۱۰ قیدی رہا کیے گئے۔

اوسی روز ۴ بجے شام کو ہز اکسلنسی مع اپنی پارٹی کے بذریعہ اسپشل ٹرین نندگاون کیجانب روانہ ہوگئے، روانگی پرائیوٹ تھی صرف قلعہ سے سلامی سر ہوئی، چھ بجے شیکو صاحب بخینٹ گورنر جنرل بہادر و دیگر یوروپین مہمانون نے عالی منزل و تاج محل مین روشنی ملاخطہ فرمائی۔

منشی امتیاز علیخانصاحب وزیر ریاست کا انتقال

منشی امتیاز علی خان نے مرض استسقا مین مبتلا ہوکر ۱۰ رجمادی الثانی سنہ ۱۳۱۲ ہجری کو انتقال کیا اور باغ مقبرہ مین دفن کیے گئے۔

اونکا تقرر بہ سفارش نواب صدیق حسن خان صاحب وزارت پر ہوا تہا، وہ قصبہ کاکوری ضلع لکہنو کے باشندہ، اور صوبہ اودھ کے پرانے تعلیم یافتہ وکیل تہے، اور اونکی عمر کا بڑا حصہ پیشہ وکالت مین بسر ہوا تہا، اونکو نہ اصول انتظام مملکت، اور نہ علم تمدن مین قابلیت تہی، اور نہ اونکی طبیعت ہی سیاست مدن کے مناسب واقع ہوئی تہی، اگر ذرہ بہر بہی اون کو قابلیت وزارت ہوتی، اور وہ اپنے عہدہ کی ذمہ داری سمجہ سکتے تو وزارت ایسے وقت اونکے ہاتہون مین آئی تہی جو اونکے متقدم جانشین کی محنت اور عرق ریزی کے نتائج حاصل کرنے کا زمانہ تہا۔

کرنل وارڈ صاحب بہادر نے ہر ایک صیغہ کی سرزمین پر ملکی معاملات کے لحاظ سے مفید اصلاحات کی نہرین جاری کر دی تہین، مالی حالت رو بہ ترقی ہو چلی تہی، اون کے تجربات عظیم کے اثرات ظاہر ہونے لگے تہے، لیکن منشی امتیاز علی خان کو تو اور ہی صورت نظر آرہی تہی اور بہوپال کو ایک مصیبت ناک انقلاب دیکہنا تہا، کرنل وارڈ کی محنت، اور جانفشانی خاک مین ملادیگئی اون کے تمام عمدہ انتظامات، اور رایون سے اختلاف کیا گیا، اونہون نے وزارت کا چارج لیتے ہی جو منتظمین، اور قابل قدر عہدہ دار باقی رہگئے تہے اونکو بہی علٰحدہ کر دیا، اور بجاے اون کے اپنے عزیزون، دوستون، اور ملاقاتیون کو جو بیکاری یا کم معاشی مین اپنی زندگی بسر کر رہے تہے اور مطلق ذمہ داری کے عہدون کی اون مین قابلیت نہ تہی،

ریاست مین بھر دیا۔

اونکے انتظامی تغیرات مین اہم تغیر انتظام مالگذاری کا تہا، اونہون نے مستاجرانہ انتظام پر خام انتظام کو ترجیح دی۔ اور سیکڑون مواضع کو خام کرکے خزانہ ریاست سے کاشتکارون کو غلہ اور روپیہ دیا۔ بظاہر اس انتظام سے ایک دل خوش کن امید کاشتکارونکی حالت مین عمدہ تبدیلی کی تہی، لیکن نتیجہ جیسا نکلنا چاہیے تہا اوسکے برعکس نکلا جسکو اسوقت تک ریاست درست کررہی ہے۔

ایک طرف مستاجری پیشہ گروہ، اور ساہوکارون کو بے انتہا نقصان پہونچا، دوسری طرف کاشتکار بے شمار مختلف مصیبتون مین گہر گئے اسکے سوا خزانہ کی زیر باری بہت بڑھ گئی، سب سے بڑی مصیبت خزانہ، اور کاشتکارون کے لیے یہ تہی کہ تقسیم تخم تقاوی اور تحصیل زرمال گذاری، اون لوگون کے ہاتہون مین تہی جو وزیر کے آوردے تہے جن کو ہر ایسی بے عنوانی، اور برائی کا برتاو کرنے مین جو انسان کی بدنفسی سے سرزد ہوسکتی ہے مطلق باک نہ تہا، گویا وہ اپنے کو، حقوق ریاست اور اوسکے حق نمک کو اور خدا کو بہولے ہوے تھے،

ادہر ملک پر انسانی مظالم کی صورت مین یہ آفتین برپا تہین، اودہر سنہ ۱۲۹۱ھ مین پیداوار غلہ کو سخت نقصان پہونچا، گیہون کی فصل بالکلیہ برباد ہوگئی، اور ایسی حالت مین غریبون اور فاقہ کشون کی دستگیری نہین کی گئی، ان مصیبتون نے ملک پر یہ اثر کیا کہ تعداد اراضی مزروعہ کی بقدر ایک ثلث گہٹ گئی، اور مردم شماری بجاے ۹ لاکہ کے ۶ لاکہہ رہ گئی۔

اس مالی نقصان کے علاوہ بہی ایک اور تباہ کن نقصان ہورہا تہا یعنی عدل وانصاف نادار رعایا کے لیے نہایت گران ہوگیا تہا، قانون وقواعد موجود تہے، لیکن وہ عمل کرنے کیلیے وضع نہین کیے گئے تہے۔ اونکی ترتیب ونفاذ سے محض ایک نمائش مقصود تہی، ہر طرف رشوت، اور سفارش کی گرم بازاری تہی، تعزیر، اور تلافی حقوق کا انحصار زر نقد، اور پاس خاطر احباب پر تہا

بڑے بڑے، اور خاص خاص حکام کے دلال رشوت کا سرمایہ بہم پہونچانے کو مفصلات اور صدر مین اپنا کاروبار پہیلائے ہوے تھے یہ لوگ خود بہی خاطر خواہ نفع اوٹہاتے تہے اور اون عہدہ داروں کا گہر بہی بہرتے تہے، غرض تمام غریب اور مسکین رعایا پر انسانی صورت مین خوفناک درندے مسلط تہے گویا بہیڑیے بہیڑون کا لہو پینے اور اون کے گوشت پوست سے اپنا پیٹ بہرنے کیلیے چہوڑوائے گئے تھے۔

سرکار خلد مکان کو اگر اس قسم کی شکایتین عمال ماتحت کی پہونچتین تو یہ فرمادیا کرتین کہ "رعایا کو وزیر کے نزدیک جانا چاہیے ہمنے وزیر کو با اختیار کردیا ہے"

باوجود اس حالت کے وزیر کا رسوخ روز بروز بڑہتا جاتا تہا، عروج کا ستارہ ہر دن ترقی پر تہا، حتی الوسع کوئی شکایت سرکار خلد مکان تک نہین پہونچنے پاتی تہی، اگر پہونچتی بہی تو منشی امتیاز علی خان کی لسانی جو اہل لکہنو پر ختم ہے اوسکا کچہہ اثر نہ ہونے دیتی۔

انہین واقعات کے متعلق سربرآوردہ اینگلو انڈین "پانیر" نے وزیر کے خلاف اپنی ایک اشاعت مین ایک زبردست مضمون لکہا، اور وزیر کے انتظام پر سخت نکتہ چینی کی تہی اوسکے اعادہ کی ضرورت نہین کیونکہ اس قسم کی شہادتون کی اوس شخص کو ضرورت ہوتی ہے جو غیر ممالک مین بیٹہکر کسی دوسرے ملک کے حالات قلمبند کرتا ہے نہ اوس شخص کو جسکی آنکہون کے سامنے وہ تمام حالات گذرے ہون۔

وزیر کی بد انتظامی کے تمام حالات میرے چشم دیدہ ہین اور اس درجہ بہوپال سے باہر بہی مشہور ہین کہ اوسکے لیے کسی شہادت کی ضرورت نہین۔

وزیر کی بد انتظامیون کا خمیازہ اسوقت تک دربار بہوپال اوٹہا رہا ہے اور ارکین اور فرمان روا کی ذات خاص کو جو تکلیفین اون بد انتظامیون کے نقصانات کی تلافیون مین

پیش آ رہی ہین وہ اظہر من الشمس ہین -

منشی امتیاز علی خان صاحب، کردست راست قاضی نورالدین نائب مال تھے، اور اسمین شک نہین کہ مال کر کامون مین وہ مہارت تامہ رکہتے تھے مال کا کام جو چلتا تہا وہ قاضی نورالدین ہی کے ماہر ہونے کا نتیجہ تہا، لیکن اوسی کر ساتہہ ہی نہایت سخت عیوب بہی تھے جو ناقابل البیان ہین -

وزیر، اور نائب کے زمانہ مین رشوت کا بازار سخت طور پر گرم تہا، اور رشوت بطور ایک حق کے لیجاتی تہی، اوس زمانہ کے تحصیلداروں کی تنخواہ اگرچہ بہت قلیل تہی لیکن وہ امیرانہ زندگی بسر کرتے تہے اون کو بے انتہا آمدنی ہوتی تہی -

یہ لوگ زیادہ تر نواح لکہنو کے باشندے تہے اور ان لوگون نے وطن مین اپنی امارت کی نمود کی تہی اسلیے اہل لکہنو کو اسوقت تک بہوپال کی ملازمت کی آرزو رہے اور بہوپال کو وہ لوگ کان پارس، اور معدن طلا جانتے ہین -

منشی امتیاز علی خان بہوپال کی بدولت امیر کبیر بن گئے، اونہون نے بہت بڑی دولت کا ترکہ بہی چہوڑا، وزیر کی خوش قسمتی مین بہی شک نہین تھا کیونکہ اون کے معاون و مربی نواب صدیق حسن خان صاحب ہو گئے تھے جو ہر ایک شکایت کی سپر، اور ہر ایک ظلم کا آلہ تھے، لیکن بعد چندے اونہون نے سفر آخرت اختیار کیا، پہر ایک رحم دل رئیسہ کو بذات خاص وزیر کی کارروائیون کے دیکہنے کا موقع ملا اور رعایا کی فریاد گوش گذار ہو گئی انتظام کا وقت قریب تہا موت نے اوس خوش نصیب شخص کا خاتمہ کر دیا، اور قیامت کر روز خداوند کریم کے جلال کے روبرو اوسکے مظالم کے فیصلہ کو ملتوی رکہا -

منشی امتیاز علی خان کے بعد آنریبل خان بہادر مولوی عبدالجبار خان سی، آئی، ای، وزیر ریاست مقرر ہوے جنکا تذکرہ آیندہ اپنے موقع پر دفتر پنجم مین کیا جائیگا -

بھوپال اوجین ریلوے

چونکہ بھوپال اوجین ریلوے کی تیاری بہ لحاظ ترقی تجارت، وسہولت سفر ضروری تھی اسلیے ابتدائی مراسلات مابین گورنمنٹ آف انڈیا، وریاست ہاے گوالیار، ودیواس، وبھوپال ہونے کے بعد، ۸ رمارچ ۱۸۹۱ء کو اُجین سے بھوپال تک پیمائش شروع ہوئی پہلے خیال تھا کہ چھوٹی پٹری کی لائن بنائی جاے، لیکن سرکار خلد مکان نے گورنمنٹ آف انڈیا مین تحریک کی کہ چوڑی پٹری کی لائن تیار ہو، اس امر کے متعلق خط وکتابت ہوئی اور بالآخر گورنمنٹ نے اس تحریک کو منظور کرکے بذریعہ صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر سرکار خلد مکان کو مطلع کیا۔

پانچ سال کے عرصہ مین اوجین سے بھوپال تک لائن تیار ہوگئی، اور فروری سنہ ۹۶ء مین مسافرون کی آمد ورفت کا سلسلہ شروع کردیا گیا، یہ لائن بمقابلہ بھوپال اسٹیٹ ریلوے لائن کے جلد تیار ہوئی، اورجس تاریخ سے یہ لائن کھلی اوسی تاریخ سے اوسکی مدنی خزانہ ریاست مین داخل ہوئی حالانکہ بھوپال اسٹیٹ ریلوے سے نوُ برس تک کچھ منافع حاصل نہین ہوا تھا۔

اگرچہ فروری سنہ ۹۶ء مین یہ لائن کھل گئی تھی، لیکن رسم افتتاح ۴ر جنوری سنہ ۱۸۹۶ء کو کرنل ڈیوڈ بار صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا کے ہاتھون سے عمل مین لائی گئی۔

۲ر جنوری کو صاحب بہادر محتشم الیہ[1] بھوپال کو تشریف لاے، ۴ر جنوری کو جلسہ کا افتتاح ہوا اسٹیشن نہایت شان سے آراستہ کیا گیا تھا، یورو پین افیسران سیہور ریلوے اسٹاف کے اعلیٰ افسر، اوریوروپین لیڈیز قریباً پینتالیس اصحاب کے مدعو کیے گئے تھے، اراکین وخوانین ریاست

[1] اثناے قیام بھوپال مین راو ستروسال جاگیردار نگل گڑہ کو سند خطاب "راو بہادر" صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر نے عطا کی۔

بھی جلسہ مین شریک تھے۔

جلسہ کا انتظام واہتمام ریلوے کمپنی کی جانب، اور اوسی کے صرف سے کیا گیا تھا۔

۲ بجے دن کو بذریعہ اسپشل ٹرین ایجنٹ گورنر جنرل بہادر، وسرکار خلد مکان ودیگر صاحبان یوروپین ولیڈیز سیہور گئے، اور وہان ٹی پارٹی دیگئی۔

منجانب ریاست اسٹیشن سیہور پر فقرا وغربا کو خیرات تقسیم کی گئی، کل صرفہ بھوپال اُجین ریلوے کے اوس حصہ کی تعمیر کا جو حدود ریاست مین واقع ہے مبلغ [illegible] لاکھ ہوا تھا۔

کمپنی کی منظوری حاصل کرنے کے بعد ملازمان ریلوے کو سرکار خلد مکان نے انعام عطا کیا اور ایک کتب خانہ ریلوے اسٹاف کے لیے اسٹیشن بھوپال پر مہیا فرمایا۔

بھوپال اُجین ریلوے کا معاہدہ بھی منجانب گورنمنٹ آف انڈیا وریاست بھوپال مکمل کیا گیا اوس موقع پر جو تقریرین ہوئین وہ حسب ذیل ہین:۔

اسپیچ سرکار خلد مکان

الحمد للہ کہ آج نہایت خوشی کا دن ہے کہ بعد اجراے اسٹیٹ ریلوی بھوپال جو ۱۸۸۴ع مین جاری ہوئی تھی، یہ دوسری لائن اوجین بھوپال ریلوی جاری ہوئی یہ سبب نتائج اقبال مندی وسرپرستی حضور "ملکہ معظمہ انگلستان وقیصرہ ہندوستان دام اقبالہا" کی ہین جو بعد اوس کے پھر انصرام وانجام اوس کا اِس چھوٹی ریاست سے بہ عہد میمنت مہد جناب معلی القاب لارڈ ایلگن صاحب بہادر گورنر جنرل ویسراے کشور ہند۔

وصاحب والاشان کرنل بار صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل وسیجر میڈ صاحب بہادر

پولیٹکل ایجنٹ بھوپال کے آج تاریخ چوتھی جنوری ۱۸۹۷ء کو ہوا جس سے ازدیاد ترقی تجارت و آسائش مسافران، و آبادی ملک، و انتفاع ریاست کی بہتر امید کیجاتی ہے ہین اس عنایت و اخلاق کرنل بار صاحب بہادر سی. وح کی جو بوفور مہربانی جناب محتشم الیہ نے میرے اس جلسہ مسرت کو قبول و منظور فرما کر رونق بخشی، از تہ دل شکرگزار ہون، اور مسٹر شیرین صاحب بہادر چیف انجنیر ریلوے کا جنہون نے تیاری ریلوے مین عمدہ کارروائی کی، اور بکفایت و عجلت اس کام کو انجام دیا کہ منافع اوسکا اوس ہی سال سے آنا شروع ہوگیا، بخلاف سابق اسٹیٹ ریلوے بھوپال کہ ۹ سال تک اوس کے منافع کا ایک حبہ بھی وصول نہین ہُوا، سچے دل سے شکر ادا کرتی ہون، اور میجر میڈ صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ بھوپال، اور میم صاحبہ صاحب موصوف کی مین نہایت شکرگزار ہون کہ بکمال مہربانی صاحب بہادر موصوف و میم صاحبہ نے توجہ و تکلیف کر کے جملہ انتظام و اہتمام اس تقریب کا بوجہ احسن فرمایا پس جملہ صاحبان بہادر و لیڈیون کے خیر مقدم کا جو اس تقریب مین تشریف لائے، اور مسرور فرمایا، بہت خوشی کے ساتھ شکریہ ادا کر کے اپنی اس تقریر کو بدعاے ترقی سلطنت جناب "ملکہ معظمہ" کہ جن کو مین بجا اپنی والدہ ماجدہ سمجھتی ہون، ختم کرتی ہون۔

خداوند کریم کے فضل و کرم سے امید ہے کہ حضور "قیصرہ ہند" کی جو عنایات خسروانہ اس ریاست، اور میرے حال پر ہمیشہ سے مبذول ہین، بیش از بیش مادام الحیات میرے مرعی و مشمول رہینگی۔

اے ایجنٹ گورنر جنرل صاحب بہادر سنٹرل انڈیا براے مہربانی

مع دیگر صاحبان بہادر و میم صاحبات ریل کو افتتاح فرمائین ۔

اسپیچ صاحب ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا

نواب بیگم صاحبہ ، لیڈیز ، و جنٹلمین !

قبل اسکے حسب فرمائش "نواب بیگم صاحبہ" اوجین بھوپال ریلوے کا حصۂ ریاست بھوپال کھولا جاوے ، مین چاہتا ہون کہ چند الفاظ اس تقریب کی کیفیت مین بیان کرون جو آج ادا ہوگی ۔

یہ ریلوے در اصل ماہ اپریل سنہ گذشتہ مین تیار ہوگئی تھی مگر صرف اس سبب سے کہ مین نے موسم گرما مین رسم افتتاح ریلوے کرنے مین تکلیف ظاہر کی تھی "نواب بیگم صاحبہ" نے براہ مہربانی اس تقریب کو زیادہ مناسب موسم مین ادا کیا جانا منظور فرمایا تھا ، اور مجھکو اسکی خوشی ہے کہ اس سال اول ہی دفعہ کار منصبی بھوپال آنے سے "نواب بیگم صاحبہ" کی اس تمنا بر آری اور اون کے ساتھ لائن جدید مین اول بار سفر کرنے کا موقع ملا ۔

"نواب بیگم صاحبہ" اون رؤسا ہند مین سے ہین جنہون نے سب سے اول توسیع ریلوے کے فوائد کو تسلیم فرمایا ہے ، بھوپال اسٹیٹ ریلوے اٹارسی سے بھوپال تک ۱۸۸۴ء مین طیار ہوئی اور یہ کام زر کثیر کا تھا کیونکہ اس مین دریاے نربدا کا پل ہوشنگ آباد کے مقام پر بنانے ہی کا بڑا کام نہین تھا بلکہ وندیاچیل کی چڑھائی پر پہاڑ کی کٹائی کا بھاری کام تھا ، جیسا کہ "نواب بیگم صاحبہ" نے فرمایا ، اس ریلوے لائن سے اگرچہ چند سال تک کچھ منافع نہ ملا مگر در اصل اسکو

انڈین مڈلینڈ ریلوے کے سلسلۂ عظیم کی بنیاد سمجھنا چاہیے جو اب سنٹرل انڈیا اجنسی کے ستقدر زیادہ حصہ مین ہوکر جاتی ہے یعنے آگرہ سے گوالیار، جہانسی، بھوپال، ہوکر اٹارسی تک، اور اوسکی شاخین جہانسی سے کانپور اور مانک پور، اور بہوپال سے اوجین تک جا رہی ہین۔

لیڈیز، و جنٹلمین! مجھہ کو یقین ہے کہ آپ سب "نواب بیگم صاحبہ کو تہ دل سے اس عظیم ریلوے کے اس آخر ٹکڑہ کے تیار ہو جانے کی مبارک باد دینے مین میرے شریک ہونگے، اور اس امید کے اظہار مین بھی شرکت کرینگے" بیگم صاحبہ موصوفہ نے سنٹرل انڈیا کی ریلوے کی توسیع مین حوصلہ مندی کا اظہار کیا ہے، اس کا جیسا چاہیے عوض ملے اور یہ عوض صرف یہی نہین کہ جو روپیہ اس مین "نواب بیگم صاحبہ" نے لگایا ہے اوسکی عمدہ آمدنی ہو بلکہ ریاست اور رعایا کو اس سے لازمی فوائد یعنی آمد و رفت کی آسانی، تجارت کی ترقی، اور سب سے بڑا فائدہ آسانی تقسیم غلہ خوردنی ایسے تنگ وقت مین جو اسوقت پیش نظر ہے پہنچے۔

"نواب بیگم صاحبہ" نے احسانمندانہ الفاظ مین مسٹر شبیر مین صاحب بہادر کے کام کا اظہار کیا ہے جو اوجین بہوپال ریلوے کی تیاری کی تجویز کے روز اول سے اوس کے کام ختم ہونے تک انجینیر انچیف رہے ہین، مین بھی چاہتا ہون کہ مسٹر شبیر مین صاحب بہادر اور اون کا جنہون نے اونکے ساتھہ اس لائن پر کام کیا ہے شکریہ اور مبارک باد ادا کرون۔

ریلوے کا سفر آجکل ایسا عام ہو رہا ہے کہ اوسکے بنانے کی ہنرمندانہ تجاویز نگرانی کی فکر اور ریلوے لائن کی تیاری کی محنت اور ہزارون قسم کی مشکلات تفکرات اور اون لوگون کی جواب دہی کا جو ایسے کام کو کرتے ہین، اور جسکو مسٹر شبیر مین صاحب بہادر نے ایسی کامیابی کے ساتھہ پورا کیا ہے، انسان واجبی احسان ماننا، اور قدر کرنا

بھول جاتا ہے۔

"نواب بیگم صاحبہ"! مین اپنے، اور آپ کے جملہ مہمانون کی جانب سے اون الفاظ وفاداری کے جن مین آپ نے حضرت" ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کا ذکر کیا ہے پوری داد دیتا ہون، ہم سب واقف ہین، اور ہمارا دل گواہی دیتا ہے کہ جو کچھ آپ نے فرمایا بہ خلوص اور صدق دلی کے ساتھ کیا ہے، اور اس کام کو اور نیز دیگر کامون کے کرنے مین جو شوق و حوصلہ اور استقلال" نواب بیگم صاحبہ" کی طرف سے ظہور پذیر ہوا ہے اوس کا باعث جوش اور کمال وفاداری، اور جان نثاری فرمانروا امپیریان کی ملکہ معظمہ انگلستان اور قیصرہ ہندوستان کے ساتھ ہے جو کل حصص دنیا مین اپنی رعایا کی مادر مہربان ہین۔

لیڈیز، و جنٹلمین! اب مین اوجین بھوپال ریلوے کا افتتاح کرتا ہون اور چاہتا ہون کہ آپ اس موقع پر" نواب بیگم صاحبہ" رئیسہ بھوپال کی تندرستی اور اون کے ریلوے کی کامیابی اور سرسبزی کا جام نوش فرمائین۔

جشنِ ڈائمنڈ جوبلی

بہ تقریب حکومت شصت سالہ جناب ملکہ وکٹوریہ قیصرہ ہند

سنہ ۱۸۹۷ء مین میجر ایم، جی میڈ صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ نے مولوی عبدالجبار خان صاحب بہادر سی، آئی، ای، وزیر ریاست کو بذریعہ چٹھی مطلع کیا کہ "حضور ویسرائے ہند نے حکم دیا ہے کہ برٹش انڈیا مین بتقریب شصت سالہ جلوس حضرت "ملکہ معظمہ" عام تعطیل دیجاوے، اور یہ تجویز فرمائی ہے کہ ایسا ہی ریاست بھوپال مین بھی ہو، اور جلسہ بھی منعقد کیا جاوے، افواج ریاست کی قواعد اور بروز انعقاد جلسہ شہنشاہی سلامی کی توپین سر کی جائین"،

توپین شاہی سلامی کی سر کی گئین، مدرسہ وکٹوریہ کی (۲۴) لڑکیون کو جو تعلیم پارہی تہین جوڑے

ف جشن ڈائمنڈ جوبلی کے موقع پر جو لنڈن مین منایا گیا تہا علیا حضرت "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" نے اپنا یہ منشا ظاہر فرمایا کہ جناب ممدوحہ کی اردلی کے واسطے جو گارڈ آف آنر قائم ہو اوس مین ہندوستان کے رسالجات اعانت شاہی کا ایک ایک افسر بھی شریک کیا جاوے۔

بہ تعمیل منشا رشاہانہ ہندوستان سے افسران مذکور کی روانگی تجویز کی گئی، اول ہفتہ مئی کو کل افسر جہاز پر روشنیا مین بہ ماتحتی میجر ڈائمنڈ صاحب بہادر متعلقہ سنٹرل انڈیا ہارس ہندوستان سے روانہ ہوے۔

ریاست بھوپال سے میجر مرزا کریم بیگ انتخاب کیے گئے تھے۔

یہ کل افسر ۲۲ مئی کو داخل لنڈن ہوے اور بمقام (ہیچہ پارک ہیل) جو لنڈن سے ۲۰ میل ہے ٹھیرے۔

ہزرائیل ہائینس پرنس آف ویلز (ملک معظم قیصر ہند) ہزرائیل ہائینس ڈیوک آف کناٹ و لارڈ ہملٹن سے ملاقاتین ہوئین، لارڈ ہملٹن نے اثنار گفتگو مین ظاہر کیا کہ "ملکہ معظمہ کا ارادہ تہا کہ تمام روسار ہند سے ملاقات کرین لیکن قحط کے سبب سے ملتوی رہا، تاہم تم لوگون کو دیکھکر سب خوش ہونگے" لارڈ ہملٹن نے افسرون کی دعوت بھی کی۔

۲۴ جون سنہ روان کو "ملکہ معظمہ" کی سواری نہایت شان وشوکت سے نکلی، وہ آٹھ گھوڑون کی کھلی ہوئی بگھی مین

تقسیم کیے گئے لازمون کو انعام دیا گیا۔

چند قیدی بھی رہا کیے گئے، اور چند کی میعاد مین تخفیف کی گئی۔

۵ بجے شام کو تمام فوج ریاست کی قواعد کی گئی، شب کو تمام شہر مین اور مکانات و محلات و دروازہ شہر پناہ وقلعہ جات پر روشنی ہوئی، شہر مین غلہ غربا کو تقسیم ہوا۔ ۲۱ و ۲۲ رجون کو تمام دفاتر صدر و مفصلات مین عام تعطیل رہی تحصیل سیہور مین خصوصاً اور باقی جملہ تحصیلون مین عموماً غلہ محتاجون اور مسکینون کو تقسیم ہوا۔

اس تقریب مین ۸ رجولائی کو لال کوٹھی مین صاحبان یوروپین کو ڈنر دیا گیا، جس مین ۲۵ صاحبان اور لیڈیان مدعو تھین، کھانے کے بعد سرکار خلد مکان نے "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" کا، اور وزیر صاحب نے مہمانون کا، اور صاحب پولیٹکل ایجنٹ نے سرکار خلد مکان کا، دلچسپ اور پرجوش تقریرون مین

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) سوار تھین، تخمیناً ۸ میل کا چکر قرار پایا تھا، راستہ پر بیس ہزار فوج چار حصون مین دو طرفہ استادہ تھی، ہندوستان کے افسر گاڑی کے پاس تھے، اور رسالہ جات اعانت شاہی کے افسر سفیرون کی بگھی کے پیچھے تھے، اار بگھیون مین خاندان شاہی کے ممبر سوار تھے، نصف راستہ مین گرجا واقع تھا، وہان پر نماز ادا کی۔

جب پبلک ہوس مین سواری داخل ہوئی تو دوارہ پر سفرا، اور افسرانِ اعانت شاہی نے سلام کیا۔

سرکاری رپورٹ سے معلوم ہوا کہ ستر لاکھ آدمی اس جشن کے دیکھنے کو جمع ہوے تھے۔

یکم جولائی کو افسرانِ اعانتِ شاہی "ملکہ معظمہ" کی بگھی کے ہمراہ ارد لی مین تھے، ان افسرون سے "ملکہ معظمہ" نے ونڈسر کیسل مین ملاقات فرمائی، اور دعوت کی، کئی روز تک شہر لنڈن مین روشنی رہی۔

لنڈن مین ۲ بجے رات کو دربار ہوا، یہ جملہ افسر بھی شریک تھے، ملکہ معظمہ لکڑی کے سہارے سے استادہ تھین، باری باری سے افسرون کا نام پکارا جاتا تھا، وہ سامنے حاضر ہو کر کرچ سے سلامی دیتے تھے، ملکہ معظمہ سلام لیکر خوشنودی ظاہر کرتی تھین۔

۶ رجولائی کو ملکہ معظمہ نے میجر کریم بیگ کی وردی پر بلا لگایا، اور شاہزادہ ولیعہد نے ایک کرچ دی۔

۱۰ رجولائی کو پریڈ و سلامی ہوئی۔

جام صحت تجویز کیا، جو حسب ذیل ہین :-

اسپیچ سرکار خلد مکان

صاحبان !

آج مینے آپ لوگون کو اسلیے تکلیف دی ہے کہ آپ میری اس خوشی مین شریک ہون جو بسبب جشن جلوس شصت سالہ "ملکہ معظمہ" دامت سلطنتہا کے سب ہندوستانیون کو عموماً اور مجکو خصوصاً حاصل ہوئی ہے، میری خصوصیت اس وجہ سے ہے کہ مین جناب "ملکہ معظمہ" کے عہد سلطنت مین پیدا ہوئی، اور مسند ریاست پر بیٹھی اور عزت "کروان آف انڈیا" ئیس دلاور اعظم طبقہ اعلای ستارہ ہند" کی پائی، اور معزی الیہا میری ہی جنس مین سے ہین، اگرچہ مجکو جناب ممدوحہ کی دولت ملازمت حاصل نہین ہے لیکن بے دیکھے مجکو وہ محبت اونکے ساتھہ ہے جو بیٹی کو اپنی والدہ کے ساتھہ ہوتی ہے، جناب ممدوحہ کی شفقت مادرانہ مجھپر ہمیشہ مبذول رہی ہے، اور اس باعث سے مین سمجھتی ہون کہ گویا میری والدہ مرحومہ "نواب سکندر بیگم صاحبہ" کے سایہ عاطفت مین میری زندگی بسر ہوتی ہے -

یون تو تمام اہل ہند "ملکہ معظمہ" کے مطیع، اور فرمان بردار ہین، مگر مین صرف اونکی اطاعت ہی نہین کرتی ہون بلکہ اون سے دخترانہ محبت رکھتی ہون، اس عہد سلطنت کی خوبیان احاطہ بیان سے باہر ہین، تواریخ کے دیکھنے والونکو بخوبی معلوم ہوگا کہ اسباب راحت جو اس دور مین موجود ہین، علوم و فنون، و تجارت کو اس عہد مین جو ترقی ہوئی، امن خلائق جو آج ہے، وہ زمانہ ماضیہ مین نہ تھی -

مین آج کی دعوت جوبلی کے معہود دن مین کرتی لیکن اوس روز ہر شخص کا گھر عشرت گاہ تہا علاوہ اسکے انگلستان کے لوگ ابتک شادیان کر رہے ہین، پھر مین کیون زمانہ مسرت کو تنگ کرتی مین دعا کرتی ہون، اور آپ سب میری دعا مین شریک ہون کہ اللہ تعالیٰ قیصرۂ ہند ملکۂ وکٹوریہ کو صد و شصت سال کی عمر عطا کرے، اور اس دعا کے ساتہہ آپ جام صحت نوش فرمائین۔

اسپیچ وزیر صاحب بہادر ریاست

حضور سرکار عالیہ، ولیڈی صاحبات، وجنٹلمین!

یہ دوسری بار ہے کہ مجکو اس مقام پر آپ لوگون کے سامنے تقریر کرنے کی مسرت حاصل ہوئی، موجودہ تقریب ایک ایسی تقریب ہے جسمین تقریر کرنا مین اپنی عزت اور اپنا باعث امتیاز سمجھتا ہون۔

آج کی شب میری خاص ہم مذہب، اور قوم کی ایک شہزادی نے ایک دعوت ہمارے پیارے بادشاہ حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے جشن جوبلی شصت سالہ کی مزید یادگار مین دی ہے، اور مجکو حضور سرکار عالیہ کے مہمانون کے جام صحت تجویز کرنے کا اعزاز عطا کیا قطع نظر اعزاز کے یہ قابل مسرت اور مبارک موقع خود میری ذات کے لیے نہایت خوشی کا باعث ہے، میری پیدائش اوسی سال کی ہے جس سال حضور ملکہ معظمہ نے تخت سلطنت برطانیہ اعظم و آئرلینڈ پر جلوس فرمایا تہا، اور مین خدا کا شکر کرتا ہون کہ اون کے عہد دولت کے ساٹھوین سال کے اختتام کے دیکھنے کے لیے زندہ رہا، ایسا عہد جو اونکے لیے ہزاران ہزار نعمتون سے مملو ہے، مین اس بات سے انکار نہین کرسکتا کہ

قحط، ووبا، اورزلزلہ نے بدقسمتی سے اس سال جبکہ ہرطرف خوشی اور عام مسرت کا اظہار ہورہا ہے، ہماری خوشیون کوکسیقدر سرد کردیا لیکن حضور ملکہ معظمہ کی ہمدردیون اور اونکے افسرون کی جان بچانے کی کوششون نے بہت آفات کی تکلیفون کو کم کردیا جن جن آفات کو کوئی انسانی طاقت روک نہین سکتی تھی، یہ حکومت برطانیہ کا طفیل ہے کہ ہم کو ان آفات سماوی کے سنبھالنے کی طاقت حاصل ہے، اور یہ امر برطانیہ اعظم کے باشندون کی کوشش ہے جس نے اون آفتون کے مقابلہ مین ہمارے دل مضبوط کردئے ہین جو نوع انسان پر برابر پڑتے رہتے ہین، لہذا میرا آپ لوگون سے، ان مہمانون کے جو برٹش قوم سے ہین جام صحت نوش کرنے کی استدعا کرنا بہ نیت ادائے شکر گزاری کے ہے۔

مین آپ صاحبون کے ساتھ شراب مین شریک نہین ہوسکتا لیکن مین آپکو یقین دلاتا ہون کہ گو میرا پیٹ خالی ہے، میرا دل مسرت وانبساط سے بھرا ہوا ہے۔

اسپیچ جناب کپتان نیومارچ صاحب بہادر پولٹیکل ایجنیٹ بھوپال

لیڈی صاحبان، وجنٹلمین!

اس شاندار تقریر سے جو ابھی "نواب بیگم صاحبہ" بھوپال کی زبان سے سنی آپکو اونکی فصاحت بیانی، اور اونکی خیرخواہی کا کامل ثبوت مل گیا ہوگا، لیکن وہ لوگ جو "نواب بیگم صاحبہ" کے ساتھ بےتکلفانہ مراسم رکھتے ہین آپسے بیان کرسکتے ہین کہ علاوہ فصاحت اور خیرخواہی کے اون مین اور اعلیٰ اعلیٰ اوصاف بھی ہین "نواب بیگم صاحبہ" کی مہمان نوازی ایسی زبان زدعام ہے کہ وہ میرے بیان کی محتاج نہین، کیونکہ

اوسکا تجربہ ہر شخص کو جو بھوپال آتا ہے ہو جاتا ہے، چاہے آنے والے حضور ویسرائے ہون چاہے کوئی ممتاز مسافر، چاہے پولیٹکل ایجنٹ، چاہے کوئی قحط زدہ محتاج۔

اگر یہ قحط برابر قائم رہا تو مین کہ سکتا ہون کہ ہماری جو حالت نہو جاے کم ہے، "نواب بیگم صاحبہ" کی رحمدلی، اور فیاضی، اونکی زندگی مین روزانہ اس طور پر ظاہر ہوتی رہتی ہے کہ وہ اپنے وزیر کی دل سے تائید کرتی ہین جنکے انتظام کی ابتدائی حالت سے آیندہ کے لیے نہایت بڑی بڑی امیدین پیدا ہو چلی ہین۔

پولٹیکل ایجنٹ کے ساتھ بہت مستعدی سے موافقت فرماتی ہین اور اپنے ملازمین اور رعایا اور اون بیچارے تشنگان قحط پر جو دور دراز مقامات سے بھوپال کو یہ قوی امید لگا کر جسمین کبھی ناکامی نہین ہوتی آتے ہین کہ "بیگم صاحبہ" کی خیرات اونکی مصیبتون کو دور کر دیگی، مستقل عنایت و مہربانیان کرتی ہین۔

حضور ویسرائے جب دو برس ہوے بھوپال کو تشریف لائے تھے، اونھون نے "بیگم صاحبہ" کے زمانہ غدر کی خیرخواہی کا تذکرہ فرمایا، اور ہم لوگون کو یاد دلایا تھا کہ اوس فساد عظیم کے زمانہ مین جن لوگون نے "بیگم صاحبہ" کے یہان آکر پناہ لی تھی انکو اپنی حفاظت کا یقین کامل ہو گیا تھا، مین اس سے آگے بڑھتا ہون اور کہتا ہون کہ ہر حالت مین ہندوستان بھر مین میرے نزدیک سواے بھوپال کے کوئی ایسی جگہ نہین ہے جہان مین رہنا چاہتا ہون، اور مجکو یقین ہے کہ آپ سب میرے ان خیالات کا اعادہ کرینگے اب مین "بیگم صاحبہ" کا جام صحت تجویز کرتا ہون، فقط۔

اسی تاریخ کو سرکار خلد مکان نے ایک خریطہ بحضور ویسرائے ہند ارسال کیا جس مین اپنے پہلے خریطہ کے جواب کا شکریہ ادا کیا تھا، دو ہزار روپیہ تیاری مجسمہ ملکہ معظمہ کے فنڈ مین جو بیاد گار

جشن ڈائمنڈ جوبلی مجسمہ تیار کرانے کے لیے کھولا گیا تھا چیمبرس آف کلکتہ کے سکریٹری کے پاس ارسال کیے
ہزاکسلنسی نے جو خریطہ اس جشن کے متعلق سرکار خلد مکان کے نام بھیجا ذیل مین درج کیا جاتا ہے

خریطہ جناب معلی القاب حضور لارڈ ایلگن صاحب بہادر وائسراے و گورنر جنرل کشور ہند

موسومہ سرکار خلد مکان از مقام شملہ مورخہ ۹ جون ۱۸۹۷ء

اس یادگار سال مین ہماری پیاری ملکہ معظمہ کی کل رعایا ہر حصہ دنیا مین ایک بیمثال، اور خاص طور پر دلچسپ تقریب مین متفق ہو کر شریک ہو رہی ہے، یہ بات کہ اب حضور ملکہ معظمہ کا عہد سلطنت باعتبار دوران کے اونکے کسی ماسبق بادشاہ تخت برطانیہ کی مدت حکومت سے بہت زیادہ ہو چکا ایک اعلی درجہ کا اہم تاریخی واقعہ ہے، بہت کچھہ اون نعمتون کے متعلق لکھا جا سکتا ہے جو رعایا ے حضور ممدوحہ کو اس عہد ہمایون مین نصیب ہوئی ہین، اس زمانہ مین چونکہ سلطنت کی قوت افزون اور اوسمین جمعیت پیدا ہوئی، اور اوسکی وجہ سے امن اور بہبودی کی نعمتین حاصل ہوئین، حضور ملکہ معظمہ کے عہد مبارک مین گورنمنٹ کی کوششین برابر ہر ایسی تحریک کی تائید کرتی رہین جو حضور ممدوحہ کی وسیع سلطنت کی رعایا کو موجب مرفہ الحالی ہو سکتی تھین۔

ترقی علوم باعتبار اون حالتون کے جن پر وجود انسانی کا دارومدار ہے، اور باعتبار اون ذرائع کے جنکی وجہ سے ان حالتون کی اصلاح ہو سکی، بنظیر ہوئی، اختراعات عظیمہ، مثل اشتعال بخارات وطاقت برقیہ جنکا امن وبہبودی کو زمانہ نے موقع دیا، تہذیب کے واسطے کام مین لائی گئین، اس طریقہ سے پیداوار زمین بازار ہاے

دنیا مین جمع کیجاتی ہے، جس سے کاشتکاران اضلاع دور افتادہ وگنجان آبادی شہر کلان کو برابر فائدہ پہنچتا ہے، اور ساتھہ ہی اسکے صاحب علم کی علمیت، اور واقفکار معاملات دنیوی کے تجربہ کے نتائج اون لوگون کے واسطے جو دور و دراز قطعات دنیا مین رہتے ہین مہیا کیے گئے ہین۔

مین اون چیزون کی تفصیل سے جناب عالیہ کا وقت نہ لونگا، آپ خود سب سے اوّل اس بات کو مان لین گی کہ ان چیزون مین ہندوستان کو اوسکا پورا حصہ مل چکا ہے۔

مگر مین یقین کرتا ہون کہ وہ خیال جو اسوقت آپکے اور ہر ایسے شخص کے دل مین بھرا ہوا ہے جسکو حضور "ملکہ معظمہ" کے ساتھہ اطاعت و فرمان برداری کی نسبت ہو حضور کی ذات اقدس کے ساتھہ محبت وجان نثاری کا خیال ہے۔

مین حضور "ملکہ معظمہ" کی خدمت مین یہ گزارش کرکے نہایت مسرور ومحظوظ ہونگا کہ کسطرح آپنے، اور نیز دیگر روسا، و والیان ملک ہندوستان نے اسی موقع پر جو حضور ممدوحہ کی ذات بابرکات کے لیے اس درجہ معنی خیز ہے (یعنی شصتم سالگرہ جلوس وتخت نشینی) خوشیان کرکے اپنی فرمان برداری کی شہادت دی۔

مین بوجوہ جانتا ہون کہ حضور ملکہ معظمہ کی خواہش، اور رغبت یہ تھی کہ وہ آجکے دن کے جلسون مین اپنی سلطنت ہندوستان کے قائم مقامون کو اپنے گرد جمع فرماوین، مگر حضور ممدوحہ نے اپنے اس ارادہ سے قطع نظر فرمائی، کیونکہ اس قحط و وبا کے برس مین اونہون نے نہ چاہا کہ کوئی ایسا حکم جاری فرمائین، یا پیام دعوت دین جو کسی ایک شخص کو ضروری فرض رفع تکلیف قحط زدگان، و بیماران سے ہٹانیکا نتیجہ

پیدا کرے ، مجکو یقین ہے کہ آپ اس تصفیہ کو ایک اور مثال ویس لی لحاظ اور محبت کے تصور فرماوینگی جو اپنی رعایا اور سب سے زیادہ اپنی رعایاے ہند کے ساتھہ ہمارے بادشاہ کی زندگی کی نمایان خصوصیت رہی ہے ۔

مین یہ خط جناب عالیہ کو اس بات کے یقین دلانے کی غرض سے لکھتا ہون کہ مین تمام تر اون طریقون سے جنسے کہ آپ اس مسرت آمیز ون کو یادگار بنانا چاہتی ہین ہمدردی کرون گا ، اگرچہ ہم لوگ خود جاکر اپنے بادشاہ کی تخت کے سامنے سر اطاعت خم نہین کرسکتے ، تاہم ہماری نیت محبت آمیز طریقہ پر محسوس ہوسکتی ہے ، اور اوسکا اظہار فرمان بردارانہ ہوسکتا ہے ، اور مین یہ سمجھکر خوش ہون کہ ہر حصہ ہندوستان سے ہماری جان نثاری کا ایک متفقہ تار براہ سمندر حضور ''ملکہ معظمہ'' کی خدمت مین اون کی دور و دراز در دولت پر پہنچے گا ۔

اجرائے سکہ کلدار بجائے سکہ بھوپالی

قبل اسکے کہ سکۂ بھوپال کی جگہ سکہ کلدار کیا جائے، ریاست کی ٹکسال مین سکہ مسکوک ہوتا تھا۔ سنہ ۱۸۹۲ء مین آسانی تجارت، اور برابری نرخ کی وجہ سے یہ خیال پیدا ہوکر کہ بجائے مختلف سکّون کے رواج کے "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" کا سکّہ عامتہً جاری کیا جائے۔

گورنمنٹ ہند سے اوسکے عمل درآمد کی خواہش کی گئی، زرمجتمعہ خزانہ وزر رعایا کے تبادلہ کی متعلق خط وکتابت ہوئی، گورنمنٹ ہند نے بجائے مالا ۱۱۵ بھوپالی کے سو روپیہ سکہ کلدار دینا منظور کیا، اور تمام مراتب متعلق تبادلہ ورواج سکّہ طے ہوگئے۔

یکم جولائی سنہ ۱۸۹۷ء = ۲۹ محرم سنہ ۱۳۱۵ھ کو ملک محروسہ ریاست بھوپال مین نسبت تبادلہ ورواج سکہ بھوپالی وسکہ کلدار ایک اشتہار جاری ہوا، اور اوسی اشتہار مین ضروری قواعد سکہ جات درج کیے گئے۔

کاشتکارون ومستاجرون کو فیصدی دس روپیہ جمع مالگذاری منہائی بٹہ کلدار ہی دی گئی تمام مراتب نسبت تبادلہ سکہ جو گورنمنٹ ہند سے طے ہوے تھے۔

راجگڑہ، مقصودن گڈھ، نرسنگڈھ، سوہٹیالہ، ریاست ہاے بھوپال ایجنسی سے بھی جہان سکہ بھوپال رائج تھا، بذریعہ سرکلر مجریہ ایجنسی بھوپال تعلق پذیر ہوے، اور میعاد تبادلہ یکم اکتوبر سنہ ۱۸۹۷ء سے یکم فروری سنہ ۱۸۹۸ء تک قرار دی گئی، اور بعد یکم فروری کے سکہ بھوپال کا چلن بالکل بند کردیا گیا، اور اوسکی قیمت مثل چاندی کے رہ گئی۔

سرکار خلد مکان نے بنظر ترحم ونقصان رعایا یہ حکم صادر فرمایا کہ اگر کثرت استعمال سے

روپیہ بقدر دو فیصدی سے زائد کم نہ ہوگیا ہو تو کلدار سے عام طور پر بدل دیا جاے، اور زرپیشگی مالگذاری مدخلہ مستاجران، اور زر فرقی جاگیرات مجتمعہ تحویلات وخزانہ ریاست کا بٹہ (للوسیہ) منہا کیا جاے، اور جو ملازم کہ دس روپیہ ماہوار تنخواہ پاتے ہین، اون سے بٹہ مجرا نہ کیا جاے، اور اس سے زائد تنخواہ پانے والون سے فیصدی دس روپیہ کے حساب سے بٹہ کی منہائی کیجاے، عام رعایا نے جو روپیہ خزانہ شاہی سے تبدیل کیا، اوسکی بابت کوئی معاوضہ صرفہ نہین لیا گیا، جب یہ انتظام مکمل ہوگیا تو گورنمنٹ ہند کو اوسکی اطلاع کی گئی، گورنمنٹ ہند نے بذریعہ صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا اظہار مسرت فرماکر سرکار خلد مکان کو مبارکباد دی کہ یہ پسندیدہ انتظام بہ احسن الوجوہ تکمیل کو پہونچ گیا۔

سفر کانپور

سرکار خلد مکان کو ستمبر ۱۸۹۸ء مین معلوم ہوا کہ ہز اکسلنسی لارڈ ایلگن "شملہ" سے اوترنے والے ہین، اونہون نے ہز اکسلنسی کی خدمت مین اطلاع دی کہ "مین اثنائے سفر مین کسی مقام پر ملنے کی خواہشمند ہون"

ہز اکسلنسی نے ۱۳؍ اکتوبر ۱۸۹۸ء کو بذریعہ خریطہ جواب سے مطلع کیا کہ "وہ اس ملاقات سے نہایت خوش ہونگے" اور مقام ملاقات "کانپور" قرار دیا، چنانچہ سرکار خلد مکان "تاریخ ۲۳؍ جمادی الثانی ۱۳۱۶ہجری = ۸؍ نومبر ۱۸۹۸ء کو مع صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر، و آنریبل مولوی عبد الجبار خان صاحب سی، آئی، ای، وزیر ریاست و دیگر اخوان ریاست کے کانپور کو تشریف لے گئین، اور اسٹیشن کانپور پر جہان انتظام ملاقات کیا گیا تھا، ملاقات ہوئی، اور ۱۰؍ نومبر کو بھوپال واپس تشریف لائین۔

ہز اکسلنسی لارڈ کرزن کی تشریف آوری

صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر بھوپال نے نیم سرکاری چٹھی مورخہ ۳۰ / اگست ۱۸۹۹ء کے ذریعہ سے خان بہادر مولوی عبدالجبار خان صاحب سی، آئی، ای، وزیر ریاست کو مطلع کیا کہ "ہز اکسلنسی لارڈ کرزن مع لیڈی کرزن صاحبہ نومبر میں بھوپال تشریف لائیں گے ۲۴ / نومبر تاریخ داخلہ اور ۲۶ / نومبر تاریخ روانگی قرار پائی ہے"

اس اطلاع پر احکام انتظام و اہتمام استقبال و مہمانداری جاری کیے گئے، اور معزز یوروپین اور لیڈیوں کو بھی دعوت دی گئی، بعد کو بذریعہ مراسلہ معلوم ہوا کہ بجائے ۲۴ کے ۲۵ تاریخ تشریف آوری کی، اور بجائے ۲۶ کے ۲۸ تاریخ واپسی کی تبدیل ہوئی، راجہ راجگڑھ، نرسنگڈھ، کھلچی پور، مقصودن گڈھ، نواب باسودہ، محمد گڈہ، بھی سرکاری طور پر ہز اکسلنسی سے شرف ملاقات حاصل کرنے کے واسطے طلب کیے گئے تھے، قبل تشریف آوری ہز اکسلنسی کے حسب معمول پروگرام مرتب ہو کر آ گیا تھا۔

۲۵ / نومبر کو ۱۰ بجے ہز اکسلنسی کے داخل ہونے کا وقت تھا، اور یہ بھی اطلاع ملی تھی کہ لیڈی کرزن صاحبہ ۱۵ منٹ قبل پہونچیں گی۔

سرکار خلد مکان مع وزیر ریاست و دیگر عمائد کے اسٹیشن پر صبح کو پہنچ گئی تھیں۔

وقت مقررہ پر لیڈی کرزن صاحبہ کا اسپیشل ٹرین آ گیا، اور ہز اکسلنسی کے داخل ہونے سے پہلے ایک نہایت دلچسپ صحبت سرکار خلد مکان، اور لیڈی کرزن میں رہی۔

۱۰ بجے ہز اکسلنسی رونق افروز ہوئے اور گاڑی سے اترتے ہی سرکار خلد مکان سے

ملاقات کی، سرکار خلد مکان برقع مین تھین، اوسپر تمغاے، جی، سی، ایس، آئی، مزین تھا۔

ہز اکسیلنسی سرکار خلد مکان کی ملاقات کے بعد کرنل بار صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا، میجر نیو مارچ، ودیگر روسار، ویوروپین صاحبان سے ملے، پھر رسالہ اعانت شاہی وبھوپال بٹالین کا ملاحظہ کیا، اور چار اسپی گاڑی پر مع لیڈی کرزن صاحبہ، ومیجر نیو مارچ صاحب بہادر وکپتان گرم صاحب بہادر سوار ہوکر فرودگاہ لال کوٹھی کو روانہ ہوے۔

ہز اکسیلنسی کی گاڑی کے بعد سرکار خلد مکان کی گاڑی تھی، اور پھر علی الترتیب باعتبار مدارج ومراتب اور گاڑیان تھین۔

سرکار خلد مکان اوسیم گودام کی سڑک سے "تاج محل" کو واپس آئین، دیگر مہمان کیمپ "لال کوٹھی" مین مقیم ہوے، استقبال مین مثل زمانہ تشریف آوری ویسرایان سابق اہتمام و انتظام کیا گیا تھا۔ انتظام کیا گیا تھا

۱۲ بجے دن کے حسب دستور مزاج پرسی کے لیے وزیر ریاست مع دیگر عمائد کے گئے،

۳ بجے سرکار خلد مکان ملاقات کو گئین، استقبال ومشایعت مین باضابطہ مراسم ادا ہوے، وہان سے سرکار خلد مکان لیڈی لینسڈون ہسپتال مین تشریف لے گئین جہان لیڈی کرزن صاحبہ سے جو معاینہ کے لیے تشریف فرما تھین ملاقات ہوئی۔

۶ بجے شام کو ہز اکسیلنسی ملاقات بازدید کے لیے "تاج محل" پر تشریف لاے "لال کوٹھی" سے تاج محل تک نہایت عمدہ آرائش، اور روشنی کی گئی تھی۔

۸ بجے رات کو "ڈنر" ہوا سرکار خلد مکان بھی ہز اکسیلنسی کی کرسی کے پاس تشریف فرما تھین کھانے سے فارغ ہونے کے بعد سرکار خلد مکان نے تقریر کی جسکا فقرہ فقرہ اور لفظ لفظ اعلیٰ درجہ کی فصاحت اور دلی جوش مین ڈوبا ہوا تھا، یہ تقریر اگرچہ طولانی تھی، مگر بڑی دل چسپ تھی،

جسکو ہز اکسلنسی، اور جملہ مہمانون نے نہایت استعجاب وحیرت کے ساتھہ سنا جو مندرجہ ذیل ہے:۔

تقریر سرکار خلد مکان

حضور ویسرائے صاحب بہادر، و لیڈی صاحبہ اور لیڈی صاحبات، و صاحبان عالیشان بہادر!

بلاخوف تردید مین کہہ سکتی ہون کہ اس وسیع مملکت ہندوستان مین آجکی شب مجہہ سے زیادہ کوئی خوش نصیب اور مورد نوازش شاہانہ نہین ہے، کیونکہ والاعزیز ہماری حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دامت سلطنتہا کے قائم مقام جناب معلی القاب لارڈ کرزن صاحب، اور جناب لیڈی کرزن صاحبہ اسوقت میری مہمان ہین اونکی تشریف آوری سے جسقدر مسرت و عزت مجھکو، اور میری رعایا کو حاصل ہوئی ہے اوسکے اظہار سے زبان قاصر ہے۔

میری اس بے حقیقت ریاست کو یہ امر نہایت افتخار کا باعث ہوا کہ حضور ممدوح نے پہلے پہل مجہہ کو سرکاری طور پر اپنے خیر مقدم کا موقع مرحمت فرمایا، جسکا مین تہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہون۔

حضور پر مخفی نہوگا کہ میرے بزرگ ہمیشہ برٹش گورنمنٹ کے دلی خیرخواہ تھے، اور جب سے کہ مین جانشین ہوئی ہون میرا کوئی حوصلہ اس سے بڑھکر نہین ہے کہ گورنمنٹ عالیہ کی خیرخواہی، اور جان نثاری مین اپنی بزرگون پر سبقت حاصل کرون، چنانچہ رجمنٹ اعانت شاہی کو اس امید سے مین نے قائم کیا ہے کہ ریاست کے باشندے تربیت پاکر اس قابل ہوجائین، کہ

عندالضرورت وہ سرکار انگریزی کے کام مین آئین، اور ناموری حاصل کرین، میری رعایا کیا مسلمان، کیا ہندو برٹش گورنمنٹ کے تمامتر تابعدار اور فرمان بردار ہین سچ تو یہ ہے کہ کوئی مسلمان، با ایمان جو اپنے قواعد مذہبی کا سچا پابند ہے، دیانتاً اپنے بادشاہ وقت کا غیر مطیع نہین ہوسکتا ہے۔

یہ قابل گذارش ہے کہ تقریباً دو سال کا عرصہ گذرا کہ مین نے بھوپالی سکہ کو اوٹھا دیا، اور اب بجاے اوسکے برٹش روپیہ اس ریاست کا سکہ ہے، اس کارروائی سے کئی دقتین مٹ گئین، اور کاروبار مین آسانی ہوئی۔

یہ بھی عرض کے لایق ہے کہ اگست ۱۹۰۵ء سے قواعد اسلحہ اس ریاست مین جاری کر دیے گئے ہین، اس سے غرض یہ ہے کہ جرائم پیشہ و شفتنیہ و بداطوار لوگون کے قبضہ مین اسلحہ نہ رہنے پائین، تاکہ وہ ریاست ہذا یا مقام سرحدی مین فساد نہ کرسکین، ورنہ اس سے یہ مراد نہین ہے کہ خواص یا عوام اپنے جان مال کی حفاظت پر قادر نہون۔

حضور عالی! کئی سال کے متواتر کم پیداوار کی وجہ سے رعایا کی حالت سقیم ہوگئی ہے، اگرچہ گذشتہ دو سال فصل موافق تھی لیکن ہنوز اوسکی حالت پورے طور پر درست نہین ہوئی تھی کہ پھر اس سال کمی بارش کی شکایت پیش ہے، رازق العباد اونکے حال پر رحم فرمائے، اگر مہاوٹ برس گئی تو قحط کا خدشہ انشاءاللہ دفع ہوجائے گا۔

مین دوبارہ عرض کرنے کی اجازت چاہتی ہون کہ حضور ویسرای اور اونکی لیڈی صاحبہ محترمہ کی رونق افروز ہونے کے باعث سے مجھکو نہایت درجہ کا

افتخار حاصل ہوا، اونکو مجھسے بڑھکر میزبان بہت ملینگے مگر مجھکو اونکے جیسے مہمان نصیب سے ملتے ہین۔

میری دعا یہ ہے کہ جناب" ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" دیر گاہ سلامت باکرامت رہین، اور جناب لارڈ کرزن صاحب بہادر اور اونکی لیڈی صاحبہ ہمیشہ صحیح تندرست رہین، اور اس ملک کی ترقی وبہبودگی کی طرف توجہ مبذول فرمائین، آمین۔

قبل اسکے کہ مین اپنی تقریر ختم کرون مجھپر واجب ہے کہ مین اپنے معزز مہمانون کا جنھون نے ازراہ وفور عنایت وکرم میری مخلصانہ دعوت کو قبول فرمایا ہے شکر و احسان ادا کرون اب میری استدعا ہے اور مین تحریک کرتی ہون کہ آپ گرمجوشی سے جام صحت جناب ویسراے صاحب بہادر اور جناب لیڈی صاحبہ کا نوش فرماوین، اور مخلصہ کو ممنون کرین

اس تقریر کے بعد ہز اکسلنسی حضور ویسراے وگورنر جنرل بہادر نے اس طرح ارشاد فرمایا:—

یور ہائینس، لیڈیز، وجنٹلمین!

سرکار عالیہ بیگم صاحبہ کو جنکی مہمانی کی مسرت آج کی رات ہم سب کو حاصل ہے، فصیح البیانی کی جو صفت واضح قدرت سے عطا ہوئی ہے، وہ اونکی فیاضانہ مہمان نوازی کی صفت سے کچھ کم نہین ہے، اونھون نے میرے، اور لیڈی کرزن صاحبہ کے جام تندرستی تجویز فرمانے مین جن محبت آمیز الفاظ کا استعمال فرمایا ہے وہ ایک ممتاز ہندوستانی ریاست مین ہمارے پہلے پہل سرکاری دورہ کرنیکی یاد کو ہمیشہ تازہ رکھے گا۔

مجھے اس بات کے خیال کرنے سے بہت اطمینان ہوتا ہے کہ جس خاص ریاست نے ہمارے ساتھ ایسا برتاو کیا ہے اوسکی فرمان روا وہ رئیسہ ہین

جنھون نے اوس خاندانی روش کے برقرار رکھنے کے علاوہ جو تاج برطانیہ کو ساتھ اونکی والدہ ماجدہ کے وفادارانہ برتاوسے ممتاز ہوگئی ہی، اپنے تیس سال سے زائد کے زمانہ حکومت مین بلحاظ ایک ایسے طرز انتظام کے شہرت حاصل کی ہے جو روشن خیالی اور خلق اللہ کی ہوا خواہی پر مبنی ہے -

اگر اتفاقات مشیت سے فرائض حکمرانی ایک عورت کے ہاتھہ مین آجاوین تو یہ کوئی ضروری اور لازمی بات نہین ہے کہ عنان حکومت ضعیف اور متلون مزاج اشخاص کے سپرد ہوجاے ، اس امر کا ثبوت ہمارے اپنے پیارے بادشاہ حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دامت سلطنتہا کے حالات زندگی سے مل سکتا ہے نہ ہم ایسے نادر حالت معاملات کا نمونہ اگرچہ اوس سے کسیقدر مختصر درجہ پر ہوان دونون بیگمات کے حالات مین جن دونون نے نصف صدی سے زیادہ ریاست بھوپال پر حکومت کی ہے ، پانے سے ناکام رہ سکتے ہین -

سرکار عالیہ کی والدہ ماجدہ جیسا کہ مین کہہ چکا ہون، نہ تنہا اپنی وفاداری گورنمنٹ کے لحاظ سے مشہور نہین بلکہ وہ ایک قابل حکمران کی حیثیت سے ممتاز رہی ہین -

اسیطرح بیگم صاحبہ حال کا زمانہ حکومت انتظامی عقل اور ذاتی فیاضی کے بہت سے کامون کے لیے یادگار رہے گا ، علاوہ اسکے اوس تقریر سے جو اونھون نے ابھی فرمائی ہے مین یہ امر نہایت مسرت سے استنباط کرتا ہون کہ اون کو اپنی رعایا کی فلاح و بہبودی سے جو سرگرم دلچسپی رہی ہے وہ کچھہ بھی ختم نہین ہوئی بلکہ وہ اب بھی اون کے فائدہ رسانی کی تجاویز سوچتی اور اون پر عمل کرتی رہی ہین، اور یہ ایک ایسی بات ہے جو اونکی ریاست کی خوشحالی کا سبب ہوگی -

مین دوشنبہ کے دن صبح کو اوس رسالہ کے دیکھنے کی خوشی حاصل کرنے والا ہون جو بیگم صاحبہ نے اعانت شاہی کی غرض سے مرتب کر کے حضور "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" کے نام سے منسوب فرمایا ہے، بیگم صاحبہ کو اس فوج کے ساتھہ ایسی توجہ رہتی ہے کہ گویا وہ خود اوسکی سپہ سالار ہین، اور مین یہ سنکر مسرور ہون کہ اونہون نے اضافہ تنخواہ کے ذریعہ سے لوگون کو اوس رسالہ مین داخل ہونیکی ترغیب اور حوصلہ دلایا ہے۔

مین ریاست ہاے ہندوستانی مین دیسی سکون کی تبدیلی اور اوسکی جگہہ پر برٹش کے یکسان، اور منتقل سکہ کے جاری کیے جانے کو بہت دلچسپی کی نظر سے دیکھتا ہون ۱۸۹۷ع ہی مین اس کارروائی کے کر دینے سے سرکار عالیہ اس تحریک کی رہنما ہوئی ہین بس مین میرا یقین ہے کہ وہ بہت سے مقصد پائینگی، اور جو ایک ایسی تحریک ہے جو بلاشبہ تمام لوگون کے تجارتی فائدہ کا باعث ہوگی۔

اسیطرح بیگم صاحبہ نے اون بدمعاشون اور جرائم پیشہ لوگون کی نگرانی مین بھی اپنی ہوشیاری ثابت کی ہے جو اسوقت بھی ہندوستان مین وقتاً فوقتاً ہر ایک قحط و گرانی کے زمانہ مین سر اوٹھاتے ہین، اور اپنے مذموم پیشہ قزاقی کے تازہ کرنے مین دریغ نہین کرتے۔

پہلی جانچ ایک بار آئین ریاست کی یہ ہے کہ وہ اپنی رعایا کی حفاظت جان و مال کا لحاظ رکھے، اور یہ ڈاکو ایک بلاے عام ہین، جنپر کبھی کسی ریاست کو رحم نہ کرنا چاہیے۔

اگرچہ جیسا کہ بیگم صاحبہ نے فرمایا ہے "کہ زراعتی حالت تشویش سے خالی نہین ہے" لیکن یہ بات بھوپال آکر معلوم ہونے سے میری بڑی خوشی کا باعث ہوئی ہے کہ اس

حصہ ملک کے اسباب اون حصہ جات ملک کے حالات سے بہتر ہین جنہین کہ مین دورہ کر آیا ہون -

انسانی چہرون و مردہ مویشیون کا دیکھنا ایک نہایت تکلیف دہ تجربہ ہے اس دُعا مین کہ بیگم صاحبہ کی ریاست ان دونون آفات سے محفوظ رہے، اور خداوند عالم اون کی رعایا پر رحم فرمائے ہم آواز ہوتا ہون، آخر مین مجھے صرف اون دوستانہ، اور پر التفات خوشیون کا شکریہ ادا کرنا ہے جو بیگم صاحبہ نے لیڈی کرزن صاحبہ اور میری بابت ظاہر فرمائی ہین، اور اس بات کا یقین دلانا ہے کہ ہم اپنی اس پوری شاہانہ مدارات کو کبھی فراموش نہ کرین گے جو اس ریاست مین عمل مین آئی ہے -

اب مین تمام لیڈی صاحبان اور جنٹلمینون سے جو اس میز کے گرد موجود ہین اور جو شل ہمارے، سرکار عالیہ کی دریادلانہ مہمان نوازی سے متمتع ہوے ہین، درخواست کرتا ہون کہ بیگم صاحبہ کی درازی عمر اور خوش اقبالی کا جام نوش فرمائین نہایت خوشی سے صدائے تحسین و آفرین بلند ہوئی -

اسکے بعد آتشبازی چھوڑی گئی جسکو دیکھکر ہزاکسلنسی اور تمام مہمان بہت خوش ہوے، ۲۶ نومبر کو لیڈی کرزن صاحبہ نے لیڈی لینسڈون ہسپتال کا پھر معاینہ فرمایا، اونھون نے ہر ایک وارڈ کو دیکھا اور بعض مریضہ عورتون سے بھی بات چیت کی، مریضون کے رہنے کے انتظام کو بھی ملاحظہ کیا، اور تمام امور اسطرح دیکھے جسطرح کوئی ذمہ دار معاینہ کنندہ افسر دیکھتا ہے، وہ یہ معلوم فرماکر بہت خوش ہوئین کہ اس ہسپتال مین دائیون کو بھی تعلیم دی جاتی ہے جو بعد فراغ تعلیم شہر اور دیہات کی عورتون کو فائدہ پہونچاتی ہین -

ہزاکسلنسی نے اس تاریخ کو آرام فرمایا اور صرف قلعہ دیکھنے تشریف لے گئے۔

۳ بجے دن کو سرکار خلد مکان حضور ویسرائے سے ملاقات کے لیے گئین ہزاکسلنسی نے عطوفت آمیز گفتگو کی۔

۲۷ نومبر کو ہزاکسلنسی نے صبح کے وقت پریڈ کے میدان پر رجمنٹ اعانت شاہی کا ملاحظہ فرمایا، ہزاکسلنسی نے رجمنٹ کی مستعدی اور قواعد، اور ساز و سامان کی درستی دیکھکر مسرت کی ساتھ اپنی خوشنودی کا اظہار کیا۔

بعدہ ہزاکسلنسی پیادہ شکار کو گئے، اور اوس دن کا بڑا حصہ شکار مین صرف کیا ۱۶۰ چہے، اور ۱۴ بطین شکار کین۔

شام کے وقت سرکار خلد مکان نے ہزاکسلنسی اور لیڈی کرزن صاحبہ سے الوداعی ملاقات کی، ڈنر کے بعد ہزاکسلنسی نے مع اسٹاف اسپشل ٹرین مین آرام کیا، اور ۲۸ کو صبح کے ۷ بجے "سانچی کا ناکھیڈرہ" کے ملاحظہ کے لیے روانہ ہوئے "بٹھے"[1] کا ملاحظہ فرماکر ۱۰ بجے گوالیار تشریف لے گئے۔

مین نے بہی ہزاکسلنسی سے ملنا چاہا تھا لیکن اونہون نے بمصلحت مقامی ملنے سے احتراز کیا البتہ لیڈی کرزن صاحبہ مجہسے نہایت محبت کے ساتھہ ملین، اور جب تک ہندوستان مین رہین میرے ساتھہ ہمیشہ اعلیٰ درجہ کی دوستی و مہربانی کا اظہار کرتی رہین جو مجہے ہمیشہ یاد رہیگی۔

سنہ ۱۹۰۶ع مین جب مجہے اون کے انتقال کی اطلاع ملی تو سخت افسوس و صدمہ ہوا کیونکہ مین اونکو اپنا دلی دوست سمجہتی تھی۔

---

[1] یہ بہت قدیم زمانہ کا ایک گنبد سا بنا ہوا ہے جسکے گرد احاطہ اور احاطہ مین چار دروازہ ہین جنکی صفائی اور پتہرون پر تصویرون کے کندہ ہونے کی عمدہ دستکاری ہزارہا برسون کے پچھلے صناعون کی نیچرل صناعیون کے نقشے دکہا رہی ہے اوس گنبد کو لوگ "بٹھا" اور "سانچی ٹوپ" کہتے ہین۔

نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر و صاحبزادہ کرنل حافظ حاجی محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر کا عقد

جب نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر، و صاحبزادہ کرنل حافظ حاجی محمد عبید اللہ خانصاحب بہادر علی الترتیب ۲۴ و ۲۲ سال کی عمر کو پہونچے تو مجھے اونکی شادیون کی فکر ہوئی، بوجہ ناراضگی سرکار خلد مکان کہین کوئی سلسلہ جنبانی نہین کی، مگر اونکی عمرون کو دیکھکر، اور زمانہ کی روش کو خیال کرکے مین مجبور تھی کہ جسقدر جلد ممکن ہو شادی کی تجویز کرون، لیکن جب مجھے سرکار خلد مکان کی عدم شرکت کا خیال آتا تھا تو وہ ساری دور اندیشیان جاتی رہتی تھین، اور اون تمام خیالات مسرت کے سامنے جو اولاد کی شادی کے متعلق ہوتے ہین، ایک پردۂ غم حائل ہوجاتا تھا، مگر زمانہ بھی روز بروز ضرورت بڑہاتا جاتا تھا، کیونکہ دونون کی عمرین ۲۴ و ۲۲ سال کی ہوگئی تھین جو ہندوستان جیسے گرم ملک مین شادی کے واسطے بہت زیادہ ہے، اور نیز اطبا، اور ڈاکٹر بھی صحت کیلیے ضروری بتلاتے ہین، اسلیے مین چاہتی تھی کہ اس فرض سے جلد سبکدوشی حاصل کرون۔

اس عرصہ مین بعض ریاستون سے اس رشتہ ہونے کی بھی خواہش کی گئی، اور مین نے بھی اپنے پدری خاندان اور نواب احتشام الملک بہادر کے کنبہ کی لڑکیون کی طرف نظر دوڑائی، لیکن مینے کوئی فیصلہ نہین کیا، اور سرکار خلد مکان کی راے و منظوری پر منحصر رکھا، کیونکہ بوجہ بزرگ اور رئیس ہونے کے حسب رواج اونکی راے حاصل کرنا ضرور تھا، اور دوسرے "اقرارنامہ" کی پابندی بھی لازمی تھی۔

مین نے ۱۵ ذی قعدہ ۱۳۱۷ھ کو ایک مفصل عرضی بذریعہ وزارت بحضور سرکار خلد مکان

ارسال کی، جو حسب ذیل ہے :-

میان نصراللہ خان، و عبیداللہ خان، اب جوان ہو گئے ہین ایک عرصہ سے مجھے اونکی شادیون کی فکر درپیش تہی اور مین اس خیال مین تہی کہ حضور سے اس معاملہ مین استصواب کرون مگر کئی سال کی متواتر قحط سالی، بار قرض داری نے مجکو اسقدر پریشان کرر کہا تہا کہ مین اس مین کوئی سلسلہ جنبانی نکر سکی، گو مجھے اسوقت مین بہی بوجہ زیر باری ساتہہ کافی استطاعت نہین، مگر اب اونکی عمرین اس حد کو پہونچ گئی ہین کہ جسطرح ممکن ہو مجھے اس کام سے سبکدوشی کرنا لازم ہے، میرے خیال مین دو خاندان ہین، ایک وہ جس مین نانی صاحبہ مرحومہ نے حضور کی شادی تجویز فرمائی، دوسرا وہ خاندان جسمین حضور نے میری شادی کی، علاوہ اسکے اس درمیان مین بعض ریاستون سے بھی جیسی کہ "حیدر آباد" و "جاورہ" وغیرہ سے تحریک و سلسلہ جنبانی ہوئی مگر میں نے بخیال گوناگون کوئی جواب اوس کا نہین دیا، اب اس معاملہ مین جو منظور سرکار ہو اوس سے اطلاع بخشی جاوے، فقط۔

سرکار خلد مکان نے مجھے تو کوئی جواب نہین لکہا لیکن وزیر صاحب ریاست سے فرمایا کہ "اگر صاحبزادے صاحبان اپنی پدری قرابت دارون مین منسوب ہون تو اوس مین کوئی اعتراض نہین ہوسکتا لیکن "سلطان جہان" کے خاندان پدری یا غیر جگہ کی نسبت پر البتہ اعتراض ہوگا، اور اوس کی منظوری بھی غیر ممکن ہے"

مولوی عبدالجبار خان صاحب بہادر نے اس جواب کی تحریری اطلاع مجھے دی، اور اپنی جانب سے اوسی تحریر مین یہ اضافہ کیا کہ "اگر امورات خانگی مین مجھے راے دینے کا حق حاصل ہوتا تو مین ضرور کہتا کہ سلطان دولہ صاحب بہادر کی ہمشیرہ زادیون سے پیوندی

ہر طرح مناسب و مستحسن ہوگی۔"

"نواب احتشام الملک بہادر کی راے بوجہ چند دور اندیشیون کے اپنی بہن کی لڑکیون کی طرف راغب تھی اور مین بھی اوس مین کوئی حرج نہین خیال کرتی تھی، لیکن بغیر منظوری بحکم سرکار خلد مکان کوئی تجویز مستقل نہین ہوسکتی تھی، کیونکہ بزمانہ موافقت سرکار خلد مکان کی زبانی یہ بات سنی ہوئی مجھے یاد تھی کہ "اوس جگہہ نسبت کی تجویز میرے خلاف رضا ہے" اسلیے مجکو بمقتضاے ادب، و پابندی اطاعت اسمین پس وپیش تھا، اب چونکہ سرکار خلد مکان نے خود منظوری دیدی، اور مولوی عبدالجبار خان صاحب بہادر نے اوسکو واضح کردیا، اسلیے ایک راے بالاستقلال قائم ہوگئی۔

"نواب احتشام الملک بہادر نے اپنی بہن سے ذکر کیا، اونہون نے بھائی کو اختیار دیا، چنانچہ وہ وقت آگیا کہ دونون صاحبزادون کی خانہ آبادی ہو۔

دنیا مین اولاد کی خانہ آبادی سے والدین کو قدرتی مسرت ہوتی ہے کیونکہ اونکی محبت کا یہ ایک تھوڑا سا صلہ ہوتا ہے، ہمکو بھی خوشی تھی لیکن سرکار خلد مکان کی کشیدگی و ناراضی سے دل سرد ہو رہا تھا آخر مین نے اوسوقت بھی قسمت آزمائی کی، بذریعہ درخواست "نواب احتشام الملک بہادر کی تقصیرات کی معافی چاہی، اور منت کی کہ وہ شادی مین شریک ہون۔

مین نے جو درخواست ارسال کی تھی اوسکی، اور جو جواب ملا اوسکی نقول درج ذیل ہین۔

نقل عرضی موسومہ سرکار خلد مکان، معروضہ بست وچہارم ذی الحجہ ۱۳۱۷ھ

"مفصل کیفیت بابت قرار رشتہ کدخدائی میان محمد نصراللہ خان ومیان محمد عبیداللہ خان بذریعہ عرضی معروضہ پندرہ ذی قعدہ ۱۳۱۷ھ حضور مین پیش کرچکی ہون، ملاحظہ عالی سے گزری ہوگی۔

اب حضور سے میری یہ گزارش ہے کہ حضور میری مربی و بزرگ ہین' اور حضور کے احسانات مجھپر اور "سلطان دولہ صاحب" پر جسقدر ہین وہ احاطہ تحریر مین نہین آسکتے خلاصہ یہ کہ مجھے اور اونہین اگر دنیا مین کوئی عزت و فخر حاصل ہے تو وہ سب حضور کے طفیل سے ہے، اور اگر کوئی آسودگی، و فارغ البالی ہے تو وہ سب سرکار ہی کی کثرت عنایت کا نتیجہ ہے۔

میری دلی خواہش و قلبی تمنا یہ ہے کہ حضور اس تقریب مین شریک ہون' اور اپنے دست مبارک، اور اہتمام خاص سے اس کام کو انجام فرماوین جسکو مین اپنے لیے سعادت دارین تصور کرتی ہون، بصورت دیگر مجھے ایک حسرت و تمنا باقی رہ جائیگی، اور کوئی مسرت و خوشی اس تقریب پر نہ ہوگی۔

مین حضور کو یقین دلاتی ہون کہ مدام میری کوشش وسعی اس طرف رہی کہ کسی نافرمانی، و خلاف ورزی سرکار کی مرتکب نہ ہون، اور تمام عمر میری حضور کی رضا جوئی و اطاعت و فرمان برداری مین بسر ہو، لیکن انسان خطا و نسیان سے مرکب ہے' پس جو کچھ مجھسے یا "سلطان دولہ صاحب" سے سرکار کے خلاف مرضی ظہور مین آیا ہو تو حضور ہم دونون کی خطا معاف فرمائین جس سے صرف حضور ہی مستحق اجر و ثواب نہ ہونگی بلکہ مجھے ایک بہت بڑے مواخذۂ آخرت سے نجات دینگی۔

مجھے امید ہے کہ گو مین کیسی ہی بدنصیب' و ناقابل کیون نہ ہون مگر حضور کا رحم و کرم ایسا وسیع و فراخ ہے کہ وہ مجھے حصول آرزو مین ناکامیاب ہونے دیگا۔

اس عرضی کے جواب مین وزیر ریاست نے حسب ذیل خط بھیجا:۔

لفافہ سربند مرسلہ آپ کا مرقومہ ۲۴ ذی الحجہ ۱۳۱۶ھ بنام نامی حضور سرکار

دام اقبالہا و سلطنتہا مین نے بواسطہ ملتمسا اپنے کے گزرانا، بعد ملاحظہ لفافہ مذکور جو جو جوابات حضور سرکار عالیہ دامت سلطنتہا نے میرے روبرو زبان مبارک سے فرمائے ہین وہ جوابًا واسطے ملاحظہ آپ کے لکہتا ہون، ملاحظہ فرمائے جائین ۔

"میان محمد نصر اللہ خان و میان عبید اللہ خان کی تقریب شادی کدخدائی مین میرا شریک ہونا کوئی منفعت دہ، یا میرا شریک نہ ہونا مضرت رسان اون کا، اور اون کے والدین کا دنیا مین نہین ہو سکتا ہے، لہذا اس تقریب مین میری شرکت کی خواہش کرنا، اور مجہسے ایسی امید رکہنا نہ چاہیے، مین قابل شرکت تقریبات اونکی اولاد کے نہین ہون، فرزندون کے ادائے حقوق کے والدین ہی زیادہ کفیل ہوتے ہین ۔

در باب معافی قصور خود، اور عفو قصور "سلطان دولہ" جو مجہسے تمنا ہے، یہ معاملہ جرم و خطا بخشی کا باختیار اللہ العلیم ہے، مین بہی گنہگار پروردگار اپنے کی ہون، اور اوسی سے مغفرت چاہتی ہون ۔

امید ہے کہ آیندہ مجہے کسی طرح کی تکلیف صاحبہ موصوفہ نہ دین گی، اور پہر بلانے اور شریک کرنے کی خود بہی اذیت نہ اوٹہائین گی"

اس تقریب کے ساتہہ مین نے یہ بہی تجویز کر لیا تہا کہ صاحبزادہ حاجی محمد حمید اللہ خان صاحب بہادر کا ختنہ بہی کیا جاے جو ایک سنت نبوی ہے، اور حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے زمانہ سے جاری ہے ۔

ان درخواستون کے جوابات سے ہم کو مایوسی ہوگئی، اور چونکہ یہ کرنا ضروری تہا، اسلیے ۲۵/ رجب ۱۳۱۶ھ کو بروز شنبہ ۵ بجے دن کے وقت "نواب احتشام الملک بہادر" کی

ہمشیرہ زادیون کے ساتھہ شرعی طور پر رسم عقد ادا کی گئی۔

چونکہ میری خواہش ہمیشہ سے یہ رہی ہے کہ مسلمانون کی تقریبات مین جو فضول رسوم رائج ہو گئی ہین وہ دور ہو جائین، اور جہان تک ممکن ہو مین خود ایسی مثالین پیش کرون، اسلیے تمام تقریبات مین اس امر کا التزام رکھتی ہون، چنانچہ اس موقع پر بھی مینے اوسی طریق پر رسم عقد کا ادا کیا جانا قرار دیا، اور خداے تعالی کا شکر ہے کہ کوئی رسم منہیات شرعیہ سے نہین ہوئی، صدر منزل مین یہ مجلس منعقد کی گئی تہی، اور صرف وہ لوگ جو ہمارے متوسلین تھے اوس مجلس مین موجود تھے، کیونکہ بوجہ ناراضی سرکار خلد مکان اعزہ و اقربا مین سے کوئی نہین آیا تھا، اور نہ ریاست سے ارکین شریک ہوے۔

اس مجلس مین ایک طرف حسب شرع اسلام خطبہ نکاح "نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر" و "کرنل محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر" کا تہا، اور دوسری طرف حسب سنت ابراہیمی وسنت نبوی "صاحبزادہ حمید اللہ خان صاحب بہادر" کی تقریب "ختنہ" تھی، یہ تقریبات بخوش اسلوبی بعد عصر ختم ہوئین۔

قاضی عبد الحق صاحب (مرحوم) قاضی ریاست نے خطبہ نکاح پڑھا۔

نکاح ہونے کے بعد فی الحال مینے صاحبزادون کی دولہنون کی رخصت اس غرض سے ملتوی رکھی کہ پھر دوبارہ سرکار خلد مکان کو راضی کرنے اور شادی مین شریک ہونے کی کوشش کیجاے، جسمین غالباً کامیابی ہو، مگر ماہ شعبان مین ہی سرکار خلد مکان کی علالت کی خبر سنی گئی، اور یوماً فیوماً علالت کے طول پکڑنے اور مرض کی تکلیفات بڑہنے کا حال معلوم ہوا تو مینے اونکی صحت یابی کے زمانہ تک رخصت کو بالکل ہی ملتوی کر دیا، کیونکہ کسطرح ممکن تہا کہ سرکار خلد مکان تو بستر علالت پر صعوبات مرض اوٹھا رہی ہون، اونکا دن اور رات بیچینی اور کرب مین گزرے، اور مین صاحبزادون کی خوشیان مناؤن، میری دخترانہ محبت کی رگین

منقطع نہین ہوئی تہین میرے دل مین ماں کی علالت سے ایک شعلہ غم بھڑک رہاتہا، گو وہ مجہہ سے ناراض نہین لیکن اونکا وجود ہی مین اپنے لیے رحمت وبرکت جانتی تھی، اونہون نے میری درخواست معافی قصور کو نامنظور کردیا تہا، مگر اس ناراضی وعتاب مین بھی جو بوے محبت تھی وہی میرے لیے بہت کچہہ تسلی کا باعث تھی۔

مجھے نہ اونسے مال ومتاع کی تمنا تہی نہ خطاب وجاگیر کی، جو کچہہ اونہون نے مجھے دیا تھا وہ میرے لیے کافی تہا۔

مین اونکی شفقت ومحبت کی متمنی تھی، اور اونکی زیست کی خواہان، اونکی زیست سے مجھے اونکی شفقت مادری اور مربیانہ الفت کی امید تھی جسکو مین سالہا سال سے ترس رہی تہی، اور جانتی تہی کہ اگر اونکی زندگی ہے تو کبھی نہ کبھی یہ حجاب اوٹھ جائے گا، اور مین اونکے آغوش شفقت مین جگہ پاؤنگی اونکی حیات سے میری بڑی شیرین امید قائم تہی جو سخت سے سخت غم کی تلخیون مین مجھے صبر دلاتی تہی مین اونکی مجبوریون سے واقف تہی، اور مجھے اونکے جذبات وخیالات کا علم تہا ہمیشہ انہین خیالات کو لیے ہوے میری طبیعت مین اونکے ساتہہ ہر روز دلی ہمدردی ترقی پذیر تھی اور مین اون فطرتی جذبات کو جو سعادت مند، اور محبت والی اولاد کو ہوتے ہین، دبانے کی کوشش نہین کرتی تھی، اور محبت وادب کو ہمیشہ اپنا وسیلہ نجات جانتی رہی۔

ملکہ معظمہ وکٹوریہ قیصرہ ہند

کا

انتقال

۲۹ رمضان ۱۳۱۸ھ = ۲۱ جنوری ۱۹۰۱ء کو وزیر صاحب ریاست نے سرکار خلد مکان کو بذریعہ تحریر اطلاع دی کہ اسوقت ہز اکسلنسی ویسرائے ہند کے پرائیوٹ سکریٹری کے تار سے یہ افسوسناک خبر معلوم ہوئی کہ :-

"جملہ اراکین خاندان شاہی" ملکہ معظمہ" کے کمرہ مین جمع ہین، اور اونکا خاتمہ قریب ہے"

اس اطلاع سے سرکار خلد مکان کو سخت رنج ہوا اور حکم دیا کہ فوراً کوتوال شہر منادی کرا دین کہ "کوئی شخص باجا وغیرہ نہ بجائے، اور مسلمان نماز پڑھکر "ملکہ معظمہ" کی صحت کے لیے دعا کرین"

دوسرا دن یکم شوال کا باوجودیکہ عید کا دن تھا مگر سرکار خلد مکان اور تمام رعایا پر ایک رنج و غم کی گھٹا چھائی ہوئی تھی، تمام مساجد، اور عیدگاہ مین مسلمانون نے نماز عید کے بعد نہایت خشوع و خضوع سے "ملکہ معظمہ" کی صحت و سلامتی کے لیے دعائین کین، اوسی دن عین عالم اضطراب مین ۱ بجے ۵ منٹ پر ہز اکسلنسی ویسرائے کے سکریٹری کے تار سے اطلاع ملی کہ :-

"تار جو آدھی رات کو جاری ہوا تھا، ظاہر کرتا ہے کہ صبح حالت مین معتدبہ تغیر واقع نہین ہوا دن بھر حالت مین کچھہ تخفیف رہی "ملکہ معظمہ" نے کھانا اچھی طرح کھایا، اور رات کو اطمینان سے سوئین"۔

اس اطلاع سے کسیقدر اطمینان ہوا تھا کہ ۷ بجکے ۵ منٹ شام کو یہ جگر سوز اور روح فرسا تار برقی پہنچی

"حضور ملکہ معظمہ کوئن وکٹوریہ نے وفات پائی"

اس تار کے پہنچتے ہی سرکار خلد مکان کے حکم سے وزیر صاحب ریاست نے بذریعہ پرائیوٹ سکریٹری ہز اکسلنسی کی خدمت مین حسب ذیل پیغام تار برقی بھیجا :۔

"جو سخت اور جانسوز صدمہ ہماری مہربان "ملکہ معظمہ" کی وفات سے ہوا ہے وہ ایسا سخت صدمہ ہے کہ اس سے پیشتر کبھی وقوع مین نہین آیا تھا، حضور "ملکہ معظمہ" کی وفات کو سرکار عالیہ بمنزلہ وفات اپنی والدہ کے خیال فرماتی ہین اور اس صدمہ سے اون کو صبر نہین آتا"

اس تار کے علاوہ ایک اور تار منجانب ریاست مضمون ذیل کا بھیجا گیا :۔

" سرکار عالیہ کو گذشتہ رات ۲۳ جنوری کا تار پانے سے سخت دلی رنج ہوا، وہ اور اونکی رعایا ناقابل برداشت صدمہ مین مبتلا ہے"

وفات کا تار ملتے ہی "فوجی جھنڈا" گرا دیا گیا، اور صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کے پاس اون تار برقیون کو بھیجکر خواہش کی گئی کہ سرکار خلد مکان کی طرف سے ہز اکسلنسی ویسرائے کی خدمت مین بذریعہ تار برقی اظہار تعزیت کرین، اور صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر سے یہ بھی دریافت کیا گیا کہ اس موقع پر کیا کیا مراسم تعزیت ادا ہونی چاہیین، لیکن قبل اس کے کہ صاحب پولیٹکل ایجنٹ کا جواب آئے، سرکار خلد مکان نے بازارون مین تین دن کی ہرتال کا، اور تمام دفاتر صدر و مفصلات مین ایک ہفتہ کی تعطیل کا حکم دیا، اور عام رعایا کو اطلاع دی گئی کہ وہ اپنے عزیز "شہنشاہ قیصرہ ہند" کا ماتم کرین۔

قلعہ ار فتحگڈہ کو حکم دیا گیا کہ ۱۲ ارشوال = ۲ رفروری یوم شنبہ کو جو "ملکہ معظمہ" کی تجہیز و تکفین کا دن ہے شام کے وقت بنظر تعظیم حضور ممدوحہ بہ لحاظ شمار سنین عمر ممدوحہ کے ۸۱ ضرب توپ ایک ایک منٹ کے وقفہ سے سر کی جائین اور توپون کا چلانا ایسے وقت سے شروع ہو کہ آخری فیر غروب

آفتاب کے وقت سر ہو"

ان احکام کے جاری ہونے کے بعد بذریعہ وکیل ریاست صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر نے حسب قاعدہ، اور باضابطہ سرکار خلد مکان کو چٹھی بھیجی جسمین اس افسوسناک حادثہ کا ذکر کر کے "عید الفطر" کی تہنیت ادا کی۔

سرکار خلد مکان نے اونکی محبت آمیز تہنیت کا شکریہ، اور اس حادثہ پر اپنے رنج و صدمہ کا اظہار بذریعہ چٹھی مرقومہ ۲۶ر جنوری کیا "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" کی وفات، اور "ملک معظم ایڈورڈ ہفتم شہنشاہ ہند" کے تخت نشینی کی اطلاع باضابطہ پہونچی، اور بمنشا ہدایت صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر یہ حکم جاری کیا گیا کہ" ٹائمی فیرون کے سر ہونے سے ۱۵ منٹ کے بعد شہنشاہ کے تخت نشینی کی سلامی سر کیجائے اور جھنڈا مستول کے سرے پر پہونچا دیا جاے"

۱۲ر شوال کو صاحب پولٹیکل ایجنٹ بہادر بھوپال تشریف لاے سرکار خلد مکان نے بہ طریق اداے تعزیت اون سے ملاقات کی۔

۱۲ر شوال کو حسب احکام مندرجہ بالا توپین سر ہوئین، اور ستول کے سرے پر "جھنڈا" اوڑا دیا گیا۔

سرکار خلد مکان نے ارکین خاندان شاہی کو ہمدردی آمیز تعزیت کا تار دیا اور نیز گورنمنٹ عالیہ کو تخت نشینی شہنشاہ پر بذریعہ تار "مبارکباد" کہی، تعزیت و تہنیت کے تارون کے متعلق بذریعہ وزیر ریاست سرکار خلد مکان کو چٹھیون کے ذریعہ سے اطلاع دیگئی کہ "گورنمنٹ ہند شکریہ ادا کرتی ہے، اور حسب قاعدہ جہان جانے چاہیین بھیجدیے جاوینگے"

میری اس کتاب کو اگرچہ جناب "ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" کے حالات و واقعات زندگی سے بادی النظر مین کوئی مناسبت نہین معلوم ہوتی، لیکن اگر ذرا غور سے دیکھا جاے تو "تاریخ بھوپال" کو

اونکے زمانہ سے نہایت عظیم الشان تعلق ہے۔

میری جدہ مکرمہ سرکار خلد نشین جنابہ ممدوحہ کے ہی عہد معدلت مہد مین مسند آرائے ریاست ہوئین، اور وہ تمام قابل یادگار تعلقات پیدا ہوے جنپر آج مجکو، اور میرے ملک کو ناز ہے، اونہین کے شاہانہ الطاف سے نہ صرف فرمانروائے بھوپال کے ذاتی اعزاز واکرام مین اضافہ ہوا بلکہ ملک مین وسعت بھی ہوئی۔

میری والدہ محترمہ سرکار خلد مکان بھی اونہین کے زمانہ میمنت مآب مین صدر نشین ہوئین اور مین ولیعہدہ ریاست قرار دی گئی۔

سرکار خلد مکان پر جنابہ ممدوحہ نے بحیثیت انگلستان کے ایک عالی نژاد خاتون وکٹوریہ کے اور بحیثیت "ملکہ وکٹوریہ قیصرہ ہند" کے جو جو الطاف خسروانہ فرمائے، وہ اس کتاب مین بھی جلوہ گر ہین اسکے علاوہ چونکہ میری ریاست ممالک ہند مین ہے اور ہندوستان کو جو نعمتین اور برکتین اونکے دور سلطنت مین حاصل ہوئین میری ریاست بھی اون سے بہرہ ور ہوئی ہے، نیز ایک خاص مناسبت، جو مجھے جنابہ ممدوحہ کے ہمجنس ہونے کے باعث اون سے ہے اس لحاظ سے میرے دل مین اس موقع پر جو جو خیالات موجزن ہین اونکا اقتضا یہی ہے کہ مین اپنی اس کتاب مین اونکی حکومت کی برکات، اور اعلی صفات کا کچھ تذکرہ کرون۔

اگرچہ مین جانتی ہون کہ میری اس کتاب مین جو حالات درج ہونگے اون سے پورا پورا تاریخی استفادہ جنابہ "ملکہ معظمہ" کی نسبت ناظرین کو نہین حاصل ہوگا، تاہم جن لوگون نے اونکے مفصل حالات کی کتابین نہین دیکھی ہین اونکو کچھ نہ کچھ معلومات حاصل ہونگے، اور یہ تذکرہ میری اس کتاب کے لیے زیب و زینت کا سبب ہوگا۔

ملکہ معظمہ ۲۴ مئی ۱۸۱۹ء کو لنڈن کے شاہی محل "کنگسٹن" مین پیدا ہوئین، وہ فرمانروائے برطانیہ جارج سوم کی پوتی، اور "ڈیوک آف کنٹ" کی دختر تہین، اونہون نے اپنے قابل اور

نیک دل ماں "ڈچس کنٹ" کی زیر نگرانی تعلیم و تربیت پائی، اونکے والدین کا انتقال علی الترتیب ۱۸۲۰ و ۱۸۶۱ء مین ہوگیا تہا۔

۱۸۳۷ء مین اپنے چچا ولیم چہارم کی وفات پانے پر اونکو یہ معلوم ہوا کہ قدرت نے تاج برطانیہ اونکے فرق مبارک کے لیے موزون کیا ہے جس مین چند برسون کے بعد ہندوستان کی حکومت، و سلطنت کا سب سے زیادہ قیمتی ہیرا آویزان ہوگا۔

۱۸۳۸ء مین وہ تخت برطانیہ پر جلوہ گر ہوئین اور ابہی کی گرجا مین بڑے کر و فر کے ساتہہ رسم تاجپوشی ادا ہوئی اونکی پولیٹکل تعلیم کے لیے "انگلینڈ" کے نامور مدبر لارڈ ملبورن مقرر ہوے۔

۱۸۴۰ء مین ۱۰ ر فروری کو سینٹ جیمس چرچ مین "پرنس البرٹ" کے ساتہہ جو ممتاز خاندان سیکس کوبرگ جرمن کے قابل، نیک صفات اور عالی منش شاہزادہ تھے، اونکا عقد ہوا "ملکہ معظمہ" اور "پرنس البرٹ" آپس مین ماموں، اور پہوپی زاد بہن بھائی بہی تھے۔

"پرنس" مین تمام مردانہ اوصاف، اور مقبول صفات مجتمع تہین، وہ "ملکہ معظمہ" کے صادق دوست مہربان شوہر، صائب راے، اور بیدار مغز مشیر تھے، چونکہ "پرنس" جرمنی ملک، اور نسل سے تھے، اسلیے انگریزی قوم کو اوائل مین اون سے تعصب رہا جس سے "ملکہ معظمہ" کو اکثر روحانی صدمہ محسوس ہوا، مگر عالی مرتبت "پرنس" نے بہت جلد اپنی عادات وصفات گرامی سے جسطرح "ملکہ معظمہ" کے دل مین جگہ پائی تہی اوسیطرح وہ تمام انگریزی قوم مین ہر دلعزیز ہوگئے، اور انگریزی قوم نے "پرنس" کو اپنا محسن اور نجات دہندہ مان لیا، وہ بالآخر "ملکہ معظمہ" کے نائب السلطنت قرار دیے گئے، اور "پرنس کنسرٹ" اونکا لقب ہوا۔

"ملکہ معظمہ" اولاد کی طرف سے بھی خوش قسمت رہین، اور اونہون نے اپنی زندگی مین اپنے پر پوتے کی پیدایش کی بھی مسرت حاصل کرلی، اونکی اولاد مین چار لڑکے اور پانچ لڑکیاں ہوئین

جن مین دو لڑکون اور ایک دختر کا اونکے سامنے ہی انتقال ہو گیا تھا، اون کے سب سے بڑے فرزند گرامی عالیجناب ہز امپریئیل مجسٹی کنگ ایڈورڈ ہفتم قیصر ہند ہین۔

سنہ ۱۸۶۱ء اون کی زندگی مین نہایت مصیبت اور غم والم کا سال گذرا ہے، اسی سنہ مین اول اونکی والدہ ماجدہ "ڈچیس کینٹ" نے "اور تھوڑے دنون کے بعد اونکے عالی جناب شوہر پرنس کنسرٹ" نے انتقال کیا۔

ان متواتر صدمات نے "ملکہ معظمہ" کی دلی مسرتون پر پانی پھیر دیا، اور بالخصوص پرنس کنسرٹ کی موت نے تو اونکا دل بٹھا دیا، وہ اپنے ہر رنج، اور ہر خوشی مین خواہ وہ خاندان کی متعلق ہو، یا سلطنت کے اپنے نامور، اور عزیز شوہر کی جدائی پر آنسو بہائے بغیر نہ رہ سکتی تہین، وہ اپنے شوہر کے ساتھہ عدیم النظیر محبت رکہتی تہین۔

اونہون نے جس تاریخ سے کہ وہ بیوہ ہوئین سنہ ۱۸۹۶ء تک بڑے سے بڑے مسرت کے موقعون پر بھی اپنا لباس بیوگی تبدیل نہین کیا۔

وہ سلطنت کے کاروبار نہایت غور اور بیدار مغزی کے ساتھہ کرتی تہین، اونکے مزاج مین اسقدر احتیاط بڑھی ہوئی تھی کہ وہ کسی نوشتہ پر جب تک کہ اوسکو اول سے آخر تک پڑھہ نہ لین، اور اوسپر وزرا، اور سکرٹیریون سے بحث نہ کر لین، دستخط نہین کرتی تہین، بے شک اوس بادشاہ کی زندگی قابل رشک ہوتی ہے، جو پارلیمنٹ کے ذریعہ سے حکومت کرتا ہے، اوسکو سلطنت کے علائق کے ساتھہ آزادی بھی نصیب ہوتی ہے، لیکن پھر بھی بہت ذمہ داریان ذات شاہی سے ہی وابستہ ہوتی ہین۔

"ملکہ معظمہ" کے مفصل حالات زندگی دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اونکو سلطنت کے متعلق کیسے کیسے مواقع پیش آئے ہین، اور اونہون نے اپنی رائے کی اصابت، بیدار مغزی، اور

تدبیر سے کیسی کیسی کامیابیان حاصل کی ہین، اونکو کبھی کبھی اپنے وزرا سے اختلاف بھی کرنا پڑا ہے اور اونکی رایون کے خلاف اپنی رائین قائم کی ہین، اور ہمیشہ اونکی راے کی خوبی اوسپر عملدرآمد کرنے کے بعد ظاہر ہوئی ہے۔

اوس فرمان عظیم کا مسودہ جو غدر کے بعد ۱۸۵۸ء مین جاری ہوا تہا جب اون کے حضور مین پڑہا گیا، اور یہ فقرہ آیا کہ "اہل ہند کو چشم نمائی کیجاے کہ ملکہ معظمہ کو یہ اختیار ہے کہ وہ اہل ہند کے مذہبون، رسمون اور رواجون کو منہدم کرسکتی ہین" تو وہ نہایت ناراض ہوئین، اور لارڈ سالسبری کو ہدایت کی کہ یہ فقرہ خارج کردیا جاے، اور بجاے اوسکے یہ عبارت درج کیجائے کہ:-

"اگرچہ ہم کو عیسائی مذہب کے صدق پر یقین کُلّی ہے، اور وہ تسکین ہے جو اوس سے ہوا کرتی ہے، ہم کو اسکے ساتہہ شکرگزاری کا اعتراف ہے کہ ہم کو نہ منصب ہے، اور نہ آرزو کہ کسی رعیت سے خواہ مخواہ اپنے عقیدہ کو قبول کرائین۔

ہمارا شاہانہ حکم، اور مرضی ہے کہ کسی ایک مذہب کو دوسرے مذہب پر ترجیح نہ دی جاے، اور کسی شخص کو بوجہ اعتقادات، اور رسمیات مذہبی کے ایذا نہ پہونچائی جاے، اور سب رعیت کی محافظت قانون کے روسے بغیر کسی طرفداری کے ہوتی رہے اور ہماری طرف سے تاکید ہوتی رہے کہ کوئی متنفس جو ہماری نوکری مین ملک ہند کے انتظام کے لیے مقرر ہو، کسی رعیت کے اعتقاد، وعبادت مذہبی کی نسبت دست اندازی نہ کرے ورنہ ہمارا غضب نازل ہوگا"

اس ترمیم و اصلاح سے فی الواقع ایک عجیب جوش ملکہ معظمہ کی محبت کا دلون مین پیدا ہوتا ہے، اور ظاہر ہوتا ہے کہ اونکو تمام معاملات مین کسقدر اپنی رعایا کی پاسداری، اور مساوات کا خیال تہا۔

اگرچہ تاجپوشی کے وقت اونکو خاص دین عیسوی کا خطاب، اور حمایت دین عیسوی اونکا ایک ضروری فرض قرار دیا گیا تھا، لیکن اونکی شاہانہ عالی حوصلگی، اور اوس محبت نے جو تمام رعایا کے ساتھہ بلا تفریق قوم و مذہب تہی اپنے اس خطاب و فرض کو دین عیسوی کے ساتھہ ہی محدود نہین رکہا، اور اونہون نے صرف دین عیسوی کی ہی حمایت وحفاظت اختیار نہین کی، بلکہ ہندوستان کی رعایا کے تمام مذاہب کی بلا تخصیص حمایت وحفاظت کی۔

"ملکہ معظمہ" کے عہد حکومت مین بعض نہایت مصیبت خیز واقعات بھی ظہور پذیر ہوے، کسی جگہ زلزلہ نے تباہی ڈالی، کہین طوفان، وسیلاب نے قیامت برپا کی، اور کسی حصہ حکومت مین قحط نے آفت ڈھائی، لیکن یہ سب آسمانی بلائین تہین، اور کوئی انسانی طاقت ان بلاؤن کا مقابلہ نہین کرسکتی، بجز اسکے کہ جو لوگ مصیبت زدہ ہون اونکے ساتھہ ہمدردی کیجاے، ایسی حالتون مین "ملکہ معظمہ" کی ہمدردی ہمیشہ اعلیٰ پیمانہ پر رہی، اور اونکی توجہ مصیبت زدہ لوگون کی مدد کرنے پر مبذول رہی، اونکی گورنمنٹ نے نہایت کشادہ دلی اور فیاضی کے ساتھہ ایسے اشخاص کی حمایت کی، اور اونکو مصیبتون سے نکالا۔

سب سے زیادہ خوفناک، اور سب سے بڑی مصیبت جو "ملکہ معظمہ" کے ہم قومون، اور ہم مذہبون پر اور نیز دیگر باامن باشندون پر نازل ہوئی، وہ ۱۸۵۷ء کا غدر تھا، اور اوسکے بعد وہی مصیبت بیانتہا غدر کی صورت مین جس کا ہونا آیندہ حسن واستحکام سلطنت کے لیے ضروری تہا، دوسرے لوگون پر چہاگئی، مگر جناب ممدوحہ نے بہت کچہہ اس مصیبت سے اپنی رعایاے ہند کو نکالا، اور کورٹ آف ڈائرکٹرز کے ہاتہون سے حکومت ہند نکالکر اپنے مبارک ہاتھون مین لی۔

"ملکہ معظمہ" کو واقعات غدر سے بے انتہا صدمات پہونچے، کیونکہ ایک طرف تو وہ لوگ جو اپنے وطن سے دور و دراز فاصلہ پر آکر حکومت کے قیام کے لیے شاہی خدمات ادا کر رہے تھے، قتل ہوے، دوسری طرف وہ ملک جسپر اونکو ابھی حکمرانی کرنی تہی، اور جسکو اپنی آیندہ نسلون

سکے لیے سرسبز حالت میں چھوڑتا تھا، برباد ہو رہا تھا، اونہوں نے یکم نومبر ۱۸۵۸ء کو وہ فرمان عظیم
جاری کیا جو نہایت رحم و الطاف خسروانہ سے مملو، اور جو خاص توجہات شاہی سے مرتب ہوا تھا،
اور جو آج تک ہندوستانیوں کے ہاتھ میں بطور ایک پروانہ رحمت، اور سند شاہی کے ہے۔

یہ اشتہار ہر بڑے شہر، اور چھاونی میں پڑھا گیا، اوسوقت ہندوستانیوں کو معلوم ہوا کہ
ہم ایک بڑے جلیل القدر، شفیق، اور ماں سے زیادہ محبت کرنے والی ملکہ کے ظل حکومت میں ہیں

اوسی دن سے ہندوستانیوں نے اونکے شاہی خطابات پر نہایت سادہ، لیکن نہایت
محبت سے بھرا ہوا خطاب "مادر مہربان" کا اضافہ کیا۔

۱۸۷۶ء میں جب اونہوں نے پارلیمنٹ کا افتتاح کیا تو اپنی تقریر میں خطاب "قیصر ہند"
اختیار کرنے کی نسبت اپنی خواہش کا اظہار کیا، اور لارڈ ڈزریلی نے اس خطاب کے اختیار کرنیکے
متعلق ایک بل پیش کیا، اگرچہ اول اوس پر ممبران پارلیمنٹ نے مخالفت ظاہر کی، مگر وہ پاس ہوگیا، اور
۱۸۷۷ء کی نوروز "یعنی یکم جنوری کو اس خطاب کی ہندوستان میں اعلان کیجانے کا حکم ویسرائے ہند کو دیا گیا۔

ہندوستان میں لارڈ لٹن نے ۱۸۷۷ء میں بمقام "دہلی" ایک "عظیم الشان" دربار "منعقد کیا
جس میں تمام ہندوستان کے رؤسا، والیان ملک، سفیران ممالک غیر اور حکام اعلی جمع ہوئے تھے،
اوسمین "قیصرہ ہند" کا فرمان عالیشان سنایا۔

والیان ملک، اور رؤسا نے "قیصرہ ہند" کو خطاب اختیار کرنے کی "مبارکباد" کہی،
خیر خواہ رؤسا کو خطابات اور تمغے عطا کیے گئے، اور اونکے اعزاز میں افزونی کی گئی۔

۸ رفروری ۱۸۷۷ء کو جب "ملکہ معظمہ" نے پارلیمنٹ کا افتتاح کیا تو اپنی تقریر میں رؤسا
و رعایائے ہند کی محبت و خیر خواہی کے ساتھ خطاب "قیصرہ ہند" کی "مبارکباد" دینے پر اپنی
دلی احسانمندی ظاہر کی، اس واقعہ عظیم کی یادگار میں ایک بڑا تمغا بنایا گیا، جو رؤسا ہند،

اور حکام کو دیا گیا، اسی زمانہ مین جناب "قیصرہ ہند" نے ایک تمغا "امپریل آرڈر آف دی کرون آف انڈیا" کا بہ یادگار خطاب "قیصری" عورتون کے لیے قائم فرمایا۔

۱۸۸۷ء مین اونکی پنجاہ سالہ حکومت کا "جشن جوبلی" تمام ممالک زیر حکومت برطانیہ مین منایا گیا، اور تمام رعایا نے اپنے جوش خلوص کا اظہار کرکے ذات شاہنشاہی، اور سلطنت کے متعلق اپنی وفاداری کا ثبوت دیا، اوسکے دس برس بعد ۱۸۹۷ء مین حکومت شصت سالہ کا "جشن ڈیمنڈ جوبلی" ہوا "اور یہ جشن ایسی عظمت وشان، اور کر و فر سے منایا گیا، کہ اوس سے پہلے کبھی کسی جشن مین ایسی شان نظر نہین آئی تھی۔

اون کے زمانہ مین مختلف ممالک کے تاجدار "انگلستان" کی سیر اور اونکی ملاقات کے اشتیاق مین آئے، اور اونکا نقش عظمت اپنے دل پر لے گئے، ان تمام بادشاہون مین بہ لحاظ مغائرت قومی و مذہبی "سلطان عبد العزیز خان" اور "شاہ ناصر الدین قاچار" سب سے زیادہ قابل الذکر ہین، خود "ملکہ معظمہ" نے یورپ کے اکثر مقامات کی سیر و سیاحت کی، اور جرمن وغیرہ مین اپنے رشتہ دارون سے ملنے تشریف لے گیئن، اون کے زمانہ مین بڑی بڑی لڑائیان ہوئین اور اون کی افواج کو فتح نصیب ہوئی، آخری عہد حکومت مین ٹرانسوال کی لڑائی تھی، جو ہمارے "ملک معظم" کے آغاز تخت نشینی کے زمانہ مین انجام پذیر ہوئی، اور جن کی نسبت "ملک معظم" نے تخت شاہی پر جلوہ افروز ہوتے ہی فرمایا کہ "ٹرانسوال کی فتح مین صرف "ملکہ معظمہ" کی رحم دلی سے تاخیر ہو رہی تھی، اب امید ہے کہ جلد فتح حاصل ہو جائیگی" چنانچہ ایسا ہی ہوا، اور گویا فتح و نصرت نے تخت نشین ہوتے ہی نذر پیش کی۔

"ملکہ معظمہ" جب اس لڑائی مین سپاہیون، اور افسرون کا قتل ہونا سنتی تھین، بے اختیار اون کی آنکھون سے آنسو نکل پڑتے تھے، اور وہی صدمہ ہوتا تھا جو اپنے عزیزون کی مصیبت پر

ہوتا ہے، وہ ہمیشہ مقتولین جنگ کی بیواؤن، اور غمزدہ ماؤن کو بذریعہ چٹھی، یا خود تشریف لیجا کر تشفی دیتین، اور اونکے ساتھہ ہمدردی فرماتین، جو زخمی میدان جنگ سے آتے اونکو ہسپتال مین جاکر خود ملاحظہ کرآتین، اور اونکی تسکین فرماتین، اون مین تمام وہ اعلیٰ صفات جو ایک بادشاہ عادل مین ہونا چاہئیےن موجود تھین، وہ اپنی عزیز رعایا، اور بہادر فوج پر جو شفقتین فرماتین، وہ مادرانہ جوش کے ساتھہ ہوتین، وہ حقیقی معنون مین اپنی رعایا کی مادر مہربان تھین۔

ان مجمل حالات کو بہت کچھہ تعلق اونکی شاہانہ زندگی سے ہے، لیکن وہ اپنی سیدھی سادی زندگی مین بھی نہایت عزیز، اور شفیق وکٹوریہ تھین، اور بے شمار خوبیان اونکی ذات مین جمع ہوگئی تھین۔

"آرچ بشپ کنٹربری" نے جب اونسے کہا کہ خطبہ نکاح مین عورت کو یہ حلف کرنا ہوتا ہے کہ "مین شوہر کی اطاعت کرونگی" اگر آپ کہین تو یہ فقرہ نکالدیا جاے، تو اونھون نے جواب دیا کہ "مین ملکہ ہو کر شادی نہین کرتی، مین تو ایک معمولی عورت کی طرح شادی کرتی ہون"

اس موقع پر مین ایک دلچسپ قصہ جسکو مین نے ایک کتاب مین دیکھا ہے، اور مجھسے میرے اکثر انگریز دوستون نے بھی اسکا ذکر کیا ہے درج کرتی ہون جس سے ایک اعلیٰ اخلاقی نصیحت حاصل ہوتی ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ "ملکہ معظمہ" اپنی خانگی زندگی مین اپنے اور شوہر کے درجات مین کیا امتیاز رکھتی تھین۔

ایک روز "ملکہ معظمہ" اور "پرنس کنسرٹ" مین کسی خانگی معاملہ پر کچھہ شکر رنجی ہوگئی "ملکہ معظمہ" اپنے کمرہ مین آکر تھوڑی دیر تک اس معاملہ پر غور کرتی رہین، اوسکے بعد پھر "پرنس" کے کمرہ مین گئین، لیکن کمرہ کا دروازہ بند پایا "ملکہ معظمہ" نے اپنا ہاتھہ دروازہ پر مارا۔

پرنس .... کون ہے؟

ملکہ معظمہ .... مین ہون کوئن۔

پرنس .... البرٹ کے کمرہ مین کوئن کا کچھہ کام نہین، واپس جاؤ۔

یہ سنکر ملکہ معظمہ سکوت مین آگئین، لیکن تھوڑی دیر کے بعد پھر دروازہ پر ہاتھہ مارا۔

پرنس .... کون ہے؟

ملکہ معظمہ .... مین ہون البرٹ کی بیوی۔

پرنس نے جلدی سے اوٹھکر دروازہ کھول دیا، اور کہا کہ "بیشک البرٹ کی بیوی البرٹ کے کمرہ مین آسکتی ہے"

حقیقتاً "فیملی" اور پرائیوٹ معاملون مین بادشاہ بنا رہنا نہایت تکلیف دہ ہے، اور اصلی آسائش اوس سے غارت ہو جاتی ہے، خصوصاً ایک نیک دل، خداترس، صاحب عصمت رحمدل عورت کے لیے تو فی الواقع خانگی معاملات مین بادشاہ بننا نہایت دقتین پیدا کرنے کا باعث ہوتا ہے، اور چونکہ ملکہ معظمہ مین تمام صفات عالی موجود تھین، اسلیے اونھون نے کبھی خانگی کامون مین شاہی اقتدار کو نہین برتا۔

اونھون نے اپنا نام نہایت سادہ "وکٹوریہ" ہی پسند کیا، اور وہ اپنی زندگی کی آخری ساعت تک "وکٹوریہ" (مظفر) ہی رہین۔

اون پر بعض مجنونون اور پاگلون نے کئی مرتبہ حملے، اور فیر کیے، لیکن اونھون نے ہمیشہ ایسے موقعون پر اپنے حواس بجا رکھکر مردانہ دلیری کا اظہار کیا، اور حافظ حقیقی نے اون مجنونون کی حملون سے اونکو محفوظ رکھا۔

اون مین مذہب عیسائی کی نسبت سچا جوش، و اعتقاد تھا، وہ کبھی اتوار کو کام نہین کرتی تھین، خواہ کیسے ہی ضروری کیون نہ ہون، وہ اپنے کنبہ پر بہت مہربان تھین اور ہر شخص کے ساتھہ ہمدردی رکھتی تھین اونکو اپنے بزرگون کے آداب اور چھوٹون کو مراتب کا

ہمیشہ لحاظ رہتا تہا، اونہین اپنے عزیزون، اور رشتہ دارون کو تحائف دینے مین خاص خوشی ہوتی تہی، وہ عام اُمرا کی طرح اپنے شوہر کے ساتہہ بڑی بڑی دُکانون، اور نمائشون مین جاکر خود سودا خرید کرتی تہین، لیکن وہ مُسرف نہ تہین اور نہ اسراف کرنے والون کو پسند کرتی تہین، اور یہ عمدہ صفت اون مین بچپن ہی سے تہی، اسکے متعلق اون کے بہت سے واقعات مشہور ہین، لیکن مین ایک ایسا واقعہ درج کرتی ہون جس مین نہ صرف اونکی اس عمدہ عادت کا ہی جلوہ ہے، بلکہ اونکی فیاضی، اور حوصلہ افزائی بہی ہویدا ہے۔

جنابہ ممدوحہ جب کہ کمسن تہین ایک جوہری کی دوکان پر تشریف لے گئین، وہان ایک اور لیڈی بہی موجود تہی جو کچھ لینے آئی تہی، چونکہ جنابہ ممدوحہ ہمیشہ سادہ لباس زیب تن فرماتی تہین اور اوسوقت بہی اپنے معمولی ہی لباس مین تہین، وہ لیڈی نہ پہچان سکی، اور چیزون کے دیکھ بہال مین مصروف رہی "ملکہ معظمہ" بہی زیورات کو دیکہتی رہین، لیکن لیڈی کے حرکات وسکنات کو بہی ملاحظہ کرتی جاتی تہین۔

اونہون نے دیکھا کہ لیڈی ایک گھڑی کی زنجیر کو بار بار اوٹھا کر دیکہتی ہے، اور سرد آہ بھر کر رکھدیتی ہے، آخر اوس نے مالک دوکان سے قیمت دریافت کی اور جب قیمت سنی تو اوسنے ایک عجیب حسرت کے ساتہہ اوس زنجیر کو رکھدیا۔

ملکہ معظمہ اپنی خداداد فراست سے اوس لیڈی کے جذبات کو سمجھ گئین، اونہون نے لیڈی کا نام، اور پتہ دریافت فرمایا، جسکو نہایت سادگی سے لیڈی نے بتا دیا، تب "ملکہ معظمہ" نے سوال کیا کہ "تم نے یہ زنجیر کیون نہ خریدی"؟ لیڈی نے جواب دیا کہ "اسوقت اسقدر استطاعت نہین کہ مین خرید سکون" اس مختصر گفتگو کے بعد وہ لیڈی چلی گئی، اور "ملکہ معظمہ" نے وہ زنجیر خرید کرلی، محل پر آکر اوس لیڈی کو وہ زنجیر بہیجدی، اور اوسکے مسرف نہ ہونیکی تعریف کی،

اور اوسکو مطلع کیا کہ یہ زنجیر اس صلہ مین دیتی ہون۔

اونکو بچون سے بہت اُنس تہا، اور ہر وقت کوئی نہ کوئی چہوٹا بچہ اون کے پاس رہتا تہا، وہ ذاتی طور پر آزادی، تجارت، تعلیم، رفاہ عامہ، اور سوشیل ریفارم کی بڑی حامی تہین، اور یہی اثر تخت نشینی پر بہی ظہور پذیر ہوا، جسکے سبب سے اونکے زمانہ مین بڑی بڑی اصلاحین ہوئین سیکڑون رفاہ عامہ کے "انسٹیٹیوشن" اور یادگارین اونکے عزیز نام "وکٹوریہ" سے موسوم ہوئین، ہر شہر اور مقام "وکٹوریہ" کے پُر اثر نام کے ساتہہ کوئی نہ کوئی یادگار نظر آتی ہے، خواہ وہ یورپ کی سرزمین پر ہو یا ایشیا اور افریقہ اور نو آبادیون کی۔

اہل علم اور علم سے بہی خاص دلچسپی تہی، وہ انگلستان کے ہر نامور عالم اور اہل کمال کی قدر کرتی تہین، اونکی خوشی، اور اونکے غم مین مثل عزیز دوستون کے شریک ہوتی تہین اور اس دوستی کو اون کے شاہنشاہی حالت سے کچھہ واسطہ نہ تہا۔

لارڈ "ٹینی سن" ملک الشعراے انگلستان کی نظمون سے اونکو گہری دلچسپی تہی اور وہ اونکو بیحد پسند کرتی تہین، اور ملک الشعراء موصوف کے ساتہہ اون کا نہایت شفیقانہ ارتباط تہا وہ مصنفہ بہی تہین، اور اونکی پہلی کتاب ۱۸۶۸ع تک کا روزنامچہ تہا، جسکو اونھون نے ملکہ ہونے کی حیثیت سے نہین لکہا تہا بلکہ ایک معزز خاتون کی شان سے تحریر کیا تھا۔

اوس روزنامچہ مین اگرچہ کوئی خاص بات بظاہر نہ تہی، اور نہ باعتبار انگریزی انشاپردازی کے ہی وہ کوئی شان رکہتا تہا، لیکن اس مین موثر طریقہ پر انتظام خانہ داری، مادرانہ حقوق، زن وشوہر کے عمدہ تعلقات جو دو انسانون کو ایک خوشگوار زندگانی عطا کرتے ہین، نوکرون کے ساتہہ اچہا برتاو، اور اِسی قسم کے امور دکہلائے گئے تہے، اوسکے مضامین کے لحاظ سے اوسکو اعلیٰ تصانیف کی فہرست مین جگہہ دی گئی۔

دوسری کتاب ۱۸۸۴ء مین شایع کی گئی، اس کتاب مین اونہون نے "ہائی لینڈس" کے قدرتی مناظر کے حالات، اور اوسکی سیر و سیاحت، اور اپنی بیوگی کی وہ سرگذشتین، جو "اسکاٹ لینڈ" مین واقع ہوئی تھین، نہایت دردناک، اور رنج آمیز پیرایہ مین بیان کی ہین، اس کتاب نے پبلک مین قبولیت تامہ حاصل کی، اور بالخصوص عورتون نے اسکو نہایت پسند کیا، یہ کتابین اونہون نے سرکار خلد مکان کو بھی تحفۃً بھیجی تھین جو اونکے ایک شاہانہ الطاف کا کتب خانہ بھوپال مین ثبوت دے رہی ہین۔

وہ سات زبانین جانتی تھین، اور آخری عمر مین اونہون نے "آگرہ" کے منشی عبد الکریم سی، آئی، ای، سے اُردو بھی پڑھی تھی، اون کے اُردو کے خطوط ہندوستان مین شایع ہوئے ہین، اور اونکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اون کو اپنی حکومت کے سب سے بڑے برّاعظم کی فصیح زبان کے حاصل کرنے کا کیسا شوق دامنگیر تھا۔

وہ ایک بڑی دستکار تھین، اونکی سوزن کاری، اور زر دوزی کے کام کی چیزین بڑی بڑی نمائشون مین فخر کے ساتھہ رکھی جاتی تھین، وہ اس عظیم الشان جلال کے ساتھہ نہایت سادگی سے "قصر بالمورل" مین چرخا کاتی نظر آتی تھین، وہ "آرٹسٹ" بھی تھین، اون کے ہاتھہ کی اکثر تصاویر اونکی تصانیف مین موجود ہین، اور بیشتر مناظر قدرت کی تصویرین ہین جنسے اونکو بڑی دلچسپی تھی، ملکہ معظمہ کی عدیم المثال زندگی کو ہمارے مُلک کی وہ بیگمات جو روز و شب بیکاری، اور فضول مشاغل مین بسر کرتی ہین دیکھین کہ وہ عالیجاہ ملکہ جس کا پرچم اقبال دنیا کے چوتھائی حصہ پر لہرارہا تھا، باوجود ایسی وسیع سلطنت کی جب کاموں سے ذرا فرصت پاتین تو وقت کو مفید مشاغل مین صرف کرتی تھین۔

"ملکہ معظمہ" نے باوجود ملکہ ہند و انگلینڈ و اسکاٹ لینڈ ہونے کے ایسی سادگی سے زندگی بسر کی جسکو دیکھکر حیرت ہوتی ہے، اور اونکے حالات زندگی کے دیکھنے سے اس سادگی کی عجیب مثالین نظر آتی ہین۔

اونکو بعض اوقات اپنے عالی صفات شوہر کے ہمراہ کسانون کے جھوپڑون مین جاکر اونکی سادی غذا تناول کرنے کا بھی اتفاق ہوا ہے جو کسان مسافر سمجھکر پیش کرتے، پھر اونکا شکریہ اپنے "قدر شاہی" مین آکر بذریعہ تحریر ادا فرماتین، جب اون سے ایسا سلوک کیا جاتا تب اون کو معلوم ہوتا، اور وہ اوس پر فخر کرتے کہ ہماری مہمان ملکۂ انگلنڈ و قیصرۂ ہند ہوئی تہین -

غرض اس سادگی، اور اس عظمت وجلال کی وکٹوریہ نے روے زمین کے باشندون کے دلون مین اپنی محبت کا برقی اثر دوڑا دیا تہا، حقیقۃً انسان جو فتح کہ عمدہ اخلاق، سادگی، اور نرمی سے دلون پر پاسکتا ہے، وہ سختی سے غیر ممکن ہے -

وہ ماہ جنوری سنہ ۱۹۰۱ء مین بیمار ہوئین، اونہون نے ایک ہفتہ کے قریب علیل ہوکر باسٹھ[۶۲] برس دنیا کے ایک چوتہائی رقبہ، اور ایک ثلث آبادی دنیا پر حکمرانی کرکے اپنی آخری خوابگاہ مین آرام کیا، اور اپنے جانشینون کے لیے ایسی وسیع سلطنت جس مین کہین نہ کہین ہر وقت سورج کی کرنین اپنی روشنی پھیلاتی رہتی ہین، اپنی اعلیٰ اور نیک صفات کی مثال چھوڑی اور اپنے بعد ایک ایسا ترکہ دیا جو اپنی نظیر آپ ہی ہے -

انگریزون نے اون کو قوم کی روح سمجھا تہا، جو اوس قوم کے جسم سے پرواز کر گئی، مین کہتی ہون کہ وہ سلطنت کی روح تہین، اور گو وہ روح اب باقی نہین لیکن اوس روح کی ایک اور روح ہے جو اپنی سلطنت کے جسم مین وہی قوت اور طاقت رکھیگی، جو ۲۲ جنوری سنہ ۱۹۰۱ء تک قائم رہی تھی -

سرکار خلد مکان کا انتقال

اواخر ربیع الاول ۱۳۱۸ھ ہجری مین سرکار خلد مکان کے بائین رخسار کے اندرونی جانب ایک خفیف سی خراش معلوم ہوئی، جسکو معمولی بات سمجھکر کچھہ پروا نہین کی گئی، لیکن جب روز بروز اوسکی تکلیف بڑھنے لگی تو یونانی علاج کی طرف توجہ ہوئی، مگر آرام نہوا بلکہ اور زیادتی ہوگئی، پھر ڈاکٹری علاج ہونے لگا، مشہور و معروف حکیم، اور ڈاکٹر مثل "انڈرسن" "ساسلہ" (ہومیوپیتھک) لکھنؤ، اور کلکتہ سے آئے لیکن صحت نہوئی، جون جون علاج مستعدی سے کیا جاتا، اوسیقدر مرض بڑھتا جاتا آخرکار ڈاکٹر انڈرسن سول سرجن نے جنکے ہاتھون مین مشہور بلرامپور ہسپتال کا چارج تھا، اور ایک نہایت قابل ڈاکٹر تھے یہ مشورہ دیا کہ "کینسر" کاٹ دیا جائے، ڈاکٹر ڈین صاحب ایجنسی سرجن نے بھی اس سے اتفاق کیا، اور سرکار خلد مکان بھی راضی ہوگئین، عملی جراحی کا سامان بھی آگیا لیکن عین وقت پر اس راے سے اختلاف کیا گیا، اور طرح طرح کے اوہام پیدا کرائے گئے جن سے سرکار خلد مکان کی راے بدل گئی۔

علاج معمولی طریقہ پر جاری رہا، مگر صحت تو درکنار حالت تکلیف و ترقی مرض کو سکون نہ تھا

اس اثنا مین متواتر ایسے واقعات پیش آئے جنسے اونکو سخت صدمہ پہونچا، اور اون پر ثابت ہوگیا کہ جو لوگ اونکے گرد و پیش مین ہین اونکو صرف اپنے حصول مقاصد سے غرض ہے، ان لوگون نے صرف اپنے مطالب کو پیش نظر رکھا ہے، وہ میری مان تھین رقیق القلب اور نرم دل تھین، مرنے کے آثار اونکو نظر آنے لگے تھے ایسی حالت مین یہ امر لازمی تھا کہ تمام پچھلی مجبورانہ رنجشین اونکی نظرون سے دفعتاً غائب ہوجائین، اور جذبہ محبت تمام چیزون پر غالب آکر

اونکو میری یاد دلا دیتا لیکن لوگون کی کوششین اونکے فطری جذبات پر بھی غالب آئین، اونکو عہد کی پابندی کا خیال دلایا گیا، اور دریاے محبت کے بہاو کا رخ پھیر دیا گیا۔

زمانہ علالت مین اسی قسم[1] کے بیسیون واقعات اور بھی گذرے لیکن اون مین سے جو چند مشہور اور زبان زد خاص و عام ہین، اس موقع پر اون کا درج کرنا مین مناسب جانتی ہون۔

سرکار خلد مکان کی صحت کے لیے دوا، اور دُعا کا کوئی طریقہ نہین اوٹھا رکھا گیا تھا، بڑے بڑے نامور حکیم اور ڈاکٹر آئے اور اونکو بڑی بڑی فیسین دی گئین، خیرات اور صدقات مین ہزارون روپیہ روز صرف کیا جاتا تھا، مگر جو فیس ڈاکٹر کو دیجاتی اور جو روپیہ کہ خیرات وغیرہ کے نام سے برآمد کیا جاتا اوسکا بڑا حصہ خود غرضون کی طمع کا دامن بھرتا۔

سرکار خلد مکان پر بھی یہ کارروائی بالآخر ظاہر ہوگئی اور اونھون نے اسپر نہایت حقارت آمیز تاسف ظاہر فرمایا مگر اون کی بلند حوصلگی نے اجازت نہ دی کہ وہ اون لوگون کو زجر و ملامت کرین

سرکار خلد مکان کی اس حالت سے قریب قریب سبکو مایوسی ہو گئی تھی اور سب جانتے تھے کہ اونکی زندگی کی شمع جلد بجھنے والی ہے، اسلیے ہر شخص کی جو اونکے دائرۂ دولت مین مقیم تھا، یہی خواہش تھی کہ اس آخری وقت مین جو کچھ حاصل ہو جاے وہ غنیمت ہے۔

علی حسن خان کی لڑکیون کی نسبت ٹھہر چکی تھی اور سرکار خلد مکان نے اونکے لیے بڑی بڑی بھاری جہیز تیار کرائے تھے، یہ ایسا وقت نہ تھا کہ کوئی شخص جسکو سرکار مرحومہ سے ذرا بھی محبت ہوتی شادی بیاہ کی خوشی منانی گوارا کرسکتا، لیکن علی حسن خان نے عین اس حالت مین سرکار سے درخواست کی کہ مین چاہتا ہون کہ سرکار کی زندگی ہی مین لڑکیون کے فرض سے سبکدوش ہو جاؤن، سرکار خلد مکان نے اس نکتہ کو سمجھا اور گو اوسیوقت جہیز کے دیدیے جانیکا حکم دیدیا

---

[1] یہ واقعات اگرچہ محض سماعی ہین لیکن قرائن ضروری ایسے ہین جن سے ان پر یقین کیا جاسکتا ہے۔

لیکن اون کو سخت صدمہ ہوا، اور فرمایا کہ "دیکھو میرے نواسے جوان ہوچکے ہین، لیکن میری بیٹی کہتی ہے کہ "جب سرکار کو خدا صحت دیگا تب خوشی کی باتون کا موقع ہوگا" لیکن یہ لوگ میرے عین مرض الموت مین اس قسم کی تقریبات سے لطف اوٹھانے کو تیار ہین"

یہ بھی عجب ایک منظر تھا کہ تاج محل مین وہ فیاض اور والی ملک بیگم بستر مرگ پر پڑی ہوئی اپنی زندگی کی آخری گھڑیان نہایت بےچینی اور کرب مین گذار رہی ہے، اور اوسکے برابر کے محل مین بیاہ رچایا گیا ہے۔

یہ تو اون کا حال تھا جن مین کچھ خاندانی محبت اور خون کا لگاؤ نہ تھا، مگر وہ لوگ بھی جو عزیز اور اولاد سے زیادہ پیارے تھے ان لوگون سے کچھ کم نہ تھے۔

عالمگیر محمد خان عیادت کو حاضر ہوے، اور دور بیٹھ گئے، سرکار خلد مکان کو اونکے دور بیٹھنے سے یقین کے ساتھ خیال پیدا ہوا کہ وہ میرے پاس بیٹھنے سے احتراز کرتے ہین، اس سے اونکو سخت صدمہ ہوا جسکو ضبط نہ کرسکین، اونھون نے کہا "عالمگیر! مین جانتی ہون کہ جس لیے تم میرے پاس نہین آئے، غالباً تم اس زخم کی وجہ سے مجھکو دیکھنا پسند نہین کرتے، افسوس مینے اپنی اولاد کو تمھارے لیے چھوڑا، تمپر زر لٹایا، تمھارے لیے لاکھون کی دولت پر پانی پھیرا، مگر تم مین سے میرا کوئی نہین ہوا، آج میرا کوئی دیکھنے والا نہین ہے" اتنا کہکر خاموش ہوگئین اور جو کیفیت اوسوقت اون کے دل کی تھی وہ اونکے مایوسانہ چہرہ سے ظاہر ہو رہی تھی۔

عالمگیر محمد خان نے بہت معذرت کی اور عرض کیا کہ "مین اسوجہ سے دور نہین بیٹھا بلکہ سرکار کی کیفیت دیکھنے سے صدمہ ہوتا ہے، سرکار علاج مین خود رائی فرماتی ہین، اور کامل طور پر علاج نہین ہوتا"

اس فقرے پر بے اختیار سرکار خلد مکان کی زبان سے یہ جملہ نکلا کہ "میری دوا تو سلطان جہان[1] لیکن سلطان دولہ کے سبب سے مین ملنا نہین چاہتی"

[1] (دیکھو صفحہ آیندہ)

چونکہ ان حالات کو دیکھکر سرکار خلد مکان کی حقیقی شفقت جو اپنی اولاد کے ساتھہ تھی جوش مارتی تھی اور اون پر باوجود ایک والیٔ مُلک ہونے کے جو بیکسی کا وقت گزرتا تھا اوسمین ہم لوگ یاد آتے تھے، اسلیے بعض کو یہ خیال پیدا ہو گیا کہ مبادا سرکار متاثر ہو کر اپنی بیٹی کو بلالین، سرکار خلد مکان کی یہ حالت دیکھکر جو لوگ محل مین جمع تھے محض اپنی خیر خواہی جتانے کے لیے میرے دوستدار اور خیر خواہ بنے حالانکہ وہ پہلے میری صورت تک دیکھنے کے روادار نہ تھے اونہون نے مجھے محل کے ذکر واقعات حالات کی اطلاعین پونہچانی شروع کین، اور ذرا ذرا سے واقعے تک کی خبر میرے پاس آنے لگی لیکن مجھے حق و باطل مین تمیز کرنا نہایت مشکل ہو گیا تھا، ان مین زیادہ تر وہ لوگ تھے جن پر ابن الوقت کا اطلاق صحیح تھا، بعض ایسے بھی تھے جو صحیح صحیح بے کم و کاست خبرین پہونچاتے تھے، مین ان حالات کو سُنکر ایک عجیب جالیس و پیش مین تھی کہ وہان ایک عجیب منتر چلانے کی تدبیر کی گئی، کسی نے عبدالحسین سے جاکر کہا کہ سرکار کو مرض نہین بلکہ اون پر جادو کیا گیا ہے عبدالحسین نے سرکار سے جاکر کہا، اگرچہ سرکار کو یقین نہ آتا تھا لیکن بالآخر اون لوگون نے اجازت حاصل کی اور جاکر نور محل کے حوض سے سرکار کی صورت کا ایک پُتلا جو موم جامے سے منڈھا ہوا تھا نکال کر لائے، اس پُتلے مین سوئیان چبھوئی ہوئی تھین، موم جامے مین چار لیمون اور کچھہ اور چیزین بھی تھین، جب یہ پُتلا سرکار خلد مکان کے سامنے آیا تو مفسدون نے اس سحر کو میری طرف منسوب کیا، لیکن سرکار مرحومہ نے فرمایا کہ "یہ تو وہ تصویر ہے جو مین نے نواب صدیق حسن خان کو دی تھی"

چونکہ میرے محل تک ان کی رسائی غیر ممکن تھی اسلیے اس سازش کا موقع نور محل ہی کو قرار دیا گیا،

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) چونکہ ہمارے مخالفین نے نواب سلطان دولہ صاحب بہادر کی بے انتہا برائیان کر کے اون پر سخت ناراض کر دیا تھا اور اونکی طرف سے ایک شخص بھی کلمۂ خیر کہنے والا نہ تھا اسلیے سرکار خلد مکان بہت زیادہ کشیدہ تھین بخلاف اون کے مجھہ مین خون کا واسطہ تھا بچپن سے میرے مزاج کا تجربہ تھا عادتون سے واقفیت تھی اسلیے میری محبت اونکو بعض وقت بے چین کر دیتی تھی۔

لیکن ڈھونڈھ کبھی چھپ نہین سکتا، آخر پردہ کھل ہی گیا کہ تمام کارروائی سازشی تھی۔

سرکار نے انتقال سے پانچ ماہ پہلے ماہ شوال مین فرمایا کہ "مرض درمان پذیر نہین نظر آتا، لہٰذا بہتر معلوم ہوتا ہے کہ مین مکہ معظمہ کو جاکر فرض حج سے سبکدوش ہوجاؤن، اور میری زندگی مین شاہ‌جہان "ریاست کے کاروبار کو دیکھ لین، تیاری سفر شروع ہوئی، اور اہلکاران توشکخانہ کو حکم دیا گیا کہ مولوی عبدالجبار خان صاحب بہادر وزیر ریاست کو جائزہ دیا جائے، مگر جسوقت یہ خبر علی حسن خان، میان عالمگیر محمد خان، اور حاجی حسین کا مدار ڈیوڑھی خاص وغیرہ کو پہونچی تو اونہون نے طرح طرح سے سفر مکہ معظمہ کے ارادہ کو فسخ کرانے کی تدبیرین کین۔

اسی سلسلہ مین یہ بھی کہا گیا کہ "حضور ابھی سے اون کو (سلطان جہان) مختار کرتی ہین جو نافرمان ہین" اسپر سرکار خلد مکان نے سختی سے جواب دیا اور علی حسن خان سے کہا کہ "تم اپنے دل کی کیفیت دیکھو کہ ہر ایک بہبودی اولاد کے واسطے چاہتے ہو، پس مین بہت کچھ تمہارے واسطے کرچکی، اب مجھے اونکی (ہم لوگون کی) برائیون سے معاف رکھو"

جب یہ تدابیر کامیاب نہوئین تو ایک جہاز کے ڈوبنے کی وحشت ناک خبر سنائی گئی چونکہ سرکار خلد مکان فطرۃً سفر دریا سے بہت خائف تہین، اس خبر کے سننے سے ہمت کی کشتی ٹوٹ گئی، اور اون لوگون کا مطلب حاصل ہوگیا، اور خود غرضون نے محض اپنے اغراض کے سبب ایک اہم فرض کے ادا کرنے سے بازرکھا۔

اگر سرکار اس ارادہ پر قائم رہنے پاتین اور توشکخانہ اور خزانہ کا جائزہ ہوتا تو یقیناً اونکے ہی روبرو تمام تغلب وتصرف اور فرضی حسابات کی ترتیب کا راز کھل جاتا۔

یہ لوگ اپنی اپنی تدبیرون مین مصروف تھے، اور سرکار خلد مکان کے مرض مین روز بروز ترقی ہوتی جاتی تھی، حتی کہ اونکو اپنی صحت سے قطعی مایوسی ہوگئی، اور اس مایوسانہ حالت مین اونہون نے

ایک نہایت حسرت آمیز اور پر درد اشتہار جاری کیا جسمین اپنی رعایا سے استدعا کی کہ "ہمارے تینتیس سالہ دور حکومت مین کسی شخص کو عمداً یا سہواً کوئی ضرر ہماری طرف سے پہونچا ہو تو لوجہ اللہ معاف کرے"

اس اشتہار کے جاری ہونے سے رعایا نے جسقدر دلی اور سچی ہمدردی کا اظہار کیا ہے اوسکی نظیر ملنی مشکل ہے، کوئی دل ایسا نہ تھا جو سرکار خلد مکان کی اس تکلیف سے بیچین نہو اور دلی خشوع و خضوع کے ساتھہ اون کے لیے دعا نہ کرتا ہو، جب عام لوگون اور تمام رعایا کی یہ حالت تھی تو خود اندازہ ہو جاے گا کہ میرے دل کی کیا حالت ہوگی جسمین دخترانہ محبت کا جوش باوجود بے انتہا ناگوار واقعات پیش آنے کے ذرہ برابر بھی کم نہوا تھا۔

مین نے بھی نہایت بیتابی کے ساتھہ اوس اشتہار کو دیکھا اور ایک امید پر جو میرے دل مین پیدا ہوئی تھی اول سے آخر تک حرف بحرف اوسکو پڑھا مگر کہین یہ فقرہ نہ پایا کہ "ہمنے بھی لوگون کے قصور معاف کیے" تاہم پھر مکرر پڑھا کہ شاید یہ فقرہ پڑھنے سے رہگیا ہو، لیکن معلوم ہوا کہ نظر کی غلطی نہ تھی بلکہ امید ہی کا پیدا ہونا غلط تھا مجھکو اس فقرہ سے جسکو مین ڈہونڈ رہی تھی موقع ملتا کہ مین اونکی خدمت مین حاضر ہوتی اور اس فقرہ کا حوالہ دیکر اونکی آخری زندگی مین خدمت سے بہرہ یاب ہوسکتی لیکن بمصداق جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ پہلے ہی سے دنیا مین صدمہ برداشت کرنا میری تقدیر مین تحریر ہوچکا تہا، غرض کہ مین اونکے صحت کی دعا کرتی تھی اور دن رات تکلیفات کا حال سنکر کڑہتی تھی جس سے میری روح کو سخت تکلیف پہنچتی تھی، اور صدمہ مجکو ہر وقت تحلیل کر رہا تہا، وقت گزرتا گیا مگر مرض کی تکلیف اور ازدیاد کا بھی حال گوش زد ہوتا رہا، اب مجھسے زیادہ ضبط و صبر نہو سکا اور میری محبت اون واہمی اندیشون پر غالب آگئی جو ایسی حالت مین اونکے پاس جانے سے ضروری تہی کیونکہ مجکو افترا پردازون سے ہمیشہ کہٹکا رہتی تہی مین مضطربانہ تاج محل کو روانہ ہوئی "نواب احتشام الملک بہادر" مجھسے زیادہ مضطرب تھے اور سرکار خلد مکان کی قدم بوسی کی آرزو نے اندنون اونکو بیقرار کر دیا تہا لیکن وہ اس موقع پر ملتجیانہ گئے

کیونکہ خوف تھا کہ سرکار ناراض ہونگی اسلیے کہ بعد نواب صدیق حسن خان صاحب کے دراندازونکے زیادہ تر حملے اونہین پر ہوتے تھے۔

میرے ہمراہ صرف صاحبزادہ محمد حمید اللہ خان صاحب بہادر تھے جنکی عمر اوسوقت سات سال کی تھی یہ پہلا موقع تھا کہ ننھا اور معصوم بچہ اپنی عالی قدر نانی کے دیکھنے کیلیے جا رہا تھا، خدا جانے اوس وقت کیسے کیسے معصومانہ خیالات اوسکے دل مین پیدا ہونے ہونگے پھر نانی سے ملنے کا شوق محو کیے ہوے تھا لیکن مجھے پاؤ میل کا راستہ کوسون دور معلوم ہوتا تھا، خدا خدا کر کے مجھے محل مین قدم رکھنے کی نوبت آئی، اس سے پیشتر مین صرف ایک مرتبہ صاحبزادی "بلقیس جہان بیگم" کے زمانہ علالت مین سرکار خلد مکان کو لینے آئی تھی، یا اب اونکی عیادت اور خدمت کے لیے آئی، سخت گرمی کا موسم، دو بجے کا وقت، محل مین کوئی راستہ بتانے والا بھی نہ تھا، سب جانتے تھے کہ مین خون کے جوش اور محبت کے اثر سے آئی ہون، لیکن جو تھا بیگانہ تھا، بجای اسکے کہ ایسی حالت مین میرا آنا باعث تسلی سمجھا جاتا، اون لوگون مین کھچڑی اور گھبراہٹ پھیل گئی، مین ایک ایک سے پوچھتی ہوئی سرکار خلد مکان کے کمرہ مین پہونچی، وہ بوجہ ضعف کے لیٹی ہوئی تھین، میرا جی چاہا کہ مان کے پاؤن سے لپٹ کر خوب روؤن، تلوون سے آنکھین ملون، اور جو جوش کہ ۲۷ برسون سے دل مین بھرا ہوا دریا کی سی لہرین لے رہا ہے اوسکو جی کھولکر نکالون، مگر سرکار کی خفگی کے خیال اور تکلیف کے خوف سے مجھے جرأت نہوئی، اور دیوار حسرت بنکر کھڑی رہگئی، صاحبزادہ حمید اللہ خان صاحب متجسسانہ نظرون سے یہ حالت دیکھ رہے تھے، سرکار خلد مکان نے میری جانب نظر کر کے پوچھا کہ "تم کون ہو؟" چونکہ علالت سے اونکی نظر مین ضعف آگیا تھا، کمرے مین اوسوقت ذرا اندھیرا بھی تھا، اور تیرہ برسون کے عرصہ مین روحانی صدمات اوٹھاتے اوٹھاتے میری ہیئت مین ایسا تغیر ہوگیا تھا کہ سرکار خلد مکان مجھے پہچان نہ سکین۔

مین خاموش رہی کیونکہ مجھے خیال تھا کہ "بلقیس جہان بیگم" کے زمانہ کی طرح اب بھی خفا ہون، اور

خفگی سے زخم کو نقصان نہ پونچے جس سے مجھے جی بھر کر اونکی زیارت کرنے کا موقع ہی نہ ملے ۔

اونہون نے پھر کہا کہ "تم کون ہو ؟ کیون نہین بولتین ؟ مین نے پھر بھی جواب نہ دیا، آخرکار جب کئی مرتبہ استفسار کیا تو اونکی ایک خواص نے جو وہان حاضر تھی میرا نام بتایا، اور مین نے نہایت عاجزی سے دست بستہ عرض کیا کہ "سرکار میری خطا معاف فرمائین، لیکن جس اندیشے مین خاموش رہی تھی وہی پیش آگیا ۔

اوس صادق العہد خاتون محترم نے غمگینی ملی ہوئی خفگی سے فرمایا کہ "تم اسوقت چلی جاؤ، ہمارے بعد آجانا" لیکن میرے قدم گڑ گئے تھے، کیونکر وہان سے ہٹتی، مین خاموش کھڑی رہی، مگر پھر باصرار کہا تو مجھے ہمت نہ ہوئی کہ مین ٹھیری رہون، کیونکہ مجھے اونکی حالت کا تجربہ تھا اور مین اس راز کی تہ سے واقف تھی، جانتی تھی کہ میری موجودگی اونکی تکلیف کی زیادتی کا باعث ہوگی آخر دوسرے کمرہ مین چلی گئی، لیکن ایک خواص نے آکر کہا کہ سرکار فرماتی ہین کہ "اگر تم نہین جاؤگی تو مین اپنے باغ کو چلی جاؤن گی" مجبوراً باچشم گریان مجروح دل پر ایک اور تازہ زخم لیکر مین صدر منزل کو واپس آئی ۔

سرکار خلد مکان کی حالت مرض لحظہ بلحظہ ترقی پذیر ہوتی گئی، کیونکہ وہ مرض نہ تھا بلکہ مرض کی صورت موت تھی، اسکا کیا علاج ہوسکتا تھا، خدا نے تو امراض کے لیے دوائین پیدا کی ہین اون مین تاثیر بخشی ہے، لیکن موت کی کوئی دوا پیدا نہین کی ۔

اکثر موت ابتدائً معمولی مرض کی شکل مین نمودار ہوتی ہے اور جب وقت پورا ہو جاتا ہے تو اپنا عمل کرتی ہے، بعض اوقات ہنستے، بولتے، چلتے، پھرتے، کھاتے، پیتے، جسطرح نادان بچے کوئی پتّا توڑ کر پھینک دیتے ہین، اوسی طرح موت زندگی کی امید کو توڑ دیتی ہے لیکن وہ نہ وقت سے پہلے آتی ہے اور نہ وقت کے بعد۔ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً

وَلَا یَسْتَقْدِمُوْنَ؀ انسان کہین ہو اور کسی جگہ جائے خواہ سمندر کی تہ مین محل بنوا کر رہے یا سر بفلک پہاڑون کی چوٹیون پر آہنی قلعون مین چھپے، موت کو ایک سکنڈ کا وقفہ نہین ہوتا اور وہین پہونچ جاتی ہے
اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ کُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَۃٍ ط

غرض میری واپسی کے آٹھ دن بعد ۲۸ صفر سنہ ۱۳۱۹ھ = ۱۶ جون سنہ ۱۹۰۱ع کو دن کے ۱۲ بجے ۵ منٹ پر اوسی مرض مین جو بالآخر ڈاکٹری تشخیص سے "کینسر" (اکال الفم) قرار پایا تھا، سرکار خلد مکان نے انتقال کیا۔

مولوی عبد الجبار خان صاحب بہادر، وزیر ریاست اور کپتان لینگ بہادر پولٹیکل ایجنٹ نے میری عدم موجودگی کی وجہ سے احتیاطاً جگہ جگہ قفل ڈلوا کر پہرے قائم کر دیے، اور مولوی عبد الجبار خان صاحب بہادر نے اس سانحہ کی مجھے اطلاع کی، مین اوسدن صبح ہی سے غیر معمولی طور پر پریشان تھی مجھے ہر چیز پر اوداسی چھائی ہوئی نظر آتی تھی کہ اس سانحہ عظیم کی صدا میرے کانون مین پہونچی، آہون کے ہجوم سے حلق مین دم گھٹنے لگا اور آنکھون سے آنسو جاری ہوگئے، غشی آئی، اور مین تاج محل کو روانہ ہوئی، دل مین حسرتناک خیالات کا ہجوم ہوگیا ۴۵ برسون کا گذرا ہوا زمانہ یاد آیا، قوت متخیلہ نے میری زندگی کے اوس حصہ کو جسمین جلیل الشان مان کی محبت و شفقت کی مسرت مجھے نصیب تھی دائمی فرقت سے بدل دیا، اور میری مان کو ایک خلدنشین پاکیزہ صورت مین مجسم کر کے میرے سامنے لا کھڑا کر دیا، مگر چشم زدن مین وہ پاک صورت تصور کی نظرون سے غائب ہوگئی، اور بجائے اوسکے ۲۷ برسون کا رنج وہ زمانہ ایک خوفناک شکل مین نمودار ہوا، لیکن آن واحد مین وہ بھی نقش بر آب کی طرح مٹ گیا، پھر زمین و آسمان پر ایک سناٹا معلوم ہوا اور بے ثباتی دنیا کا نقشہ آنکھون کے سامنے کھنچ گیا، او نظر آیا کہ کُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ط لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ؀ مین محل مین داخل ہوئی، وہی محل جس مین ہر وقت چہل پہل رہتی تھی ہو کا مکان معلوم ہوتا تھا، ہر چیز پر عبرت و حسرت برس رہی تھی، وہ عالی حوصلہ والیہ ملک جو ابھی ۱۲ بجے تک (۸۲۰۰) میل کے رقبے اور لاکھون آدمیون پر

حکمران تھی، جسکا وجود آیہ رحمت اور جسکا دست سخا ابر کرم تھا، جو ادنیٰ سی توجہ سے فقیرون کو امیر کرسکتا تھا، اور جسکے ایک اشارہ پر سیکڑون جان نثار جانین قربان کرنے پر آمادہ ہوتے تھے جسکی فیاضی کا اوجالا تمام دنیا مین پھیلا ہوا تھا جسمین شاہانہ اعلیٰ اوصاف کوٹ کوٹ کر بھرے ہوے تھے، جسکی نیکی کا تذکرہ ہر مجلس مین تھا، آفتاب کے سمت الراس سے حرکت کرتے ہی ایک لاشئی ہوگیا اِنَّ فِي ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّأُولِي الْأَبْصَارِ ہ مین اوس کمرہ مین پھونچی جہان سرکار خلد مکان تمام دنیاوی اقتدار و حکومت کو خیرباد کہکر ہمیشہ کے لیے اپنی آنکھین بند کیے ہوے خواب شیرین مین محو تھین، نہ میرے آنے پر نام کا استفسار اور نہ میرے جانے پر اصرار کیا، معلوم ہوتا تھا کہ وہ باتین تمامتر بھلا دین اور آخری منزل طے کرنے کے لیے مجھسے رخصت ہونے کا انتظار کر رہی ہین۔

مین نے بیتابی اور بے اختیاری کے ساتھہ اونکے قدمونکے بوسہ لیے، جنسے ۲۷ برسون تک جدا رہی تھی، اور جسکے نیچے جنت کی نہرین[1] بہ رہی ہین، دیر تک ٹکٹکی باندھے ہوے اوس چہرۂ مبارک کو دیکھتی رہی جسکی زیارت کی محرومی کے سبب سے اکثر تمام تمام دن اور تمام تمام راتین گریہ وزاری مین بسر کی تھین، اور اب دوبارہ بجز روز قیامت کے دیکھنے کی امید نہ تھی۔

جی چاہتا تھا کہ قدمون کو ہاتھون سے نہ چھوڑون، اور آنکھین روے مبارک سے نہ ہٹاؤن، لیکن کسی طرح ممکن نہ تھا، اور کیونکر ہوسکتا تھا، آخر تجہیز و تکفین کا انتظام کیا، اور جو لوگ جزع فزع کر رہے تھے اونکو منع کیا، البتہ ثواب کے لیے مینے "سورہ بقر" اور "کلمہ طیب" پڑھنے کی تاکید کی اور خود انتظام تجہیز و تکفین مین مصروف ہوگئی، ۷ مرتبہ "سورہ بقر" اور سوا لاکھ مرتبہ "کلمہ طیب" پڑھا گیا، ۴ بجے ۵ منٹ پر بعد فراغت غسل و کفن جنازہ تاج محل سے جانب باغ نشاط افزا روانہ ہوا، اور جنازے پر فرشتگان رحمت الٰہی کا سایہ تھا، اور رضاے الٰہی کا نور برس رہا تھا،

---

[1] حدیث قدسی ہے کہ اَلْجَنَّةُ تَحْتَ أَقْدَامِ أُمَّهَاتِكُمْ

اگرچہ جنازہ اسلامی طور پر سادگی کے ساتھ اوٹھایا گیا تھا کوئی شان وشوکت نہین ظاہر کی گئی تھی تاہم اوس سادگی مین شاہی جلال وعظمت کی شان ہویدا تھی "نواب احتشام الملک بہادر" "نواب محمد نصراللہ خان صاحب بہادر" "صاحبزادہ کرنل حافظ حاجی محمد عبیداللہ خان صاحب بہادر" "صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر" "پولیٹکل ایجنٹ بہادر" اور تمام ارکین ورعایا واخوان ریاست ہمراہ تھے، عیدگاہ مین نماز ہوئی اور بعد مغرب دفن کیا گیا۔

تاج محل کے وہ لوگ جو میرے آنے سے کبیدہ ہوتے اور بھڑکتے تھے، اب میری حضور مین کھڑا رہنا باعث افتخار جاننے لگے، آٹھ دن پہلے جو مجھے دیکھکر چھپ گئے تھے اب پیش پیش مین ۱۲ بجے سے قبل جو لوگ مجھے سلام کرنے سے جھجکتے تھے اب وہ سر کے بل میرے سامنے خم ہین مین خود جس محل مین آتے ہوے خوف کرتی تھی، اب اوسمین آزادانہ اور خودمختارانہ پھر رہی تھی، ہر چیز اور ہر شخص مین انقلاب دکھائی دیتے تھے، جو لوگ میری فرضی برائیون کا بیان کرنا اور مجھپر اتہامات لگانا واجبات سے جانتے تھے اب تعریفین کرنا اور مجھہ مین دنیا بھر کی خوبیون کا شمار فرض سمجھتے مین غرض ایک لمحہ کے اندر ہی دوسرا دور دورا تھا، وَتِلْكَ الْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ایصال ثواب کے سلیے غلہ ونقد کی خیرات کا سلسلہ جو اس موقع کے مناسب تھا اوسوقت سے چہلم تک جاری رہا، دفاتر مین تعطیل اور بازارون مین ہرتال رہی۔

ہز امپیریل مجسٹی قیصر ہند اور ہز اکسلنسی ویسرائے ہند نے پیغامات تعزیت بھیجے۔

---

۲۲ رجون سنہ ۱۹۰۱ء   مقام بھوپال

محبہ مشفقہ

بحکم شہنشاہ مجکو ہدایت کی گئی ہے کہ ہز امپیریل مجسٹی شاہنشاہ کا افسوس اور ہمدردی شاہجہان بیگم صاحبہ مغفورہ رئیسہ بھوپال کی فیملی کے ساتھ اوس صدمہ پر جو ہر ہائینس کے انتقال سے اوسکو (فیملی) ہوا ہے، آپ کے پاس پہونچاون۔

یقین کیجیے مجکو اپنا مخلص دوست

جان لینگ پولیٹکل ایجنٹ بھوپال

ہزاکسلنسی ویسراے نے باجلاس کونسل سرکار خلد مکان کی وفاداری اور قابلیت اور اوصاف حمیدہ کا اعتراف کرکے اونکی موت پر اظہار افسوس فرمایا۔

۱۷ جون کو غیر معمولی گورنمنٹ گزٹ مین حسب ذیل مضمون شائع ہوا، جسکی اطلاع ۱۷ جون کو تار کے ذریعہ سے صاحب فارن سکرٹیری گورنمنٹ ہند نے صاحب ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا کے پاس بھیجی:۔

"حضور ویسراے وگورنر جنرل کشور ہند کو باجلاس کونسل نہایت افسوس کے ساتھ یہ خبر معلوم ہوئی کہ ہر ہائینس نواب شاہجہان بیگم صاحبہ والیہ بھوپال گرینڈ کمانڈر اعظم طبقہ اعلاے ستارۂ ہند، وممبر شاہنشاہی سلسلہ کرون آف انڈیا نے انتقال فرمایا۔"

اس ۳۳ برسون کے عرصے مین جو اون کو دوران حکمرانی مین صرف ہوے، اونھون نے اپنے نامور پیشرو ہر ہائینس نواب سکندر بیگم صاحبہ کی رفتار اختیار کرکے پوری قابلیت سے قدم بقدم تقلید کی، اونھون نے اپنے ملک کا انتظام نمایان لیاقت اور کامیابی کے ساتھ کیا۔

نواب شاہجہان بیگم صاحبہ کا نام فیاضی، اور رحم دلی مین مشہور ہے اونھون نے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) بنام بخدمت "نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ رئیسہ بھوپال"

بھوپال - ۱۷ جون

مائی ڈیر فرینڈ

ہز اکسلنسی ویسراے نے آپ کی والدہ ہز ہائینس شاہجہان بیگم صاحبہ کی خبر انتقال نہایت افسوس کے ساتھ سنی، اور مجھے خواہش کی ہے کہ مین آپ کے اور آپ کے خاندان کے لوگون کے پاس اونکی سچی ہمدردی پہونچاؤن۔

آپکا مخلص

ایم، جی، میڈ

اپنے خاندان کی مسلسل وفاداری کو جو شاہنشاہی مقاصد کے لیے جوش اور ہمدردی کے ظاہر کرنے مین ہمیشہ ممتاز رہا ہے مجلیٰ و برقرار رکھا۔

نواب شاہجہان بیگم صاحبہ کی وفات نے رعایاے بھوپال کے سر سے ایک منصف مزاج، اور رحمدل حکمران اوٹھالیا، اور تاج برطانیہ کا ایک بڑا وفادار اور ماتحت جاتا رہا"

بالعموم تمام طبقات رعایا کو ایسے جلیل القدر فیاض اور شفیق حکمران کا ظل عاطفت اوٹھ جانیسے سخت صدمہ ہوا۔ بالخصوص ہندوستان کے تمام مسلمانون نے اپنی قوم کی ایسی سر برآوردہ رئیسہ کی وفات پر قومی ماتم کیا، ملکی اخبارات نے متفقاً اس حادثہ پر پُر درد مضامین لکھے۔

سرکار خلد مکان کے مختصر حالات زندگی

"ہر ہائنس نواب شاہجہان بیگم صاحبہ" جی، سی، ایس، آئی، وکرون آف انڈیا ۱۷ جمادی الاولیٰ سنہ ۱۲۵۴ ہجری = ۲۰ جولائی سنہ ۱۸۳۸ء کو بمقام اسلام نگر پیدا ہوئین، ۱۵ محرم سنہ ۱۲۶۳ھ = ۴ جولائی سنہ ۱۸۴۷ء کو یعنی ۸ سال، ۵ ماہ ۹ یوم کی عمر مین اپنے باپ کے انتقال کے بعد رئیسہ بھوپال تسلیم کی گئین اور باضابطہ مسند نشین ہوئین، ۱۱ ذی قعدہ سنہ ۱۲۷۱ھ = ۲۶ جولائی سنہ ۱۸۵۵ء کو "نواب امراؤ دولہ باقی محمد خان صاحب بہادر" نصرت جنگ سپہ سالار ریاست کے ساتھ اونکی شادی ہوئی، ۹ شوال سنہ ۱۲۷۶ھ = یکم مئی سنہ ۱۸۶۰ء کو اونھون نے اپنی خوشی سے سرکار خلد نشین کو اختیارات حکومت تفویض کیے اور خود ولیعہد رہنا پسند کیا۔

یکم شعبان سنہ ۱۲۸۵ ہجری = ۱۶ نومبر سنہ ۱۸۶۸ء کو بعد وفات سرکار خلد نشین وہ پھر مسند آراے ریاست ہوئین، اور مختلف اوقات وسنین مین اضلاع ریاست کا دورہ کیا، حسب ضرورت

عمدہ اصلاحین کین جنکی گورنمنٹ ہند نے تعریف کی، بمبئی، کلکتہ اور دھلی، مین جو شاہی دربار ہوئے
اون مین کمال احترام و احتشام کے ساتھ شریک ہوئین، ۱۲۸۹ھ مین خطاب جی سی، ایس آئی
اور ۱۸۷۸ء مین تمغہ ؏ وخطاب کرون آف انڈیا ”علیا حضرت ملکہ معظمہ قیصرہ ہند نے عطا فرمایا،
۱۲۹۶ھ مین جو نمایان امداد جنگ کے چندہ مین دولت عثمانیہ کو دی، اوسکے صلہ مین تمغہ مجیدی درجہ اول
سلطان المعظم نے عنایت کیا، اور خطوط شکریہ بتوسط گورنمنٹ ہند بھیجے۔

؏ نقل ترجمہ اشتہار

منجانب، ملکہ معظمہ انگلستان و قیصرہ ہندوستان۔

بنام، ہر ہائنس نواب شاہجہان بیگم صاحبہ رئیسہ بھوپال نائٹ گرانڈ کمینڈر آف دی موسٹ اکزالٹڈ
آرڈر آف دی اسٹار آف انڈیا۔

بعد سلام آنکہ، جب ہمنے آپ کو اپنے حکم شاہی کے تاج ہند کا ممبر مقرر کیا تو ہم اب آپ کے
اعزاز و خوشی کے واسطے تحفہ تمغہ تاج ہند آپ کے پہننے کے لیے بھیجتے ہین۔

ہماری عدالت مین بروز یکم جنوری ۱۸۷۸ء چہل و یک سال جلوس ہمارے کے دیا گیا۔

بحکم ملکہ انگلستان و قیصرہ ہندوستان

(دستخط سالسبری)

؏ (اول) فرمان عالیشان حضرت السلطان ادام اللہ المنان، بنام نامی و اسم سامی حضرت رئیسہ بھوپال نواب
شاہجہان بیگم صاحبہ دام اقبالہا، و مترجم آن محمد نجیب افندی عالم ترکی مصحح مطبع و محرر فقیر محمد حسین۔
از نواب ہاے ہند رئیسۂ خطہ بھوپال سیدۃ المخدرات اکلیلۃ المحصنات شاہجہان بیگم دامت عصمتہا
از مقتضاے انسانیت و حمیت فطریہ و جبلیہ در شان مہاجرین آثار عاطفت مندی و مروت خود را ابراز
کردہ بود و چون نوازش و التفات ہمچنین اصحاب آثرہ مبرورہ از مقتضاے شان مکارم نشان سلطنت سنیہ ما مستلزم

سنہ ۱۸۷۲ء مین شہنشاہ نپولین (فرانس) نے تمغہ بھیجا اور خط لکہا۔

سنہ ۱۲۸۸ ہجری یا سنہ ۱۸۷۱ء مین مولوی صدیق حسن خان صاحب سے نکاح ثانی کیا، اور پھر سنہ ۱۸۹۰ء = سنہ ۱۳۰۷ھ مین بیوہ ہوگئین، سرکار خلد مکان علم پرور منصفہ اور زبان اُردو کی ادیب تھین اونکو تاریخ و شاعری سے خاص مناسبت تھی، اونکی تصانیف و تالیف مین "تاریخ تاج الاقبال" دیوان شیرین خزینۃ اللغات، تہذیب النسوان، اور لغات شاہجہانی مشہور کتابین ہین، اونکے حضور مین ایک اچہا خاصا مجمع فضلا و علما کا رہتا تہا، اونہون نے عربی و فارسی کے مدارس بکثرت جاری کئے،

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) بنا برین منتسہ ملطف سنارہ الیہا از یکم نشان شفقت ہمایون یک قطعہ نشان مرصع اہدا شدہ،

این برات عالی شان بانصدیر شد حرر فی الیوم عشرین من شہر ربیع الاول سنۃ ستۃ و تسعین و مائتین و الف (سنہ ۱۲۹۶ ہجری)

(دوم) فرمان خاص حضرت مولانا معظم سلطان روم ادامہ اللہ الحی القیوم، بنام حضرت رئیسہ بھوپال نواب شاہجہان بیگم صاحبہ دام اقبالہا

دولت پناہ عصمت دستگاہ رئیسۂ خطہ بھوپال والیہ صاحبۃ الاعتبار، در اثنائے مشغولیت ممالکہ محروسۂ شاہانہ بالنجو اُلی حربیہ بمقتضائے جہت جامعۂ اسلامیت و اقتضائے شیم جمیلہ حمیت و فتوت از طرف ذات عصمت سمات و خاندان حرمت نشان و از جانب بعض امرا و کبرائے منسوبان بریاست جلیلہ حضرت آن نقدیۂ اعانت کہ بسوے دار الخلافہ ما فرستادہ شدہ بود، موجب محظوظیت شاہانہ ما شدہ است در چنین زمان غائلہ کسانیکہ آثار معاونت شان مشہود بوده است ہم وقوع یافتہ ہر کس بیک صورت از طرف سلطان ما تقدیر شد. پس برائے نشان مخصوصہ تقدیر و نوازش بآن جناب فتوت سمات ریاست مآب یک قطعہ نشان شفقت اہدا شدہ است بحسن قبول این یادگار ما تشریف فرموده ہر بار ابراز مآثر مودت کارے از ہمت جلیلہ مامول محبانہ است۔

المستند بتوفیقات الربانیہ عبد الحمید خان ملک الدولۃ عثمانیہ

محررہ ۱۶ ربیع الاول سنہ ۱۲۹۶ ہجری

جن مین طلبا کو معقول وظیفہ ملتا تہا، لیکن افسوس ہے کہ اون طلبا نے اون وظائف کو مد تحصیل علم نہ جانا، بلکہ ذریعہ معاش سمجہا جسکی وجہ سے وظیفہ دینے کی اصلی غرض فوت ہوگئی، اور اون مین سے ایک بہی لایق شخص نہ نکلا، انگریزی تعلیم اور علوم جدیدہ کی طرف اونکو کما حقہ توجہ نہ دلائی گئی، اگرچہ ایک ہائی اسکول جاری تہا مگر اوس سے جیسا کہ چاہیے فائدہ نہ اوٹھایا گیا، اس وجہ سے آجکل بہوپال مین لایق لوگون کا پتہ نہین ملتا، اور ملکی لوگون کا حق غیر ملکی لے رہے ہین، اسکی جواب دہی صرف اونہین حضرات کے ذمے ہے جو تعلیم جدید کو غیر ضروری جانتے تہے، اور قابلیت کا معیار صرف نصاب قدیم کی کتابون کو طوطے کی طرح رٹ لینا قرار دیدیا تہا، ایسے ہی اشخاص سررشتہ تعلیم کے ذمہ دار افسر تہے جنکو زمانہ حال کی علمی ترقیون سے برائے نام بہی بہرہ نہ تہا۔

سرکار خلد مکان منجیر، شاعرہ، وسیع الاخلاق، منکسر المزاج، قول کی مضبوط، ارادہ کی مستقل اور غیور تہین، اونکو دستکاری کا بہت شوق تہا، بارہا اونکی صفات عالیہ کا اس درجہ تجربہ ہوچکا ہے کہ کوئی متنفس اون سے انکار نہین کرسکتا، فقیران بے نوا سے لیکر ولیسرایان ہندتک کی زبانون پر اونکے اوصاف حسنہ کا تذکرہ ہے۔

سنہ ۱۸۹۹ء کے عالمگیر قحط مین اونہون نے اعلیٰ درجہ کی فراخ دلی کے ساتہہ اپنی رعایا کی مدد کی، اور محض اپنی فیاضی کے جان بخش اثر سے ہزارون آدمیون کی جانین بچائین، اور سیکڑون خاندانون کو گرسنگی، اور فاقہ کشی کی مصیبتون سے نجات دی، نیز اون لوگون کو جو رعایا غیر تہے، اور جنہون نے قحط کے مصائب سے ریاست مین پناہ لی تہی اپنی فیاضی و کرم سے مایوس نہین کیا، اونہون نے تقریبات، اور خوشیون مین جو اعلیٰ درجہ کی فیاضیان کی تہین اونسے صدہا گہر مالامال ہوگئے، عام غریبون کے لیے محکمہ مصارف مقرر کیا، اور سیکڑون آدمیون کے پیٹے مقرر کیے، چونکہ اکثر حاشیہ نشینان حکومت طامع، اور خود غرض لوگ تہے سرکار خلد مکان کی

فیاضیون سے جو فائدے اہل ملک کو پہونچنے چاہیئے تھے نہ پہونچے، اور عام فیاضی کا تمتع خصوصیت سے رہا۔

تعمیرات مین اونکا شغف اور حوصلہ اونکے ہم نام شاہجہان شہنشاہ دہلی کے حوصلون سے کچھہ کم نہ تھا، اور اوسکی یادگارین شاہجہان آباد کی فرتفع، اور شاندار عمارتین تاج محل، عالی منزل، بے نظیر، نواب منزل، وغیرہ اور اونکے متعلق محلات ومکانات ہین، تاج المساجد اگرچہ ہنوز ناتمام عمارت ہے تاہم اپنے بانی کی علو حوصلگی کو پکار پکار کر اظہار کر رہی ہے، اور اوسکی تعمیر پر پندرہ سولہ لاکھہ روپیہ صرف ہو چکا ہے، اوسکا فرش بلورین انگلینڈ مین بصرف ۶ لاکھہ روپیہ ایک بڑے کارخانہ سے تیار کرایا گیا ہے، مگر علمانے اوس کا مسجد مین لگایا جانا جائز نہین قرار دیا، یہ مسجد جسوقت مکمل ہوگئی تو دنیا کی تاریخی عمارتون کی فہرست مین جگہہ لیگی۔

اونکو رفاہ عام کے کامون سے بھی کچھہ کم دلچسپی نہ تھی، لیڈی ہسپتال، نہر جدید، پل شاہجہانی بند قیصری، پرنسس آف ویلز ہسپتال، مفصلات کی پختہ سڑکین (جو علاقہ غیر سے جاملی ہین) موزون ومناسب مقامات پر تالاب کے گھاٹ محکمہ ڈسپنسری کا تقرر، اضلاع ومحالات مین شفاخانہ جات یونانی وڈاکٹری، اور ڈاک خانہ جات کا اجرا، چاہات کی تیاری، اونکی اس شاہانہ دلچسپی، اور شوق کا مظہر ہے، باوجودیکہ سرکار خلد مکان جنس اناث مین تہین مگر اون مین فوجی شوق بھی موجود تھا، کیونکہ قوم افاغنہ مین جو بہادری ہوتی ہے وہ مردون ہی پر ختم نہین عورتون کو بھی اوسکا حصہ ملتا ہے، اسلیے سرکار خلد مکان مین قومی بہادری بھی تھی، وہ جفاکش سپاہی سے خوش ہوتی تھین، اور معاملات عساکر ریاست پر خاص توجہ فرماتی تھین، اونہون نے ریاست مین ایسی توپخانہ قائم کیا، باڈی گارڈ کا رسالہ مرتب فرمایا، اور سواران فوج کی تنخواہ مین اضافہ کیا اونہون نے انتظام واغراض معدلت گستری کے لیے جوڈیشل محکمے قائم کیے، قانون مین ترمیم کی کہا سی بندوبست کیا جس سے مالیہ اراضی مین بیشی ہوئی اوسی کے ساتھہ کاشتکارون اور

مستاجرون کو بھی معافیات دین، اور خوش آیند رعایتین کین، ریاست مین تار برقی نہونے سے جو تکلیف تھی اوسکو رفع کیا، اور کئی ہزار روپیہ صرف کرکے سلسلۂ تار قائم کیا، ریلوے کا اجرا منظور فرماکر ایک معقول سرمایہ سے مدد دی جسکا منافع نسلاً بعد نسلٍ ریاست کو ملیگا۔

رعایا مین صنعت و حرفت کا خیال پھیلنے، اور غریب مزدورون کے لیے معاش بہم پہونچانے کے لیے دخانی کارخانہ جاری فرمایا، لیکن وہ کارخانہ رعایا کے لیے کار آمد نہین ہوا کیونکہ اوس مین بجز دالی صاف کرنے اور آٹا پیسنے کے نہ اور کلین ہین نہ اور کام، گویا اوسکا دائرہ تنگ اور کاروباری ضرورتون کے لحاظ سے محدود ہے۔

اون کے دور حکومت مین ہز ایکسلنسی لارڈ لینسڈون، ہز ایکسلنسی لارڈ ایلگن، اور ہز ایکسلنسی لارڈ کرزن ویسرایان ہند بھوپال مین وقتاً فوقتاً رونق افروز ہوے، اونکی شاہانہ مہمانداری اون کا اعلیٰ درجہ کی گرمجوشی کے ساتھہ استقبال اونکی اوس ارادت و عقیدت اور وفاداری کی دلیل ہے جو اون کو تاج و تخت برطانیہ کے نسبت تھی، اونھون نے اپنی شاہانہ مدارات و جوش وفاداری سے اپنی دلی خیرسگالی اور عقیدت مندی کا نقش ویسرایان ہند کے دلون پر مرتسم کردیا، وہ ہر ایک کام کو جو شاہنشاہی اغراض کے لیے مفید ہوتا نہایت سبقت کے ساتھہ بڑھتے ہوئے شوق اور بلند ہمتی سے کرتی تھین، جنگ افغانستان، اور بغاوت عربی پاشا کے دوران مین اونھون نے امداد پیش کی تھی اور مجروحان جنگ کابل کے لیے معتد بہ چندہ دیا تھا۔

امپیریل سروس ٹروپس اعلیٰ درجہ کی فراخ دلی اور مستعدی سے قائم کیا تہا، ذات شاہنشاہی کے ساتھہ جسقدر اون کو محبت تھی وہ اونکی عرضداشتون سے ظاہر ہے جو اونھون نے علیاحضرت ملکہ وکٹوریہ قیصرہ ہند کے حضور مین ارسال کین اور اس محبت کی صداقت و اثرپذیری اون پرلطف جوابات سے ہویدا ہے جو علیاحضرت قیصرہ ہند کے حضور سے آئے۔

گورنمنٹ ہند اور علیاحضرت "ملکہ معظمہ" کے عالی مرتبت قائم مقامان نے جس طریقہ اور جس موثر پیرایہ مین سرکار خلد مکان کی وفاداری کی عزت اور اونکے اعلیٰ خیالات و جذبات کی عظمت ظاہر کی اور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند" نے جو مسرت اور خوشنودی ظاہر فرمائی وہ نہ صرف سرکار خلد مکان کے لیے باعث افزونی اعزاز تہا ، بلکہ اونکے اخلاف کے لیے بھی مایہ نازش اور تمغاے عزت ہے -

سرکار خلد مکان کے انتقال پر اعلیٰحضرت "ملک معظم" کا اظہار افسوس فرمانا ہز اکسیلنسی وایسرای ہند کا غیر معمولی گزٹ کے ذریعہ سے سرکاری طور پر افسوس اور اونکی اعلیٰ صفات و وفاداری و بیدارمغزی و لیاقت اور فیاضی کا اعتراف کرنا اونکی ممتاز زندگی کے لیے ایک معزز سارٹیفکٹ اور اونکے اوصاف کے شمار کے واسطے ایک مستند سند ہے -

سرکار خلد مکان کی شاندار اور روشن زندگی مین چند واقعات ایسے بھی گذرے جو نہایت افسوس ناک تھے اور تمام ملک مین تاریخی حیثیت رکھتے ہین اونکے باعث سے گورنمنٹ کو بھی زحمت ہوئی اور جب سرکار خلد مکان کے اعلیٰ صفات کا اعتراف کیا جاتا ہے تب اون واقعات حیرت انگیز پر تعجب بھی ہوتا ہے جو اونکے فہم اور اونکی شانکے خلاف تھے ، مگر یہ کہنا پڑتا ہے کہ انسان کی زبان مین جہان اور اوصاف ہین وہان جادو کا اثر بھی ہے ، اور اونکو میرے مخالفین کی زبانون نے مسحور کر لیا تہا ، میری اور اونکی مسلسل کشیدگی ، نواب صدیق حسن خان صاحب کا انتزاع خطاب وسلامی ، اور اون کے زمانہ کے واقعات ، اور منشی امتیاز علی خان کا دور وزارت وہ حالات ہین جنکا مین نے اشارہ کیا ہے -

جن اشخاص نے جنس اُناث کی فطرت کا تجربہ کیا ہے وہ جانتے ہین کہ شریف عورتون کی طبیعتون مین جہان رحم و محبت کا مادہ زیادہ ہوتا ہے وہان ضد سخن پروری اور غیرت کا عنصر بھی کچھہ کم نہین ہوتا ، اور یہ سب حالتین سرکار خلد مکان مین غیر معمولی طور پر مجتمع ہو گئی تھین -

سرکار خلد مکان نے مولوی صدیق حسن خان صاحب کی ظاہری حالت کو دیکھکر یہ پابندی

شرع اسلام اون سے نکاح ثانی کیا اور نکاح کے بعد تمام معاملات ذاتی خاندانی اور ملکی مین اون پر اعتماد کرلیا، یہی اعتماد تمام غلطیون اور نقصانون کا سبب بن گیا۔

نواب صدیق حسن خان صاحب نے اعتماد حاصل ہوتے ہی اپنی طبیعت کا رنگ ظاہر کرنا شروع کردیا سرکار خلد مکان نے پہلے کچھہ باتون کو معمولی اور خفیف سمجھکر توجہ نہ کی لیکن جب زیادتی ہوتی گئی اور اونہون نے اوسپر توجہ کی اور مانع ہوئین تو نواب صدیق حسن خان صاحب نے طلاق کی دہمکی دینی اختیار کی یہ ایک بجلی تھی جو سرکار خلد مکان کے تمام اقتدارات و اختیارات پر گری اور خاندانی غیرت و شرافت نے روحانی صدمات اور دلی تکلیفات کو بمقابلہ اوس صدمہ کے جو نواب صدیق حسن خان صاحب کی دھمکی سے ہوتا تھا برداشت کیا مگر اوسیکے ساتھہ نواب صدیق حسن خان صاحب نے اوس عنصر کو جو شفقت مادرانہ کا ہوتا ہے مٹانے کی بھی کوشش رکھی، اور ہر ایک تدبیر جو ممکن تھی وہ کی، مجکو اونکی نظرون مین نہ صرف مخالف ہی بنایا بلکہ دشمن جان و آبرو ثابت کیا مگر پھر بھی مان کی محبت بعض اوقات ان تمام شرارتون پر غالب آجاتی اور سرکار خلد مکان مضطرب ہو جاتین، لیکن غیرت کا خیال اور نواب صدیق حسن خان صاحب کی دھمکی اوسکو پامال کردیتی اس کے علاوہ اون کے چارون طرف ایسے لوگون کا مجمع رہتا تھا جو ہمارے خلاف ہر وقت کوئی نہ کوئی تازہ بات کہتے رہتے ہمپر ہر قسم کی تہمتین تراشا کرتے تھے۔

سرکار خلد مکان فیاض تہین اور چونکہ اکثر عورتون کی فیاضی اولاد اعزہ کی تقریبات پر زیادہ ظاہر ہوتی ہے اسلیے سرکار خلد مکان بھی تقریبات کی شروع سے ہی دلدادہ تھین اس لیے کہ وہ ہمارے اور ہماری اولاد کے ساتھہ تو نکال نہین سکتی تھین لہذا کبھی میان قدر محمد خان کی بسم اللہ، اور کبھی اونہین کی جانب منسوب کر کے وہ دوسری تقریبات کرتین جنکو وہ بجا سے میرے اور صاحبزادی "ملقبین جہان بیگم کے سمجھتی تھین، اور کبھی صفیہ بیگم، نور الحسن خان، و علی حسن خان، اور اون کے

بچون کی تقریبات فرماتین (جو نواب صدیق حسن خان صاحب کی اولاد تھی) مگر جیسا کہ صحیح اور بالکل صحیح ذرایع سے معلوم ہوا ہے وہ ان تقریبات مین بجاے خوش وخرم ہونے کے مغموم وآب دیدہ ہوکر ہمیشہ فرماتین کہ "اوس سے پیاس نہین بجھتی" اس دل دوز جگر سوز جملہ کو سنکر وہی لوگ کہنا شروع کر دیتے کہ "اگر ہماری اولاد ایسی اور ایسی ہوتی تو کبھی نام بھی نہ لیتے" اور اگر اوسوقت کوئی حق پسند مصاحبہ قریب ہوتی تھی اور وہ جسارت کرکے کہہ بھی دیتی تھی کہ "سرکار آپ کو کسنے مجبور کیا ہے، آپ والی ملک ہین، اسیوقت اونکو (ہم لوگون کو) بلاسکتی ہین تو سرکار خلد مکان آنکھون مین آنسو بھرکر چپ ہوجاتی تہین اور غم ٹالنے کے لیے دوسری طرف باتون کا رخ پھیر دیتی تہین، لیکن جب کبھی ایسا ہوا تب وہ غریب مصاحبہ فتنہ انگیزون کے حملون سے نہ بچ سکی، حیلے ڈہونڈھے گئے بہانے نکالے گئے الزامات قائم کئے گئے آخر وہ محل سے اس طرح نکالی گئی جسطرح کھٹکتا ہوا کانٹا پاون سے نکالا جاتا ہے۔

غرض اسیطرح سرکار خلد مکان کے لیے بہت سے اسباب پیدا کر دیے تھے کہ جن مین اونکا دل بہلتا اور ہم لوگون کو فراموش اور بہلانے کا موقع ہاتھہ آتا، نواب صدیق حسن خانصاحب نے باوجود اپنے آپ کو متشرع ظاہر کرنے اور ادعاے تقوی کے اپنی اولاد کے لیے اون تمام رسوم کو جائز رکھا تھا جن سے نفع ہوتا اور روپیہ کھچتا جو تقریبات کہ ابتداے زمانہ مین ہمارے لیے خلاف شرع تھین اب اس زمانہ مین اپنے لیے عین سنت و فرض کردین، خیر مجھے نہ اسپر رشک ہوتا تھا اور نہ رنج کیونکہ مین جانتی تھی کہ یہ تمام امور غم کے بھلانے اور خوش کرنے کا موجب ہین، اور مین خوش ہوتی تھی کہ سرکار خوش ہین، اور اسیطرح وہ میرے غم کو اور مجکو بھلا رہی ہین۔

چونکہ مین بستر مرگ پر مجھسے نہ ملنے کا نواب صدیق حسن خان صاحب نے عہد لیا تھا اس لیے وہ اور بھی مجبور تھین جب اونکا انتقال ہوگیا تو دوسرے لوگون نے کشیدگی کا بدستور قائم رکھنا اپنا مقصد اعظم قرار دیا، ہر دم اور ہر وقت ہماری طرف سے کدورت پیدا کرنا اور اشتعال دلانا

وہ لوگ اپنا ذریعہ نجات و فوز عظیم کا سبب جانتے تھے، درحقیقت اگر وہ لوگ ایسا نہ کرتے تو اصلی واقعات سرکار پر کھل جاتے اور جو پردہ حائل تھا اوٹھہ جاتا جس سے مفسدین کو نقصان پہونچتا اور ساری امیدین خاک مین ملجاتین، اور جو فائدہ ہور ہا تھا مسدود ہوجاتا۔

میری ذات خاص کے خلاف نواب صدیق حسن خان صاحب کے مرنے کے بعد تو لوگون کو کہنے سُننے کی ذرا جرأت کم ہوگئی تھی، لیکن "نواب احتشام الملک" بہادر کے خلاف نہایت بے باکی سے اتہامات بیان کیے جاتے، اور اونپر زیادہ برانگیختگی کا سامان مُہیا اور وہ ہر وقت کی ملمع کاری سے چمکایا جاتا تھا، ان وجوہ پر غور کرنے کے بعد مین اپنی نسبت سرکار خلد مکان کی بے مہری کا شکوہ کرنا انصاف سے بعید جانتی ہون، اور یہ سمجھتی ہون کہ جو کچھہ اونہون نے کیا وہ مقتضائے بشریت تھا اور اسلیے وہ ایسے ہر الزام سے پاک تھین جو اونکے دامن خیال کو غبار تکدر سے آلودہ کرے، میرے دل مین جو خیالات محبت روز ولادت سے خداوند کریم نے پیدا کر دیے تھے وہ روز بروز نشو و نما ہی پاتے رہے اور اسوقت تک قائم و موجود ہین گو مین اون کے وجود سے اب محبت کر نہین سکتی لیکن اونکی روح سے محبت کرتی ہون اور اوسکا ادب میرے لیے باعث رضائے الٰہی ہے، مین اونکی مغفرت کی دعا کیا کرتی ہون اور اس امید پر خوش ہون کہ اگرچہ اس فانی اور دنیاوی زندگی کا بڑا حصہ رنج مین گزرا اور مجھے مہر مادری کی مسرت سے محرومی رہی لیکن اوس ابدی اور روحانی زندگی مین میری عزیز ماں کا دامن عاطفت صرف میرے ہی لیے ہوگا اور بجائے خشت و گل کے محلات مین پاس رہنے کے ریاض جنان مین اون کے ساتھہ رہون گی اور خدا کے تخت جلال کے روبرو ظالم و بد باطن اپنے اعمال کی سزا پائین گے فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنفَعُ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۞

بارہا ایسا ہوتا ہے کہ معمولی واقعہ سے اعلیٰ نتائج اخذ کیے جاتے ہین اسلیے مین اس سلسلہ مین ایک واقعہ بیان کرتی ہون جس سے میری کتاب کے ناظرین کو سرکار خلد مکان کے اوس حسن ظن کا

اور اونکی اوس راے کا جو اونھون نے میری نسبت قائم کی تھی اور اونکے اوس خوف کا جو خدا سے کرتی تھین اور جو ایک مسلمان کے لیے ضروریات اسلام مین داخل ہے بخوبی پتا معلوم ہو جاے گا، اور ناظرین اس نتیجہ پر پہونچین گے کہ باوجود خفگی کے سرکار خلد مکان مجکو کس درجہ کا مستحق محبت جانتی تھین اور میرے متعلق کیا توقعات رکھتی تھین جو اونکی شفقت مادری کی دلیل ہے اور بتا رہا ہے کہ مان اپنی اولاد کی بابت کہان تک ٹھیک خیال رکھتی ہے۔

سرکار خلد مکان کا معمول تہا کہ وہ ہر جُمعہ کو بعد نماز وعظ سُنا کرتی تہین ایک دن مولوی محمد بشیر وعظ کہہ رہے تھے اور زن وشوہر کے حقوق وتعلقات اون کے وعظ کا موضوع تھا سرکار خلد مکان نے واعظ کو مخاطب کرکے کہا کہ "آپ نے شوہر وزوجہ اور مطیع عورت کے درجات تو بیان کیے لیکن یہ بھی بیان کیجے کہ اولاد پر والدین کے کیا حقوق ہین" واعظ نے اس مسئلہ پر بھی ایک بسیط تقریر کی اور وہ تمام فرائض و واجبات جو اولاد پر والدین کے متعلق ہین بیان کیے سرکار خلد مکان نے سوال کیا کہ "اگر اولاد ہر طرح نیک ہو اوسکی سعادت مندی مین شک نہو اوسکے اعمال صالح ہون لیکن کسی امر خاص مین والدین کی فرمان پذیر نہو اور مان اوسکو معاف نہ کرے تو فرمایئے کہ خداے تعالیٰ کیونکر اوسکو بخشے گا؟" واعظ نے جواب دیا کہ "اگر خدا کے نزدیک وہ نیک وصالح ہے تو خدا اوسکے والدین کو اپنی بڑی بڑی نعمتین دیکر کہا فرمائے گا کہ اگر تم اپنی اولاد کو معاف کر دوگے تو ہم تم کو یہ نعمتین عطا کرینگے"۔

سرکار خلد مکان پر ایک عجیب وجدانی کیفیت طاری ہوئی اور بے اختیارانہ جوش کے ساتھ کہہ اوٹھین کہ "ہم بھی اللہ تعالیٰ سے بڑی بڑی نعمتین لیکر اوسکو بخش دین گے"

اس واقعہ کی اطلاع جسوقت مجھے پہونچی تو مین نہین کہہ سکتی کہ کسقدر نازبھری خوشی مجکو ہوئی، اور مین اوس لُطف کو کبھی فراموش نہین کرسکتی جب کہ میرے کانون نے سرکار خلد مکان کے ایسے اعلیٰ خیالات اپنی نسبت سُنے۔

نواب صدیق حسن خان صاحب نے جو مظالم رعایا پر کیے اور جسطرح غریبون کو ظالمونکی گود مین ڈالدیا اگرچہ اوسکی ذمہ داری سرکار خلد مکان پر بادی النظر مین عائد ہوتی ہے مگر جبکہ یہ امر تسلیم کرلیا گیا ہے کہ نواب صدیق حسن خان صاحب کے روزافزون اقتدار نے ایسے کانٹے رئیس و رعایا کے بیچ مین بو دیے تھے جنکا دور کرنا رعایا کے لیے سخت مشکل ہوگیا تھا، تو سرکار خلد مکان کی ذمہ داری باقی نہین رہی اسیطرح نواب صدیق حسن خان صاحب کی پولیٹکل کارروائیون سے بھی سرکار خلد مکان کو کوئی تعلق نہین۔

نواب صدیق حسن خان صاحب ایک متعصب شخص تھے اور اوسکے ساتھہ ہی وہ استعداد علمی بھی رکھتے تھے اونہون نے حالت بینوائی سے نکلکر اپنے آپ کو ایک ملک پر حکمران کی طرح پایا بڑے بڑے لوگون نے اونکے سامنے سر اطاعت جھکایا، خزانہ کی کنجیان اون کے دست اختیار مین دولت سے اونکا دامن حرص بھرا ہوا، اس اطمینان کے ساتھہ اونہون نے عربی وغیرہ مین تصنیف و تالیف کا سلسلہ قائم کردیا، اور اپنی کتابون کو عرب و مصر مین مشتہر کرایا مگر جیسا کہ خود سرکاری رپورٹ مین تسلیم کیا گیا ہے سرکار خلد مکان کو اون کتابون کے مضامین پر آگاہی نہ تھی، چونکہ ان دنون سوڈان مین بغاوت پھیلی ہوئی تھی، اسلیے گورنمنٹ ان کتابون سے کھٹکی اور ادھر نواب صدیق حسن خان صاحب کی وہابیت کی شہرت نے اور بھی بدظن کردیا، سرکار خلد مکان کو ان حالات کی اطلاع دی گئی اور خواہش کی گئی کہ نواب صدیق حسن خانصاحب کو ان حرکات سے باز رکھین چنانچہ سرکار خلد مکان نے ایک ایسی تہدید اور ایسے غصہ کے ساتھہ فہمایش کی جو اوس سے پیشتر کبھی ظہور مین نہین آئی تھی، اوسوقت بظاہر نواب صدیق حسن خان صاحب سمجھہ گئے مگر پھر نہایت مخفی طور پر اوسی طرح کا سلسلہ اونہون نے جاری کردیا یہان تک کہ سرکار خلد مکان کو اوسوقت اطلاع ہوئی جبکہ گورنمنٹ ہند نے نواب صدیق حسن خانصاحب کے متعلق صاف صاف کارروائی کرنے کا پختہ ارادہ کرلیا اور معاً کارروائی شروع ہوگئی، سرکار خلد مکان نے نہایت ضبط و تحمل اور افسوس و رنج کے ساتھہ تمام کارروائیون کو دیکھا اور گورنمنٹ کے احکام کی تعمیل

جسطرح کہ کرنی چاہیئے تھی کی، نواب صدیق حسن خان صاحب کا اعزاز مسترد ہوا اور وہ گوشہ نشین کردیے گئے
سرکار خلد مکان اس حالت سے سخت طور پر متاثر ہوئین، کیونکہ اول جو اعزاز نواب صدیق حسن خان صاحب کو
ملا تھا وہ در اصل سرکار خلد مکان ہی کا اعزاز تھا، دوم اس طرز عمل سے اونکی مستند اور قدیمی وفاداری
وخیر خواہی جو تاج برطانیہ کے ساتھہ تھی اوسکے متعلق بدگمانیون کے پھیلنے کا اندیشہ تھا، سوم شوہر کا ملال
رنج جو شریف بیوی ہی کا ملال و رنج ہے، چہارم نواب صدیق حسن خان صاحب نے اپنے کو بے گناہ ثابت
کرکے سرکار خلد مکان کو یہ خیال دلایا تھا کہ یہ ذلت آپ کی دختر و داماد کی وجہ سے ہوئی، اور در اصل
یہ سرکار کے ساتھہ برائی کی گئی ہے، پنجم وہی طلاق کی دہمکی جو شریف خاتون کے لیے موت کے ہم معنی ہے
ان تمام باتون کے اجتماع نے اون کو مجبور کردیا کہ وہ کوشش کرکے گورنمنٹ پر ثابت کردین کہ نواب صدیق حسن خان صاحب
بے گناہ اور بے لوث ہین، اور جو الزام قائم کیے گئے ہین وہ دشمنون اور بالخصوص داماد اور دختر کی سازش کے
نتائج ہین، اور ہر عقلمند شخص سرکار خلد مکان کے ساتھہ ان حالات کو دیکھتے ہوے ہمدردی کرے گا اور شریف
عالی حوصلہ خاتون کی ایسی سخت مجبوریون پر نظر کرکے اونکی مردانہ ہمت اور اصلی غیرت اور ہمت کا بھی
اعتراف کریگا اونہون نے پوری قوت کے ساتھہ کوشش کی اور اگرچہ وہ کامیاب نہین ہوئین لیکن گورنمنٹ
برطانیہ کے اعلیٰ افسران ہند نے اونکو بہت کچھہ مطمئن کردیا اور اون پر ظاہر کردیا کہ گورنمنٹ کو نہ صرف آپکا
وہی خیال پاسداری وعزت بدستور ہے بلکہ اس واقعہ کے پیش آنے پر اون کے ساتھہ ہمدردی بھی ہے۔

اسی سلسلہ مین بحیثیت اسکے کہ مین نواب شاہجہان بیگم صاحبہ خلد مکان کی وارث اور بھوپال کی حکمران ہون
میرا فرض ہے کہ صاحب پولٹیکل ایجنٹ مسٹر ولیم کنکیڈ صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا
آنریبل سر لیپل گریفن، ومسٹر کرنل بنرمن، وڈیلی صاحب، وصاحب فارن سکریٹری گورنمنٹ ہند،
مسٹر ڈیورنڈ صاحب وہز اکسلنسی لارڈ ڈفرن، ولارڈ رپن، ویسرایان ہند وصاحب سکریٹری آف اسٹیٹ
وعلیا حضرت ہز امپیریل مجسٹی ملکہ وکٹوریہ قیصرہ ہند کا خاص طور پر شکریہ ادا کرون کہ ایک منٹ کو بھی نہ اون سے

کسی کے دل مین ریاست و فرمان رواے ریاست کیطرف سے کوئی بدظنی نہین ہوئی اور ہمیشہ وہ معذور سمجھی گئین، حتی کہ معذور سمجھکر اون کے ساتھہ ہمدردی کی گئی اور اوسکے اظہار کے لیے وایسرایان ہند نے اعلیٰ درجہ کی حوصلہ افزا روش اختیار کی تھوڑے ہی عرصہ بعد ہز اکسلنسی لارڈ لیفنسڈون نے جب کہ وہ بھوپال مین مہمان تھے سرکار خلد مکان کی پاس خاطر سے ریاست کی نذر معاف کر کے خاص عزت بخشی اور جملہ صاحبان وایسرایان ہند نے سرکاری اور خانگی تحریرون اور تقریرون مین سرکار خلد مکان کے خلوص عقیدت کی تعریف کی یہ ایک بین ثبوت اس امر کا ہی کہ سرکار خلد مکان کو کوئی تعلق یا آگاہی نواب صدیق حسن خانصاحب کی پولٹیکل حرکات پر نہ تھی، منشی امتیاز علی خان نواب صدیق حسن خان صاحب کے بلاے ہوے تھے اس وزیر سے یقین تھا کہ وہ خطاب و اعزاز واپس دلائے گا، نواب صدیق حسن خان صاحب ہر امر مین وزیر کے حامی رہے اسلئے سرکار خلد مکان نے وزیر پر اعتماد کر لیا اور اوسکو وزارت کے پورے اختیارات دیدیے گئے، وزیر نے چارج لیتے ہی اپنے اختیارات کے طریقے سوچ لیے تھے نواب صدیق حسن خان صاحب کی طرف سے اطمینان کلی تھا اور اون لوگون کا جو رسوخ یافتہ اور اغراض کے بندے تھے خود ممد و معاون بنا، یون اور اسطرح ہر طرف قابل حاصل کر لیا۔

نواب صدیق حسن خان صاحب کو واپسی اعزاز کی ہنوز امید باقی تھی کہ وزیر کی خوش قسمتی سے اون کا انتقال ہوگیا وزیر نے سرکار خلد مکان کی اس غمناک حالت سے موقع پاکر لکھنو وغیرہ کی چالاک عورتون کو جو بظاہر شریف اور اونچے گھرانون کی تھین مصاحبت مین داخل کرا دیا اور اپنے اختیارات کا استعمال شروع کر دیا، ہر ایک برائی جو ممکن تھی رعایا و ریاست سے کی لیکن یہ غیر ممکن تھا کہ کوئی شکایت سرکار خلد مکان تک پہنچ سکے احیاناً اگر کوئی شکایت پہونچی تو معاً بیسیون تاویلین ہو جاتین تاہم سرکار خلد مکان تحقیقات کر کے مظلومون کو انصاف عطا کرتین، اور وزیر کو تنبیہ فرماتین البتہ جو نقصان کہ اعتماد کے آغاز او وسط مین پہونچ گیا اوسکی تلافی نہو سکی اور اسوقت تک باوجودیکہ مجھے چھہ سال سخت محنت

کرتے ہوے گزر گئے ہین وہ نقصان پورا نہو سکا، سرکار خلد مکان نے بالآخر وزیر کے مظالم کیطرف توجہ کی اور وہ اوسکا انسداد عمدہ طریقہ پر کرنا چاہتی تھین کہ وزیر کی موت نے کامل اور واقعی انسداد کر دیا۔

غرض ہر انسان مین کچھ نہ کچھ کمزوری اور ہر حکومت مین کوئی نہ کوئی غلطی ضرور ہوتی ہے، شخصی حکومت سے قطع نظر کر کے اگر جمہوری سلطنتون پر نگاہ ڈالی جاے تو اون مین بھی تکلیف دہ فرو گذاشتین نظر پڑینگی اسلیے اگر سرکار خلد مکان سے کوئی غلطی یا کمزوری ظاہر ہوئی تو اوسکی وجہ سے اونکے بے شمار ذاتی محاسن اور دانشمندانہ انتظامات حکومت نظر انداز کرنیکے قابل نہین، ہم کو اس مقولہ پر عمل کر کے خُذْ مَا صَفَا دَعْ مَا كَدِرْ معاملات کو دیکھنا چاہیے تاکہ حکومت اور ذات کی خوبیان معلوم ہون۔

سرکار خلد مکان کے عہد حکومت مین منشی امتیاز علی خان کی وزارت، اور اونکی ذاتی خوبیون مین سے میری اور نواب صدیق حسن خانصاحب کے حالات کو جو خانگی قصے تھے نکال کر غور کیا جاے تو اونکی حکومت اور اونکی ذات خداوند کریم کی رحمت و برکت تھی جو انسانی وجود اور افعال کے ذریعہ سے دنیا پر ظاہر ہوتی ہے۔

جب ان قصون پر ٹھنڈے دل سے نگاہ کر کے اسباب کو پیش نظر رکھکر نظر امعان ڈالی جاے تو کوئی حیرت و استعجاب سرکار خلد مکان کے نسبت باقی نہین رہتا، اور اون پر کوئی الزام عائد نہین ہو سکتا، اون کا دل نیک تھا اور خوبیون سے مملو، وہ رحم و کرم کی مجسم روح تھین اونہون نے دنیا مین اپنی زندگی کے سرسٹھ سال نہایت عزت و احترام کے ساتھ بسر کیے، اور آخرت مین بھی انشاء اللہ تعالیٰ وہ اوس زمرہ مین ہونگی جس کی نسبت حکم ہوگا اُدْخُلُوهَا بِسَلَامٍ آمِنِينَ ۝

حصہ اول تمام شد